UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224617

UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ نصابی کتب علوم جامعہ عثمانیہ

مساواتوں کا نظریہ

جلد دوم

تصنیف

ڈبلیو۔ یس۔ برنسائڈ ایم۔ اے ڈی۔ ایس۔ سی

و

اے۔ ڈبلیو۔ پیانٹن۔ ایم۔ اے ڈی۔ ایس۔ سی

ترجمہ

محمد نذیر الدین ایم۔ اے (عثمانیہ)

رکن دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ سے کارہائی

۱۳۵۵ھ م ۱۳۴۵ف ۱۹۳۶ء

از طبع جامعہ عثمانیہ دکن حیدرآباد دکن

۷۸۶
۹۴

فہرست مضامین

مساواتوں کا نظریہ

جلد دوم

تیرہواں باب

مقطعات

دفعہ	مضمون	صفحہ
۱۲۷ —	تعریفات۔	۱
۱۲۸ —	علامتوں سے متعلق قاعدہ۔	۵
۱۲۹ تا ۱۳۲ —	مقطعات کے ابتدائی مسئلے، مسائل اتاہم۔	۱۱
۱۳۳ —	صغیر مقطعات، تعریفات۔	۱۷
۱۳۴ —	مقطعات کا پھیلاؤ۔	۱۸
۱۳۵ —	مقطع کو پھیلانے کا لاپلاس کا طریقہ۔	۲۵
۱۳۶ —	مقطع کا پھیلاؤ صدر عناصر کے حاصل ضربوں میں۔	۲۹
۱۳۷ —	مقطع کا پھیلاؤ ایک صف اور ایک ستون کے عناصر کے زوجوں کے	

دفعہ	مضمون	صفحہ
	حاصل ضربوں میں —	۳۲
۱۳۸ —	مقطعات کی جمع، مسئلہ ۵ —	۳۴
۱۳۹، ۱۴۰ —	مزید مسیلے، مسئلہ ۶ اور مسئلہ ۷ —	۳۶
۱۴۱ —	مقطعات کی ضرب، مسئلہ ۸ —	۴۴
۱۴۲ —	مسئلہ ۸ کا دوسرا ثبوت —	۴۶
۱۴۳ —	مستطیلی آراستے —	۵۲
۱۴۴ —	خطی مساواتوں کے نظام کا حل —	۵۸
۱۴۵ —	خطی متجانس مساواتیں —	۶۲
۱۴۶ —	متکافی مقطعات —	۶۴
۱۴۷ —	متشاکل مقطعات —	۶۷
۱۴۸ —	معوج متشاکل اور معوج مقطعات —	۷۱
۱۴۹ —	وہ مسئلہ جو اُس مقطع سے متعلق ہے جس کا صدر پہلا صفیر معدوم ہوتا ہے —	۷۷
	متفرق مثالیں —	۸۰

چودھواں باب

اسقاط

۱۵۰ —	تعریفات —	۱۱۲
۱۵۱ —	متشاکل تفاعلوں کی مدد سے اسقاط —	۱۱۴
۱۵۲ —	حاصل اسقاط کی خاصیتیں —	۱۱۵
۱۵۳ —	بولز کا اسقاط کا طریقہ —	۱۱۸
۱۵۴ —	سلوسٹر کا اسقاط کا طریقہ —	۱۲۰

دفعہ	مضمون	صفحہ
۱۵۵ —	بیزو کا اسقاط کا طریقہ —	۱۲۲
۱۵۶ —	اسقاط کے دوسرے طریقے —	۱۲۹
۱۵۷ —	ممیز —	۱۳۲
۱۵۸ —	دو مساواتوں کی مشترک اصل کی تعیین —	۱۳۶
	امثلہ —	۱۳۹

پندرھواں باب

متشاکل تفاعلوں کو محسوب کرنا نیم غیر متغیر اور نیم ہم متغیر

۱۵۹ —	س م اور ب م کے لیے ویرنگ کے عام جملے —	۱۴۵
۱۶۰ —	دو مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعل —	۱۴۷
۱۶۱ —	اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں سے محسوب کرنا —	۱۴۸
۱۶۲ —	کعبی کی اصلوں کے فرقوں کے تفاعل —	۱۵۲
۱۶۳ —	چار درجی کی اصلوں کے فرقوں کے تفاعل —	۱۵۵
۱۶۴ —	نیم غیر متغیر اور نیم ہم متغیر —	۱۵۷
۱۶۵ —	نیم غیر متغیروں کی تعیین —	۱۶۱
	مثالیں —	۱۶۸

سولھواں باب

ہم متغیر اور غیر متغیر

۱۶۶ —	تعریفات —	۱۷۹

دفعہ	مضمون	صفحہ
۱۶۷ —	ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی ساخت —	۱۸۰
۱۶۸ —	ہم متغیروں اور غیر متغیروں کے خواص —	۱۸۳
۱۶۹ —	عامل عف کے ذریعہ ہم متغیروں کی ساخت —	۱۸۷
۱۷۰ —	ہم متغیروں اور نیم ہم متغیروں سے متعلق مسئلہ —	۱۹۰
۱۷۱ —	دوہرے خطی استحالہ کا استعمال ہم متغیروں کے نظریہ پر —	۱۹۱
۱۷۲ —	خطی استحالہ سے اخذ شدہ ہم متغیروں کے خواص —	۱۹۶
۱۷۳ تا ۱۷۶ —	وہ مسئلے جو کثیر رقمیوں کے نیم متغیروں اور ہم متغیروں سے متعلق ہیں —	۲۰۱
۱۷۷ —	تفرقی علامتوں کے ذریعہ غیر متغیروں اور ہم ہم متغیروں کو اخذ کرنا —	۲۱۰
۱۷۸ —	آرنہولڈ اور کلبش کی ترقیم —	۲۱۳
	مثالیں —	۲۱۵

سترہواں باب

دو درجی، تین درجی اور چار درجی کے ہم متغیر اور غیر متغیر

۱۷۹ —	دو درجی —	۲۲۴
۱۸۰ —	تین درجی اور اس کے ہم متغیر —	۲۲۵
۱۸۱ —	کبی کے غیر متغیروں اور ہم متغیروں کی تعداد —	۲۳۰
۱۸۲ —	چار درجی، اس کے ہم متغیر اور غیر متغیر —	۲۳۱
۱۸۳ —	چھ درجی ہم متغیر کے دو درجی اجزائے ضربی —	۲۳۳

دفعہ	مضمون	صفحہ
۱۸۴ —	چھ درجی ہم متغیر کے دو درجی اجزائے ضربی کی رقوم میں ھلبسوی کو بیان کرنا —	۲۳۵
۱۸۵ —	خود پاردری کو چھ درجی ہم متغیر کے دو درجی اجزائے ضربی کی رقوم میں بیان کرنا —	۲۳۶
۱۸۶ —	چار درجی کی تکلیل —	۲۳۸
۱۸۷ —	ک ع — لہ ھ کے غیر متغیر اور ہم متغیر —	۲۴۲
۱۸۸ —	چار درجی کے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی تعداد —	۲۴۵
	مثالیں —	۲۴۷

اٹھارواں باب

مجتمع شکلوں کے ہم متغیر اور غیر متغیر

۱۸۹ —	مجتمع شکلیں —	۲۵۴
۱۹۰ —	دو دو درجی —	۲۵۵
۱۹۱ —	دو درجی اور کبھی —	۲۵۷
۱۹۲ —	دو کبھی —	۲۵۹
۱۹۳ —	اجتماعیے —	۲۶۲
	مثالیں	۲۶۳

دفعہ	مضمون	صفحہ
	اُنیسواں باب	
	اِستحالات	
	فصل (۱)۔ چرن ہاؤزن کا استحالہ	
۱۹۴ —	مسئلہ۔	۲۷۵
۱۹۵ —	استحالہ شدہ مساوات کی ساخت۔	۲۷۹
۱۹۶ —	استحالہ شدہ مساوات کو بنانیکا دوسرا طریقہ۔	۲۸۰
۱۹۷ —	کعبی پر چرن ہاوزن کے استحالہ کا استعمال۔	۲۸۱
۱۹۸ —	چار درجی پر چرن ہاؤزن کے استحالہ کا استعمال۔	۲۸۳
۱۹۹ —	چرن ہاوزن کے استحالہ سے کعبی کو ثنائی شکل میں تحویل کرنا۔	۲۸۵
۲۰۰ —	چرن ہاوزن کے استحالہ سے چار درجی کو سہ رقمی شکل میں تحویل کرنا۔	۲۸۶
۲۰۱ —	ن دیں درجہ کی مساوات سے دوسری، تیسری، چوتھی رقموں کا جدا کرنا۔	۲۸۷
	فصل (۲)۔ ہرمٹ اور سلوسٹر کے مسئلے	
۲۰۲ —	دوسرے درجہ کے متجانس تفاعل کو مربعوں کے مجموعہ کے طور پہ بیان کرنا۔	۲۹۱
۲۰۳ —	ہرمٹ کا مسئلہ۔	۲۹۵
۲۰۴ —	وہ مسئلہ جو اسٹرم کے باقیوں سے متعلق ہے۔	۳۰۱

دفعہ	مضمون	صفحہ
۲۰۵ —	اسٹرم کے تفاعلوں کے لیے سلوسٹر کی شکلیں —	۳۰۷

فصل (۳) — متفرق مسائل

۲۰۶ —	پانچ درجی کو تین، پانچویں قوتوں کے مجموعہ میں تحویل کرنا —	۳۱۱
۲۰۷ —	چار درجی اور کبھی جو ایک دوسرے میں مستحیل ہو سکتے ہیں —	۳۱۵
۲۰۸ —	کسی کثیر رقمی کے مطلق غیر متغیروں کی تعداد —	۳۱۹
۲۰۹ —	کثیر درجی کے نیم متغیروں کی تعداد —	۳۲۱
۲۱۰ —	ہرمٹ کا قانون متکافیت	۳۲۳
۲۱۱ —	متکافی اور قائم خطی استحالہ — ضد متغیر — متفرق مثالیں —	۳۲۶ ۳۳۴

فصل (۴) — ہندسی استحالات

۲۱۲ —	ثنائی شکلوں کا ثلاثی شکلوں میں استحالہ —	۳۵۴
۲۱۳ —	دو درجی اور دو درجیوں کے نظام —	۳۵۷
۲۱۴ —	چار درجی اور اس کے ہم متغیروں پر ہندسی طریقہ سے بحث —	۳۵۹
۲۱۵ —	ثلاثی نظام میں عام استحالات —	۳۶۲
۲۱۶ —	یگانہ ثلاثی شکل کی تعیین —	۳۶۸
۲۱۷ —	چار درجی اور دو درجی کا مخلوط نظام —	۳۷۵
۲۱۸ —	چھ درجی کے صدر ہم رو —	۳۸۰

دفعہ	مضمون	صفحہ
۲۱۹ —	جیکوبی کی ہندسی تعبیر۔	۳۸۴
	مثالیں۔	۳۸۵

بیسواں باب

ابدالات اور گروہوں کا نظریہ

فصل اول۔ ابدالات بالعموم

۲۲۰ —	تعریفات۔ ترتیم۔	۳۹۸
۲۲۱ —	دائری ابدالات۔	۳۹۹
۲۲۲ —	ابدالوں کے حاصل ضرب اور قوتیں۔	۴۰۲
۲۲۳ —	متشابہ ابدالات۔	۴۱۰

فصل دوم۔ کثیر قیمتی تفاعل اور گروہ

۲۲۴ —	گروہ کی تعریف۔ متشاکل گروہ	۴۱۲
۲۲۵ —	متبادلہ گروہ۔	۴۱۴
۲۲۶ —	کثیر قیمتی تفاعلوں کی مردوج قیمتیں اور مزدوج گروہ۔	۴۱۶
	مثالیں۔	۴۲۳
۲۲۷ —	دئے ہوئے گروہ کے تفاعلوں کو بنانا۔ گیالوا تفاعل	۴۲۹
۲۲۸ —	مسئلہ۔	۴۳۳
۲۲۹ —	مسئلہ جو ایک ہی گروہ کے دو تفاعلوں کو مربوط کرتا ہے۔	۴۳۵
۲۳۰ —	مسئلہ کی توسیع اور نتائج صریح۔	۴۳۷

دفعہ	مضمون	صفحہ
۲۳۱ —	دو قیمتی تفاعل ۔ مسئلہ ۔	۴۴۱
۲۳۲ —	مسئلہ جو متبادل تفاعل سے متعلق ہے ۔	۴۴۳
۲۳۳ —	مسئلہ جو کثیر قیمتی تفاعلوں کی قوتوں سے متعلق ہے ۔	۴۴۴
	فصل سوم ۔ گیا لوا کا محلل	
۲۳۴ —	گیا لوا کا محلل ۔ مساوات کا گروہ ۔	۴۴۸
	مثالیں ۔	۴۵۵
	فصل چہارم ۔ مساواتوں کا جبری حل	
۲۳۵ —	مساواتوں کے جبری حل پر نظریہ ابدالات کا اطلاق ۔	۴۶۵
۲۳۶ —	منطق احاطہ کی تعریف ۔	۴۶۸
۲۳۷ —	جبری طور پر حل پذیر مساواتوں کی اصلوں کی شکل ۔	۴۶۹
۲۳۸ —	آبل کا مسئلہ ۔	۴۷۳
۲۳۹ —	اصلوں کی شکل (مسلسل) ۔	۴۷۴
۲۴۰ —	جبری مساواتوں پر اطلاق ۔	۴۷۸
	بنیادی مسئلہ ۔	۴۸۴
	مساواتیں جن کی قوت چار سے اعلیٰ ہو ناقابل حل ہوتی ہیں ۔	۴۸۵
	فصل پنجم ۔ آبل کی مساواتیں	
۲۴۱ —	آبل کی مساواتوں کی تعریف ۔ گیا لوا کا محلل آبل کی ایک مساوات ہے ۔	۴۸۷
۲۴۲ —	آبل کی عام مساوات کا حل ۔	۴۸۹

دفعہ	مضمون	صفحہ
۲۴۳	ایک خاص آبل کی مساوات کا حل۔	۴۹۱
۲۴۴	آبل کی مساوات کو حل کرنے کا دوسرا طریقہ جبکہ مساوات کی تمام اصلوں سے ایک گروہ بنے۔	۴۹۴
۲۴۵	مفرد قوت والی ثنائی مساوات کا حل۔	۴۹۷
۲۴۶	اگر نا تحویل پذیر مساوات کی ایک اصل دوسری اصل کا منطق تفاعل ہو تو دی ہوئی مساوات آبل کی مساوات ہوگی۔	۵۰۴
	نوٹ (ا)۔	۵۱۱
	نوٹ (ب)۔	۵۱۳
	نوٹ (ج)۔	۵۱۵
	نوٹ (د)۔	۵۱۸
	نوٹ (ع)	۵۲۱
	اشاریہ۔	۵۲۳

۸۶/۹۲

مساواتوں کا نظریہ

جلد دوم

تیرھواں باب (۱)

مقطعات

۱۲۷۔ **تعریفات** ۔ اس باب میں تفاعلوں کی ایک اہم جماعت بحث کیجائیگی جو اکثر تحلیل میں پیش آیا کرتے ہیں۔ یہ تفاعل اہم خواص رکھتے ہیں جن کے علم سے نظری اور عملی ریاضیات دونوں کے بہت سے حسابوں میں بڑی آسانی پیدا کیجا سکتی ہے۔

چار مقداروں

$$\begin{matrix} \alpha_1 & , & \beta_1 \\ \alpha_2 & , & \beta_2 \end{matrix}$$

کا تفاعل $\alpha_1\beta_2 + \alpha_2\beta_1$ اس طور پر حاصل ہوتا ہے:۔ α اور β کو حرفی ترتیب میں لکھ کر اعداد ۱ اور ۲ کی دو ترتیبوں کے جواب میں ان حرفوں کو لاتے α_1, α_2 اور β_2, β_1 لگا دو اور اس طور پر بنے ہوئے دونوں حاصل ضربوں کو جمع کر دو۔

اسی طرح نو مقداروں

$$\begin{matrix} ا_1 ، ب_1 ، ج_1 \\ ا_2 ، ب_2 ، ج_2 \\ ا_3 ، ب_3 ، ج_3 \end{matrix}$$

کا تفاعل $ا_1 ب_2 ج_3 + ا_1 ب_3 ج_2 + ا_2 ب_3 ج_1 + ا_2 ب_1 ج_3 + ا_3 ب_1 ج_2$

$+ ا_3 ب_2 ج_1 \ldots\ldots\ldots (1)$

اس طرح پر حاصل ہوتا ہے:۔ ا، ب، ج کو حرفی ترتیب ا ب ج میں لکھکر اعداد ۱، ۲، ۳ کی تمام ترتیبوں کے جواب میں ان حرفوں کو (انہیں اسی حرفی ترتیب میں رکھکر) لاحقے لگاؤ اور اس طور پر بنے ہوئے سب حاصل ضربوں کو جمع کرو۔ اس پورے جملہ کو (ا ب ج) سے تعبیر کیا جا سکتا ہے یا کوئی اور دوسری ترتیم استعمال کیجا سکتی ہے جس سے تمام رقمیں آسانی کے ساتھ لکھی جا سکیں۔

(۲) ترتیم (ا ب ج د) کو ایک ہی تفاعل کے تعبیر کرنے میں استعمال کیا جا سکتا ہے جو ۱۶ مقداروں $ا_1، ب_1، ج_1، د_1، ا_2، ب_2$ وغیرہ کی ۲۴ رقموں سے بنتا ہے اور ان تمام رقموں کو آسانی کے ساتھ اعداد ۱، ۲، ۳، ۴ کی ۲۴ ترتیبوں کی مدد سے لکھ لیا جا سکتا ہے۔

عام صورت میں اگر ن حروف ا، ب، ج، ..... لیے جائیں تو ہم اسی طرح ن کا تفاعل لکھ سکتے ہیں جسمیں ن (ن-۱) (ن-۲) ..... × ۳ × ۲ × ۱ رقمیں شامل ہونگی یہ تعداد وہی ہے جو ۱، ۲، ۳، ..... ن کو اتنی میں ترتیب دینے سے حاصل ہوتی ہے۔

اب وہ تفاعل جنکا حوالہ اوپر دیا گیا ہے یعنی جو ریاضیاتی تحلیل میں اسقدر کثرت سے واقع ہوتے ہیں متذکرہ بالا تفاعلوں سے صرف ایک بات میں مختلف ہیں یعنے ۱ × ۲ × ۳ × ..... × ن (جو ایک جفت تعداد ہے) رقموں میں سے سب کی سب مثبت ہونیکی بجائے

(جیسا کہ اوپر کے تفاعلوں میں ہے) رقموں کی نصف تعداد مثبت علامت سے اور نصف تعداد منفی علامت سے متاثر ہوتی ہے۔

اب ہم ایسے تفاعلوں کی چند مثالیں دیتے ہیں جو اس باب میں زیر بحث رہینگے۔ یہ تفاعل اکثر خطی مساواتوں کا حاصل اسقاط معلوم کرنے میں نتیجہ کے طور پر حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً مساواتوں

$$ا_۱ لا + ب_۱ ما = ۰ ، \quad ا_۲ لا + ب_۲ ما = ۰$$

سے لا اور ما کو ساقط کیا جائے تو نتیجہ ہوگا

$$ا_۱ ب_۲ - ا_۲ ب_۱ = ۰$$

نیز مساواتوں

$$ا_۱ لا + ب_۱ ما + ج_۱ ی = ۰$$
$$ا_۲ لا + ب_۲ ما + ج_۲ ی = ۰$$
$$ا_۳ لا + ب_۳ ما + ج_۳ ی = ۰$$

سے لا، ما، ی کو ساقط کرنیکا نتیجہ ہوگا

$$ا_۱ ب_۲ ج_۳ - ا_۱ ب_۳ ج_۲ + ا_۲ ب_۳ ج_۱ - ا_۲ ب_۱ ج_۳ + ا_۳ ب_۱ ج_۲$$
$$- ا_۳ ب_۲ ج_۱ = ۰ \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

چنانچہ اسکی تصدیق آسانی کے ساتھ ان میں سے دو مساواتوں کو حل کرکے تیسری مساوات میں درج کرنے سے ہوسکتی ہے۔ یہ تفاعل، تفاعل (۱) سے صرف اسقدر فرق رکھتا ہے کہ اس کی سب رقمیں مثبت ہونے کی بجائے تین رقمیں منفی ہیں۔

اسی طرح چار خطی مساواتوں کی صورت میں عمل اسقاط سے ایک تفاعل سولہ مقداروں $ا_۱ ، ب_۱ ، ج_۱ ، د_۱ ، ا_۲ ، ب_۲$ وغیرہ کا حاصل ہوتا ہے (3) جو (ا ب ج د) سے تعبیر شدہ تفاعل سے صرف اسقدر فرق رکھتا ہے کہ اسکی بارہ رقمیں منفی ہیں۔

اس قسم کے جملے جو یہاں بیان کئے گئے مقطعات[۵] کہلاتے ہیں۔

[۵] دیکھو اس جلد کے آخر میں دیا ہوا نوٹ۔

وہ ترقیم جو عام طور پر ان کو تعبیر کرنے کے لئے استعمال کیجاتی ہے سب سے پہلے "کوشی" نے جاری کی۔ ان جملوں کو اس طور پر تعبیر کرنے میں بہت سے فائدے ہیں۔ تفاعل میں شامل ہونے والی مقداروں کو دو انتصابی خطوں کے درمیان مربع کی صورت میں ترتیب دیا جاتا ہے مثلاً ترقیم

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 \\ ا_2 & ب_2 \end{vmatrix}$$

سے مقطع $ا_1 ب_2 - ا_2 ب_1$ تعبیر ہوتا ہے۔

اسی طرح مساوات (۲) کی سیدھی طرف کا جملہ ترقیم ذیل سے تعبیر ہوتا ہے:۔

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix}$$

اور عام صورت میں $ن^2$ مقداروں $ا_1$، $ب_1$، $ج_1$، ..... $ل_1$، $ا_2$، $ب_2$، وغیرہ کا مقطع ترقیم

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 & \cdots & ل_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 & \cdots & ل_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 & \cdots & ل_3 \\ \cdots & \cdots & \cdots & \cdots & \cdots \\ ا_ن & ب_ن & ج_ن & \cdots & ل_ن \end{vmatrix} \quad \cdots\cdots (۳)$$

سے تعبیر ہوگا۔

ان ن حرفوں کو حرفی ترتیب میں لکھ کر اور اعداد ۱، ۲، ۳، ...ن کی $ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots ۳ \times ۲ \times ۱$ ترتیبوں کے جواب میں

لاحقے لگا کر مقطع کی سب رقمیں لکھی جا سکتی ہیں۔ پھر نصف رقموں کو مثبت اور نصف رقموں کو منفی علامت دینی چاہئے۔ اگلے دفعہ میں (۴) وہ قاعدہ دیا جائیگا جس کی رو سے مثبت اور منفی رقموں میں تمیز ہو سکیگی۔

ہم جداگانہ حروف $ا_1$، $ب_1$، $ج_1$، ..... $ا_2$ ..... کو جن سے مقطع ترکیب پاتا ہے **اجزائے ترکیبی** یا **عناصر** کہینگے۔ اجزائے ترکیبی کا کوئی انتظام ترتیب دیا ہوا سلسلہ مثلاً $ا_1$، $ب_1$، $ج_1$ ..... $ل_1$ مقطع کی **صف** اور کوئی انتصاباً ترتیب دیا ہوا سلسلہ مثلاً $ا_1$، $ا_2$، $ا_3$ ..... $ا_ن$ مقطع کا **ستون** کہلاتا ہے۔ اصطلاح **خط** بعض اوقات صف یا ستون کو بلا امتیاز ظاہر کرنیکے لئے استعمال کیجائے گی۔

۱۲۸۔ علامتوں سے متعلق قاعدہ۔ دفعہ ماسبق سے یہ

ظاہر ہے کہ مقطع کی ہر رقم میں ہر صف سے ایک (اور صرف ایک) جزو ترکیبی شامل ہوگا کیونکہ اس میں تمام حروف شامل ہوتے ہیں۔ نیز اس میں ہر ستون سے ایک (اور صرف ایک) جزو ترکیبی شامل ہوگا کیونکہ ہر رقم کے لاحقے تمام اعداد پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس لئے ہم دفعہ ۱۲ کی مربع جدول (۳) کو ایسے تفاعل کی ترکیبی تعبیر سمجھ سکتے ہیں جو عموماً ن (ن-۱) (ن-۲) ..... ۳×۲×۱ رقموں پر مشتمل ہوتی ہے اور جس میں وہ تمام مثبت حاصل ضرب داخل ہوتے ہیں جو ہر صف سے ایک اور صرف ایک جزو ترکیبی اور ہر ستون سے ایک اور صرف ایک جزو ترکیبی سے بن سکتے ہیں۔ اب تفاعل کو مکمل صورت میں پیش کرنیکے لئے صرف یہ معلوم کرنا

باقی ہے کہ کسی مخصوص رقم کو کونسی علامت لگائی جائے۔ اس مقصد کے لئے ذیل کے دو قاعدوں کی پابندی کرنی پڑیگی :۔

(۱) رقم $ا_{۱} ب_{۲} ج_{۳} \ldots\ldots ل_{ن}$ جو اُس وتر پر کے اجزا ترکیبی سے بنتی ہے جو سید ہے طرف کے اوپر کے کونے سے بائیں طرف کے نچلے کونے تک کھینچا گیا ہے مثبت ہے۔

اس رقم کو ہم صدر یا فائق رقم کہینگے۔ اس میں لاحقے اور حروف دونوں اپنی قدرتی ترتیب میں واقع ہوتے ہیں اور اس سے کسی دوسری رقم کی علامت قاعدۂ ذیل سے حاصل ہوتی ہے :۔

(۲) کسی دوسری رقم کی علامت مثبت یا منفی ہوگی بموجب اسکے کہ اس رقم میں صدر رقم کے لاحقوں کی ترتیب کے ساتھ مقابلہ کرنے پر اسکے لاحقوں میں ترتیب کے انقلابات کی تعداد جفت یا طاق ہو

یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ حروف اپنی قدرتی ترتیب میں واقع ہوتے ہیں اور انقلاب کا واقع ہونا اسوقت کہا جاتا ہے جب کبھی لاحقوں کے درمیان کوئی اعلیٰ تر عدد اپنے نچلے عدد سے پہلے واقع ہو۔ مثلاً رقم $ا_{۳} ب_{۴} ج_{۱} د_{۲}$ میں چار انقلابات ہیں کیونکہ عدد ۳ اسے پہلے اور ۲ سے پہلے واقع ہوتا ہے اور عدد ۴ ۱ سے پہلے اور ۲ سے پہلے۔ اسی طرح $ا_{۳} ب_{۴} ج_{۵} د_{۲} ع_{۱}$ میں چھ انقلابات شامل ہیں جنہیں طالب علم آسانی کے ساتھ دیکھ سکتا ہے۔ اس قاعدے کی حسب ذیل ترمیم فائدہ مند ثابت ہوگی :۔

متصل لاحقوں کا ایک انتقال (یا باہمی تبادلہ) رقم کی علامت کو بدل دیتا ہے (5)

کیونکہ یہ دیکھنا آسان ہے کہ اس قسم کا کوئی انتقال ایک انقلاب کی زیادتی یا کمی کے مساوی ہے۔ اگر عمل انتقال سے پہلے کسی دیگر انقلاب میں کوئی فرق پیدا نہیں ہوتا سوائے ایسے انقلاب کے جو متصل لاحقوں کے اضافی مقامات پر منحصر ہو جبکہ ان کا ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کیا جائے۔ اگر عمل انتقال سے قبل یہ لاحقے اپنی قدرتی ترتیب میں ہوں تو ایک انقلاب کا اضافہ ہوتا ہے اور اگر یہ اپنی قدرتی ترتیب میں نہ ہوں تو ایک انقلاب کم ہو جاتا ہے۔ مثلاً ۶۱۷۲۴۳۵ کی ترتیب میں ۲ اور ۷ کو آپس میں بدل دینے سے ایک انقلاب کا اضافہ ہوتا ہے چنانچہ انقلابات کی تعداد گیارہ سے بڑھکر بارہ ہو جاتی ہے۔ اس لئے مقطع میں اس کے متناظر رقم کی علامت ۔ سے + میں بدلجاتی ہے۔

اب دفعہ ۱۲۷ میں جو یہ بیان کیا گیا ہے کہ مقطع میں مثبت اور منفی رقموں کی تعداد مساوی ہوتی ہے درست ہے۔ کیونکہ کسی ایک رقم سے دوسری ایسی رقم اخذ ہو سکتی ہے جو پہلی سے صرف اسقدر فرق رکھے کہ آخری دو لاحقے آپس میں بدلے ہوئے ہوں اور یہی وہ دو ارقام ہیں جن میں پہلے (ن-۲) لاحقوں کی ترتیب ایک ہی ہے۔ اس لئے تمام رقموں کو ایسے جوڑوں میں ترتیب دیا جا سکتا ہے کہ اگر پہلی مثبت ہو تو دوسری منفی اور اس کے برعکس۔

مثالیں

۱۔ رقم ا۴ ب۳ ج۲ د۵ ع۱ کی علامت ۵ ویں رتبہ کے مقطع میں دریافت کرو۔

سوال یہ ہے کہ ۱۵۲۴۳ میں ترتیب کے لحاظ سے کتنے انقلابات واقع ہوتے ہیں یا کتنی تبدیلیوں سے ۵۴۳۲۱ کو ۱۵۲۴۳ میں بدلا جا سکتا ہے

یہاں جب ۳ کو ۲ سے اور پھر ۱ سے بدلا جائے تو وہ پہلے مقام پر آجاتا ہے اور ترتیب ہو جاتی ہے ۵ ۴ ۲ ۱ ۳ ۔ پھر ۵ ۴ ۲ ۱ ۳ میں ۴ کو ۲ سے اور پھر ۱ سے بدلا جائے تو ترتیب ۵ ۲ ۱ ۴ ۳ حاصل ہوتی ہے ۔ ۲ کو ۱ سے بدلنے سے ترتیب ۵ ۱ ۲ ۴ ۳ ملتی ہے اور بالآخر ۵ کو ۱ سے بدلنے سے مطلوبہ ترتیب ۱ ۵ ۲ ۴ ۳ حاصل ہو جاتی ہے ۔ پس کل پانچ تبدیلیاں کرنی پڑیں اور اس لئے مطلوبہ علامت مثبت ہے ۔

(6) عام طور پر ذیل کا طریقہ استعمال کیا جا سکتا ہے :۔ مطلوبہ ترتیب میں جو عدد پہلے واقع ہوتا ہے اسکو لو اور قدرتی ترتیب ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ... میں اسکو اپنی جگہ سے پہلے مقام تک حرکت دو اور اس طور پر اسکو لانے میں ہر عدد پر سے گذرتے وقت ایک نقل مقام شمار کرتے جاؤ ۔ پھر مطلوبہ ترتیب کا دوسرا عدد لو اور قدرتی ترتیب میں اسکو اپنی جگہ سے دوسرے مقام تک حرکت دو اور علیٰ ہذا القیاس ۔ اگر اس عمل میں مقام کی تبدیلیوں کی تعداد جفت ہو تو علامت مثبت ہے اور اگر طاق ہو تو علامت منفی ہے ۔

۲ ۔ ۷ ویں رتبہ کے مقطع میں رقم $ل_3 ب_2 ج_6 د_5 ع_1 ف_4 گ_7$ کی علامت کیا ہے ۔

یہاں دو تبدیلیوں سے ۳ پہلے مقام پر آتا ہے ۔ پانچ تبدیلیوں سے ۷ دوسرے مقام پر آتا ہے ۔ پھر چار تبدیلیوں سے ۶ تیسرے مقام پر ، پھر تین سے ۵ چوتھے مقام پر ، عدد ۱ اپنے مقام پر ہے اور بالآخر ایک تبدیلی ۴ کو چھٹے مقام پر لاتی ہے ۔ اس لئے کل جملہ پندرہ تبدیلیاں ہیں اور مطلوبہ علامت منفی ہے ۔

۳ ۔ مقطع

$$\begin{vmatrix} ل_1 & ب_1 & ج_1 & د_1 \\ ل_2 & ب_2 & ج_2 & د_2 \\ ل_3 & ب_3 & ج_3 & د_3 \\ ل_4 & ب_4 & ج_4 & د_4 \end{vmatrix}$$

کی سب رقمیں لکھو۔

لاحقوں کی وہ چھ ترتیبیں جنمیں ۱ پہلے مقام پر آتا ہے یہ ہیں

۱۲۳۴، ۱۲۴۳، ۱۳۲۴، ۱۳۴۲، ۱۴۲۳، ۱۴۳۲

اِن کے جواب میں چھ ارقام گذشتہ مثالوں کے مطابق یہ ہیں

$$_{1}ا_{2}ب_{3}ج_{4}د - {}_{1}ا_{2}ب_{4}ج_{3}د + {}_{1}ا_{3}ب_{2}ج_{4}د - {}_{1}ا_{3}ب_{4}ج_{2}د$$

$$+ {}_{1}ا_{4}ب_{2}ج_{3}د - {}_{1}ا_{4}ب_{3}ج_{2}د$$

جنکو طالب علم آسانی کے ساتھ قانون (۲) استعمال کرکے دیکھ سکتا ہے

باقی اٹھارہ ارقام جو اُن ترتیبوں کے جواب میں ہیں جنمیں ۲، ۳، ۴ علی الترتیب پہلا مقام اختیار کرتے ہیں یہ ہیں

$$_{2}ا_{1}ب_{3}ج_{4}د - {}_{2}ا_{1}ب_{4}ج_{3}د + {}_{2}ا_{3}ب_{1}ج_{4}د - {}_{2}ا_{3}ب_{4}ج_{1}د + {}_{2}ا_{4}ب_{1}ج_{3}د - {}_{2}ا_{4}ب_{3}ج_{1}د$$

$$+ {}_{3}ا_{1}ب_{2}ج_{4}د - {}_{3}ا_{1}ب_{4}ج_{2}د + {}_{3}ا_{2}ب_{1}ج_{4}د - {}_{3}ا_{2}ب_{4}ج_{1}د + {}_{3}ا_{4}ب_{1}ج_{2}د - {}_{3}ا_{4}ب_{2}ج_{1}د$$

$$+ {}_{4}ا_{1}ب_{2}ج_{3}د - {}_{4}ا_{1}ب_{3}ج_{2}د + {}_{4}ا_{2}ب_{1}ج_{3}د - {}_{4}ا_{2}ب_{3}ج_{1}د + {}_{4}ا_{3}ب_{1}ج_{2}د - {}_{4}ا_{3}ب_{2}ج_{1}د$$

۴۔ ثابت کرو کہ کسی دو لاحقوں کا باہمی تبادلہ (بشرطیکہ حروف اپنی ترتیب میں ہوں) رقم کی علامت بدل دیتا ہے۔

کیونکہ اگر ان دو عناصر کے درمیان جن کے لاحقے آپس میں بدلے جا رہے ہیں م عناصر ہوں تو محولہ انتقال متصل لاحقوں کے ۲ م + ۱ انتقالوں کے ذریعہ عمل میں آسکتا ہے۔ اس مسئلہ کی مدد سے کسی رقم کی علامت کو ہم مثال (۱) میں بیان کردہ عام طریقہ میں انتقالات کی مطلوبہ تعداد کی بہ نسبت کم تعداد کے ذریعہ دریافت کر سکتے ہیں۔ مثلاً مثال ۲ میں رقم کی علامت معلوم کرنے کے لئے پانچ انتقال کافی ہیں پہلے ۱ کا ۳ کے ساتھ، پھر علی الترتیب ۱ کا ۶ کے ساتھ، ۱ کا ۴ کے ساتھ، ۱ کا ۵ کے ساتھ

اور بالآخر ۲ کا ۷ کے ساتھ۔ یہ آسانی سے ثابت کیا جا سکتا ہے کہ اس مقصد کے لئے انتقالات کی چھوٹی سے چھوٹی تعداد کی تعیین ابدالات کے نظریہ کے ایک ابتدائی مسئلہ پر منحصر ہے۔ (بیسویں باب کے ساتھ مقابلہ کرو)

(7) ۵۔ ثابت کرو کہ کسی دو حرفوں کا باہمی تبادلہ جبکہ لاحقوں کی ترتیب وہی رہے رقم کی علامت بدل دیتا ہے۔

کیونکہ اگر دو حروف کا باہمی تبادلہ کیا جائے اور پھر متناظر عناصر کو اپس میں بدلدیا جائے تو یہ پورا عمل لاحقوں کے ایک باہمی تبادلہ کے مماثل ہے۔ مثلاً اگر ا ب ج د ہ ع میں ب اور ع کو اپس میں بدلدیا جائے تو ہم ا ع ج د ہ ب حاصل کرتے ہیں جو ا ب ج د ہ ع کے مساوی ہے اور یہ دی ہوئی رقم سے لاحقوں ۲ اور ۵ کو اپس میں بدلنے سے حاصل ہوتا ہے۔

۶۔ ثابت کرو کہ اگر کوئی دو متصل عدد ایک ساتھ عددوں کی کسی تعداد م پر سے گذارے جائیں تو علامت غیر متغیر رہتی ہے۔

کیونکہ اگر انکو جداگانہ طور پر حرکت دیجائے تو کل عمل ۲ م عددوں پر سے حرکت دینے کے مماثل ہے۔

۷۔ ن ویں درجہ کے مقطع میں دوسری و تیسری رقم $ل_{ن-1}^{ن-2}$ ب ج کی علامت معلوم کرو۔

اس صورت میں ترتیب کے انقلابات کی تعداد آسانی کے ساتھ معلوم ہوتی ہے

$$(ن-1)+(ن-2)+(ن-3)+\cdots+2+1=\frac{ن(ن-1)}{2}$$

اس لئے مطلوبہ علامت ہے $(-1)^{\frac{ن(ن-1)}{2}}$

۱۲۹ — اس دفعہ اور دفعات آیندہ کے مسئلوں میں مقطعات کے اہم ترین ابتدائی خواص شامل ہیں جو متذکرہ بالا کوشش کی ترقیم کی مدد سے، ان تفاعلوں کو استعمال کرنے میں بہت زیادہ عملی فائدہ پہنچاتے ہیں۔

مسئلہ ۱ — اگر مقطع کے کسی دو صفوں یا کسی دو ستونوں کو آپس میں بدل دیا جائے تو مقطع کی علامت بدل جاتی ہے۔

یہ مقطع کو بنانے کے طریقہ سے فوراً اخذ ہو سکتا ہے (دیکھو قاعدہ (۲) دفعہ ۱۲۸) کیونکہ دو صفوں کا باہمی تبادلہ ایسا ہی ہے جیسے دو لاحقوں کا باہمی تبادلہ اور دو ستونوں کا باہمی تبادلہ ایسا ہی ہے جیسے دو حرفوں کا باہمی تبادلہ۔ پس ہر صورت میں مقطع کے ہر رقم کی علامت بدل جاتی ہے (دیکھو امثلہ ۴ اور ۵ دفعہ ۱۲۸)۔

اس مسئلہ کی مدد سے کسی رقم کی علامت حاصل کرنیکا قاعدہ ایسی شکل میں بیان ہو سکتا ہے جو عموماً عملی مقاصد کے لئے اوپر بیان کی ہوئی شکل کی نسبت زیادہ سہولت بخش ہے۔

یہ فوراً دیکھ لیا جا سکتا ہے کہ عمل کا وہ عام طریقہ جو مثال ۱ دفعہ ۱۲۸ میں واضح کیا گیا ہے ذیل کے مماثل ہے:—

(8) صفوں (یا ستونوں) کو حرکت دیکر رقم (جسکی علامت مطلوب ہے) کے اجزاء کو صدر و تر کے محل میں لاؤ تو رقم کی علامت مثبت یا منفی ہوگی بموجب اس کے کہ ہٹاؤں کی تعداد جفت یا طاق ہو۔

مثال

مقطع

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج & لا \\ عہ & بہ & جہ & ما \\ ل & م & ن & ی \\ لہ & مہ & نہ & . \end{vmatrix}$$

میں رقم لہ بہ ن لا کی علامت کیا ہے؟

یہاں چوتھی صف کو تین صفوں پر سے (یعنے تین ہٹاؤں سے) حرکت دیجائے تو لہ پہلے مقام پر آجاتا ہے۔ ابتدائی دوسری صف کا ایک اوپر وار ہٹاؤ وتری رقم میں بہ کو مطلوبہ محل میں لے آتا ہے۔ اور پھر ابتدائی تیسری صف کا ایک مزید اوپر وار ہٹاؤ مطلوبہ ترتیب پیدا کر دیتا ہے چنانچہ رقم لہ بہ ن لا وتری محل میں آجاتی ہے۔ اب چونکہ ہٹاؤں کی تعداد طاق ہے اس لئے مطلوبہ علامت منفی ہے۔

۱۳۰۔ مسئلہ ۲۔ جب کبھی کسی مقطع میں دو صف یا دو ستون متماثل ہوں تو مقطع معدوم ہو جاتا ہے۔

کیونکہ مسئلہ ۱ کی رو سے ان دو خطوں کے باہمی تبادلے سے مقطع Δ کی علامت بدلنی چاہئے لیکن دو متماثل صفوں یا ستونوں کا باہمی تبادلہ کسی طور پر بھی مقطع کو بدل نہیں سکتا۔ پس $\Delta = -\Delta$ یعنی $\Delta = 0$۔

۱۳۱۔ مسئلہ ۳۔ مقطع کی قیمت نہیں بدلتی اگر صفوں کو ستونوں کی طرح اور ستونوں کو صفوں کی طرح لکھا جائے۔

کیونکہ دونوں صورتوں میں ہر صف سے ایک جزو ترکیبی اور ہر ستون سے ایک جزو ترکیبی لینے سے تمام ارقام پیدا ہوتی ہیں اور ظاہر ہے کہ دونوں صورتوں میں ایسی سب رقمیں قیمت میں

وہی ہونگی چنانچہ صدر رقم تماثلاً وہی ہوتی ہے اور (مسئلہ ۱ کی رو سے) کسی دوسری رقم کی علامت متعین کرنے میں اسکو صدر وتر کے محل میں لانے کے لئے پہلی صورت میں صفوں کے ہٹاؤں کی جتنی تعداد درکار ہوتی ہے دوسری صورت میں بھی ستونوں کے ہٹاؤ کی اتنی ہی تعداد درکار ہے۔

(9)

مثال

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 & د_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 & د_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 & د_3 \\ ا_4 & ب_4 & ج_4 & د_4 \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ا_1 & ا_2 & ا_3 & ا_4 \\ ب_1 & ب_2 & ب_3 & ب_4 \\ ج_1 & ج_2 & ج_3 & ج_4 \\ د_1 & د_2 & د_3 & د_4 \end{vmatrix}$$

یہاں کسی رقم $ا_1 ب_2 ج_3 د_4$ کی علامت دونوں مقطعوں میں وہی ہے۔ کیونکہ پہلے مقطع میں صفوں کے تین ہٹاؤں سے یہ رقم صدر محل میں آجاتی ہے اور دوسرے مقطع میں ستونوں کے ہٹاؤں کی اتنی ہی تعداد اُن عناصر کو صدر محل میں لانیکے لئے درکار ہے

۱۳۲۔ مسئلہ ۴۔ اگر کسی خط کے ہر عنصر کو ایک ہی جزو ضربی سے ضرب دیں تو مقطع اس جزو ضربی سے ضرب کھا جاتا ہے۔

کیونکہ مقطع کی ہر رقم میں کسی صف یا کسی ستون سے ایک اور صرف ایک عنصر شامل ہونا چاہئے۔

نتیجہ صریح ۱۔ اگر کسی خط کے عناصر کسی دوسرے متوازی خط کے عناصر سے بقدر ایک ہی جزو ضربی کے مختلف ہوں تو مقطع معدوم ہو جاتا ہے۔

نتیجہ صریح ۲۔ اگر کسی خط کے تمام عنصروں کی علامتیں بدل دیجائیں تو مقطع کی علامت بدل جاتی ہے۔ کیونکہ یہ بات جزو ضربی ۔ اسے ضرب دینے کے مماثل ہے۔

مثالیں

۱۔ $\begin{vmatrix} ک ا_1 & ب_1 & ج_1 \\ ک ا_2 & ب_2 & ج_2 \\ ک ا_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix} \equiv ک \begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix}$

۲۔ $\begin{vmatrix} عہ_1 & م عہ_1 & عہ_2 \\ ب_1 & م ب_1 & ب_2 \\ جہ_1 & م جہ_1 & جہ_2 \end{vmatrix} \equiv م \begin{vmatrix} عہ_1 & عہ_1 & عہ_2 \\ ب_1 & ب_1 & ب_2 \\ جہ_1 & جہ_1 & جہ_2 \end{vmatrix} \equiv ۰$

۳۔ ثابت کرو کہ ذیل کا مقطع معدوم ہو جاتا ہے:۔ (10)

$$\begin{vmatrix} ۳ & ۱ & ۵ & ۲ \\ ۲ & ۵ & ۷ & ۳ \\ ۸ & ۹ & ۱ & ۴ \\ ۶ & ۱۵ & ۲۱ & ۹ \end{vmatrix}$$

۴۔ متماثلہ ذیل ثابت کرو۔

$$\begin{vmatrix} ب ج & ا ا_1 & ا_1^2 \\ ج ا & ب ب_1 & ب_1^2 \\ ا ب & ج ج_1 & ج_1^2 \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ۱ & ا_1 & ا_1^2 \\ ۱ & ب_1 & ب_1^2 \\ ۱ & ج_1 & ج_1^2 \end{vmatrix}$$

پہلے مقطع کو Δ سے تعبیر کرو اور اسکی صفوں کو علی الترتیب $ا$، $ب$، $ج$ سے ضرب دو تو

$$ا\,ب\,ج\,\Delta = \begin{vmatrix} ا\,ب\,ج & ا^{۲} & ا^{۳} \\ ا\,ب\,ج & ب^{۲} & ب^{۳} \\ ا\,ب\,ج & ج^{۲} & ج^{۳} \end{vmatrix}$$

اب اسکو $ا\,ب\,ج$ سے تقسیم کرو تو نتیجہ نکل آئیگا۔

۵۔ ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} \text{به جه ضه عه} & عه & عه^{۲} & عه^{۳} \\ \text{جه ضه عه به} & به & به^{۲} & به^{۳} \\ \text{ضه عه به جه} & جه & جه^{۲} & جه^{۳} \\ \text{عه به جه ضه} & ضه & ضه^{۲} & ضه^{۳} \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ۱ & عه^{۲} & عه^{۳} & عه^{۴} \\ ۱ & به^{۲} & به^{۳} & به^{۴} \\ ۱ & جه^{۲} & جه^{۳} & جه^{۴} \\ ۱ & ضه^{۲} & ضه^{۳} & ضه^{۴} \end{vmatrix}$$

۶۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ۲ & ۱ & -۷ \\ -۴ & -۳ & ۸ \\ ۶ & ۵ & -۹ \end{vmatrix} \equiv ۲ \begin{vmatrix} ۱ & ۱ & ۷ \\ ۲ & ۳ & ۸ \\ ۳ & ۵ & ۹ \end{vmatrix}$$

دوسرے صف کی تمام علامتیں بدلو اور پھر تیسرے ستون کی۔

۷۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} عه & به & جه \\ عَه & بَه & جَه \\ عً & بً & جً \end{vmatrix} \equiv \frac{۱}{عه\,به\,جه} \begin{vmatrix} ۱ & ۱ & ۱ \\ عَه\,به\,جه & بَه\,جه\,عه & جَه\,عه\,به \\ عً\,به\,جه & بً\,جه\,عه & جً\,عه\,به \end{vmatrix}$$

پہلے مقطع کے ستونوں کو علی الترتیب $به\,جه$، $جه\,عه$، $عه\,به$ سے ضرب دو اور پھر پہلی صف کو $عه\,به\,جه$ سے تقسیم کرو۔

یہ ظاہر ہے کہ اسی طرح کے عمل سے کسی مقطع کو ایسے مقطع میں تحویل کیا جا سکتا ہے جس میں کسی خاص صف یا ستون کے عناصر اکائیاں ہوں۔

(11) ۸ ــ مقطع ذیل کو ایسے مقطع میں تحویل کرو جسمیں پہلی صف کے عناصر اکائیاں ہوں :ــ

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ۴ & ۲ & ۵ & ۱۰ \\ ۱ & ۱ & ۶ & ۳ \\ ۷ & ۳ & ۰ & ۵ \\ ۰ & ۲ & ۵ & ۸ \end{vmatrix}$$

یہاں چونکہ ۴، ۲، ۵، ۱۰ کا ذو اضعاف اقل ۲۰ ہے ستونوں کو ترتیب وار ۵، ۱۰، ۴، ۲ سے ضرب دینا کافی ہے۔ چنانچہ ہمیں اس طور پر حاصل ہوتا ہے

$$\Delta \equiv \frac{۱}{۲ \times ۴ \times ۱۰ \times ۵} \begin{vmatrix} ۲۰ & ۲۰ & ۲۰ & ۲۰ \\ ۵ & ۱۰ & ۲۴ & ۶ \\ ۳۵ & ۳۰ & - & ۱۰ \\ ۰ & ۳۰ & ۲۰ & ۱۶ \end{vmatrix}$$

اب پہلی صف سے جزو ضربی ۲۰، تیسری صف سے ۵، اور چوتھی صف سے ۴ نکالنے سے بالآخر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ۱ & ۱ & ۱ & ۱ \\ ۵ & ۱۰ & ۲۴ & ۶ \\ ۷ & ۶ & - & ۲ \\ ۰ & ۵ & ۵ & ۴ \end{vmatrix}$$

۹ ــ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ۱ & ۱ & ۱ \\ عہ & بہ & جہ \\ عہ^۲ & بہ^۲ & جہ^۲ \end{vmatrix} \equiv (بہ - جہ)(جہ - عہ)(عہ - بہ)$$

اگر بہ، جہ کے مساوی ہوتا تو دو ستون متماثل ہو جاتے اس لئے مقطع میں (بہ - جہ) ایک جزو ضربی ہونا چاہیئے۔ اسی طرح (جہ - عہ)

اور (عہ - بہ) بھی اجزائے ضربی ہونے چاہئیں۔ پس ان تین فرقوں کا حاصل ضرب مقطع کی قیمت سے صرف اس طور پر مختلف ہوسکتا ہے کہ اسکا ایک جزو ضربی عددی ہو کیونکہ دونوں تفاعل 'عہ' بہ' جہ میں تیسرے درجہ کے ہیں۔ رقم بہ جہ۲ کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جزو ضربی +۱ ہے۔

۱۰۔ اسی طرح متماثلہ ذیل ثابت کرو:۔

$$\begin{vmatrix} ۱ & ۱ & ۱ & ۱ \\ عہ & بہ & جہ & ضہ \\ عہ^{۲} & بہ^{۲} & جہ^{۲} & ضہ^{۲} \\ عہ^{۳} & بہ^{۳} & جہ^{۳} & ضہ^{۳} \end{vmatrix} \equiv - (بہ - جہ)(عہ - ضہ)(جہ - عہ)(بہ - ضہ)(عہ - بہ)(جہ - ضہ)$$

یہ ظاہر ہے کہ عام صورت میں اسی طرح کے ثبوت سے ن مقداروں عہ، بہ، جہ، ... لہ کا اس نمونہ کا مقطع قیمت میں $\frac{۱}{۲}$ ن (ن - ۱) فرقوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہے جو ان ن مقداروں سے بن سکتے ہیں۔

۱۳۳۔ صغیر مقطعات۔ تعریفات۔ جب کسی مقطع سے (12) صفوں کی کوئی تعداد اور ستونوں کی اتنی ہی تعداد نکال لیجاتی ہے تو وہ مقطع جو باقی عناصر سے (انکو اضافی مقامات پر بحال رکھکر) بنایا جاتا ہے **صغیر مقطع** کہلاتا ہے۔

اگر ایک صف اور ایک ستون نکال لئے جائیں تو اس کے جواب میں جو صغیر مقطع حاصل ہوگا اس کو ہم **پہلا صغیر** کہینگے۔ اگر دو صف اور دو ستون نکالے جائیں تو ایسے صغیر مقطع کو ہم **دوسرا صغیر** کہینگے اور وقس علیٰ ہذا۔ نکالی ہوئی صفوں اور ستونوں میں چند مشترک عناصر ہوتے ہیں جن سے ایک مقطع بنتا ہے ان کو نکال لینے سے جو صغیر مقطع باقی رہ جاتا ہے اسکو ہم اس مقطع کا **متمم** کہینگے۔ چنانچہ

اُس صغیر مقطع کو جو صدر عنصر a_{11} کا تکمیلی ہے صدر پہلا صغیر کہتے ہیں اور پھر اسکا صدر پہلا صغیر ابتدائی مقطع کا صدر دوسرا صغیر ہے۔

مقطع کو عموماً ہم Δ سے تعبیر کرینگے۔ Δ عہ سے وہ پہلا صغیر تعبیر ہوگا جو Δ میں سے وہ صف اور وہ ستون نکالنے سے بنتا ہے جنمیں عنصر عہ شامل ہے۔ Δ عہ، بہ سے وہ دوسرا صغیر تعبیر ہوگا جو اُن دو صفوں اور دو ستونوں کو نکالنے سے پیدا ہوتا ہے جنمیں عہ اور بہ شامل ہیں اور علیٰ ہذا القیاس۔ چنانچہ Δ_{11} سے صدر پہلا صغیر اور $\Delta_{11,12}$ سے صدر دوسرا صغیر تعبیر ہوتے ہیں۔

مقطع Δ کو جو عناصر a_{11}، b_{12}، c_{13} وغیرہ سے بنتا ہے اختصار کی خاطر صدر رقم کو خطوط وحدانی میں رکھکر اکثر تعبیر کیا جائیگا مثلاً

$$\Delta \equiv (a_1 b_2 c_3 \dots l_n)$$

Δ کو تعبیر کرنے میں ترقیم $\Sigma \pm a_1 b_2 c_3 \dots l_n$ بھی استعمال کیجائیگی جسکا مطلب یہ ہے کہ n لاحقوں سے جتنی ترتیبیں ملسکتی ہیں ان کو لیکر ارقام (انکو صحیح علامتیں لگاکر) بنائی جائیں تو انکا مجموعہ اس ترقیم سے تعبیر ہوتا ہے۔

۱۳۴۔ مقطعات کا پھیلاؤ۔ کسی مقطع کی ہر رقم میں چونکہ ہر صف میں سے اور ہر ستون میں سے ایک اور صرف ایک عنصر شامل ہوتا ہے اس لئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ Δ کسی ایک صف یا کسی

ایک ستون کے عناصر کا ایک خطی اور متجانس تفاعل ہے۔
اس لئے ہم لکھ سکتے ہیں

$$\Delta = l_1 \Delta_1 + l_2 \Delta_2 + l_3 \Delta_3 + \cdots \quad (13)$$

$$\Delta = b_1 \Delta_1 + b_2 \Delta_2 + b_3 \Delta_3 + \cdots$$

اور نیز $\Delta = l_1 \Delta_1 + b_1 \Delta_1 + c_1 \Delta_1 + \cdots$

$$\Delta = l_2 \Delta_2 + b_2 \Delta_2 + c_2 \Delta_2 + \cdots$$

دفعہ ۱۲۸ مثال ۳ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ چوتھے رتبہ کا جو مقطع وہاں پھیلا کر لکھا گیا ہے وہ ذیل میں درج کردہ طریقہ سے بنا ہے:—

$$\Delta = l_1 \begin{vmatrix} b_2 & c_2 & d_2 \\ b_3 & c_3 & d_3 \\ b_4 & c_4 & d_4 \end{vmatrix} + l_2 \begin{vmatrix} b_1 & c_1 & d_1 \\ b_3 & c_3 & d_3 \\ b_4 & c_4 & d_4 \end{vmatrix} + l_3 \begin{vmatrix} b_1 & c_1 & d_1 \\ b_2 & c_2 & d_2 \\ b_4 & c_4 & d_4 \end{vmatrix} + l_4 \begin{vmatrix} b_1 & c_1 & d_1 \\ b_2 & c_2 & d_2 \\ b_3 & c_3 & d_3 \end{vmatrix}$$

اب ہم یہ بتائینگے کہ عام صورت میں Δ کو شکل

$$\Delta = l_1 \Delta_1 + l_2 \Delta_2 + l_3 \Delta_3 + \cdots + l_n \Delta_n$$

میں لکھنے سے سر Δ_1، Δ_2، Δ_3 وغیرہ $n-1$ رتبہ کے مقطعات ہیں۔ لاحقوں ۱، ۲، ۳، ... ، n کی تمام ترتیبیں معلوم کرنے میں

پہلے فرض کرو کہ ا صدر مقام پر رہتا ہے جیسا کہ متذکرۂ بالا مثال میں کیا گیا ہے۔ تب ہمیں ۱×۲×۳×.... × ن رقمیں ملینگی جن میں $ا_1$ جزو ضربی کے طور پر شامل ہوگا اور اس لئے

$$ا_1 ا = ا_1 ا_1 ± ب_2 ج_3 ..... ل_ن$$

پس

$$ا_1 = ا_1 ± ب_2 ج_3 .... ل_ن = \begin{vmatrix} ب_2 & ج_3 & \cdots & ل_2 \\ ب_3 & ج_3 & \cdots & ل_3 \\ \cdots & \cdots & \cdots & \cdots \\ ب_ن & ج_ن & & ل_ن \end{vmatrix}$$

اور یہ مقطع وہ صغیر ہے جو عنصر $ا_1$ کے جواب میں حاصل ہوتا ہے۔ یعنی

$ا_1 = Δ_{11}$

$ا_2$ کی قیمت معلوم کرنے میں ہم $ا_2$ کو صفوں کے ایک ہٹاؤ سے صدر مقام پر لاتے ہیں۔ اس سے Δ کی علامت بدلجاتی ہے اور اسلئے ہمیں حاصل ہوتا ہے $ا_2 = - Δ_{12}$ یعنے $ا_2 =$ اُس صغیر کے جو بہ تبدیل علامت $ا_2$ کے جواب میں ہے۔ پھر دو ہٹاؤں سے $ا_3$ کو صدری مقام پر لانے سے $ا_3 = Δ_{13}$

اور علیٰ ہذا۔

پس ہم عام صورت میں یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ (14)

$$Δ = ا_1 Δ_{11} - ا_2 Δ_{12} + ا_3 Δ_{13} - ا_4 Δ_{14} + ...$$

اسی طرح ہم Δ کو کسی دوسرے ستون یا کسی صف کے

عناصر کی رقوم میں پھیلا سکتے ہیں ۔ مثلاً

$$\Delta = \text{ا}_{\text{ا}}\Delta_{\text{ا}} - \text{ب}_{\text{ا}}\Delta_{\text{ب}} + \text{ج}_{\text{ا}}\Delta_{\text{ج}} - \dots\dots$$

اگر ہم اُس صغیر کی ٹھیک علامت معلوم کرنا چاہیں جو مقطع کے کسی جزو ترکیبی کے ساتھ مقطع کے پھیلاؤ میں ضرب کھاتا ہے تو ہمیں صرف یہ غور کرنا ہوگا کہ کتنے ہٹاؤں سے یہ جزو ترکیبی صدر مقام پر آجائیگا۔ مثلاً فرض کرو کہ مقطع ($\text{ا}_{\text{ا}}$ $\text{ب}_{\text{ج}}$ $\text{ج}_{\text{ہ}}$ $\text{د}_{\text{ع}}$) کو چوتھے ستون کی رقوم میں پھیلایا گیا ہے اور یہ معلوم کرنا ہے کہ $\text{د}_{\text{ہ}}\Delta_{\text{د}}$ کو کونسی علامت لگانی چاہئے ۔ یہاں اوپر وار دو ہٹاؤں اور بعد میں دائیں جانب تین ہٹاؤں سے $\text{د}_{\text{ہ}}$ صدر مقام پر آجائیگا۔ پس مطلوبہ علامت منفی ہے ۔ اس قاعدے کو سادہ طور پر یوں بیان کیا جاسکتا ہے :۔ اِسے نکلکر پہلی صف پر زیر بحث جزو ترکیبی تک چلو اور پھر اُس ستون سے نیچے اُترو جسمیں یہ جزو ترکیبی ہے تو اس جزو پر پہنچنے سے پہلے جتنے حروف پر سے گذرنا پڑیگا اُنکی تعداد سے صغیر کی علامت کا تصفیہ ہوگا۔ متذکرہ بالا مثال میں ہم $\text{ا}_{\text{ا}}$ $\text{ب}_{\text{ج}}$ $\text{ج}_{\text{ہ}}$ $\text{د}_{\text{ع}}$ کل پانچ شمار کرتے ہیں اور یہ عدد طاق ہونے کی وجہ سے مطلوبہ علامت منفی لیتے ہیں

مقطع کے پھیلاؤ کے لئے متذکرہ صدر دونوں ترقیموں کو برقرار رکھنا سہولت کا باعث ہوگا مقطع کو صغائر کی رقوم میں ان کو

باری باری سے مثبت اور منفی علامتیں لگا کر پھیلانا اسوقت مفید ہے جبکہ مقطع کی قیمت کو نچلے درجہ کے مقطعوں میں متواتر تحویل کر کے محسوب کرنا مطلوب ہو۔ لیکن بعض دیگر مقاصد کے لئے جیسا کہ دفعات آئندہ میں معلوم ہوگا قبل الذکر ترتیم کا استعمال کرنا زیادہ سہولت بخش ہوتا ہے جس میں علامتیں سب کی سب مثبت ہوتی ہیں (خواہ کوئی صف یا ستون زیر بحث ہو) اور کسی جزو ترکیبی کا سر (یا اس کے ساتھ کا جزو ضربی) متناظر بڑے حرف سے تعبیر ہوتا ہے۔ اس بڑے حرف کی بجائے متناظر صغیر مقطع اسکی ٹھیک علامت کے ساتھ مندرج کیا جائے (جس کو معلوم کرنے کا طریقہ اوپر بیان کر دیا گیا ہے) تو بعد الذکر ترتیم قبل الذکر میں بدلجاتی ہے۔

مثالیں

(15)

۱— $\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix} = ا_1 \begin{vmatrix} ب_2 & ج_2 \\ ب_3 & ج_3 \end{vmatrix} - ا_2 \begin{vmatrix} ب_1 & ج_1 \\ ب_3 & ج_3 \end{vmatrix} + ا_3 \begin{vmatrix} ب_1 & ج_1 \\ ب_2 & ج_2 \end{vmatrix}$

$= ا_1 ب_2 ج_3 - ا_1 ب_3 ج_2 - ا_2 ب_1 ج_3 + ا_2 ب_3 ج_1 + ا_3 ب_1 ج_2 - ا_3 ب_2 ج_1$

(دفعہ ۱۲۷ (۲) کے ساتھ مقابلہ کرو)

۲— $\begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix} = ا \begin{vmatrix} ب & ف \\ ف & ج \end{vmatrix} - ھ \begin{vmatrix} ھ & گ \\ ف & ج \end{vmatrix} + گ \begin{vmatrix} ھ & گ \\ ب & ف \end{vmatrix}$

$= ا ب ج + ۲ ف گ ھ - ا ف^2 - ب گ^2 - ج ھ^2$

۳— چوتھے رتبہ کے مقطع کو چوتھی صف کے عناصر کی رقوم میں پھیلاؤ۔

$$\Delta = -ا_4 \Delta_{ا_4} + ب_4 \Delta_{ب_4} - ج_4 \Delta_{ج_4} + د_4 \Delta_{د_4}$$

$$= -أ_4 \begin{vmatrix} ب_2 & ج_2 & د_2 \\ ب_3 & ج_3 & د_3 \\ ب_4 & ج_4 & د_4 \end{vmatrix} + ب_4 \begin{vmatrix} أ_1 & ج_1 & د_1 \\ أ_2 & ج_2 & د_2 \\ أ_3 & ج_3 & د_3 \end{vmatrix} - ج_4 \begin{vmatrix} أ_1 & ب_1 & د_1 \\ أ_2 & ب_2 & د_2 \\ أ_3 & ب_3 & د_3 \end{vmatrix} + د_4 \begin{vmatrix} أ_1 & ب_1 & ج_1 \\ أ_2 & ب_2 & ج_2 \\ أ_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix}$$

جب تیسرے رتبہ کے مقطعات کو پھیلایا جاتا ہے تو دفعہ ۲۸ : مثال ۲ کا جملہ حاصل ہوگا۔ طالب علم اسکی تصدیق آسانی کے ساتھ کرسکتا ہے۔

۴ — $\begin{vmatrix} ۴ & ۲ & ۳ \\ ۱ & ۶ & ۷ \\ ۸ & ۳ & ۵ \end{vmatrix}$

$= ۳ \begin{vmatrix} ۱ & ۶ \\ ۸ & ۳ \end{vmatrix} - ۷ \begin{vmatrix} ۴ & ۲ \\ ۸ & ۳ \end{vmatrix} + ۵ \begin{vmatrix} ۴ & ۲ \\ ۱ & ۶ \end{vmatrix}$

$= ۳(۹ - ۴۸) - ۷(۶ - ۱۲) + ۵(۲۴ - ۲)$

$= -۳$

۵ — مقطع ذیل کی قیمت معلوم کرو:۔

$$\Delta = \begin{vmatrix} ۸ & ۷ & ۲ & ۲۰ \\ ۳ & ۱ & ۴ & ۷ \\ ۵ & ۰ & ۱۱ & ۰ \\ ۸ & ۱ & ۰ & ۶ \end{vmatrix}$$

تیسری صف کی رقوم میں پھیلانے سے چونکہ اس میں دو عناصر صفر ہیں ہم بغیر دقت کے حاصل کرتے ہیں

$$\Delta = ۵ \begin{vmatrix} ۲۰ & ۲ & ۷ \\ ۷ & ۴ & ۱ \\ ۶ & ۰ & ۱ \end{vmatrix} + ۱۱ \begin{vmatrix} ۲۰ & ۷ & ۸ \\ ۷ & ۱ & ۳ \\ ۶ & ۱ & ۸ \end{vmatrix}$$

اور تیسرے رتبہ کے ان دو مقطعوں کو پھیلانے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ $\Delta = ۲۱۸۸$

۶ — پھیلاؤ

$$\begin{vmatrix} ۰ & ج & ب & د \\ ج & ۰ & ا & ع \\ ب & ا & ۰ & ف \\ د & ع & ف & ۰ \end{vmatrix}$$

پھیلاؤ ہے

$ا^۲ د^۲ + ب^۲ ع^۲ + ج^۲ ف^۲ - ۲ ب ج ع ف - ۲ ج ا ف د$
$- ۲ ا ب د ع$

اسلئے دیا ہوا متقطع مندرجۂ ذیل چار اجزائے ضربی کے حاصل ضرب کے مساوی ہے

$|ا د| + |ب ع| + |ج ف|$ ، $|ا د| - |ب ع| - |ج ف|$

$- |ا د| + |ب ع| - |ج ف|$ ، $- |ا د| - |ب ع| + |ج ف|$

یہ نتیجہ بعض اوقات مفید ثابت ہوتا ہے۔

۷۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ا & عہ & بہ & جہ \\ -عہ & ا & جہ & -بہ \\ -بہ & -جہ & ا & عہ \\ -جہ & بہ & -عہ & ا \end{vmatrix} = ۱ + عہ^۲ + بہ^۲ + جہ^۲ + عہ^۲ + بہ^۲ + جہ^۲ + (عہ عہ + بہ بہ + جہ جہ)^۲$$

۸۔ پھیلاؤ

$$\begin{vmatrix} -ا & ب & ج & د \\ ب & -ا & د & ج \\ ج & د & -ا & ب \\ د & ج & ب & -ا \end{vmatrix}$$

جواب:۔ $ا^۴ + ب^۴ + ج^۴ + د^۴ - ۲ ب^۲ ج^۲ - ۲ ج^۲ ا^۲$
$- ۲ ا^۲ ب^۲ - ۲ ا^۲ د^۲ - ۲ ب^۲ د^۲ - ۲ ج^۲ د^۲ - ۸ ا ب ج د$

۹ ۔ مندرجۂ ذیل متماثلہ ثابت کرو اور مقطعوں کو پھیلاؤ :۔

$$\begin{vmatrix} ۰ & ا & ا & ا \\ ا & ۰ & ی_۳^۲ & ما^۲ \\ ا & ی_۳^۲ & ۰ & لا^۲ \\ ا & ما^۲ & لا^۲ & ۰ \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ۰ & لا & ما & ی \\ لا & ۰ & ی & ما \\ ما & ی & ۰ & لا \\ ی & ما & لا & ۰ \end{vmatrix}$$

جواب :۔ $لا^۲ + ما^۲ + ی_۳^۲ - ۲ ما^۲ ی_۳^۲ - ۲ ی_۳^۲ لا^۲ - ۲ لا^۲ ما^۲$

۱۰ ۔ ذیل کے مقطع کی قیمت معلوم کرو :۔

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ھ & گ & لہ \\ ھ & ب & ف & مہ \\ گ & ف & ج & نہ \\ لہ & مہ & نہ & ۰ \end{vmatrix}$$

اول آخری صف یا آخری ستون کی رقوم میں پھیلاؤ اور پھر ہر تیسرے رتبہ کے مقطع کو لہ، مہ، نہ کی رقوم میں پھیلاؤ۔

جواب :۔ $\Delta = (ب ج - ف^۲) لہ^۲ + (ج ا - گ^۲) مہ^۲$

$+ (ا ب - ھ^۲) نہ^۲ + ۲ (گ ھ - ا ف) مہ نہ$
$+ ۲ (ھ ف - ب گ) نہ لہ + (ف گ - ج ھ) لہ مہ$

۱۳۵ ۔ مقطع کو پھیلانیکا لاپلاس کا طریقہ ۔ (۱۶)

دفعہ گذشتہ میں جس پھیلاؤ کی تشریح کیگئی وہ لاپلاس کے بیان کردہ پھیلاؤ میں شامل ہے۔ یہ پھیلاؤ زیادہ عام طریقہ پر حاوی ہے ۔ اس میں مقطع کو کسی خط کے اجزائے ترکیبی کے خطی تفاعل کے طور پر پھیلانے کی بجائے ہم اس کو صغیروں کے خطی تفاعل کے طور پر جس میں خطوں کی کوئی تعداد شامل ہو سکتی ہے پھیلاتے ہیں ۔

مثلاً کسی مقطع کے پہلے دو ستونوں (ا، ب) پر غور کرو اور اور فرض کرو کہ ان دو ستونوں کی کسی دو صفوں کو لینے سے دوسرے رتبہ (ل، ب ق) کے جتنے مقطعے بن سکتے ہیں بنا لئے گئے ہیں۔ فرض کرو کہ ل ق اور ب ق خطوں کو دبا دینے سے (یعنے خارج تصور کرنے سے) جو مقطع بنتا ہے وہ $\Delta_{ق}$ ق سے تعبیر ہوتا ہے۔ اب مقطع کو شکل $\Sigma \pm$ (ل ب ق) $\Delta_{ق}$ ق میں پھیلایا جا سکتا ہے جس میں ہر رقم دو متمم مقطعوں کا حاصل ضرب ہے (دیکھو دفعہ ۳۳) اسکو ثابت کرنیکے لئے ہم دیکھتے ہیں کہ مقطع کی ہر رقم میں ستون ا سے ایک عنصر اور ستون ب سے ایک عنصر شامل ہونا چاہئے۔ فرض کرو کہ ایک رقم میں جزو ضربی ل ق ب ق شامل ہوتا ہے۔ تب (ف اور ق کو باہم بدلنے سے) ایک دوسری رقم بھی ہونی چاہئے جو اوپر کی رقم سے صرف علامت میں مختلف ہو اور اس کے لاحقے آپس میں بدلے ہوئے ہوں۔ پس مقطع کو شکل Σ (ل ب ق) $\Delta^{ا}_{ف، ق}$ میں پھیلا سکتے ہیں جہاں $\Delta^{ا}_{ف، ق}$ صریحاً ان سب رقموں کا مجموعہ ہے جو حروف ج، د، ع، وغیرہ کے (ن - ۲) لاحقوں کو ہر ممکن طریقہ سے ترتیب دینے سے حاصل ہو سکتے ہیں۔ یعنے یہ $\pm \Delta_{ف، ق}$ ہے

کسی مخصوص صورت میں علامت کو متعین کرنیکے لئے دفعہ ۱۲۸ کا قاعدہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس استدلال کو عام صورت کے لئے بھی

توسیع دیجا سکتی ہے۔ فرض کرو کہ ستونوں کی کوئی تعداد ف لیگئی ہے اور ان ستونوں کی ف صفوں کو لیکر تمام ممکن صغیر مقطعے بنائے گئے ہیں۔ تب ان میں سے ہر صغیر کو متمم صغیر سے ضرب دینا چاہئے اور پھر ایسے تمام حاصل ضربوں کے مجموعہ سے مقطع کو بیان کرنا چاہئے بشرطیکہ ہر حاصل ضرب کی علامت متذکرۂ بالا قانون سے معلوم کرلی گئی ہو۔

مثالیں

۱۔ مقطع $(ا_۱ ب_۲ ج_۳ د_۴)$ کو پہلے دو ستونوں سے بننے والے دوسرے رتبہ کے صغیر مقطعوں کی رقوم میں پھیلاؤ

خطوط وحدانی کی ترقیم استعمال کرکے ہم پھیلاؤ کو شکل ذیل میں لکھ سکتے ہیں:۔

$$(ا_۱ ب_۲)(ج_۳ د_۴) - (ا_۱ ب_۳)(ج_۲ د_۴) + (ا_۱ ب_۴)(ج_۲ د_۳)$$
$$+ (ا_۲ ب_۳)(ج_۱ د_۴) - (ا_۲ ب_۴)(ج_۱ د_۳) + (ا_۳ ب_۴)(ج_۱ د_۲)$$

جسمیں کسی حاصل ضرب کی علامت اس طور پر مقرر کیجاتی ہے کہ اول جزو ضربی میں شامل ہونیوالی دو صفوں کو پہلے اور دوسرے محلوں میں حرکت دیجائے۔ مثلاً دوسری اور چوتھی صفوں کو ان محلوں میں حرکت دینے کے لئے تین ہٹاؤں کی ضرورت ہے اسلئے حاصل ضرب $(ا_۲ ب_۴)(ج_۱ د_۳)$ کی علامت منفی ہے۔ (18)

۲۔ اسی طرح مقطع $(ا_۱ ب_۲ ج_۳ د_۴ ع_۵)$ کو پھیلاؤ۔

جواب:۔ $(ا_۱ ب_۲)(ج_۳ د_۴ ع_۵) - (ا_۱ ب_۳)(ج_۲ د_۴ ع_۵) + (ا_۱ ب_۴)(ج_۲ د_۳ ع_۵)$

$$- (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع}) + (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع}) - (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع})$$
$$+ (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع}) - (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع}) + (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع})$$
$$- (\text{ا}_{\text{ب}}) (\text{ج}_{\text{د}}\text{ع})$$

۳ ۔ ذیل کی متماثلہ ثابت کرو: ۔

$$\begin{vmatrix} \text{ا}_{\text{ب}} & \text{ج} & \text{د} & \text{ع} & \text{ف} \\ \text{ا}_{\text{ب}} & \text{ج} & \text{د} & \text{ع} & \text{ف} \\ \text{ا}_{\text{ب}} & \text{ج} & \text{د} & \text{ع} & \text{ف} \\ \cdot & \cdot & \cdot & \text{ع} & \text{ج} \\ \cdot & \cdot & \cdot & \text{ع} & \text{ج} \\ \cdot & \cdot & \cdot & \text{ع} & \text{ج} \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} \text{ا}_{\text{ب}} & \text{ج} \\ \text{ا}_{\text{ب}} & \text{ج} \\ \text{ا}_{\text{ب}} & \text{ج} \end{vmatrix} \begin{vmatrix} \text{ع} & \text{ج} \\ \text{ع} & \text{ج} \\ \text{ع} & \text{ج} \end{vmatrix}$$

اول تین ستونوں سے صغیر مقطعوں کو بنا کر انکی رقوم میں مقطع کو پھیلانے سے اوپر کی متماثلہ ثابت ہو جاتی ہے کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ ایسے تمام صغیر مقطعے (کم از کم ایک صفروں والی صف شامل ہونے کی وجہ سے) معدوم ہو جاتے ہیں سوائے ایک صغیر مقطع $(\text{ا}_{\text{ب}}\text{ج}_{\text{د}})$ کے ۔

عام صورت میں اسی طرح یہ معلوم ہوگا کہ اگر م رتبہ والے مقطع میں م² صفروں کا مربع کسی محل میں شامل ہو تو اس مقطع کو م رتبہ کے دو مقطعوں کے حاصل ضرب سے بیان کیا جا سکتا ہے ۔

۴ ۔ مقطع

$$\begin{vmatrix} \text{ا} & \text{ھ} & \text{ک} & \text{ل} & \text{لہ} \\ \text{ھ} & \text{ب} & \text{ف} & \text{مہ} & \text{مہ} \\ \text{ک} & \text{ف} & \text{ج} & \text{نہ} & \text{نہ} \\ \text{ل} & \text{مہ} & \text{نہ} & \cdot & \cdot \\ \text{لہ} & \text{مہ} & \text{نہ} & \cdot & \cdot \end{vmatrix}$$

کو عہ، بہ، جہ کی قوتوں میں پھیلاؤ جہاں

عہ ≡ مہ نہ - مہ نہ، بہ = نہ لہ - نہ لہ، جہ = لہ مہ - لہ مہ

جواب:- اعہ۲ + ب بہ۲ + ج جہ۲ + ۲ف بہ جہ + ۲گ جہ عہ + ۲ھ عہ بہ

۵ ــــ دفعہ ہذا کے پھیلاؤ کی تصدیق کرنیکے لئے ثابت کرو کہ عام صورت میں اس سے رقموں کی ٹھیک تعداد حاصل ہوتی ہے۔

ن ویں رتبہ کے مقطع کے پہلے رستونوں پر غور کرو۔ ان سے صغیر مقطعوں کی جو تعداد بنتی ہے وہ ن اشیاء میں سے ر، ر اشیاء کے اجتماعوں کی تعداد کے مساوی ہے۔ اس عدد کو اگر ۱×۲×۳×.... ×ر سے (جو ہر صغیر مقطع میں رقموں کی تعداد ہے) اور ۱×۲×۳×.... ×(ن - ر) سے ضرب دیا جائے تو ۱×۲×۳×.... ×ن حاصل ہوگا جو مقطع میں رقموں کی تعداد کے مساوی ہے۔

۱۳۶ ــ مقطع کا پھیلاؤ صدر عناصر کے حاصل ضربوں میں۔ (19)

اس دفعہ اور آیندہ دفعات میں پھیلاؤ کے دو مزید طریقے بتائے جائینگے جو خاص شکل کے چند مقطعوں کو پھیلانے میں مفید ثابت ہونگے۔ ذیل کا پھیلاؤ یہ بتانے کے لئے کافی ہے کہ کسی مقطع کو صدر عناصر کے حاصل ضربوں میں کس طرح پھیلایا جا سکتا ہے:-

مقطع

ا	ب	ج	د
ا۲	ب۲	ج۲	د۲
ا۳	ب۳	ج۳	د۳
ا۴	ب۴	ج۴	د۴

کو جو چوتھے رتبہ کا ہے ا، ب، ج، د کے حاصل ضربوں کی

بموجب پھیلاتا مقصود ہے۔ صدر عناصر کو اہمیت دینے کی خاطر ہم نے ا، ب، ج، د کی بجائے بڑے حروف اَ، بَ، جَ، دَ سے کام لیا ہے۔ پھیلاؤ کا عمل کرنیکے بعد یہ ظاہر ہے کہ نتیجہ کی شکل حسب ذیل ہوگی :-

$$\Delta \equiv \Delta_{\cdot} + \Sigma\, لَ\, ا_{\cdot} + \Sigma\, لَ\, اب + اب\, جَ\, د$$

جہاں $\Delta_{\cdot}$ میں وہ سب رقمیں شامل ہیں جنمیں کوئی صدر عنصر واقع نہیں ہوتا، $\Sigma\, لَ\, ا$ وہ سب رقموں کا مجموعہ ہے جنمیں صرف ایک صدر عنصر واقع ہوتا ہے، $\Sigma\, لَ\, اب$ وہ سب رقموں کا مجموعہ ہے جنمیں صدر عناصر کے ایک ایک زوج کا حاصل ضرب پایا جاتا ہے، اور صدر رقم اب جَ د ان تمام صدر عناصر کا حاصل ضرب ہے۔ یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ مندرجۂ بالا پھیلاؤ میں شکل لَ اب جَ کی کوئی رقم شامل نہیں ہوتی کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ پھیلا ہوا مقطع عام طور پر ایسی رقموں پر مشتمل نہیں ہو سکتا جنمیں سوائے ایک کے باقی سب صدر عناصر کے حاصل ضرب واقع ہوتے ہوں کیونکہ ایسے کسی حاصل ضرب کا سر بچا ہوا تری عنصر ہوگا۔ اب صرف یہ دیکھنا باقی ہے کہ $\Delta_{\cdot}$ کی شکل کیا ہے اور لَ مہ ....، لَ مہ .... وغیرہ کی قیمتیں کیا ہیں۔

مندرجۂ بالا متماثلہ میں ا، ب، ج، د سب کو صفر کے مساوی رکھنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\Delta_{\cdot} \equiv \begin{vmatrix} \cdot & ب_{۱} & ج_{۱} & د_{۱} \\ ا_{۲} & \cdot & ج_{۲} & د_{۲} \\ ا_{۳} & ب_{۳} & \cdot & د_{۳} \\ ا_{۴} & ب_{۴} & ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix}$$

پھر لَ کو حاصل کرنے کے لئے فرض کرو کہ ب، ج، د صفر بنائے گئے ہیں تو ا کا سر صریحاً

$$\begin{vmatrix} \cdot & ج_{۴} & د_{۴} \\ ب_{۳} & \cdot & د_{۳} \\ ب_{۴} & ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix}$$

ہوگا۔ اسی طرح ب کا سر ب کے صغیر متمم مقطع میں $ا'$ ج $'$ د کی بجائے صفر رکھنے سے حاصل ہوتا ہے اور علیٰ ہذا القیاس۔

(20) پھر ک کو معلوم کرنیکے لئے فرض کرو کہ ج اور د کو صفر بنایا گیا ہے تو اب کا سر، حاصل شدہ مقطع کا دوسرا صغیر مقطع

$$\begin{vmatrix} \cdot & د_{۳} \\ ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix}$$

ہوگا۔ کسی اور حاصل ضرب کا سر اسی طرح معلوم کیا جا سکتا ہے۔ آخر الامر ۵ کا پھیلاؤ اس شکل میں لکھا جا سکتا ہے

$$\begin{vmatrix} \cdot & ب_{۱} & ج_{۱} & د_{۱} \\ ا_{۲} & \cdot & ج_{۲} & د_{۲} \\ ا_{۳} & ب_{۳} & \cdot & د_{۳} \\ ا_{۴} & ب_{۴} & ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix}$$

$$+ ا \begin{vmatrix} \cdot & ج_{۲} & د_{۲} \\ ب_{۳} & \cdot & د_{۳} \\ ب_{۴} & ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix} + ب \begin{vmatrix} \cdot & ج_{۱} & د_{۱} \\ ا_{۳} & \cdot & د_{۳} \\ ا_{۴} & ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix} + ج \begin{vmatrix} \cdot & ب_{۱} & د_{۱} \\ ا_{۲} & \cdot & د_{۲} \\ ا_{۴} & ب_{۴} & \cdot \end{vmatrix} + د \begin{vmatrix} \cdot & ب_{۱} & ج_{۱} \\ ا_{۲} & \cdot & ج_{۲} \\ ا_{۳} & ب_{۳} & \cdot \end{vmatrix}$$

$$+ اب \begin{vmatrix} \cdot & د_{۳} \\ ج_{۴} & \cdot \end{vmatrix} + اج \begin{vmatrix} \cdot & د_{۲} \\ ب_{۴} & \cdot \end{vmatrix} + اد \begin{vmatrix} \cdot & ج_{۲} \\ ب_{۳} & \cdot \end{vmatrix} + ب ج \begin{vmatrix} \cdot & د_{۱} \\ ا_{۴} & \cdot \end{vmatrix}$$

$$+ ب د \begin{vmatrix} \cdot & ج_{۱} \\ ا_{۳} & \cdot \end{vmatrix} + ج د \begin{vmatrix} \cdot & ب_{۱} \\ ا_{۲} & \cdot \end{vmatrix} + اب ج د$$

وہ مقطع جس کے صدر عناصر سب کے سب معدوم ہوتے ہیں صفر وتری کہلاتا ہے۔ متذکرۂ صدر نتیجہ کو اب ہم یوں بیان کر سکتے ہیں:-

کسی مقطع کو صدر عناصر کے حاصل ضربوں میں پھیلایا جا سکتا ہے۔ پھیلاؤ میں ہر حاصل ضرب کا ہم ضربی صفر وتری مقطع ہوتا ہے

۱۳۷۔ مقطع کا پھیلاؤ ایک صف اور ایک ستون کے عناصر کے زوجوں کے حاصل ضربوں میں۔

ذیل میں ہم پہلی صف اور پہلے ستون کو لیتے ہیں اور ان کے رقوم میں پھیلاؤ معلوم کرتے ہیں۔ یہ صریحاً کافی ہے کیونکہ کوئی صف اور کوئی ستون ان محلوں میں ہٹاؤں کی مدد سے لائے جا سکتے ہیں

مقطع کو شکل

$$\begin{vmatrix} ا & عہ & بہ & جہ & .. \\ عہ & ا_1 & ب_1 & ج_1 & .. \\ بہ & ا_2 & ب_2 & ج_2 & .. \\ جہ & ا_3 & ب_3 & ج_3 & .. \\ .. & .. & .. & .. & .. \end{vmatrix}$$

میں لکھنے سے آسانی پیدا ہوتی ہے۔

(21) فرض کرو کہ اس کو $\Delta_{ہ}$ سے تعبیر کیا گیا ہے اور اسکا پہلا صدر صغیر مقطع ($ا_1 ب_2 ج_3 ....$) حسب معمول Δ سے تعبیر ہوتا ہے اس مقطع $\Delta_{ہ}$ کو Δ سے اِس کو حاشیہ لگا کر اخذ کر سکتے ہیں چنانچہ Δ کو ا، عہ، بہ، جہ .... عناصر کا افقاً اور ا، عہ، بہ، جہ، .... عناصر کا انتصاباً حاشیہ لگانے سے مقطع $\Delta_{ہ}$ حاصل ہو جاتا ہے۔

جب Δ^5 کو پھیلایا جاتا ہے تو وہ سب رقمیں جنمیں l آتا ہے Δ^5 میں شامل ہیں۔ علاوہ ازیں پھیلاؤ میں ستون اول کے ہر دیگر عنصر اور صف اول کے ہر دیگر عنصر کا حاصل ضرب شامل ہوگا جبکہ دو عناصر کے ہر ایسے حاصل ضرب کو اس کے مناسب جزو ضربی سے ضرب دیدیا جائے۔ کسی حاصل ضرب کے لئے یہ جزو ضربی آسانی کے ساتھ معلوم کیا جاسکتا ہے۔ فرض کرو کہ Δ^5 کے پھیلاؤ میں $l_1 b_1 c_1 \ldots\ldots l_2 b_2 \ldots\ldots$ وغیرہ کے ہم ضربی دفعہ ۱۳۴ کی ترقیم کی بموجب $l_1 b_1 \ldots\ldots l_2 b_2 \ldots\ldots$ وغیرہ ہیں۔ یہ واضح رہے کہ وہ جزو ضربی جو کسی حاصل ضرب کے ساتھ آتا ہے (مثلاً Δ^5 کے پھیلاؤ میں $a_0 a_0$ کے ساتھ) وہی ہے جو l_1 کے ساتھ بہ تبدیل علامت آتا ہے یعنے۔ l_1۔ اسی طرح وہ جزو ضربی جو $a_0 b_0$ کے ساتھ آتا ہے وہی ہے جو $l_1 b_1$ کے ساتھ بہ تبدیل علامت آتا ہے یعنے۔ b_1۔ اور علیٰ ہذا القیاس۔ اس قسم کے حاصل ضرب کے ساتھ جو جزو ضربی موجود ہوتا ہے اسکو حاصل کرنیکا قاعدہ صاف طور پر یہ ہے:۔ صدر رقم l_1 اور اُن دو اجزائے ترکیبی سے جو حاصل ضرب میں داخل ہوتے ہیں بننے والے مستطیل کو مکمل کرکے چوتھا جزو ترکیبی معلوم کرو تو مطلوبہ جزو ضربی، Δ^5 کے اس طور پر حاصل کردہ جزو ترکیبی کی بجائے متناظر بڑا حرف منفی علامت کے ساتھ درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے آخر الامر یہ معلوم ہوتا ہے کہ Δ^5 کا پھیلاؤ شکل ذیل میں لکھا جاسکتا ہے:۔

$$\Delta = \alpha_1 \Delta - \alpha_1 \alpha_2 - \beta_1 \beta_2 - \gamma_1 \gamma_2 \ldots$$
$$- \alpha_1 \beta_2 - \beta_1 \beta_3 - \gamma_1 \gamma_3 \ldots$$
$$- \alpha_1 \gamma_2 - \beta_1 \beta_3 - \gamma_1 \gamma_3 \ldots$$
$$\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots$$

پھیلاؤ کے اس طریقہ کا فائدہ کسی آیندہ دفعہ میں مثالوں کے ذریعہ واضح کیا جائیگا۔

۱۳۸۔ مقطعات کی جمع۔ مسئلہ ۵۔ اگر کسی خط کے ہر عنصر کو دو عناصر کے مجموعہ میں تحلیل کیا جا سکے تو مقطع کو دوسرے دو مقطعوں کے مجموعہ میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔

فرض کرو کہ ستون اول کے عناصر $\alpha_1 + \alpha'_1$، $\alpha_2 + \alpha'_2$، $\alpha_3 + \alpha'_3$ وغیرہ ہیں۔ دفعہ ۱۳۴ کے پھیلاؤ میں ان کو درج کرنے سے (22)

$$\Delta = (\alpha_1 + \alpha'_1) A_1 + (\alpha_2 + \alpha'_2) A_2 + (\alpha_3 + \alpha'_3) A_3 + \ldots$$
$$= \alpha_1 A_1 + \alpha_2 A_2 + \alpha_3 A_3 + \ldots + \alpha'_1 A_1 + \alpha'_2 A_2 + \alpha'_3 A_3 + \ldots$$

یعنے
$$\begin{vmatrix} \alpha_1 + \alpha'_1, & \beta_1, & \gamma_1 \ldots \\ \alpha_2 + \alpha'_2, & \beta_2, & \gamma_2 \ldots \\ \alpha_3 + \alpha'_3, & \beta_3, & \gamma_3 \ldots \\ \ldots\ldots\ldots\ldots \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} \alpha_1, & \beta_1, & \gamma_1 \ldots \\ \alpha_2, & \beta_2, & \gamma_2 \ldots \\ \alpha_3, & \beta_3, & \gamma_3 \ldots \\ \ldots\ldots\ldots\ldots \end{vmatrix} + \begin{vmatrix} \alpha'_1, & \beta_1, & \gamma_1 \ldots \\ \alpha'_2, & \beta_2, & \gamma_2 \ldots \\ \alpha'_3, & \beta_3, & \gamma_3 \ldots \\ \ldots\ldots\ldots\ldots \end{vmatrix}$$

جس سے مسئلہ ثابت ہے۔

اگر کسی اور ستون کے عناصر دو دو عناصر کے مجموعوں میں تحلیل ہو سکیں تو پہلے ایک ستون کے لحاظ سے تحلیل کرنے سے اور

بعد میں اس دوسرے ستون کے لحاظ سے تحلیل کرنے سے یہ آسانی کے ساتھ دیکھ لیا جا سکتا ہے کہ مقطع کو چار دوسرے چار مقطعوں کے مجموعہ میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً مقطع

$$\begin{vmatrix} ا_۱ + عہ_۱ & ب_۱ + بہ_۱ & ج_۱ \\ ا_۲ + عہ_۲ & ب_۲ + بہ_۲ & ج_۲ \\ ا_۳ + عہ_۳ & ب_۳ + بہ_۳ & ج_۳ \end{vmatrix}$$

دفعہ ۱۳۳ کی ترقیم کی بموجب اِن چار مقطعوں کے مجموعہ کے مساوی ہے

$$(ا_۱ ب_۲ ج_۳) + (عہ_۱ ب_۲ ج_۳) + (عہ_۱ بہ_۲ ج_۳) + (ا_۱ بہ_۲ ج_۳)$$

اسی طرح یہ نتیجہ اخذ ہو سکتا ہے کہ اگر ایک ستون کا ہر عنصر رقموں کی کسی تعداد کے جبری مجموعہ میں تحلیل ہو سکے تو مقطع کو دوسرے مقطعوں کی متناظر تعداد میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔

مثلاً

$$\begin{vmatrix} ا_۱ - عہ_۱ + عہ_۱ & ب_۱ & ج_۱ \\ ا_۲ - عہ_۲ + عہ_۲ & ب_۲ & ج_۲ \\ ا_۳ - عہ_۳ + عہ_۳ & ب_۳ & ج_۳ \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ \\ ا_۲ & ب_۲ & ج_۲ \\ ا_۳ & ب_۳ & ج_۳ \end{vmatrix} - \begin{vmatrix} عہ_۱ & ب_۱ & ج_۱ \\ عہ_۲ & ب_۲ & ج_۲ \\ عہ_۳ & ب_۳ & ج_۳ \end{vmatrix} + \begin{vmatrix} عہ_۱ & ب_۱ & ج_۱ \\ عہ_۲ & ب_۲ & ج_۲ \\ عہ_۳ & ب_۳ & ج_۳ \end{vmatrix}$$

(23) اور عام صورت میں اگر ایک ستون دوسرے م ستونوں کا جبری مجموعہ ہو کوئی دوسرا ستون دوسرے ن ستونوں کا مجموعہ ہو کوئی تیسرا ستون دوسرے ف ستونوں کا مجموعہ ہو وغیرہ تو مقطع کو دوسرے مقطعوں کی تعداد م ن ف ..... وغیرہ میں تحلیل کیا جا سکتا ہے

اب یہ ظاہر ہے کہ ایسے ہی نتیجے صفوں کے لحاظ سے صادق آتے ہیں کیونکہ اِن کو ثبوت بالا میں ستونوں کی بجائے مندرج کیا جا سکتا ہے

۱۳۹۔ مسئلہ ۶۔ اگر ایک خط کے عناصر باقی دوسرے خطوں کے متناظر عناصر کے (جنکو مستقل اجزائے ضربی سے ضرب دیا گیا ہو) مجموعوں کے مساوی ہوں تو مقطع معدوم ہو جاتا ہے۔

کیونکہ ایسی صورت میں اس مقطع کو ایسے مقطعوں کے مجموعہ میں تحلیل کیا جا سکتا ہے جنمیں سے ہر ایک جداگانہ طور پر معدوم ہوتا ہے۔ مثلاً

$$\begin{vmatrix} م ا_1 + ن ب_1 & ا_2 & ا_3 \\ م ا_2 + ن ب_2 & ا_2 & ا_3 \\ م ا_3 + ن ب_3 & ا_2 & ا_3 \end{vmatrix} = م \begin{vmatrix} ا_1 & ا_2 & ا_3 \\ ا_2 & ا_2 & ا_3 \\ ا_3 & ا_2 & ا_3 \end{vmatrix} + ن \begin{vmatrix} ب_1 & ا_2 & ا_3 \\ ب_2 & ا_2 & ا_3 \\ ب_3 & ا_2 & ا_3 \end{vmatrix}$$

اور بائیں طرف کا ہر مقطع معدوم ہوتا ہے (دفعہ ۱۳۰)۔

۱۴۰۔ مسئلہ ۷۔ اگر کسی ستون یا صف کے ہر عنصر میں باقی دوسرے ستونوں یا صفوں کے متناظر عناصر مستقل اجزائے ضربی سے علی الترتیب ضرب دینے کے بعد جمع کر دئے جائیں تو مقطع کی قیمت نہیں بدلتی۔

کیونکہ جب مقطع کو دوسرے مقطعوں کے مجموعہ میں دفعہ ۱۳۸ کی طرح تحلیل کیا جاتا ہے تو وہ مقطعات جنمیں جمع کردہ خطوط واقع ہوتے ہیں معدوم ہو جاتے ہیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک مستقل جزو ضربی کو جدا کرنیکے بعد، دو متماثل خطوط رکھتا ہے۔

مثلاً

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ا_1 + م ب_1 + ن ج_1 & ب_1 & ج_1 \\ ا_2 + م ب_2 + ن ج_2 & ب_2 & ج_2 \\ ا_3 + م ب_3 + ن ج_3 & ب_3 & ج_3 \end{vmatrix}$$

کیونکہ جب دوسرے مقطع کو تین دیگر مقطعوں کے مجموعہ کے طور پر بیان کیا جاتا ہے تو وہ مقطعات جو جمع کردہ ستونوں سے پیدا ہوتے ہیں متماثلاً معدوم ہو جاتے ہیں (دفعہ ۱۳۹)۔

اس دفعہ کا مسئلہ مقطعوں کی قیمت معلوم کرنے میں عملاً بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

مثالیں

(24)

۱۔ ثابت کرو کہ حسب ذیل مقطع معدوم ہوتا ہے:۔

$$\begin{vmatrix} ب + جہ & عہ & ا \\ جہ + عہ & ب & ا \\ عہ + ب & جہ & ا \end{vmatrix}$$

دوسرے ستون کے عناصر کو پہلے ستون کے متناظر عناصر میں جمع کرکے ہم عہ + ب + جہ کو ایک جزو ضربی کے طور پر باہر نکال سکتے ہیں اور پھر دو ستون متماثل ہو جاتے ہیں۔

۲۔ ذیل کے مقطع کی قیمت معلوم کرو:۔

$$\begin{vmatrix} ۱ & ۲ & ۴ \\ ۲ & ۳ & ۷ \\ ۳ & ۴ & ۱۰ \end{vmatrix}$$

ستون اول کے عناصر کو ستون دوم کے عناصر میں سے تفریق کرنے اور ستون اول کے عناصر کو ۲ سے ضرب دیکر ان کو ستون سوم میں سے

تفریق کرنے سے ہمیں مقطع

$$\begin{vmatrix} 1 & 1 & 1 \\ 1 & 2 & 1 \\ 1 & 1 & 3 \end{vmatrix}$$

حاصل ہوتا ہے جو تماثلاً معدوم ہو جاتا ہے۔

$$-3 = \begin{vmatrix} -1 & 1 & 1 & 1 \\ 1 & -1 & 1 & 1 \\ 1 & 1 & -1 & 1 \\ 1 & 1 & 1 & -1 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} 1 & 1 & 1 & -1 \\ 2 & 2 & 0 & 0 \\ 2 & 0 & 2 & 0 \\ 0 & 2 & 2 & 0 \end{vmatrix} = -\begin{vmatrix} 2 & 2 & 0 \\ 2 & 0 & 2 \\ 0 & 2 & 2 \end{vmatrix} = -16$$

یہاں پہلا استحالہ صف اول کے عناصر کو یکے بعد دیگرے دوسری، تیسری، چوتھی صفوں کے عناصر کے ساتھ جمع کرنے سے حاصل کیا گیا۔

$$-4 = \begin{vmatrix} 4 & 11 & 4 \\ 10 & 15 & 13 \\ 2 & 9 & 4 \end{vmatrix} = 3 \begin{vmatrix} 4 & 11 & -3 \\ 10 & 15 & 13 \\ 2 & 3 & 1 \end{vmatrix} = 3 \begin{vmatrix} 10 & -10 & 7 \\ 16 & -24 & 13 \\ 0 & 0 & 1 \end{vmatrix}$$

$$= 3 \begin{vmatrix} -10 & 10 \\ 16 & 24 \end{vmatrix} = 3 \cdot 10 (16 - 24) = -240$$

یہاں دوسرا استحالہ ستون اول کو ۳ سے ضرب دیکر اسکو ستون دوم میں سے تفریق کرنے اور ستون اول کے دو چند کو ستون سوم میں سے تفریق کرنے سے حاصل ہوا۔ اس قسم کی مثالوں میں اس بات کی کوشش ہوتی چاہیے کہ کسی صف یا ستون کے تمام عنصروں کو سوائے ایک عنصر کے صفر میں تحویل کیا جائے کیونکہ اس عمل سے دیا ہوا مقطع نچلے رتبہ کے مقطع میں تحویل ہو جاتا ہے اور اس لئے اسکی قیمت معلوم کرنے میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ بات کسی خط کو اکائیوں میں تحویل کرنے ہی ہمیشہ عمل میں آسکتی ہے جیسے مثال ۷ دفعہ ۱۳۲ کی صورت میں۔ لیکن عام طور پر صرف جمع یا تفریق کے عمل سے مثال بالا کی طرح اس قسم کی (25)

آسانی پیدا ہو سکتی ہے۔

$$۵- \begin{vmatrix} ۷ & -۲ & ۰ & ۵ \\ -۲ & ۶ & ۲ & ۲ \\ ۰ & -۲ & ۵ & ۳ \\ ۵ & ۲ & ۳ & ۴ \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ۷ & -۲ & ۰ & ۵ \\ ۱۹ & -۲ & ۰ & ۱۷ \\ -۷ & -۵ & ۰ & -۲ \\ ۱۲ & ۳ & ۰ & ۹ \end{vmatrix} = ۲ \begin{vmatrix} ۱۹ & -۲ & ۱۷ \\ -۷ & -۵ & -۲ \\ ۱۲ & ۳ & ۹ \end{vmatrix}$$

صفِ اول کے دو چند کو صفِ دوم میں جمع کرو، صف اول کو صف سوم میں سے تفریق کرو، اور صف اول کو صف چہارم میں جمع کرو تو دوسرا استحالہ حاصل ہو جائیگا۔ تحویل شدہ مقطع میں ستون دوم کا چار گنا ستون اول میں سے اور ستون دوم کا تین گنا ستون سوم میں سے تفریق کرو تو اس مقطع کو آسانی کے ساتھ محسوب کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ

$$۲ \begin{vmatrix} ۱۹ & -۲ & ۱۷ \\ -۷ & -۵ & -۲ \\ ۱۲ & ۳ & ۹ \end{vmatrix} = ۲ \begin{vmatrix} ۲۳ & ۲ & ۲۷ \\ ۱۷ & -۵ & -۲۶ \\ ۰ & ۳ & ۰ \end{vmatrix} = -۶ \begin{vmatrix} ۲۳ & ۲۷ \\ ۱۷ & -۲۶ \end{vmatrix} = -۹۷۲$$

۶۔ ذیل کا مقطع محسوب کرو:۔

$$۵ = \begin{vmatrix} ۴ & ۱۴ & ۱۵ & ۱ \\ ۹ & ۷ & ۶ & ۱۲ \\ ۵ & ۱۱ & ۱۰ & ۸ \\ ۱۶ & ۲ & ۳ & ۱۳ \end{vmatrix}$$

اس مقطع میں پہلے سولہ طبعی اعداد کو ایک ایسے مربع میں ترتیب دیا گیا ہے جسکو ہم "طلسمی مربع" کہہ سکتے ہیں کیونکہ کسی صف یا کسی ستون کے اعداد کا مجموعہ مستقل (۳۴) ہے۔ عام صورت میں پہلے $ن^۲$ طبعی اعداد کے مربع کے لئے یہ مجموعہ $\frac{۱}{۲}$ ن $(ن^۲ + ۱)$ ہوگا۔ ایسے مقطعوں کو بقدر ایک درجہ کے فوراً گھٹایا جا سکتا ہے۔

مندرجۂ بالا مقطع میں آخری تین ستونوں کو پہلے ستون میں جمع کرنے اور آخری صف کو باقی ہر صف میں سے تفریق کرنے پر ہم حاصل کرتے ہیں

$$\Delta = ۲۴ \begin{vmatrix} ۴ & ۱۴ & ۱۵ & ۱ \\ ۹ & ۷ & ۶ & ۱ \\ ۵ & ۱۱ & ۱۰ & ۱ \\ ۱۶ & ۲ & ۳ & ۱ \end{vmatrix} = ۲۴ \begin{vmatrix} ۰ & ۱۲ & ۱۲ & -۱۲ \\ ۰ & ۳ & ۵ & -۷ \\ ۰ & ۷ & ۹ & -۱۱ \\ ۱ & ۴ & ۲ & ۱۶ \end{vmatrix}$$

$$= -۲۴ \times ۱۲ \begin{vmatrix} ۱ & ۱ & -۱ \\ ۳ & ۵ & -۷ \\ ۷ & ۹ & -۱۱ \end{vmatrix}$$

اور دوسری صف کو آخری صف میں سے تفریق کرنے پر یہ ظاہر ہے کہ محول مقطع معدوم ہو جاتا ہے۔ پس $\Delta = ۰$

۷ — پہلے تو طبعی اعداد کو طلسمی مربع میں ترتیب دیکر مقطع بنایا گیا ہے۔ اسکو محسوب کرو:۔

$$\begin{vmatrix} ۴ & ۹ & ۲ \\ ۳ & ۵ & ۷ \\ ۸ & ۱ & ۶ \end{vmatrix}$$

جواب:۔ ۳۶۰

۸ — پہلے پچیس طبعی اعداد کو طلسمی مربع میں ترتیب دیکر مقطع بنایا گیا ہے۔ اسکی قیمت معلوم کرو:۔ (35)

$$\begin{vmatrix} ۱۰ & ۱۸ & ۱ & ۱۴ & ۲۲ \\ ۴ & ۱۲ & ۲۵ & ۸ & ۱۶ \\ ۲۳ & ۶ & ۱۹ & ۲ & ۱۵ \\ ۱۷ & ۵ & ۱۳ & ۲۱ & ۹ \\ ۱۱ & ۲۴ & ۷ & ۲۰ & ۳ \end{vmatrix}$$

جواب:۔ ۴۶۸۰۰۰۰

۹ — مثال ۹ دفعہ ۴ ۱۳ کا مقطع دفعہ بالا کے طریقہ سے محسوب کرو:۔

$$\Delta = \begin{vmatrix} 0 & 1 & 1 & 1 \\ 1 & 0 & ی^2 & ما^2 \\ 1 & ی^2 & 0 & لا^2 \\ 1 & ما^2 & لا^2 & 0 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} -1 & 1 & 1 & 1 \\ 1 & -ی^2 & ما^2 \\ 1 & ی^2 - ی^2 & لا^2 - ی^2 \\ 1 & ما^2 & لا^2 - ما^2 & -ما^2 \end{vmatrix} = - \begin{vmatrix} 1 & ی^2 & ما^2 \\ 1 & -ی^2 & لا^2 - ی^2 \\ 1 & لا^2 - ما^2 & -ما^2 \end{vmatrix}$$

یہاں ہم دوسرا مقطع حاصل کرنے کے لئے دوسرے ستون کو اسکے بعد کے ستونوں میں سے تفریق کرتے ہیں۔ تحویل شدہ مقطع میں پہلی صف کو باقی دوسری صفوں میں سے تفریق کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\Delta = - \begin{vmatrix} 1 & ی^2 & ما^2 \\ 0 & -2ی^2 & لا^2 - ی^2 - ما^2 \\ 0 & لا^2 - ما^2 - ی^2 & -2ما^2 \end{vmatrix} = - \begin{vmatrix} -2ی^2 & ما^2 + ی^2 - لا^2 \\ لا^2 - ی^2 - ما^2 & 2ما^2 \end{vmatrix}$$

$$= (ما^2 + ی^2 - لا^2)^2 - 4ما^2 ی^2$$

$$= (ما^2 + ی^2 - لا^2 - 2ما ی)(ما^2 + ی^2 - لا^2 + 2ما ی)$$

$$= \{(ما - ی)^2 - لا^2\}\{(ما + ی)^2 - لا^2\}$$

$$= -(لا + ما + ی)(ما + ی - لا)(ی + لا - ما)(لا + ما - ی)$$

۱۰۔ متماثلہ ذیل ثابت کرو:۔

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} (ب + ج)^2 & ا^2 & ا^2 \\ ب^2 & (ج + ا)^2 & ب^2 \\ ج^2 & ج^2 & (ا + ب)^2 \end{vmatrix} \equiv 2ا ب ج (ا + ب + ج)^3$$

آخری ستون کو باقی دوسرے ستونوں میں سے تفریق کر کے $(ا + ب + ج)^2$ کو جزو ضربی کے طور پر باہر نکالا جا سکتا ہے۔ باقی مقطع کو Δ' سے تعبیر کر کے اور اس میں پہلی دو صفوں کے مجموعہ کو آخری صف سے تفریق کرنے سے ہمیں حاصل ہوگا

$$\Delta = \begin{vmatrix} ب+ج-ا & . & ا^2 \\ . & ج+ا-ب & ب^2 \\ ج-ا-ب & ج-ا-ب & (ا+ب)^2 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ب+ج-ا & . & ا^2 \\ . & ج+ا-ب & ب^2 \\ -2ب & -2ا & 2اب \end{vmatrix}$$

$$= \frac{1}{اب} \begin{vmatrix} ا(ب+ج-ا) & . & ا^2 \\ . & ب(ج+ا-ب) & ب^2 \\ -2اب & -2اب & 2اب \end{vmatrix}$$

آخری ستون کو باقی دوسرے ستونوں میں جمع کرنے سے ہمیں حاصل ہوگا (27)

$$\Delta = \frac{1}{اب} \begin{vmatrix} ا(ب+ج) & ا^2 & ا^2 \\ ب^2 & ب(ج+ا) & ب^2 \\ . & . & 2اب \end{vmatrix} = 2 \begin{vmatrix} ا(ب+ج) & ا^2 \\ ب^2 & ب(ج+ا) \end{vmatrix}$$

$$= 2اب \begin{vmatrix} (ب+ج) & ا \\ ب & (ج+ا) \end{vmatrix} = 2اب ج (ا+ب+ج)$$

پس $\Delta = \Delta (ا+ب+ج)^2 = 2اب ج (ا+ب+ج)^3$

۱۱ — مماثلہ ذیل ثابت کرو :—

$$\begin{vmatrix} ا & ا & ا \\ عہ & بہ & جہ \\ عہ^3 & بہ^3 & جہ^3 \end{vmatrix} \equiv (بہ-جہ)(جہ-عہ)(عہ-بہ)(عہ+بہ+جہ)$$

پہلے ستون کو باقی دوسرے ستونوں میں سے تفریق کرو تو بہ-عہ اور جہ-عہ اجزائے ضربی ہو جائینگے۔ پھر تحویل شدہ مقطع میں پہلی صف کو عہ سے ضرب دیکر دوسری صف سے تفریق کرو۔

۱۲ — مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ا & ا & ا \\ عہ & بہ & جہ & ضہ \\ عہ^۲ & بہ^۲ & جہ^۲ & ضہ^۲ \\ عہ^۴ & بہ^۴ & جہ^۴ & ضہ^۴ \end{vmatrix}$$

کو مفرد اجزائے ضربی میں تحلیل کرو۔

مثال ۱۱ کی طرح عمل کرنے سے آسانی کے ساتھ معلوم ہو جائیگا کہ (بہ - عہ) (جہ - عہ) (ضہ - عہ) جزو ضربی ہے اور تحویل شدہ مقطع ہے

$$\begin{vmatrix} ا & ا & ا \\ بہ + عہ & جہ + عہ & ضہ + عہ \\ بہ^۳ + بہ^۲ عہ + بہ عہ^۲ + عہ^۳ & جہ^۳ + جہ^۲ عہ + جہ عہ^۲ + عہ^۳ & ضہ^۳ + ضہ^۲ عہ + ضہ عہ^۲ + عہ^۳ \end{vmatrix}$$

پہلے ستون کو باقی دوسرے ستونوں میں سے تفریق کرو تو (جہ - بہ) (ضہ - بہ) جزو ضربی کے طور پر نکل آئیگا اور باقی جزو ضربی کا (ضہ - جہ) (عہ + بہ + جہ + ضہ) ہونا آسانی کے ساتھ معلوم ہو جائیگا۔ پس بالآخر

$$\Delta = - (بہ - جہ)(عہ - ضہ)(جہ - عہ)(بہ - ضہ)(عہ - بہ)(جہ - ضہ)(عہ + بہ + جہ + ضہ)$$

۱۳ ــ مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ج & ا & ب \\ ب & ج & ا \end{vmatrix}$$

کو خطی اجزائے ضربی میں تحلیل کرو۔

دوسرے ستون کو سہ سے اور تیسرے ستون کو سہ^۲ سے ضرب دو اور پہلا ستون دونوں میں جمع کرو۔ جزو ضربی ا + سہ ب + سہ^۲ ج پہلے ستون سے نکل آئیگا (کیونکہ سہ^۳ = ا) اور عناصر ا، سہ، سہ^۲ بچ جائینگے۔ پھر دوسری اور تیسری صفوں کو پہلی صف میں جمع کرنے سے جزو ضربی ا + ب + ج باہر نکالا جا سکتا ہے اور بقیہ مقطع کا ا + سہ^۲ ب + سہ ج کے مساوی ہونا آسانی کے ساتھ معلوم ہو جاتا ہے۔ پس

$\Delta \equiv (ا + ب + ج)(ا + سہ ب + سہ^2 ج)(ا + سہ^2 ب + سہ ج)$

۱۴۔ مقطع (28)

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ب & ج & د \\ ب & ا & د & ج \\ ج & د & ا & ب \\ د & ج & ب & ا \end{vmatrix}$$

کو خطی اجزائے ضربی میں تحلیل کرو۔
نتیجہ ہوگا

$\Delta = -(ا + ب + ج + د)(ب + ج - ا - د)(ج + ا - ب - د)(ا + ب - ج - د)$

کیونکہ مندرجۂ بالا ہر جزو ضربی مقطع کا ایک جزو ضربی ہے۔ مثلاً پہلے ستون میں دوسرا ستون جمع کرنے اور تیسرے اور چوتھے ستونوں کو تفریق کرنے سے یہ بتایا جا سکتا ہے کہ مقطع کا ایک جزو ضربی $ا + ب - ج - د$ ہے۔ $ا^4$ کی علامت کا مقابلہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حاصل ضرب کی علامت منفی ہونی چاہئے۔

یہ مشاہدہ طلب ہے کہ مثال ۹ کا مقطع مندرجۂ بالا مقطع کی مخصوص صورت ہے کیونکہ $ا = ۰$ رکھنے سے یہ مقطع حاصل ہو جاتا ہے چنانچہ مثال ۹ دفعہ ۱۳۴ کی متماثلہ اشکال کا مقابلہ کرنے سے یہ بات واضح ہے۔

۱۴۱۔ مقطعات کی ضرب۔ مسئلہ ۸۔ کسی رتبہ کے دو مقطعوں کا حاصل ضرب اُسی رتبہ کا ایک مقطع ہوتا ہے۔

ہم یہ مسئلہ تیسرے رتبہ کے دو مقطعوں کے لئے ثابت کرینگے۔ طالب علم کو ثبوت کی نوعیت سے معلوم ہو جائیگا کہ یہ عام صورت میں بھی اُسی طرح اطلاق پذیر ہے۔ یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ دو مقطعوں $(ا_1, ب_2, ج_3)$ اور $(ع_1, ہ_2, چ_3)$ کا حاصل ضرب ہے

ا ع ۱ + ب ب ۱ + ج ج ۱	ا ع ۲ + ب ب ۲ + ج ج ۱	ا ع ۳ + ب ب ۳ + ج ج ۱
ا ع ۱ + ب ب ۲ + ج ج ۲	ا ع ۲ + ب ب ۲ + ج ج ۲	ا ع ۳ + ب ب ۳ + ج ج ۲
ا ع ۱ + ب ب ۳ + ج ج ۳	ا ع ۲ + ب ب ۳ + ج ج ۳	ا ع ۳ + ب ب ۳ + ج ج ۳

جس کے عناصر مقطع (ا ب ج) کی کسی صف کے عناصر کو مقطع (ع ب ج) کی کسی صف کے متناظر عناصر سے ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ملتے ہیں اُن کے مجموعے ہیں۔

اب چونکہ ہر ستون تین رقموں پر مشتمل ہے یہ مقطع دوسرے ستائیس مقطعوں کے مجموعہ میں پھیلایا جا سکتا ہے (دفعہ ۱۳۸)۔ اب یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ جب ان میں سے کسی ایک کو لکھ لیا جاتا ہے تو ہر ستون سے ایک مشترک جزو ضربی نکل سکتا ہے اور یہ کہ جزوی مقطعات میں سے چند ایسے مقطع بھی ہیں کہ مشترک اجزائے ضربی کو علیحدہ کر دینے کے بعد انھیں دو (یا زیادہ) ستون متماثل ہو جاتے ہیں۔ جو مقطعات اس طور پر معدوم نہیں ہوتے ان کو آسانی (29) کے ساتھ چن لیا جا سکتا ہے۔ مثلاً اگر ہم پہلے ستون سے پہلا انتصابی خط لیں اور اس کے ساتھ دوسرے ستون سے پہلا خط تو ہمیں معدوم ہونیوالا مقطع ملیگا۔ اس لئے ہمیں دوسرے ستون سے دوسرا خط اور اس کے ساتھ تیسرے ستون سے تیسرا خط لینا ہوگا تاکہ وہ مقطع حاصل ہو جو معدوم نہیں ہوتا۔ پہلے ستون کے پہلے خط کو دوسرے ستون کے تیسرے خط اور تیسرے ستون کے دوسرے خط کے ساتھ لینے سے بھی معدوم نہ ہونیوالا مقطع حاصل ہوگا۔ ستونوں کے مشترک اجزائے ضربی کو باہر نکال لینے سے ان دو مقطعوں کو یوں لکھا جا سکتا ہے:-

ع ۱ ب ۲ ج ۳	ا ۱ ب ۱ ج ۱ ا ۲ ب ۲ ج ۲ ا ۳ ب ۳ ج ۳	+ ع ۱ ج ۲ ب ۳	ا ۱ ج ۱ ب ۱ ا ۲ ج ۲ ب ۲ ا ۳ ج ۳ ب ۳

اسی طرح باری باری سے پہلے ستون کے باقی دوسرے خطوں کو لینے سے ہم چار اور مقطعے حاصل کرتے ہیں جو معدوم نہیں ہوتے پس کل چھ ارقام ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ انمیں سے ہر ایک میں $(ا_{۲} ب_{۲} ج_{۳})$ ایک جزو ضربی ہے۔ اس جزو ضربی کو باہر نکالنے سے ان چھ رقموں کا مجموعہ باقی رہتا ہے:۔

$عہ_{۱} بہ_{۳} جہ_{۳} - عہ_{۱} بہ_{۲} جہ_{۳} - عہ_{۳} بہ_{۱} جہ_{۳} + عہ_{۳} بہ_{۲} جہ_{۱} + عہ_{۲} بہ_{۳} جہ_{۱} - عہ_{۲} بہ_{۱} جہ_{۳}$

اور یہ مقطع $(عہ_{۱} بہ_{۲} جہ_{۳})$ ہے۔ اسلئے ہم نے ثابت کر دیا کہ مندرجۂ بالا مقطع دو دئے ہوئے مقطعوں کا حاصل ضرب ہے۔

دئے ہوئے مقطعوں میں سے کسی میں ستونوں کی بجائے صفوں کو لکھا جا سکتا ہے۔ اس لئے حاصل ضرب کو متعدد مختلف شکلوں میں مقطع کے طور پر لکھا جا سکتا ہے لیکن ظاہر ہے کہ ان کو پھیلانے سے وہی قیمت حاصل ہوگی۔

۱۴۲۔ مقطعوں کا حاصل ضرب (مسلسل)۔ لاپلاس کے پھیلاؤ کے طریقہ سے جسکی تشریح دفعہ ۱۳۵ میں ہو چکی ہے دفعہ گذشتہ کے مسئلہ کے ثبوت کا ایک اور طریقہ ملتا ہے جس میں ایک ہی رتبہ کے دو دئے ہوئے مقطعوں کا حاصل ضرب ایک مقطع کی شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

اس ثبوت کی نوعیت کافی طور پر ذیل کے تیسرے رتبہ کے دو مقطعوں پر استعمال کرنے سے واضح ہو جائیگی۔

دو مقطعوں $(ا_{۱} ب_{۲} ج_{۳})$ اور $(عہ_{۱} بہ_{۲} جہ_{۳})$ کا حاصل ضرب صریحاً (30)

مقطع

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 & . & . & . \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 & . & . & . \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 & . & . & . \\ -1 & . & . & عہ_1 & عہ_2 & عہ_3 \\ . & -1 & . & بہ_1 & بہ_2 & بہ_3 \\ . & . & -1 & جہ_1 & جہ_2 & جہ_3 \end{vmatrix}$$

کے مساوی ہے (مثال ۳ دفعہ ۱۳۵)۔

اس مقطع میں پہلے ستون کو عہ$_1$ سے، دوسرے کو بہ$_1$ سے، تیسرے کو جہ$_1$ سے ضرب دیکران کے مجموعہ کو چوتھے ستون میں جمع کرو۔ پھر پہلے ستون کو عہ$_2$ سے، دوسرے کو بہ$_2$ سے، تیسرے کو جہ$_2$ سے ضرب دیکران کے مجموعہ کو پانچویں ستون میں جمع کرو۔ پھر پہلے ستون کو عہ$_3$ سے، دوسرے کو بہ$_3$ سے، تیسرے کو جہ$_3$ سے ضرب دیکران کے مجموعہ کو چھٹے ستون میں جمع کرو۔ تب مقطع ہوجاتا ہے

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 & ا_1 عہ_1 + ب_1 بہ_1 + ج_1 جہ_1 & ا_1 عہ_2 + ب_1 بہ_2 + ج_1 جہ_2 & ا_1 عہ_3 + ب_1 بہ_3 + ج_1 جہ_3 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 & ا_2 عہ_1 + ب_2 بہ_1 + ج_2 جہ_1 & ا_2 عہ_2 + ب_2 بہ_2 + ج_2 جہ_2 & ا_2 عہ_3 + ب_2 بہ_3 + ج_2 جہ_3 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 & ا_3 عہ_1 + ب_3 بہ_1 + ج_3 جہ_1 & ا_3 عہ_2 + ب_3 بہ_2 + ج_3 جہ_2 & ا_3 عہ_3 + ب_3 بہ_3 + ج_3 جہ_3 \\ -1 & . & . & . & . & . \\ . & -1 & . & . & . & . \\ . & . & -1 & . & . & . \end{vmatrix}$$

$$\begin{vmatrix} ا_1 عہ_3 + ب_1 بہ_3 + ج_1 جہ_3 \\ ا_2 عہ_3 + ب_2 بہ_3 + ج_2 جہ_3 \\ ا_3 عہ_3 + ب_3 بہ_3 + ج_3 جہ_3 \\ . \\ . \\ . \end{vmatrix}$$

اور یہ مقطع، مقطع

$$\begin{vmatrix} -1 & \cdot & \cdot \\ \cdot & -1 & \cdot \\ \cdot & \cdot & -1 \end{vmatrix}$$ (جو -۱ کے مساوی ہے)

اور تم صغیر مقطع کے حاصل ضرب (ٹھیک علامت کے ساتھ) کے مساوی ہے اور یہ حاصل ضرب وہی مقطع ہے جو دفعہ ماسبق میں حاصل ہوا تھا۔ اب یہ امر کہ حاصل ضرب کی علامت منفی ہونی چاہیئے اس طرح واضح ہے کہ پہلی تین صفوں کو نیچے یہاں تک حرکت دینی پڑتی ہے کہ زیر بحث دو صغیر مقطعوں کے وتر خود مقطع کا وتر بن جائیں۔ طالب علم کو یہ دیکھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئیگی کہ عام صورت میں اس قسم کے ہٹاؤں کی تعداد طاق ہے اگر دئے ہوئے مقطعوں کا رتبہ طاق ہو اور جفت ہے اگر مقطعوں کا رتبہ جفت ہو۔ پس دفعہ ۱۴۱ کے حاصل ضربی مقطع کی علامت ہمیشہ مثبت ہوتی ہے۔

اس دفعہ اور دفعہ گذشتہ کا اہم مسئلہ مندرجۂ ذیل مثالوں سے بخوبی واضح ہو جائیگا۔

مثالیں (31)

۱۔ ثابت کرو کہ دو مقطعوں

$$\begin{vmatrix} ا + خ ب & ج + خ د \\ -ج + خ د & ا - خ ب \end{vmatrix}, \quad \begin{vmatrix} اَ - خ بَ & جَ - خ دَ \\ -جَ - خ دَ & اَ + خ بَ \end{vmatrix}$$

کا حاصل ضرب (جہاں $خ = \sqrt{-1}$) شکل

$$\begin{vmatrix} د - خ ج & ب - خ ا \\ -ب - خ ا & د + خ ج \end{vmatrix}$$

میں لکھا جا سکتا ہے جہاں

اگر $\mathcal{A} \equiv بج - بَ ج + اَ دَ - اَ د$، $\mathcal{B} \equiv ج اَ - ج اَ + ب دَ - بَ د$،
$\mathcal{C} \equiv اَ بَ - اَ ب + ج دَ - جَ د$، $\mathcal{D} \equiv اَ اَ + ب بَ + ج جَ + د دَ$،
اور پھر بولر کا یہ مسئلہ ثابت کرو:-

$$(ا^۲ + ب^۲ + ج^۲ + د^۲)(اَ^۲ + بَ^۲ + جَ^۲ + دَ^۲)$$

$$\equiv (اَ اَ + ب بَ + ج جَ + د دَ)^۲ + (ب جَ - بَ ج + اَ دَ - اَ د)^۲$$
$$+ (ج اَ - جَ ا + ب دَ - بَ د)^۲ + (ا بَ - اَ ب + ج دَ - جَ د)^۲$$

یعنے دو مجموعوں کا حاصل ضرب جنمیں سے ہر ایک چار مربعوں کا مجموعہ ہے چار مربعوں کے مجموعہ کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

۲۔ تیسرے رتبہ کے مقطع کے مربع کے لئے حسب ذیل جملہ ثابت کرو:-

$$۲ \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ اَ & بَ & جَ \\ اً & بً & جً \end{vmatrix}^۲$$

$$= \begin{vmatrix} ۲(اج - ب^۲) & اجَ + اَج - ۲ب بَ & اجً + اًج - ۲ب بً \\ اجَ + اَج - ۲ب بَ & ۲(اَجَ - بَ^۲) & اَجً + اًجَ - ۲بَ بً \\ اجً + اًج - ۲ب بً & اَجً + اًجَ - ۲بَ بً & ۲(اًجً - بً^۲) \end{vmatrix}$$

یہ ثابت ہو جاتا ہے اگر ہم دو مقطعوں

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ اَ & بَ & جَ \\ اً & بً & جً \end{vmatrix}, \quad \begin{vmatrix} ج & -۲ب & ا \\ جَ & -۲بَ & اَ \\ جً & -۲بً & اً \end{vmatrix}$$

کو ضرب دیں جو صرف جزو ضربی ۲ سے متفاوت ہیں۔

۳۔ متماثلہ ذیل ثابت کرو:-

$$\begin{vmatrix} ۲ب ج - ا^۲ & ج^۲ & ب^۲ \\ ج^۲ & ۲ج ا - ب^۲ & ا^۲ \\ ب^۲ & ا^۲ & ۲ا ب - ج^۲ \end{vmatrix} \equiv (ا^۳ + ب^۳ + ج^۳ - ۳ا ب ج)^۲$$

(32) یہ آسانی کے ساتھ ثابت ہوتا ہے اگر ہم دو متماثل مقطعوں

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ب & ج & ا \\ ج & ا & ب \end{vmatrix} \quad ، \quad \begin{vmatrix} -ا & ج & ب \\ -ب & ا & ج \\ -ج & ب & ا \end{vmatrix}$$

کو باہم ضرب دیں۔

۴۔ دفعہ ۱۳۲ مثال ۱۰ کے مقطع کا مربع لیکر چار درجی کی اصلوں عہ، یہ، جہ، ضہ کے درمیان ذیل کا رشتہ ثابت کرو جہاں س، س۱، س۲، وغیرہ کے وہی معنی ہیں جو جلد اول کے آٹھویں باب میں بیان کئے گئے ہیں:۔

$$\begin{vmatrix} س_0 & س_1 & س_2 & س_3 \\ س_1 & س_2 & س_3 & س_4 \\ س_2 & س_3 & س_4 & س_5 \\ س_3 & س_4 & س_5 & س_6 \end{vmatrix} = (به-جه)^2(عه-ضه)^2(جه-عه)^2(به-ضه)^2 \times \frac{1}{(عه-به)^2(جه-ضه)^2}$$

طالب علم کو کسی درجہ کی مساوات کے لئے ایک متناظر مقطع (اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں کی رقوم میں) جو فرقوں کے مربعوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہے لکھ لینے میں کوئی دقت محسوس نہ ہوگی۔

۵۔ مقطع

$$\begin{vmatrix} س_6 & س_5 & س_4 & س_3 & لا^3 \\ س_5 & س_4 & س_3 & س_2 & لا^2 \\ س_4 & س_3 & س_2 & س_1 & لا \\ س_3 & س_2 & س_1 & س_0 & ا \\ ما^3 & ما^2 & ما & ا & ٠ \end{vmatrix}$$

کو اجزائے ضربی میں تحلیل کرو جسمیں س، س۱، س۲، وغیرہ تین مقداروں ع، ب، جہ کی قوتوں کے مجموعے ہیں۔ یہ مقطع، دو مقطعوں

$$\begin{vmatrix} ع^3 & ب^3 & جہ^3 & لا^3 \\ ع^2 & ب^2 & جہ^2 & لا^2 \\ ع & ب & جہ & لا \\ ا & ا & ا & ا \end{vmatrix} \quad \begin{vmatrix} ع^3 & ب^3 & جہ^3 & ما^3 \\ ع^2 & ب^2 & جہ^2 & ما^2 \\ ع & ب & جہ & ما \\ ا & ا & ا & ا \end{vmatrix}$$

کا حاصل ضرب ہے اور انمیں سے ہر ایک آسانی کے ساتھ اجزائے ضربی میں تحلیل ہو سکتا ہے۔

(33) ۶۔ مثال ۲۸ صفحہ ۸۰ جلد اول کا نتیجہ ذیل کے دو مقطعوں کو ضرب دیکر ثابت کرو:۔

$$\begin{vmatrix} لا & ما & ی \\ ی & لا & ما \\ ما & ی & لا \end{vmatrix} \quad \begin{vmatrix} لا & ما & ی \\ ی & لا & ما \\ ما & ی & لا \end{vmatrix}$$

۷۔ ثابت کرو کہ مختلف رتبوں کے دو مقطعوں کو ضرب دیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ ان کے رتبہ مساوی بنائے جا سکتے ہیں چنانچہ کسی مقطع کا رتبہ، ستونوں کی کوئی تعداد اور صفوں کی مساوی تعداد جمع کرنے سے بڑھایا جا سکتا ہے جبکہ جمع کردہ ارقام میں وتری ارقام اکائیاں ہوں اور باقی سب صفر۔ مثلاً

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 \\ ا_2 & ب_2 \end{vmatrix}$$ کو لکھا جا سکتا ہے $$\begin{vmatrix} ا & . & . & . \\ . & ا & . & . \\ . & . & ا_1 & ب_1 \\ . & . & ا_2 & ب_2 \end{vmatrix}$$

جمع کردہ عناصر کا صرف یہ اثر ہوگا کہ مقطع اکائی سے ضرب کھا جائیگا۔

زیادہ عام صورت میں جمع کردہ عناصر کا ایک جُٹ (یعنے وہ جو ترکی داہنی طرف یا بائیں طرف ہوں) کسی مقداروں کا لیا جا سکتا ہے بشرطیکہ باقی دو سراجیٹ صفروں پر مشتمل ہو۔ چنانچہ (ا، ب۲) کو ذیل کی دو شکلوں میں سے کسی ایک میں لکھا جا سکتا ہے:-

ا	عہ	بہ	جہ		ا	عہ	بہ	جہ
۰	ا	ضہ	صہ		۰	ا	۰	۰
۰	۰	ا، ب،			۰	ضہ	ا، ب،	
۰	۰	ا۲ ب۲			۰	صہ	ا۲ ب۲	

دفعہ ۱۳۴ کے پھیلاؤ کے ذریعہ یہ ظاہر ہے۔

۱۴۳۔ **مستطیلی آراستے** ۔ وہ آراستہ جسمیں صفوں کی تعداد ستونوں کی تعداد کے مساوی نہ ہو **مستطیلی** کہا جا سکتا ہے وہ خود کسی معین تفاعل کو تعبیر نہیں کرتے۔ لیکن اگر ایک ہی ابعاد کے دو ایسے آراستے دیے جائیں تو دفعہ ۱۴۱ کے عمل سے انکے ذریعہ ہم ایک مقطع اخذ کر سکتے ہیں جسکی قیمت کی اب ہم تحقیق کرینگے۔

(۱) جب ستونوں کی تعداد صفوں کی تعداد سے متجاوز ہو۔

تمثیلاً دو مستطیلی آراستے لو

$$\left.\begin{matrix} ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ & د_۱ \\ ا_۲ & ب_۲ & ج_۲ & د_۲ \end{matrix}\right\} (۱) \qquad \left.\begin{matrix} عہ_۱ & بہ_۱ & جہ_۱ & ضہ_۱ \\ عہ_۲ & بہ_۲ & جہ_۲ & ضہ_۲ \end{matrix}\right\} (۲)$$

(34) اور انپر وہی عمل کرو جو دو مقطعوں کو ضرب دینے میں کیا جاتا ہے تو ہمیں مقطع

$$\begin{vmatrix} ا_۱ عہ_۱ + ب_۱ بہ_۱ + ج_۱ جہ_۱ + د_۱ ضہ_۱ & ا_۱ عہ_۲ + ب_۱ بہ_۲ + ج_۱ جہ_۲ + د_۱ ضہ_۲ \\ ا_۲ عہ_۱ + ب_۲ بہ_۱ + ج_۲ جہ_۱ + د_۲ ضہ_۱ & ا_۲ عہ_۲ + ب_۲ بہ_۲ + ج_۲ جہ_۲ + د_۲ ضہ_۲ \end{vmatrix}$$

حاصل ہوتا ہے۔ اسکی قیمت آسانی کے ساتھ معلوم ہو جاتی ہے

$$(ا_۱ ب_۲)(عہ_۱ بہ_۲) + (ا_۱ ج_۲)(عہ_۱ جہ_۲) + (ا_۱ د_۲)(عہ_۱ ضہ_۲)$$

$$+ (ب_۱ ج_۲)(بہ_۱ جہ_۲) + (ب_۱ د_۲)(بہ_۱ ضہ_۲) + (ج_۱ د_۲)(جہ_۱ ضہ_۲)$$

یعنی ایک آراستے سے جتنے مقطع بن سکتے ہیں (صفوں کی تعداد کے مساوی ستونوں کی تعداد لینے سے) انکو دوسرے آراستے سے جو متناظر مقطع بنتے ہیں اُن کے ساتھ ضرب دو اور ایسے سب حاصل ضربوں کو جمع کرو تو مندرجۂ بالا قیمت اس مجموعہ کے مساوی ہے۔

اس مسئلہ کا دوسرا ثبوت جو دفعہ ۱۴۲ میں بیان کردہ مقطعوں کی ضرب کے مماثل ہے مندرجۂ ذیل مثالوں میں ملیگا۔ ان دونوں ثبوتوں میں سے کسی کو بھی آسانی کے ساتھ عام صورت کے لئے وسعت دیجا سکتی ہے۔

(۲) جب صفوں کی تعداد ستونوں کی تعداد سے بڑی ہو تو حاصل شدنی مقطع معدوم ہو جاتا ہے۔

تمثیلاً دو آراستے

$$\left.\begin{matrix} ا_۱ & ب_۱ \\ ا_۲ & ب_۲ \\ ا_۳ & ب_۳ \end{matrix}\right\} (۱) \qquad \left.\begin{matrix} عہ_۱ & بہ_۱ \\ عہ_۲ & بہ_۲ \\ عہ_۳ & بہ_۳ \end{matrix}\right\} (۲)$$

لو اور ضرب کے عمل کی تکمیل کرو تو مقطع ذیل حاصل ہوتا ہے:۔

$$\begin{vmatrix} ا_۱ عہ_۱ + ب_۱ بہ_۱ & ا_۱ عہ_۲ + ب_۱ بہ_۲ & ا_۱ عہ_۳ + ب_۱ بہ_۳ \\ ا_۲ عہ_۱ + ب_۲ بہ_۱ & ا_۲ عہ_۲ + ب_۲ بہ_۲ & ا_۲ عہ_۳ + ب_۲ بہ_۳ \\ ا_۳ عہ_۱ + ب_۳ بہ_۱ & ا_۳ عہ_۲ + ب_۳ بہ_۲ & ا_۳ عہ_۳ + ب_۳ بہ_۳ \end{vmatrix}$$

اب یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ یہ مقطع وہی ہے جو پیدا ہوتا اگر صفروں کا ایک ستون دئے ہوئے آراستون میں سے ہر ایک میں جمع کر دیا جاتا اور پھر اس طور پر بنے ہوئے مقطعوں کو ضرب دیا جاتا۔ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مندرجۂ بالا مقطع معدوم ہوتا ہے۔

اسی طرح کا ثبوت عام صورت میں دیا جا سکتا ہے۔ کسی مثال میں صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ صفروں کے ستون ہر آراستے میں جمع کر دئے جائیں تاکہ ستونوں کی تعداد صفوں کی تعداد کے مساوی ہو جائے اور پھر ان دو مقطعوں کو ضرب دیدیا جائے۔

مثالیں

(85)

۱۔ دو آراستوں۔

$$\left.\begin{matrix} ا & ا & ا \\ عہ & بہ & جہ \end{matrix}\right\} (۱) \qquad \left.\begin{matrix} ا & ا & ا \\ عہ & بہ & جہ \end{matrix}\right| (۲)$$

سے ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} ۳ & عہ + بہ + جہ \\ عہ + بہ + جہ & عہ^۲ + بہ^۲ + جہ^۲ \end{vmatrix} \equiv (عہ - بہ)^۲ + (عہ - جہ)^۲ + (بہ - جہ)^۲$$

۲۔ دو آراستوں

$$\left.\begin{matrix} ا & ب & ج \\ ا' & ب' & ج' \end{matrix}\right\} (۱) \qquad \left.\begin{matrix} ج & -۲ب & ا \\ ج' & -۲ب' & ا' \end{matrix}\right\} (۲)$$

سے ثابت کرو کہ

$۴(ا ج - ب^۲)(\overline{ا}^۲ ج - \overline{ب}^۲) - (ا ج + \overline{ا}\,\overline{ج} - ۲ ب \overline{ب})^۲$
$\equiv ۴(ب ج - \overline{ب}\,ج)(ا \overline{ب} - \overline{ا}\,ب) - (ا \overline{ج} - \overline{ا}\,ج)^۲$

۳ ــ آراستے

$$\left\{\begin{matrix} ا & ب & ج \\ \overline{ا} & \overline{ب} & \overline{ج} \end{matrix}\right\}$$

کا مُربع لیکر ثابت کرو کہ

$(\overline{ا}^۲ + ب^۲ + ج^۲)(\overline{ا}^۲ + \overline{ب}^۲ + \overline{ج}^۲) \equiv (ا\overline{ا} + ب\overline{ب} + ج\overline{ج})^۲$
$+ (ب \overline{ج} - \overline{ب}\,ج)^۲ + (ج \overline{ا} - \overline{ج}\,ا)^۲ + (ا \overline{ب} - \overline{ا}\,ب)^۲$

۴ ــ آراستے

$$\left\{\begin{matrix} ا & ب & ج & د \\ \overline{ا} & \overline{ب} & \overline{ج} & \overline{د} \end{matrix}\right\}$$

کا مربع لیکر دفعہ ۱۴۲ مثال ۱ کے نتیجہ کی تصدیق کرو۔

۵ ــ تماثلہ ذیل کو ثابت کرو :۔

$$\begin{vmatrix} (ا_۱ - ب_۱)^۲ & (ا_۱ - ب_۲)^۲ & (ا_۱ - ب_۳)^۲ & (ا_۱ - ب_۴)^۲ \\ (ا_۲ - ب_۱)^۲ & (ا_۲ - ب_۲)^۲ & (ا_۲ - ب_۳)^۲ & (ا_۲ - ب_۴)^۲ \\ (ا_۳ - ب_۱)^۲ & (ا_۳ - ب_۲)^۲ & (ا_۳ - ب_۳)^۲ & (ا_۳ - ب_۴)^۲ \\ (ا_۴ - ب_۱)^۲ & (ا_۴ - ب_۲)^۲ & (ا_۴ - ب_۳)^۲ & (ا_۴ - ب_۴)^۲ \end{vmatrix} \equiv ۰$$

اِس تماثلہ کو حسب ذیل دو آراستوں کو باہم ضرب دینے سے ثابت کیا جا سکتا ہے

$$(۱) \left\{\begin{matrix} ا_۱^۲ & ا_۱ & ۱ \\ ا_۲^۲ & ا_۲ & ۱ \\ ا_۳^۲ & ا_۳ & ۱ \\ ا_۴^۲ & ا_۴ & ۱ \end{matrix}\right\} \qquad (۲) \left\{\begin{matrix} ۱ & -۲ ب_۱ & ب_۱^۲ \\ ۱ & -۲ ب_۲ & ب_۲^۲ \\ ۱ & -۲ ب_۳ & ب_۳^۲ \\ ۱ & -۲ ب_۴ & ب_۴^۲ \end{matrix}\right\}$$

(86) ۶ — ن ویں درجہ کی عام مساوات کے لئے جسکی اصلیں عہ، بہ، جہ، ضہ، وغیرہ ہوں اور اصلوں کی قوتوں کے مجموعے س۱، س۲، س۳، وغیرہ، ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} س_0 & س_1 \\ س_1 & س_2 \end{vmatrix} = \Sigma (عہ - بہ)^2$$

یہ فوراً واضح ہو جاتا ہے اگر ہم حسب ذیل آراستے کا مربع لیں:-

ا	ا	ا	ا	۰	۰
عہ	بہ	جہ	ضہ	صہ	

۷ — عام مساوات کے لئے اسی طرح ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} س_0 & س_1 & س_2 \\ س_1 & س_2 & س_3 \\ س_2 & س_3 & س_4 \end{vmatrix} = \Sigma (بہ - جہ)^2 (جہ - عہ)^2 (عہ - بہ)^2$$

پچھلی مثال کی طرح یہ بھی آسانی کے ساتھ ثابت ہوتا ہے اگر ہم ایک مناسب آراستے کا مربع لیں۔ نیز اس قسم کے روابط کا سلسلہ قایم کرنے میں یہی عمل اختیار کیا جا سکتا ہے۔ جب آراستے میں صفوں کی تعداد مساوات کے درجہ کے مساوی ہوتی ہے تو مقطع کی قیمت اصلوں کے فرقوں کے مربعوں کا حاصل ضرب ہوتی ہے (دیکھو مثال ۴ دفعہ ۱۴۲)۔ جب صفوں کی تعداد مساوات کے درجہ سے بڑھ جائے تو متناظر مقطع کی قیمت صفر ہے۔ مثلاً چوتھے رتبہ کا مقطع جسکا حوالہ اوپر دیا گیا ہے دوسرے اور تیسرے درجہ کی مساواتوں کے لئے معدوم ہوتا ہے۔

۸ — عام مساوات کے لئے ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} س_0 & س_1 & س_2 & س_3 \\ س_1 & س_2 & س_3 & س_4 \\ س_2 & س_3 & س_4 & س_5 \\ ا & لا & لا^2 & لا^3 \end{vmatrix}$$

$= \Sigma (\text{به} - \text{جه})^2 (\text{جه} - \text{عه})^2 (\text{عه} - \text{به})^2 (\text{لا} - \text{عه}) (\text{لا} - \text{به}) (\text{لا} - \text{جه})$

دو آراستوں

$$\begin{Bmatrix} ا & ا & ا & . \\ عه & به & جه & . \\ عه^2 & به^2 & جه^2 & . \end{Bmatrix} \quad \begin{matrix} \text{لا} - \text{عه} & \text{لا} - \text{به} & \text{لا} - \text{جه} \\ \text{عه}(\text{لا} - \text{عه}) & \text{به}(\text{لا} - \text{به}) & \text{جه}(\text{لا} - \text{جه}) \\ \text{عه}^2(\text{لا} - \text{عه}) & \text{به}^2(\text{لا} - \text{به}) & \text{جه}^2(\text{لا} - \text{جه}) \end{matrix}$$

کو ضرب دیکر ہم ثابت کرتے ہیں کہ

$$\begin{vmatrix} \text{س}_1\text{لا} - \text{س}_1 & \text{س}_1\text{لا} - \text{س}_2 & \text{س}_2\text{لا} - \text{س}_3 \\ \text{س}_1\text{لا} - \text{س}_2 & \text{س}_2\text{لا} - \text{س}_3 & \text{س}_3\text{لا} - \text{س}_4 \\ \text{س}_2\text{لا} - \text{س}_3 & \text{س}_3\text{لا} - \text{س}_4 & \text{س}_4\text{لا} - \text{س}_5 \end{vmatrix}$$

Σ کے مساوی ہے اور اسکو آسانی کے ساتھ مجوزہ مقطع میں مستعمل کیا جاسکتا ہے۔

عام طور پر اسی طریقہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ (پ + ۱) ویں رتبہ کا ایسی ہی شکل کا مقطع متناظر متشاکل تفاعل کے مساوی ہے جسکی ہر رقم میں ابتدائی مساوات کے پ اجزائے ضربی شامل ہوتے ہیں جبکہ انکو پ اصلوں کے مربع دار فرقوں کے حاصل ضرب سے ضرب دیدیا جائے۔

(37) ۹ ــ ذیل کے مقطع کی قیمت معلوم کرو اور پھر اس سے پہلی قسم کے آراستوں کی خاصیت کا ایک اور ثبوت اخذ کرو:ــ

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 & د_1 & . & . \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 & د_2 & . & . \\ -ا & . & . & . & عه_1 & عه_2 \\ . & -ا & . & . & به_1 & به_2 \\ . & . & -ا & . & جه_1 & جه_2 \\ . & . & . & -ا & ضه_1 & ضه_2 \end{vmatrix}$$

لاپلاس کے طریقہ سے اسکو پھیلا کر ہم آسانی کے ساتھ یہ معلوم کرلیتے ہیں کہ

اسکی قیمت ہے (ا ب ج) (عہ ۱ بہ ۲) ہے جو صفحہ ۵۳ کے چھ حاصل ضربوں پر مشتمل ہے۔ اور مقطع میں دفعہ ۱۴۲ کی طرح پہلے ستون کو عہ سے، دوسرے کو بہ سے، وغیرہ ضرب دیکر ان کے مجموعہ کو پانچویں ستون میں جمع کرکے ہم اس مقطع کو دوسرے رتبہ کے مقطع میں تحویل کر دیتے ہیں (دیکھو دفعہ ۱۴۳ (۱) میں ابتداً حاصل کردہ مقطع)۔

۱۴۴۔ خطی مساواتوں کے نظام کا حل۔ ہم نے دفعہ ۱۳۴ میں دیکھا ہے کہ مقطع کو کسی صف یا ستون کے عناصر کے ایک خطی متجانس تفاعل کے طور پر پھیلایا جا سکتا ہے جس میں کسی عنصر کا سر اپنی مناسب علامت کے ساتھ وہ صغیر مقطع ہوتا ہے جو اس عنصر کے جواب میں ہے۔ مثلاً

$$\Delta = ا_1 ل_1 + ا_2 ل_2 + ا_3 ل_3 + \dots\dots\dots$$

اب سر $ل_1$، $ل_2$، $ل_3$ وغیرہ دوسرے ستونوں کے عناصر کے ساتھ ن۔ ا متماثل رشتوں سے مربوط ہوتے ہیں یعنے

$$ب_1 ل_1 + ب_2 ل_2 + ب_3 ل_3 + \dots\dots\dots \equiv 0$$
$$ج_1 ل_1 + ج_2 ل_2 + ج_3 ل_3 + \dots\dots\dots \equiv 0$$، وغیرہ

کیونکہ ان میں سے ہر ایک مساوات کی سیدھی طرف کا جملہ، مقطع میں $ل_1$، $ل_2$، $ل_3$ وغیرہ کی بجائے متناظر ستون کے عناصر درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے اور اس لئے اسکو معدوم ہونا چاہئے۔

ان رشتوں کی مدد سے ہم خطی مساواتوں کے نظام کا حل لکھ سکتے ہیں۔ چنانچہ تین مجہول مقداروں لا، ما، ی کی صورت پر اس کا اطلاق عام طریق عمل کو واضح کر دینے کے لئے کافی ہے۔

فرض کرو کہ مساواتیں ہیں

$$\text{ا}_1 \text{لا} + \text{ب}_1 \text{ما} + \text{ج}_1 \text{ی} = \text{م}_1$$
$$\text{ا}_2 \text{لا} + \text{ب}_2 \text{ما} + \text{ج}_2 \text{ی} = \text{م}_2$$
$$\text{ا}_3 \text{لا} + \text{ب}_3 \text{ما} + \text{ج}_3 \text{ی} = \text{م}_3$$

(38) پہلی مساوات کو ا_1 سے، دوسری کو ا_2 سے، تیسری کو ا_3 سے ضرب دو اور جمع کرو تو ما اور ی کے سر متذکرۂ بالا ثابت شدہ رشتوں کی وجہ سے معدوم ہو جاتے ہیں اور ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$(\text{ا}_1 \text{ا}_1 + \text{ا}_2 \text{ا}_2 + \text{ا}_3 \text{ا}_3) \text{لا} = \text{م}_1 \text{ا}_1 + \text{م}_2 \text{ا}_2 + \text{م}_3 \text{ا}_3$$

یعنے

$$\Delta \text{لا} = \begin{vmatrix} \text{م}_1 & \text{ب}_1 & \text{ج}_1 \\ \text{م}_2 & \text{ب}_2 & \text{ج}_2 \\ \text{م}_3 & \text{ب}_3 & \text{ج}_3 \end{vmatrix}$$

جہاں Δ سے وہ مقطع تعبیر ہوتا ہے جو نو مقداروں $\text{ا}_1, \text{ب}_1, \text{ج}_1$ وغیرہ سے بنتا ہے۔

اسی طرح $\text{ب}_1, \text{ب}_2, \text{ب}_3$ سے ضرب دینے سے ہم حاصل کرتے ہیں

$$(\text{ب}_1 \text{ب}_1 + \text{ب}_2 \text{ب}_2 + \text{ب}_3 \text{ب}_3) \text{ما} = \text{م}_1 \text{ب}_1 + \text{م}_2 \text{ب}_2 + \text{م}_3 \text{ب}_3$$

یعنے

$$\Delta \text{ما} = \begin{vmatrix} \text{ا}_1 & \text{م}_1 & \text{ج}_1 \\ \text{ا}_2 & \text{م}_2 & \text{ج}_2 \\ \text{ا}_3 & \text{م}_3 & \text{ج}_3 \end{vmatrix}$$

جہاں بائیں طرف کا مقطع وہ ہے جو Δ ہو جاتا ہے جبکہ اسمیں دوسرے

ستون کے عناصر کی بجائے م۱، م۲، م۳ درج کئے جاتے ہیں۔
اسی طرح ی کے لئے ہم حاصل کرتے ہیں

$$\Delta \text{ی} = \begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & م_1 \\ ا_2 & ب_2 & م_2 \\ ا_3 & ب_3 & م_3 \end{vmatrix}$$

اِن قیمتوں کو زیادہ اختصار کے ساتھ یوں لکھا جا سکتا ہے:۔

Δ لا = (م۱ ب۲ ج۳)، Δ ما = (ا۱ م۲ ج۳)، Δ ی = (ا۱ ب۲ م۳)

عام صورت میں لا، ما، ی، وغیرہ کی قیمتیں اس طور پر لکھی جا سکتی ہیں

$$\text{لا} = \frac{(\text{م}_1 \text{ب}_2 \text{ج}_3 \ldots \text{ل}_n)}{(ا_1 \text{ب}_2 \text{ج}_3 \ldots \text{ل}_n)}، \quad \text{ما} = \frac{(ا_1 \text{م}_2 \text{ج}_3 \ldots \text{ل}_n)}{(ا_1 \text{ب}_2 \text{ج}_3 \ldots \text{ل}_n)}، \quad \text{ی} = \frac{(ا_1 \text{ب}_2 \text{م}_3 \ldots \text{ل}_n)}{(ا_1 \text{ب}_2 \text{ج}_3 \ldots \text{ل}_n)}$$ وغیرہ

جہاں کسی مجہول مقدار کی قیمت معلوم کرنے میں دی ہوئی مساواتوں کی بائیں طرف کی معلومہ مقداروں م۱، م۲، م۳، وغیرہ کو Δ میں مطلوبہ مجہول مقدار کے سروں کی بجائے درج کرنا اور اِس طور پر بنے ہوئے متقطع کو Δ سے تقسیم کرنا پڑتا ہے۔

مثالیں

(39) ا۔ اِن مساواتوں کو حل کرو:۔

لا + ما + ی = ا۱
عا لا + با ما + جا ی = ا۲
عا۲ لا + با۲ ما + جا۲ ی = ا۳

مندرجۂ بالا ضابطوں سے آسانی کے ساتھ حل معلوم کیا جا سکتا ہے اور یہ بتایا جا سکتا ہے کہ کسی مجہول مقدار کی قیمت اِن مساواتوں میں اِنحے سر کے

دو درجی تفاعل اور عہ، بہ، جہ کے متشاکل تفاعلوں (بشمول اعداد مستقل ل، ل۱، ل۲) کے طور پر بیان کیجا سکتی ہے۔ اس مقصد کے لئے مجہول مقدار (فرض کرو ما) کی قیمت کو ہم شکل ذیل میں لکھتے ہیں:۔

$$\begin{vmatrix} 0 & 1 & 1 & \text{ما} \\ 1 & 1 & 1 & \text{ل} \\ \text{عہ} & \text{بہ} & \text{جہ} & \text{ل}_1 \\ \text{عہ}^2 & \text{بہ}^2 & \text{جہ}^2 & \text{ل}_2 \end{vmatrix} = 0 \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (1)$$

جسکا آسانی کے ساتھ فوراً حاصل کیا جا سکتا ہے اگر ہم دی ہوئی مساواتوں کے ساتھ متماثل مساوات ما = ما کو بھی شامل کریں اور دفعہ آئندہ کے طریقہ کی بموجب اسقاط کا عمل کریں۔ اب

$$\begin{vmatrix} 0 & 1 & 1 & \text{ما} \\ 1 & 1 & 1 & \text{ل} \\ \text{عہ} & \text{بہ} & \text{جہ} & \text{ل}_1 \\ \text{عہ}^2 & \text{بہ}^2 & \text{جہ}^2 & \text{ل}_2 \end{vmatrix} \times \begin{vmatrix} 1 & 1 & 1 & 0 \\ \text{عہ} & \text{بہ} & \text{جہ} & 0 \\ \text{عہ}^2 & \text{بہ}^2 & \text{جہ}^2 & 0 \\ 0 & 0 & 0 & 1 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} 1 & \text{بہ} & \text{بہ}^2 & \text{ما} \\ \text{س}_0 & \text{س}_1 & \text{س}_2 & \text{ل} \\ \text{س}_1 & \text{س}_2 & \text{س}_3 & \text{ل}_1 \\ \text{س}_2 & \text{س}_3 & \text{س}_4 & \text{ل}_2 \end{vmatrix}$$

اسلئے اگر (یہ مانکر کہ عہ، بہ، جہ غیر مساوی ہیں) ہم مساوات (۱) کو فرقوں کے حاصل ضرب سے ضرب دیں تو ما کے دو درجی تفاعل اور تین مقداروں عہ، بہ، جہ کی قوتوں کے مجموعوں کی رقوم میں بیان ہو جائیگا۔

۲ — دفعہ ۷، جلد اول کی مساواتوں کے ذریعہ ثابت کرو کہ قوتوں کے مجموعے سروں کی رقوم میں مقطعوں کی شکل میں بیان ہو سکتے ہیں اور اور اس کے بالعکس۔

مثلاً

$$س_۲ = \begin{vmatrix} ب_۱ & ا_۱ \\ ۲ب_۲ & ب_۱ \end{vmatrix}، \quad س_۳ = \begin{vmatrix} ب_۱ & ا_۱ & ۰ \\ ۲ب_۲ & ب_۱ & ا_۱ \\ ۳ب_۳ & ب_۲ & ب_۱ \end{vmatrix}، \quad س_۴ = \begin{vmatrix} ب_۱ & ا_۱ & ۰ & ۰ \\ ۲ب_۲ & ب_۱ & ا_۱ & ۰ \\ ۳ب_۳ & ب_۲ & ب_۱ & ا_۱ \\ ۴ب_۴ & ب_۳ & ب_۲ & ب_۱ \end{vmatrix}$$

وغیرہ —

$$۲ب_۲ = \begin{vmatrix} س_۲ & س_۱ \\ س_۳ & س_۲ \end{vmatrix}، \quad ۶ب_۳ = - \begin{vmatrix} س_۱ & ۱ & ۰ \\ س_۲ & س_۱ & ۲ \\ س_۳ & س_۲ & س_۱ \end{vmatrix}، \quad ۲۴ب_۴ = \begin{vmatrix} س_۱ & ۱ & ۰ & ۰ \\ س_۲ & س_۱ & ۲ & ۰ \\ س_۳ & س_۲ & س_۱ & ۳ \\ س_۴ & س_۳ & س_۲ & س_۱ \end{vmatrix}$$

وغیرہ —

۱۴۵ (40) — خطی متجانس مساواتیں۔ جب ن متغیروں کے

درمیان (ن — ۱) خطی متجانس مساواتیں دی جائیں تو ان میں سے کسی ایک کو مساواتوں کی بائیں طرف منتقل کرنے اور پچھلی دفعہ کی طرح حل کرنے سے متغیروں کی نسبتیں متعین ہو سکتی ہیں یا ہم ان نسبتوں کو زیادہ سہولت کے ساتھ حسب ذیل طریقہ پر معلوم کر سکتے ہیں۔ ہم چار مقداروں لا، ما، ی، و کے درمیان تین مساواتوں کی مخصوص صورت لیتے ہیں جو عام طریق عمل کو واضح کرنے کے لئے کافی ہے:۔

$$\left.\begin{aligned} ا_۱ لا + ب_۱ ما + ج_۱ ی + د_۱ و &= ۰ \\ ا_۲ لا + ب_۲ ما + ج_۲ ی + د_۲ و &= ۰ \\ ا_۳ لا + ب_۳ ما + ج_۳ ی + د_۳ و &= ۰ \end{aligned}\right\} \quad \ldots\ldots (۱)$$

انمیں ایک چوتھی مساوات شامل کیجا سکتی ہے جسکے سر غیر متعین ہوں یعنے

$$ا_۴ لا + ب_۴ ما + ج_۴ ی + د_۴ و = ل \quad \ldots\ldots (۲)$$

معمول کی طرح (ا، ب۴ ج۴ د۴) کو Δ سے تعبیر کر کے اور دفعہ گذشتہ کے طریقہ سے اِن چار مساواتوں کو حل کر کے ہم م۱ = ۰، م۲ = ۰، م۳ = ۰، م۴ = لہ ہونے کی وجہ سے ذیل کی قیمتیں حاصل کرتے ہیں:-

$$\Delta \text{ لا} = \text{لہ } \Delta_{۴}, \quad \Delta \text{ ما} = \text{لہ ب}_{۴}, \quad \Delta \text{ ی} = \text{لہ ج}_{۴}, \quad \Delta \text{ و} = \text{لہ د}_{۴}$$

یعنے $$\frac{\text{لا}}{\Delta_{۴}} = \frac{\text{ما}}{\text{ب}_{۴}} = \frac{\text{ی}}{\text{ج}_{۴}} = \frac{\text{و}}{\text{د}_{۴}} = \frac{\text{لہ}}{\Delta} \quad \ldots\ldots\ldots (۳)$$

انمیں سے پہلی تین مساواتیں، لا، ما، ی، و کی نسبتوں کو دی ہوئی تین مساواتوں کے سروں کی رقوم میں بیان کرتی ہیں اور عام صورت میں متغیر اُن سروں کے متناسب ہوتے ہیں جون دیں صف کے عناصر کی رقوم میں مقطع Δ کے پھیلاؤ میں واقع ہوتے ہیں جبکہ یہ ن دیں صف، دی ہوئی مساواتوں سے حاصل ہونیوالی (ن - ۱) صفوں میں اضافہ کر دیجائے۔

اب ہم وہ شرط بیان کر سکتے ہیں کہ ان خطی متجانس مساواتیں ایک دوسری کے ساتھ صحیح ہوں۔ مثلاً مساوات (۲)، جبکہ لہ = ۰، مساواتوں (۱) کے ساتھ صحیح ہو ہمیں صرف (۱) سے اخذ کردہ نسبتوں کو (۲) میں درج کرنا پڑیگا جس سے ہمیں حاصل ہوگا

$$\text{لہ } \Delta_{۴} + \text{ب ب}_{۴} + \text{ج ج}_{۴} + \text{د د}_{۴} = ۰$$

یعنے $$\Delta = ۰$$

(41) اسی چیز کا اظہار مساواتوں (۳) سے ہوتا ہے کیونکہ اگر لہ = ۰ اور اگر لا، ما، می، و سب کے سب معدوم نہ ہوں تو Δ کو معدوم ہونا چاہیئے۔

جو کچھ ثابت ہوا اسکو یوں بیان کیا جا سکتا ہے:۔ ن مقداروں کی خطی اور متجانس ن مساواتوں سے ان ن مقداروں کو ساقط کرنیکا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ مقطع جو دی ہوئی مساواتوں کے سروں سے بنتا ہے صفر کے مساوی ہوگا۔

۱۴۶ــ متکافی مقطعات۔ اجزائے ضربی $ا_۱، ب_۱، ج_۱$... $ا_۲، ب_۲$، وغیرہ کو (دیکھو دفعہ ۱۳۴) جو مقطع کے پھیلاؤ میں واقع ہوتے ہیں (یعنے پہلے صغیر مقطعات کو انکی مناسب علامت کے ساتھ) مقلوب عناصر یا اجزائے ترکیبی کہا جا سکتا ہے اور ان سے بننے والے مقطع کو مقلوب یا متکافی مقطع۔ اب ہم چند مفید رشتے ثابت کرینگے جو دئے ہوئے مقطع اور اس کے متکافی مقطعے میں پائے جاتے ہیں:۔

(۱) دئے ہوئے مقطع کی رقوم میں متکافی مقطع کو بیان کرنا۔ فرض کرو کہ Δ کا متکافی مقطع Δ′ سے تعبیر ہوتا ہے۔ دونوں مقطعوں

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ \\ ا_۲ & ب_۲ & ج_۲ \\ ا_۳ & ب_۳ & ج_۳ \end{vmatrix}, \quad \Delta' \equiv \begin{vmatrix} ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ \\ ا_۲ & ب_۲ & ج_۲ \\ ا_۳ & ب_۳ & ج_۳ \end{vmatrix}$$

کو ضرب دو تو حاصل ضربی مقطع میں تمام عناصر سوائے اُنکے جو قطر میں ہیں معدوم ہو جاتے ہیں (دفعہ ۱۴۴) اور نتیجہ حاصل ہوتا ہے

$$\Delta \Delta' = \begin{vmatrix} \Delta & \cdot & \cdot \\ \cdot & \Delta & \cdot \\ \cdot & \cdot & \Delta \end{vmatrix} = \Delta^3$$

پس $\Delta' = \Delta^2$

تیسرے رتبہ کے دو مقطعوں کی مخصوص صورت میں جو عمل یہاں اختیار کیا گیا ہے اسکا اطلاق عام صورت میں بھی اسی طرح ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ہمیں حاصل ہوگا $\Delta \Delta' = \Delta^n$ یعنی $\Delta' = \Delta^{n-1}$

پس متکافی مقطع دئے ہوئے مقطع کی (ن-۱) ویں قوت کے مساوی ہوتا ہے۔

(42) (۲) ابتدائی عناصر کی رقوم میں متکافی مقطع کے کسی صغیر کو بیان کرنا۔

تمثیلاً ہم چوتھے رتبہ کا مقطع لیتے ہیں اور اس کے متکافی کے پہلے صغیر کو ابتدائی مقطع کے عناصر کی رقوم میں بیان کرتے ہیں۔ مساواتِ ذیل میں داہنی طرف کے دو مقطعوں کو ضرب دینے اور دفعہ ۱۴۴ کی متماثلہ مساواتیں استعمال کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\begin{vmatrix} \alpha_1 & \beta_1 & \gamma_1 & \delta_1 \\ \alpha_2 & \beta_2 & \gamma_2 & \delta_2 \\ \alpha_3 & \beta_3 & \gamma_3 & \delta_3 \\ \alpha_4 & \beta_4 & \gamma_4 & \delta_4 \end{vmatrix} \begin{vmatrix} \cdot & \cdot & \cdot & \alpha_1 \\ \cdot & \cdot & \Delta & \alpha_2 \\ \cdot & \Delta & \cdot & \alpha_3 \\ \Delta & \cdot & \cdot & \alpha_4 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} \alpha_1 & \beta_1 & \gamma_1 & \delta_1 \\ \alpha_2 & \beta_2 & \gamma_2 & \delta_2 \\ \alpha_3 & \beta_3 & \gamma_3 & \delta_3 \\ \alpha_4 & \beta_4 & \gamma_4 & \delta_4 \end{vmatrix} \begin{vmatrix} \alpha_1 & \beta_1 & \gamma_1 & \delta_1 \\ \alpha_2 & \beta_2 & \gamma_2 & \delta_2 \\ \alpha_3 & \beta_3 & \gamma_3 & \delta_3 \\ \alpha_4 & \beta_4 & \gamma_4 & \delta_4 \end{vmatrix}$$

یعنی $\Delta \begin{vmatrix} ب_2 & ج_2 & د_2 \\ ب_3 & ج_3 & د_3 \\ ب_4 & ج_4 & د_4 \end{vmatrix} = ا_1 \Delta^3$

یا $(ب_2\ ج_3\ د_4) = ا_1\ \Delta^2$

پس Δ کا پہلا صغیر جو $ا_1$ کا متمم ہے اس طور پر بیان ہو جاتا ہے۔ پھر Δ کے دوسرے صغیروں کو بیان کرنے کے لئے ہم بالکل اسکے مشابہ عمل اختیار کرتے ہیں۔

چنانچہ

$$\begin{vmatrix} ا_1 ب_1 ج_1 د_1 \\ ا_2 ب_2 ج_2 د_2 \\ ا_3 ب_3 ج_3 د_3 \\ ا_4 ب_4 ج_4 د_4 \end{vmatrix} \begin{vmatrix} 1 & . & . & . \\ . & 1 & . & . \\ . & . & ب_3 ج_3 د_3 \\ . & . & ب_4 ج_4 د_4 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ا_1 ب_1 & . & . \\ ا_2 ب_2 & . & . \\ ا_3 ب_3 & \Delta & . \\ ا_4 ب_4 & . & \Delta \end{vmatrix}$$

جس سے

$$\Delta \begin{vmatrix} ج_3 & د_3 \\ ج_4 & د_4 \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ا_1 ب_1 \\ ا_2 ب_2 \end{vmatrix} \Delta^2$$

یا $(ج_3\ د_4) = (ا_1\ ب_2)\ \Delta$

عام مسئلہ کو یوں بیان کر سکتے ہیں :— م رتبہ کا صغیر جو مقلوب عناصر سے بنتا ہے دو مقداروں کے حاصل ضرب کے مساوی ہے، ایک مقدار ابتدائی مقطع Δ کے متناظر صغیر کا متمم مقطع ہے اور دوسری مقدار Δ کی (م - ۱) ویں قوت (43)

ثبوت کے تذکرہ بالا طریقہ کی تعمیم ہو سکتی ہے۔ مثلاً پانچویں

رتبہ کے مقطع کی صورت میں تیسرے رتبہ کے ایک صغیر کے لئے طالب علم حسب ذیل جملے کی آسانی کے ساتھ تصدیق کر سکتا ہے:

$$(ج_{۳}\ د_{۴}\ ع_{۵}) = (ا_{۱}\ ب_{۲})^{۲}\ \Delta$$

یہ ظاہر ہے کہ اگر ابتدائی مقطع Δ معدوم ہو جائے تو نہ صرف اسکا متکافی مقطع معدوم ہوتا ہے بلکہ کسی رتبہ کے اسکے سب صغیر بھی معدوم ہوتے ہیں۔ دوسرے رتبہ کے صغیروں کا معدوم ہونا ذیل کی مفید شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے:۔ **جب مقطع معدوم ہوتا ہے تو اس کے متکافی مقطع کی کسی صف کے عناصر کسی دوسری صف کے عنصروں کے متناسب ہوتے ہیں اور کسی ستون کے عنصر کسی دوسرے ستون کے عنصروں کے متناسب۔**

۱۴۷۔ **متشاکل مقطعات**۔ مقطع کے دو عنصروں کو ہم مزدوج اسوقت کہینگے جبکہ صدر عناصر کے لحاظ سے ایک کا مقام صفوں میں وہی ہو جو دوسرے کا ستونوں میں ہے۔ مثلاً $د_{۲}$ اور $ب_{۲}$ مزدوج ہیں کیونکہ ایک، دوسری صف میں چوتھا مقام اختیار کرتا ہے اور دوسرا، دوسرے ستون میں چوتھا مقام۔ صدر عناصر میں سے ہر ایک اپنا آپ مزدوج ہے۔ کوئی دو مزدوج عناصر ایک خط میں واقع ہوتے ہیں جو صدر وتر پر عمود ہوتا ہے اور وہ اس سے مخالف سمتوں میں مساوی فاصلے پر رہتے ہیں۔

متشاکل مقطع وہ ہے جسمیں ہر دو مزدوج عناصر ایک دوسرے کے مساوی ہوتے ہیں۔ ایسے مقطعات کی مثالیں طالب علم کو

دفعہ ۱۳۴ امثلہ ۲، ۹، ۱۰ اور دفعہ ۱۳۵ مثال ۴ میں ملینگی۔

متشاکل مقطع میں کسی دو مزدوج عناصر کے متمم پہلے صغیر مساوی ہوتے ہیں کیونکہ اُن میں صرف صفوں اور ستونوں کے باہمی تبادلہ کا فرق ہوتا ہے۔ متناظر مقلوب عناصر بھی مساوی ہوتے ہیں اور دونوں صورتوں میں صغیروں کی علامتیں وہی ہوتی ہیں۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ **ایک متشاکل مقطع کا متکافی مقطع بھی خود متشاکل ہوتا ہے۔**

صدر صغیر سب کے سب متشاکل مقطعات ہیں۔

(44) دفعہ ۱۳۷ کا پھیلاؤ کا طریقہ متشاکل مقطعوں کی صورت میں خاص طور پر مفید ہے جیسا کہ حسب ذیل مثالوں سے واضح ہو جائیگا

مثالیں

۱۔ متشاکل مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix}$$

کا متکافی مقطع معلوم کرو۔

دفعہ ۱۳۴ کی بموجب متکافی عنصروں کو بڑے حرفوں سے تعبیر کرو تو Δ کو شکلوں ا ا + ھ ھ + گ گ، ھ ھ + ب ب + ف ف، گ گ + ف ف + ج ج میں سے کسی ایک میں پھیلایا جا سکتا ہے۔ اب متکافی مقطع Δ کو ہم یوں لکھ سکتے ہیں:-

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ب ج - ف^2 & ف گ - ج ھ & ھ ف - ب گ \\ ف گ - ج ھ & ج ا - گ^2 & گ ھ - ا ف \\ ھ ف - ب گ & گ ھ - ا ف & ا ب - ھ^2 \end{vmatrix}$$

۲۔ اسی طرح

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا & ھ & گ & ل \\ ھ & ب & ف & م \\ گ & ف & ج & ن \\ ل & م & ن & د \end{vmatrix}$$

کا متکافی معلوم کرو۔

پچھلی مثال میں استعمال شدہ ترقیم کی متشابہ ترقیم استعمال کرو تو Δ کو اشکال

ا ا + ھ ھ + گ گ + ل ل، ھ ھ + ب ب + ف ف + م م وغیرہ

میں سے جس کسی میں ہم چاہیں پھیلا سکتے ہیں۔ اب Δ میں اسکے عناصر کی بجائے متناظر بڑے حروف درج کرنے سے متکافی مقطع حاصل ہوجاتا ہے۔ طالب علم کو حسب ضرورت کسی متکافی عنصر کو پھیلی ہوئی شکل میں لکھ لینے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوگی۔ مثلاً ف وہ صغیر ہے جو ف کا متمم ہے (اپنی مناسب علامت کے ساتھ جو اس صورت میں منفی ہے) اور اس لئے ف،

$$- \begin{vmatrix} ا & ھ & ل \\ گ & ف & ن \\ ل & م & د \end{vmatrix}$$

کے پھیلاؤ سے حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ دفعہ ۱۳۴ مثال ۱۰ کے مقطع Δ کو دفعہ ۱۳۷ کے طریقہ سے پھیلاؤ۔

آخری صف اور آخری ستون کو پہلی صف اور پہلے ستون کے مقامات میں منتقل کرنے اور مثال ۱ کی ترقیم صدر صغیر کے مقلوب عناصر کے لئے استعمال کرنے سے نتیجہ کو فوراً شکل ذیل میں لکھا جا سکتا ہے (45)

$$\Delta = ا_{11} + ب_{12} + ج_{13} + ۲ف_{23} + ۲ه_{24} + ۲گ_{34} + ۵ل_{44}$$

اب چونکہ صفوں اور ستونوں دونوں کو اُلٹی ترتیب میں لکھنے سے مقطع نہیں بدلتا اسلئے اگر مقطع کا پھیلاؤ آخری صف اور آخری ستون کی رقوم میں مطلوب ہو (جیسا کہ اس مثال میں) تو یہ ضروری نہیں کہ ان کو پہلی صف اور پہلے ستون کے مقامات میں منتقل کر دیا جائے۔ مقطع جس شکل میں دیا گیا ہے اسی شکل میں اسکو پھیلایا جا سکتا ہے بشرطیکہ دفعہ ۱۳۷ کے قاعدہ میں صدر عنصر اور اسکے صغیر کی بجائے علی الترتیب آخری و تری عنصر اور اس کا متمم صغیر لکھدیا جائے۔

۴۔ اوپر کی مثال ۲ کے مقطع Δ کو دفعہ ۱۳۷ کے طریقہ سے آخری صف اور آخری ستون کی رقوم میں پھیلاؤ۔

مثال ۳ کے آخری نوٹ کو مدنظر رکھنے اور (أ، ب، ج، ف، گ، ھ) سے انہی مقداروں کو تعبیر کرنے سے جو امثلہ ۱ اور ۳ میں کی گئی تھیں نتیجہ کو شکل ذیل میں لکھا جا سکتا ہے:-

$$\Delta = د \begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix} - ا ل^{2} - ب م^{2} - ج ن^{2} - ۲ ف م ن - ۲ گ ن ل - ۲ ھ ل م$$

جب کسی رتبہ کے متشاکل مقطع کو متشاکل حاشیہ (یعنے اُفقاً اور انتصاباً وہی عناصر ہوں) لگایا جاتا ہے تو نتیجہ صریحاً ایک متشاکل مقطع ہوگا جسکا رتبہ دئے ہوئے مقطع کے رتبہ سے بقدر ایک کے بڑا ہوگا۔ دفعہ ۱۳۷ کے نتیجہ سے ظاہر ہے کہ عام طور پر حاشیہ لگائے ہوئے مقطع کے پھیلاؤ میں ابتدائی مقطع اضافہ کردہ صف اور ستون میں جو عنصر مشترک ہے اس سے ضرب دینے کے بعد داخل ہوتا ہے اور اسکے ساتھ مابقی اضافہ کردہ عناصر کا ایک دو درجی ہمذات تفاعل۔

۵۔

$$\Delta = \begin{vmatrix} ا & ھ & گ & ل & عہ \\ ھ & ب & ف & م & بہ \\ گ & ف & ج & ن & جہ \\ ل & م & ن & د & ضہ \\ عہ & بہ & جہ & ضہ & ہ \end{vmatrix}$$

کو پھیلاؤ۔ ظاہر ہے کہ مثال ۲ کے مقطع کو متشاکل حاشیہ لگانے سے یہ مقطع پیدا ہوا ہے جس میں جمع کردہ خطوط کا مشترک عنصر صفر ہے۔ نتیجہ صریحاً ع، بہ، جہ، ضہ کا ایک دو درجی متجانس تفاعل ہے اور مثال ۲ کی ترقیم کی مدد سے ۔ ۵ کی قیمت فوراً شکل ذیل میں لکھی جا سکتی ہے:۔

ل ع²ہ + ب بہ² + ج جہ² + د ضہ² + ۲ ف بہ جہ + ۲ گ جہ عہ + ۲ ھ عہ بہ
+ ۲ ک عہ ضہ + ۲ م بہ ضہ + ۲ ن جہ ضہ

۶۔ دفعہ ۱۴۱ کے مسئلہ کے ذریعہ ثابت کرو کہ کسی مقطع کا مربع ایک متشاکل مقطع ہوتا ہے۔

۷۔ دو متکافی مقطعوں کا حاصل ضرب ابتدائی مقطعوں کے حاصل ضرب کا متکافی مقطع ہوتا ہے۔

۱۴۸۔ معوج متشاکل اور معوج مقطعات۔ معوج متشاکل (46)

مقطع وہ ہے جس میں ہر عنصر اپنے مزدوج کے مساوی مگر علامت میں مختلف ہو۔ اب چونکہ ہر صدر عنصر اپنا آپ مزدوج ہوتا ہے اس لئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ایسے مقطع میں تمام صدر عناصر صفر ہیں۔

وہ مقطع جس میں تمام عناصر سوائے صدر عنصروں کے اپنے مزدوجوں کے مساوی اور علامت میں مختلف ہوں **معوج مقطع** ہے۔ پس معوج متشاکل مقطع صفر و تری ہے اور معوج مقطع میں وتری عناصر موجود ہوتے ہیں۔ دفعہ ۱۳۶ کے طریقہ سے معوج مقطعوں کا پھیلاؤ معوج متشاکل مقطعوں کے پھیلاؤ پر منحصر کیا جا سکتا ہے۔

اس دفعہ کا بقیہ حصہ معوج متشاکل مقطعوں کے بعض مفید خواص ثابت کرنے میں استعمال کیا جائیگا۔

(۱) طاق رتبہ کا معوج متشاکل مقطع معدوم ہوتا ہے۔

کیونکہ کسی معوج متشاکل مقطع ۵ کی قیمت نہیں بدلتی اگر ستونوں کو صفوں میں بدل دیا جائے اور پھر تمام صفوں کی علامتیں بدل دیجائیں۔

لیکن جب مقطع کا رتبہ طاق ہو تو اس عمل سے Δ کی علامت بدلنی چاہئے۔ پس اس صورت میں Δ معدوم ہو جاتا ہے۔ مثلاً

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} \cdot & ا & ب \\ -ا & \cdot & ج \\ -ب & -ج & \cdot \end{vmatrix} \equiv .$$

(۲) ن ویں رتبہ کے معوج متشاکل مقطع کا متکافی مقطع ایک متشاکل مقطع ہوگا جب ن طاق ہو اور ایک معوج متشاکل مقطع جب ن جفت ہو۔

کسی معوج متشاکل مقطع میں مزدوج عنصروں کے ایک جوڑے کے جواب میں جو صغیر ہوتے ہیں وہ صرف صفوں اور ستونوں کے باہمی تبادلہ اور تمام عنصروں کی علامتوں کے لحاظ سے متفق ہوتے ہیں۔ پس دونوں صغیر مساوی ہیں جب اِنکا رتبہ جفت ہو یعنی جب ن طاق ہو اور دونوں مساوی مگر علامت میں مختلف ہیں جب ن جفت ہو۔ اس لئے پہلی صورت میں متکافی مقطع متشاکل ہے اور دوسری صورت میں معوج متشاکل کیونکہ اس کے صدر دتری عنصر سب کے سب طاق رتبہ کے معوج متشاکل مقطعات ہیں۔

(۳) جفت رتبہ کا معوج متشاکل مقطع ایک کامل مُربع ہوتا ہے۔ (47)

یہ اُن اصولوں سے ثابت ہوتا ہے جو دفعہ ۱۴۶ میں بیان ہوئے ہیں۔ مثلاً چوتھے رتبہ کا مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} \cdot & ا & ب & ج \\ -ا & \cdot & د & ع \\ -ب & -د & \cdot & ف \\ -ج & -ع & -ف & \cdot \end{vmatrix}$$

لو اور فرض کرو کہ اس کے متکافی مقطع کے عناصر $\frac{اب}{ا'}$، ... وغیرہ

سے تعبیر ہوتے ہیں۔ تب دفعہ ۱۴۶ (۲) کی رو سے

$$\begin{vmatrix} ا_{۲} ب_{۲} - ا_{۱} ب_{۱} = \Delta & -ف \\ ف & ۰ \end{vmatrix} = ف^{۲} \Delta$$

اب چونکہ $ا_{۱}$ اور $ب_{۱}$ طاق رتبہ کے معوج متشاکل مقطعات ہیں وہ معدوم ہو جاتے ہیں اور $ا_{۲} = - ب_{۱}$ کیونکہ یہ مزدوج صغیر ہیں۔ پس $ف^{۲} \Delta = ا_{۲}^{۲}$ جو اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ Δ ایک کامل مربع ہے۔ اسی طرح چھٹے رتبہ کے مقطع Δ کے لئے یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ Δ اور چوتھے رتبہ کے ایک معوج متشاکل مقطع کا حاصل ضرب ایک کامل مربع ہے اور چونکہ یہ آخری مقطع بموجب ثبوت بالا ایک کامل مربع ہے اسلئے Δ بھی ایک کامل مربع ہے۔ چھٹے رتبہ کے مقطع کے لئے اس مسئلہ کی صداقت ثابت کرنیکے بعد بالکل اسی طرح کے عمل سے آٹھویں رتبہ کے مقطع کے لئے اسکو ثابت کیا جا سکتا ہے اور علی ہذا۔

مثالیں

۱۔ چوتھے رتبہ کے معوج متشاکل مقطع کے لئے ذیل کے جملہ کی تصدیق کرو:۔

$$\begin{vmatrix} ۰ & ا & ب & ج \\ -ا & ۰ & د & ع \\ -ب & -د & ۰ & ف \\ -ج & -ع & -ف & ۰ \end{vmatrix} \equiv (اف - بع + جد)^{۲}$$

۲۔ معوج مقطع

(48)

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} لا & ا & ب & ج \\ -ا & لا & د & ع \\ -ب & -د & لا & ف \\ -ج & -ع & -ف & لا \end{vmatrix}$$

کو لا کی قوتوں میں پھیلاؤ۔

جب ایک معوج مقطع کو پھیلانے میں دفعہ ۱۳۰۶ کا طریقہ استعمال کیا جائے تو یہ دیکھ لیا جائے کہ پھیلاؤ میں طاق رتبہ کے مقطعات سب کے سب معدوم ہوتے ہیں اور جفت رتبہ کے مقطعات مربعوں کی شکل میں بیان ہو سکتے ہیں۔ یہاں لا کی طاق قوتوں کے سر صریحاً معدوم ہوتے ہیں اور نتیجہ یہ شکل اختیار کرتا ہے

$$\Delta \equiv \text{لا}^{۲} + (ا^{۲} + ب^{۲} + ج^{۲} + د^{۲} + ع^{۲} + ف^{۲})\text{لا}^{۲} + (ا ف - ب ع + ج د)^{۲}$$

۳۔ ذیل کے معوج مقطع کو پھیلاؤ۔

ا	ا	ب	ج	د
-ا	ب	ع	ف	گ
-ب	-ع	ج	ھ	خ
-ج	-ف	-ھ	د	ز
-د	-گ	-خ	-ز	ع

نتیجہ کو شکل

$$\text{اب ج د} + \Sigma \text{ز}\ \text{اب ج} + \Sigma (\text{ع ز} - \text{ف خ} + \text{گ ھ})^{۲}\ \text{ا}$$

میں لکھا جا سکتا ہے جہاں پہلا مجموعہ Σ دس رقموں پر مشتمل ہے جو اسکے محاذی لکھی ہوئی رقم کے متشابہ ہیں اور دوسرے مجموعہ Σ میں پانچ رقمیں شامل ہوتی ہیں۔ وہ ارقام جنمیں دو دو صدر عناصر کے حاصل ضرب شامل ہوتے ہیں اور وہ ارقام جنمیں صدر عناصر بالکل شامل نہیں ہوتے معدوم ہوتی ہیں۔

۴۔ جفت رتبہ کے کسی مقطع کا مربع ایک متشاکل مقطع کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

ثبوت کا حسب ذیل طریقہ عام صورت میں بھی اطلاق پذیر ہے۔

$(ا_{۱}\ ب_{۲}\ ج_{۳}\ د_{۴})$ کا مربع ذیل کے دو مقطعات کو ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے:۔

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ب_1 & ج_1 & د_1 \\ ا_2 & ب_2 & ج_2 & د_2 \\ ا_3 & ب_3 & ج_3 & د_3 \\ ا_4 & ب_4 & ج_4 & د_4 \end{vmatrix} \quad \begin{vmatrix} -ب_1 & ا_1 & -د_1 & ج_1 \\ -ب_2 & ا_2 & -د_2 & ج_2 \\ -ب_3 & ا_3 & -د_3 & ج_3 \\ -ب_4 & ا_4 & -د_4 & ج_4 \end{vmatrix}$$

(49)

اور انکا حاصل ضرب ہے

$$\begin{vmatrix} \cdot & -(ا_1 ب_2)-(ج_1 د_2) & -(ا_1 ب_3)-(ج_1 د_3) & -(ا_1 ب_4)-(ج_1 د_4) \\ (ا_2 ب_1)+(ج_2 د_1) & \cdot & -(ا_2 ب_3)-(ج_2 د_3) & -(ا_2 ب_4)-(ج_2 د_4) \\ (ا_3 ب_1)+(ج_3 د_1) & (ا_3 ب_2)+(ج_3 د_2) & \cdot & -(ا_3 ب_4)-(ج_3 د_4) \\ (ا_4 ب_1)+(ج_4 د_1) & (ا_4 ب_2)+(ج_4 د_2) & (ا_4 ب_3)+(ج_4 د_3) & \cdot \end{vmatrix}$$

جو ایک معوج متشاکل مقطع ہے۔

۵ ۔ تیسرے رتبہ کے ایک معوج متشاکل مقطع کا متکافی مقطع بناؤ۔

۵ کے لئے وہ شکل استعمال کرو جو دفعہ ہذا کے (۱) میں دیگئی ہے تو آسانی کے ساتھ معلوم ہو جائیگا کہ اس سے ذیل کا متشاکل مقطع حاصل ہوتا ہے:۔

$$\begin{vmatrix} ج^2 & -ب\,ج & ا\,ج \\ -ب\,ج & ب^2 & -ا\,ب \\ ا\,ج & -ا\,ب & ا^2 \end{vmatrix}$$

۶ ۔ مثال (۱) کے چوتھے رتبہ والے معوج متشاکل مقطع ۵ کا متکافی مقطع بناؤ۔

تفاعل ا ف ۔ ب ع + ج د کو جسکا مربع ۵ کے مساوی ہے فہ سے اور مطلوبہ متکافی مقطع کو ۵′ سے تعبیر کرو تو

$$\Delta' = \begin{vmatrix} \cdot & ف\,فہ & -ع\,فہ & دفہ \\ -ف\,فہ & \cdot & ج\,فہ & -ب\,فہ \\ ع\,فہ & -ج\,فہ & \cdot & +ا\,فہ \\ -دفہ & ب\,فہ & -ا\,فہ & \cdot \end{vmatrix}$$

اس معوج متشاکل مقطع کی قیمت مثال ۱ کے نتیجہ کی مدد سے لکھ لیجا سکتی ہے۔ چنانچہ اسکی تصدیق فوراً ہو جاتی ہے کہ

$$\Delta = (\text{ا ف} - \text{ب ع} + \text{ج د})^2 \text{فہ}^4 = \Delta^3$$

۷۔ مثال ۳ کے مقطع میں تمام صدر عناصر کو صفر بنانے سے پانچویں رتبہ کا جو معوج متشاکل مقطع حاصل ہوتا ہے اسکا متکافی مقطع معلوم کرو۔

اب چونکہ متکافی مقطع ایک متشاکل مقطع ہے (دیکھو دفعہ ۱۴۸، ۲) اور پھر چونکہ یہ ایسا مقطع بھی ہے جسمیں کسی خط کے عناصر کسی متوازی خط کے عناصر کے متناسب ہیں (دفعہ ۱۴۶) اس لئے مطلوبہ مقطع شکل ذیل کا ہونا چاہئے :-

$$\begin{vmatrix}
\text{فہ}_1^2 & \text{فہ}_1\text{فہ}_2 & \text{فہ}_1\text{فہ}_3 & \text{فہ}_1\text{فہ}_4 & \text{فہ}_1\text{فہ}_5 \\
\text{فہ}_2\text{فہ}_1 & \text{فہ}_2^2 & \text{فہ}_2\text{فہ}_3 & \text{فہ}_2\text{فہ}_4 & \text{فہ}_2\text{فہ}_5 \\
\text{فہ}_3\text{فہ}_1 & \text{فہ}_3\text{فہ}_2 & \text{فہ}_3^2 & \text{فہ}_3\text{فہ}_4 & \text{فہ}_3\text{فہ}_5 \\
\text{فہ}_4\text{فہ}_1 & \text{فہ}_4\text{فہ}_2 & \text{فہ}_4\text{فہ}_3 & \text{فہ}_4^2 & \text{فہ}_4\text{فہ}_5 \\
\text{فہ}_5\text{فہ}_1 & \text{فہ}_5\text{فہ}_2 & \text{فہ}_5\text{فہ}_3 & \text{فہ}_5\text{فہ}_4 & \text{فہ}_5^2
\end{vmatrix}$$

جس میں فہ_1، فہ_2، فہ_3، فہ_4، فہ_5 ابتدائی عنصروں میں دوسرے درجہ کے پانچ تفاعل ہیں جنکے مربع اُن پانچ پہلے صغیروں کی قیمتیں ہیں جو Δ کے صدر عناصر کے متمم ہیں۔

(50) عام صورت میں کسی طاق رتبہ $(2م + 1)$ کے ایک معوج متشاکل مقطع کا متکافی مقطع مندرجۂ بالا شکل کے متشابہ ہوتا ہے جسمیں وتری عناصر $(2م + 1)$ تفاعلوں کے جنمیں سے ہر ایک ابتدائی عنصروں میں $م$ ویں درجہ کا تفاعل ہے مربع ہیں اور بقیہ عناصر دو دو کے

حاصل ضرب ہیں۔

۱۴۹ — مسئلہ — اس باب کو ختم کرنے سے پہلے ہم ایک اہم مسئلہ بیان کرتے ہیں جو اُس مقطع سے متعلق ہے جس کا صدر پہلا صغیر معدوم ہوتا ہے۔ دفعہ ۱۳۷ کی ترقیم اختیار کرکے ہم Δ کو ایک معدوم ہونے والا مقطع سمجھتے ہیں اور ثابت شدنی مسئلہ کو یوں بیان کرتے ہیں:۔

اگر ایک مقطع Δ کو جس کی قیمت صفر ہے کسی طریقہ پر حاشیہ لگائیں تو اس طور پر بنے ہوئے مقطع اور Δ کے صدر پہلے صغیر کا حاصل ضرب، اضافہ کردہ عناصر کے دو خطی متجانس تفاعلوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے۔

دفعہ ۱۳۷ کی ترقیم کو برقرار رکھکر ہم یہ ثابت کرینگے کہ Δ اور Δ_1 کا حاصل ضرب شکل ذیل میں بیان ہو سکتا ہے:۔

$$\Delta\Delta_1 = -(\Delta_1 ع + \Delta_2 ب + \Delta_3 ج + \dots)(\Delta_1 ع + \Delta_2 ب + \Delta_3 ح + \dots)$$

یہ نتیجہ فوراً دفعہ (۴۶) کے ربط (۲) سے حاصل ہوتا ہے اگر Δ کے متکافی مقطع میں اُن عنصروں کی قیمتوں پر غور کیا جائے جو $\Delta_1 ع$، $\Delta_2 ع$، $\Delta_3 ع$ کے متکافی ہیں اور پھر ابتدائی عنصروں کی رقوم میں دوسرے رتبہ کا وہ مقطع بیان کیا جائے جو ان چار عناصر سے بنتا ہے اس نتیجہ کا دوسرا ثبوت آسانی کے ساتھ ایک منعدم مقطع کے متکافی کی خاصیت کی مدد سے (جو یہ ہے کہ $\Delta_1 ج$ وغیرہ سے بننے والے مقطع میں کسی خط کے عناصر کسی متوازی خط کے عناصر کے متناسب ہوتے ہیں دفعہ ۱۴۶) دفعہ ۱۳۷ کی بموجب پھیلا کر اخذ کیا جا سکتا ہے۔

اگر مقطع Δ متشاکل ہو اور اسکو لگایا ہوا حاشیہ بھی متشاکل تو اوپر کی مساوات میں بائیں طرف کے دو اجزائے ضربی مماثل

ہو جاتے ہیں اور مسئلہ شکل ذیل اختیار کرتا ہے:- اگر ایک متشاکل مقطع کو جس کی قیمت صفر ہے متشاکل حاشیہ لگایا جائے تو اس طور پر بنے ہوئے مقطع اور اس کے صدر دوسرے صغیر کا حاصل ضرب اضافہ کردہ عناصر کے ایک خطی متجانس تفاعل کے مربع (منفی علامت کے ساتھ) کے مساوی ہوتا ہے۔

اصلی مقطع کو Δ سے تعبیر کیا جائے تو اوپر کے ثابت شدہ مسئلہ کو حسب ذیل مفید شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے:- اگر کسی متشاکل مقطع میں صدر پہلا صغیر معدوم ہو تو خود مقطع اور اس کا صدر دوسرا صغیر مختلف العلامت ہوتے ہیں۔

مثالیں

(51)

۱۔ اگر طاق رتبہ $(۲م+۱)$ کے ایک معوج متشاکل مقطع Δ کو کسی طریقہ پر حاشیہ لگایا جائے تو حاصل شدنی مقطع Δ' دو منطق تفاعلوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے جنمیں ہر ایک میں اضافہ کردہ عناصر پہلی قوت میں اور ابتدائی عناصر $م$ ویں قوت پر شامل ہوتے ہیں۔

دئے ہوئے معوج متشاکل مقطع کے ارکانی کو دفعہ ۸۴ امثال (۲) کے نتیجہ کی بموجب، شکل

$$\begin{vmatrix} فہ_۱^۲ & فہ_۱ فہ_۲ & فہ_۱ فہ_۳ & \cdots \\ فہ_۱ فہ_۲ & فہ_۲^۲ & فہ_۲ فہ_۳ & \cdots \\ \cdots & \cdots & \cdots & \cdots \end{vmatrix}$$

میں لکھنے اور رفیہ بذا کا مسئلہ استعمال کرنے سے ہمیں معلوم ہوگا

$$فہ_۱^۲ \Delta' = -(فہ_۱^۲ عہ + فہ_۱ فہ_۲ بہ + فہ_۱ فہ_۳ جہ + \cdots)(فہ_۱^۲ عہ + فہ_۱ فہ_۲ بہ + \cdots)$$

یا $\Delta_{\alpha} = -(\text{فہ}_{\text{عہ}} + \text{فہ}_{\text{بہ}} + \text{فہ}_{\text{جہ}} + \dots)(\text{فہ}_{\text{عَ}} + \text{فہ}_{\text{بَ}} + \text{فہ}_{\text{جَ}} + \dots)$

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر اس نتیجہ میں عَ، بَ، جَ، وغیرہ کو ۔ عہ، ۔ بہ، ۔ جہ، وغیرہ کے مساوی بنایا جائے تو دفعہ ۴۸ امسئلہ ۳ حاصل ہو جائیگا

۲ ۔ اگر حیفت رتبہ ۲ م کے ایک معوج متشاکل مقطع کو کسی طریقہ پر حاشیہ لگایا جائے تو حاصل شدہ مقطع دو منطق تفاعلوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے جنمیں سے ایک تفاعل عناصر میں م ویں درجہ کا ہے اور دوسرا (م + ۱) ویں درجہ کا ۔

اس کو پچھلی مثال سے آسانی کے ساتھ اخذ کیا جا سکتا ہے اگر ہم اس میں پہلے ستون کے اضافہ کردہ تمام عنصروں کو یعنے عَ، بَ، جَ وغیرہ کو صفر بنا دیں اور صرف آخری عنصر کو = ۱ رکھیں ۔ تب مقطع زیر بحث صورت میں تحویل ہو جائیگا جس میں اوپر کی صف اور آخری ستون حاشیہ میں داخل ہونگے ۔ بنابریہ معلوم ہوگا کہ نتیجہ میں م ویں درجہ کا جزو ضربی ۲ م ویں رتبہ کے دئے ہوئے معوج متشاکل مقطع کا جذر المربع ہے ۔

۳ ۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} . & \text{عہ} & \text{بہ} & \text{جہ} \\ \text{عَ} & . & \text{ج} & -\text{ب} \\ \text{بَ} & -\text{ج} & . & \text{ا} \\ \text{جَ} & \text{ب} & -\text{ا} & . \end{vmatrix} \equiv -(\text{عہ ا} + \text{بہ ب} + \text{جہ ج})(\text{عَ ا} + \text{بَ ب} + \text{جَ ج})$$

۴ ۔ مقطع

$$\begin{vmatrix} . & \text{عہ} & \text{بہ} & \text{جہ} & \text{ضہ} \\ \text{عَ} & . & \text{ج} & -\text{ب} & \text{لا} \\ \text{بَ} & -\text{ج} & . & \text{ا} & \text{ما} \\ \text{جَ} & \text{ب} & -\text{ا} & . & \text{می} \\ \text{ضَ} & -\text{لا} & -\text{ما} & -\text{می} & . \end{vmatrix}$$

کو اجزائے ضربی میں تحلیل کرو۔

جواب:- (لا لا + ب ما + ج ی) {لا (بہ جہَ) + ما (جہ عہَ) + ی (عہ بہَ) + لا (عہ ضہَ) + ب (بہ ضہَ) + ج (جہ ضہَ)}

متفرق مثالیں (52)

۱۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ا_1 & ا_2 & ا_3 \\ ا_2 & ا_3 & ا_4 \\ ا_3 & ا_4 & ا_5 \end{vmatrix} \equiv \text{جے}$$

جہاں جے سے وہی مراد ہے جو عام طور پر لیجاتی ہے۔

۲۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} بہ + جہ & جہ + عہ & عہ + بہ \\ بہَ + جہَ & جہَ + عہَ & عہَ + بہَ \\ بہَ + جہَ & جہَ + عہَ & عہَ + بہَ \end{vmatrix} \equiv ۲ \begin{vmatrix} عہ & بہ & جہ \\ عہَ & بہَ & جہَ \\ عہَ & بہَ & جہَ \end{vmatrix}$$

۳۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} بہ جہ & بہ جہَ + بہَ جہ & بہَ جہَ \\ جہ عہ & جہ عہَ + جہَ عہ & جہَ عہَ \\ عہ بہ & عہ بہَ + عہَ بہ & عہَ بہَ \end{vmatrix} \equiv (بہ جہَ)(جہ عہَ)(عہ بہَ)$$

جہاں بائیں طرف کے اجزائے ضربی دوسرے رتبہ کے مقطعات ہیں۔

صفوں کو بہَ جہَ، جہَ عہَ، عہَ بہَ سے تقسیم کرنے اور

لہ = $\frac{\text{عہ}}{\text{عہَ}}$، مہ = $\frac{\text{بہ}}{\text{بہَ}}$، نہ = $\frac{\text{جہ}}{\text{جہَ}}$ رکھنے سے مقطع (ایک جزو ضربی ترک کرنے سے) شکل ذیل میں تحویل ہو جاتا ہے:۔

$$\begin{vmatrix} ا & مہ + نہ & مہ نہ \\ ا & نہ + لہ & نہ لہ \\ ا & لہ + مہ & لہ مہ \end{vmatrix}$$

$$\equiv \begin{vmatrix} ا & -لہ & مہ نہ \\ ا & -مہ & نہ لہ \\ ا & -نہ & لہ مہ \end{vmatrix} \equiv -(مہ-نہ)(نہ-لہ)(لہ-مہ)$$ وغیرہ

۴ ۔ مقطع ذیل کی قیمت معلوم کرو :۔

$$\begin{vmatrix} ا & بہ + جہ + ضہ & بہ جہ + بہ ضہ + جہ ضہ & بہ جہ ضہ \\ ا & عہ + جہ + ضہ & عہ جہ + عہ ضہ + جہ ضہ & عہ جہ ضہ \\ ا & عہ + بہ + ضہ & عہ بہ + عہ ضہ + بہ ضہ & عہ بہ ضہ \\ ا & عہ + بہ + جہ & عہ بہ + عہ جہ + بہ جہ & عہ بہ جہ \end{vmatrix}$$

یہاں چونکہ دو حرفوں کا باہمی تبادلہ دو صفوں کو مماثل بنا دیگا اسلئے یہ مقطع چھ فرقوں کے حاصل ضرب سے صرف ایک عددی جزو ضربی کے لحاظ سے مختلف ہوگا ۔ باہم اس مقطع کو آسانی کے ساتھ دفعہ ۱۳۲ مثال (۱۰) کی شکل میں تحویل کر سکتے ہیں ۔ اس قسم کے کسی مقطع کی قیمت اسی طریقہ پر معلوم کیجا سکتی ہے اور علامت کی تعیین دفعہ ۱۳۲ مثال ۹ کے طریقہ سے عمل میں آسکتی ہے ۔

(53 ۵ ۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} بہ^۲ جہ^۲ + عہ^۲ ضہ^۲ & بہ جہ + عہ ضہ & ا \\ جہ^۲ عہ^۲ + بہ^۲ ضہ^۲ & جہ عہ + بہ ضہ & ا \\ عہ^۲ بہ^۲ + جہ^۲ ضہ^۲ & عہ بہ + جہ ضہ & ا \end{vmatrix} \equiv (بہ-جہ)(عہ-ضہ)(جہ-عہ)(بہ-ضہ)(عہ-بہ)(جہ-ضہ)$$

آخری ستون کو ۲ عہ بہ جہ ضہ سے ضرب دو اور پہلے ستون میں جمع کرو ۔ تب مقطع دفعہ ۱۳۲ مثال ۹ کی شکل کا ہو جاتا ہے ۔

۶ ۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} (\text{بہ} + \text{جہ} - \text{عہ} - \text{ضہ})^2 & (\text{بہ} + \text{جہ} - \text{عہ} - \text{ضہ})^2 & 1 \\ (\text{جہ} + \text{عہ} - \text{بہ} - \text{ضہ})^2 & (\text{جہ} + \text{عہ} - \text{بہ} - \text{ضہ})^2 & 1 \\ (\text{عہ} + \text{بہ} - \text{جہ} - \text{ضہ})^2 & (\text{عہ} + \text{بہ} - \text{جہ} - \text{ضہ})^2 & 1 \end{vmatrix}$$

$$\equiv 64\,(\text{بہ} - \text{جہ})(\text{عہ} - \text{ضہ})(\text{جہ} - \text{عہ})(\text{بہ} - \text{ضہ})(\text{عہ} - \text{بہ})(\text{جہ} - \text{ضہ})$$

۷ ۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ا\,لا + ب \\ ب & ج & ب\,لا + ج \\ ا\,لا + ب & ب\,لا + ج & 0 \end{vmatrix} \equiv -(ا\,ج - ب^2)(ا\,لا^2 + 2\,ب\,لا + ج)$$

پہلی صف کو لا سے ضرب دو اور پھر اسکے اور دوسری صف کے مجموعہ کو تیسری صف میں سے تفریق کرو۔

۸ ۔ اسی طرح ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج & ا\,لا^2 + 2\,ب\,لا + ج \\ ب & ج & د & ب\,لا^2 + 2\,ج\,لا + د \\ ج & د & ع & ج\,لا^2 + 2\,د\,لا + ع \\ ا\,لا^2 + 2\,ب\,لا + ج & ب\,لا^2 + 2\,ج\,لا + د & ج\,لا^2 + 2\,د\,لا + ع & 0 \end{vmatrix}$$

$$\equiv -\begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ب & ج & د \\ ج & د & ع \end{vmatrix} (ا\,لا^4 + 4\,ب\,لا^3 + 6\,ج\,لا^2 + 4\,د\,لا + ع)$$

۹ ۔ اگر

$$ف_1(لا) = ا_1\,لا^3 + 3\,ب_1\,لا^2 + 3\,ج_1\,لا + د_1$$

$$ف_2(لا) = ا_2\,لا^3 + 3\,ب_2\,لا^2 + 3\,ج_2\,لا + د_2$$

$$ف_3(لا) = ا_3\,لا^3 + 3\,ب_3\,لا^2 + 3\,ج_3\,لا + د_3$$

تو ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ف_1(لا) & ف_1'(لا) & ف_1''(لا) \\ ف_2(لا) & ف_2'(لا) & ف_2''(لا) \\ ف_3(لا) & ف_3'(لا) & ف_3''(لا) \end{vmatrix} = -١٨ \begin{vmatrix} ا_1 & -لا & لا^2 & -لا^3 \\ ا_2 & ب_1 & ج_1 & د_1 \\ ا_3 & ب_2 & ج_2 & د_2 \\ & ب_3 & ج_3 & د_3 \end{vmatrix}$$

(54) پہلا مقطع آسانی کے ساتھ (ایک جزو ضربی ترک کرنے سے) ذیل کے مقطع میں تحویل ہو جاتا ہے :-

$$\begin{vmatrix} ا_1 لا + ب_1 & ب_1 لا + ج_1 & ج_1 لا + د_1 \\ ا_2 لا + ب_2 & ب_2 لا + ج_2 & ج_2 لا + د_2 \\ ا_3 لا + ب_3 & ب_3 لا + ج_3 & ج_3 لا + د_3 \end{vmatrix}$$

ہم نے دفعہ ۱۴۲ مثال ۷ میں دیکھا ہے کہ مقطع کا رتبہ اسکی قیمت کو بدلے بغیر بڑھایا جا سکتا ہے۔ مقطع کو محسوب کرنے میں اکثر سہولت اس طور پر پیدا ہو سکتی ہے کہ اضافہ کردہ عناصر کا مناسب انتخاب عمل میں آئے اور انکا حاشیہ لگایا جائے۔ چنانچہ اس آخری مقطع کو شکل ذیل میں لکھا جا سکتا ہے :-

$$\begin{vmatrix} ا & . & . \\ ا_1 لا + ب_1 & ب_1 لا + ج_1 & ج_1 لا + د_1 \\ ا_2 لا + ب_2 & ب_2 لا + ج_2 & ج_2 لا + د_2 \\ ا_3 لا + ب_3 & ب_3 لا + ج_3 & ج_3 لا + د_3 \end{vmatrix}$$

پہلے ستون کو لا سے ضرب دیکر اسکو دوسرے میں سے تفریق کرنے پھر اس نئے دوسرے ستون کو لا سے ضرب دیکر اسکو تیسرے میں سے تفریق کرنے، اور بالآخر نئے تیسرے ستون کو لا سے ضرب دیکر اسکو چوتھے میں سے تفریق کرنے سے متذکرہ صدر نتیجہ ملجاتا ہے۔

۱۰ — ثابت کرو کہ مقطع

$$\begin{vmatrix} \text{ل}\,\text{لا}^2 + \text{ج}\,\text{ما}^2 + \text{ب}\,\text{ی}^2 - \text{ا} & (\text{ل} - \text{ج})\,\text{لا}\,\text{ما} & (\text{ل} - \text{ب})\,\text{لا}\,\text{ی} \\ (\text{ل} - \text{ج})\,\text{لا}\,\text{ما} & \text{ل}\,\text{ما}^2 + \text{ا}\,\text{ی}^2 + \text{ج}\,\text{لا}^2 - \text{ا} & (\text{ل} - \text{ا})\,\text{ما}\,\text{ی} \\ (\text{ل} - \text{ب})\,\text{لا}\,\text{ی} & (\text{ل} - \text{ا})\,\text{ما}\,\text{ی} & \text{ل}\,\text{ی}^2 + \text{ب}\,\text{لا}^2 + \text{ا}\,\text{ما}^2 - \text{ا} \end{vmatrix}$$

میں ل $(\text{لا}^2 + \text{ما}^2 + \text{ی}^2) - \text{ا}$، جزو ضربی کے طور پر شریک ہوتا ہے اور دوسرے جزو ضربی میں ل شامل نہیں ہوتا۔

مثال ۹ کی طرح مقطع کو حاشیہ لگاؤ جس میں پہلے ستون کے عناصر ا، لا، لا ما، لا ی ہوں اور پہلی صف کے عناصر ا، ۰، ۰، ۰ پھر پہلے ستون کا لاگنا دوسرے ستون میں ہے، پہلے ستون کا ماگنا تیسرے ستون میں ہے، اور پہلے ستون کا ی گنا چوتھے ستون میں سے تفریق کرو۔ اس طور پر بدلے ہوئے مقطع میں پہلی صف میں سے دوسری کے لاگنا، تیسری کے ماگنا اور چوتھی کے ی گنا کے مجموعہ کو تفریق کرو۔

۱۱ — مقطع

$$\begin{vmatrix} \text{ا}_1 + \text{لا} & \text{ب}_1 & \text{ج}_1 & \text{د}_1 \\ \text{ا}_2 & \text{ب}_2 + \text{لا} & \text{ج}_2 & \text{د}_2 \\ \text{ا}_3 & \text{ب}_3 & \text{ج}_3 + \text{لا} & \text{د}_3 \\ \text{ا}_4 & \text{ب}_4 & \text{ج}_4 & \text{د}_4 + \text{لا} \end{vmatrix}$$

کو لا کی قوتوں میں پھیلاؤ۔

جواب:- $\text{لا}^4 + (\text{ا}_1 + \text{ب}_2 + \text{ج}_3 + \text{د}_4)\text{لا}^3 + \{(\text{ب}_2\text{ج}_3) + (\text{ا}_1\text{د}_4) + (\text{ا}_1\text{ج}_3) + (\text{ب}_2\text{د}_4) + (\text{ا}_1\text{ب}_2) + (\text{ج}_3\text{د}_4)\}\text{لا}^2 + \{(\text{ب}_2\text{ج}_3\text{د}_4) + (\text{ا}_1\text{ج}_3\text{د}_4) + (\text{ا}_1\text{ب}_2\text{د}_4) + (\text{ا}_1\text{ب}_2\text{ج}_3)\}\text{لا} + (\text{ا}_1\text{ب}_2\text{ج}_3\text{د}_4)$

(55)

۱۲ ۔ ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج & د \\ اَ & بَ & جَ & دَ \\ ا^{۲} & ب^{۲} & ج^{۲} & د^{۲} \\ \frac{ا^{۲}}{اَ} & \frac{ب^{۲}}{بَ} & \frac{ج^{۲}}{جَ} & \frac{د^{۲}}{دَ} \\ \frac{اَ^{۲}}{ا} & \frac{بَ^{۲}}{ب} & \frac{جَ^{۲}}{ج} & \frac{دَ^{۲}}{د} \end{vmatrix} \equiv \frac{-(ب-ج)(ا-د)(ج-ا)(ب-د)(ا-ب)(ج-د)}{ا\ ب\ ج\ د\ اَ\ بَ\ جَ\ دَ}$$

۱۳ ۔ متمائلات ذیل کو ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} ا & عہ & عَ & عہَ \\ ا & بہ & بَ & بہَ \\ ا & جہ & جَ & جہَ \\ ا & ضہ & ضَ & ضہَ \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ب & ج \\ بَ & جَ \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ج & ا \\ جَ & اَ \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} ا & ب \\ اَ & بَ \end{vmatrix}$$

جہاں

ا = (بہ - جہ)(عہ - ضہ) ب = (جہ - عہ)(بہ - ضہ) ج = (عہ - بہ)(جہ - ضہ)

اَ = (بَہ - جَہ)(عَہ - ضَہ) بَ = (جَہ - عَہ)(بَہ - ضَہ) جَ = (عَہ - بَہ)(جَہ - ضَہ)

پہلے مقطع کو پہلے دو ستونوں سے بننے والے صغیروں کی رقوم میں (دیکھو دفعہ ۱۳۵) پھیلا کر ہم آسانی کے ساتھ ثابت کرتے ہیں کہ یہ مقطع

ا (بَہ جَہ + عَہ ضَہ) + ب (جَہ عَہ + بَہ ضَہ) + ج (عَہ بَہ + جَہ ضَہ)

کے مساوی ہے اور پھر متمائلہ مساوات ا + ب + ج ≡ ۰ کو دفعہ ۲۷ مثال ۱۸ کے رشتوں کے ساتھ استعمال کرنے سے نتیجہ حاصل ہو جاتا ہے ۔

۱۴ ۔ ثابت کرو کہ مثال ۱۳ کا مقطع حسب ذیل مقطع کے مساوی ہے:

$$\begin{vmatrix} ا & بہ جہ + عہ ضہ & بَہ جَہ + عَہ ضَہ \\ ا & جہ عہ + بہ ضہ & جَہ عَہ + بَہ ضَہ \\ ا & عہ بہ + جہ ضہ & عَہ بَہ + جَہ ضَہ \end{vmatrix}$$

یہ نتیجہ دفعہ ۲۷ مثال ۱۸ کے رشتوں سے فوراً حاصل ہوتا ہے اگر نتیجہ میں عَ، بَ، جَ، ضَ کو عَ، بَ، جَ، ضَ کے مساوی رکھا جائے تو ایک متماثلہ مساوات حاصل ہوگی جسکی ایک مخصوص صورت مثال ۵ ہے۔

۱۵۔ حسب ذیل مقطع کو فرقوں کے تفاعل کے طور پر بیان کرو جسکا معدوم ہونا اُس شرط کو تعبیر کرتا ہے جو ایک خط پر چھ نقطوں کے درمیان ہے۔

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ۱ & عـ + عَ & عـ عَ \\ ۱ & بـ + بَ & بـ بَ \\ ۱ & جـ + جَ & بـ جَ \end{vmatrix}$$

مقطع کو

$$\begin{vmatrix} عـ^{۲} & -عـ & ۱ \\ بـ^{۲} & -بـ & ۱ \\ جـ^{۲} & -جـ & ۱ \end{vmatrix}$$

سے ضرب دینے اور پھر مساوات کی دونوں طرفوں سے جزو ضربی (بـ - جـ)(جـ - عـ)(عـ - بـ) جدا کرنے سے Δ کی قیمت کو (56)
آسانی کے ساتھ یوں بیان کیا جا سکتا ہے:-

$$\Delta \equiv (عـ - بَ)(بـ - جَ)(جـ - عَ) + (عَ - بـ)(بَ - جـ)(جَ - عـ)$$

اس نتیجہ کو مثال ۱۳ کے مقطع سے بھی جسکا معدوم ہونا چار نقطوں کے دو جٹوں کے درمیان عام ہم رسم ربط کو بیان کرتا ہے اخذ کیا جا سکتا ہے۔

۱۶۔ مقطع ذیل کو پھیلاؤ:-

$$\begin{vmatrix} لا & ۱ & ۰ & ۰ & ۰ \\ -۱ & لا & ۱ & ۰ & ۰ \\ ۰ & -۱ & لا & ۱ & ۰ \\ ۰ & ۰ & -۱ & لا & ۱ \\ ۰ & ۰ & ۰ & -۱ & لا \end{vmatrix}$$

عمل کرنے پر معلوم ہوگا کہ یہ مقطع چار درجی

$$ا_۱ لا^۳ + ا_۲ لا^۲ + ا_۳ لا + ا_۴$$

کے ساتھ متماثل ہے۔ یہ آسانی کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے کہ کسی درجہ کا کثیر الارقام اسی شکل کے مقطع کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

۱۷۔ ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} لا & ا_۱ & ا_۲ & ا_۳ & ا_۴ \\ عہ & لا & ب_۱ & ب_۲ & ا \\ عہ & بہ & لا & ج_۱ & ا \\ عہ & بہ & جہ & لا & ا \\ عہ & بہ & جہ & ضہ & ا \end{vmatrix} \equiv (لا - عہ)(لا - بہ)(لا - جہ)(لا - ضہ)$$

جہاں $ا_۱، ا_۲، ا_۳، ب_۱، ب_۲، ج_۱$ کوئی مقداریں ہیں۔

اگر ہم آخری ستون کا عہ گنا پہلے ستون میں سے، آخری ستون کا بہ گنا دوسرے ستون میں سے، وغیرہ تفریق کریں تو یہ نتیجہ حاصل ہوگا۔ طالب علم کو (ن + ۱) ویں رتبہ کے متناظر مقطع کو لکھ لینے میں جو اس کثیر الارقام کے مساوی ہے جسکی اصلیں عہ۱، عہ۲، عہ۳، ...، عہن ہیں کوئی دقت نہیں ہوگی۔

۱۸۔ حسب ذیل مقطع کو اجزائے ضربی میں تحلیل کرو:۔

$$Δ \equiv \begin{vmatrix} (عہ - عہ_۱)^۲ & (عہ - بہ_۱)^۲ & (عہ - جہ_۱)^۲ \\ (بہ - عہ_۱)^۲ & (بہ - بہ_۱)^۲ & (بہ - جہ_۱)^۲ \\ (جہ - عہ_۱)^۲ & (جہ - بہ_۱)^۲ & (جہ - جہ_۱)^۲ \end{vmatrix}$$

یہاں $Δ = \begin{vmatrix} عہ^۲ & عہ & ا \\ بہ^۲ & بہ & ا \\ جہ^۲ & جہ & ا \end{vmatrix} \begin{vmatrix} ا & -۲ عہ_۱ & عہ_۱^۲ \\ ا & -۲ بہ_۱ & بہ_۱^۲ \\ ا & -۲ جہ_۱ & جہ_۱^۲ \end{vmatrix}$

اور اِن دو مقطعوں کو دفعہ ۱۳۲ مثال ۹ کی طرح اجزائے ضربی میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔

۱۹۔ مقطع (57)

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} (عہ - عَہَ)^3 & (عہ - بَہَ)^3 & (عہ - جَہَ)^3 \\ (بہ - عَہَ)^3 & (بہ - بَہَ)^3 & (بہ - جَہَ)^3 \\ (جہ - عَہَ)^3 & (جہ - بہ)^3 & (جہ - جَہَ)^3 \end{vmatrix}$$

کو اجزائے ضربی میں تحلیل کرو۔

دو مستطیلی آراستوں

$$\begin{Bmatrix} عہ^3 & عہ^2 & عہ & ا \\ بہ^3 & بہ^2 & بہ & ا \\ جہ^3 & جہ^2 & جہ & ا \end{Bmatrix} \quad (ا) \quad \begin{Bmatrix} ا & -3عہ & 3عہ^2 & -عہ^3 \\ ا & -3بہ & 3بہ^2 & -بہ^3 \\ ا & -3جہ & 3جہ^2 & -جہ^3 \end{Bmatrix} \quad (۲)$$

کو ضرب دینے سے Δ چار رقموں کے مجموعہ کے مساوی ہو جاتا ہے جنمیں سے ہر ایک میں سے ہم دو مقطعوں

$$\begin{vmatrix} ا & عہ & عہ^2 \\ ا & بہ & بہ^2 \\ ا & جہ & جہ^2 \end{vmatrix} \quad , \quad \begin{vmatrix} ا & عہ & عہ^2 \\ ا & بہ & بہ^2 \\ ا & جہ & جہ^2 \end{vmatrix}$$

کے حاصل ضرب کو ایک جزو ضربی کے طور پر نکال سکتے ہیں۔ بقیہ جزو ضربی ہوگا

$$3\{3عہ بہ جہ - 3بہ جہ عہ + 3جہ عہ بہ - 3عہ بہ جہ\}$$

جس کو شکل

$$3\{(عہ - عَہَ)(بہ - بَہَ)(جہ - جَہَ) + (عہ - بَہَ)(بہ - جَہَ)(جہ - عَہَ) + (عہ - جَہَ)(بہ - عَہَ)(جہ - بَہَ)\}$$

میں بھی لکھا جا سکتا ہے۔

۲۰۔ ذیل کے پھیلاؤ کو ثابت کرو:۔

$$\begin{vmatrix} 1+\lambda_1 & 1 & 1 & 1 \\ 1 & 1+\lambda_2 & 1 & 1 \\ 1 & 1 & 1+\lambda_3 & 1 \\ 1 & 1 & 1 & 1+\lambda_4 \end{vmatrix} = \lambda_1\lambda_2\lambda_3\lambda_4 \left\{1+\frac{1}{\lambda_1}+\frac{1}{\lambda_2}+\frac{1}{\lambda_3}+\frac{1}{\lambda_4}\right\}$$

پہلے ستون کو باقی دوسرے ہر ستون میں سے تفریق کرنے اور پھر مقطع کو پہلے ستون کے عناصر کے ایک خطی تفاعل کے طور پر بیان کرنے سے یہ پھیلاؤ آسانی کے ساتھ ثابت ہو جاتا ہے۔ ثبوت کی نوعیت سے یہ واضح ہو جائیگا کہ ن ویں رتبہ کے متناظر مقطع کی قیمت

$$\lambda_1\lambda_2\lambda_3 \dots \lambda_n \left\{1+\Sigma\frac{1}{\lambda_1}\right\}$$ ہے۔

۲۱۔ ذیل کے ربط کو ثابت کرو:۔

$$\begin{vmatrix} \text{عہ} & \text{لا} & \text{لا} & \text{لا} \\ \text{لا} & \text{بہ} & \text{لا} & \text{لا} \\ \text{لا} & \text{لا} & \text{جہ} & \text{لا} \\ \text{لا} & \text{لا} & \text{لا} & \text{ضہ} \end{vmatrix} = \text{ف}(\text{لا}) - \text{لا}\,\text{ف}'(\text{لا})$$

جہاں

$$\text{ف}(\text{لا}) \equiv (\text{لا}-\text{ع})(\text{لا}-\text{ب})(\text{لا}-\text{ج})(\text{لا}-\text{ض})$$

(58) اسکو پچھلی مثال سے اخذ کیا جا سکتا ہے یا بلا واسطہ اسی طریقہ پر ثابت کیا جا سکتا ہے۔ پچھلی مثال کی طرح یہاں بھی ن ویں رتبہ کا اس شکل کا مقطع متناظر شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

۲۲۔ کسی مساوات کے سروں میں سے ہر ایک سر، دو مقطعات کے خارج قسمت کے طور پر اصلوں کی رقوم میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ تیسرے درجہ کی مساوات کے لئے ذیل کا جو طریق عمل درج ہے اسکی توسیع کسی درجہ کی مساوات کے لئے آسانی کے ساتھ کیجا سکتی ہے

مثال ۱۰ دفعہ ۱۳۲ کی رُو سے

$$\begin{vmatrix} لا^3 & لا^2 & لا & 1 \\ عہ^3 & عہ^2 & عہ & 1 \\ بہ^3 & بہ^2 & بہ & 1 \\ جہ^3 & جہ^2 & جہ & 1 \end{vmatrix} \equiv -(بہ-جہ)(جہ-عہ)(عہ-بہ)(لا-عہ)(لا-بہ)(لا-جہ)$$

مقطع کو پھیلانے سے یہ تماثلہ یوں لکھی جا سکتی ہے

$$\begin{vmatrix} عہ^2 & عہ & 1 \\ بہ^2 & بہ & 1 \\ جہ^2 & جہ & 1 \end{vmatrix} لا^3 - \begin{vmatrix} عہ^3 & عہ & 1 \\ بہ^3 & بہ & 1 \\ جہ^3 & جہ & 1 \end{vmatrix} لا^2 + \begin{vmatrix} عہ^3 & عہ^2 & 1 \\ بہ^3 & بہ^2 & 1 \\ جہ^3 & جہ^2 & 1 \end{vmatrix} لا$$

$$- \begin{vmatrix} عہ^3 & عہ^2 & عہ \\ بہ^3 & بہ^2 & بہ \\ جہ^3 & جہ^2 & جہ \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} عہ^2 & عہ & 1 \\ بہ^2 & بہ & 1 \\ جہ^2 & جہ & 1 \end{vmatrix} \{لا^3 - ب_1 لا^2 + ب_2 لا - ب_3\}$$

جس سے اوپر کا مسئلہ اخذ کیا جا سکتا ہے۔ $ب_1$، $ب_2$، $ب_3$ اُس مساوات کے سر ہیں جس کی اصلیں عہ، بہ، جہ ہیں۔

۲۳۔ چار درجی کے محول کعبی کو ایک مقطع کے طور پر بیان کرو۔

تماثلہ

$$ا لا^4 + 4 ا_1 لا^3 + 6 ا_2 لا^2 + 4 ا_3 لا + ا_4$$

$$\equiv (ا لا^2 + 2 ب لا + ج)(اَ لا^2 + 2 بَ لا + جَ)$$

سے حاصل ہونیوالی مساواتوں کو لکھ لینے، $6 ا_2 فہ \equiv ا جَ + اَ ج - 2 ب بَ$ مان لینے، اور تماثلہ

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ب & ج & د \\ ج & د & ہ \end{vmatrix} \times \begin{vmatrix} اَ & بَ & جَ \\ بَ & جَ & دَ \\ جَ & دَ & ہَ \end{vmatrix} \equiv \begin{vmatrix} 2 اا_1 & اب_1 + اَب & اا_2 + اَج & اا_3 + اَد \\ اب_1 + اَب & 2 ب ب_1 & ب ج_1 + بَ ج & ب د_1 + بَ د \\ اا_2 + اَج & ب ج_1 + بَ ج & 2 ج ج_1 & ج د_1 + جَ د \\ اا_3 + اَد & ب د_1 + بَ د & ج د_1 + جَ د & 2 د د_1 \end{vmatrix}$$

میں اندراجات کرنے سے ہم آسانی کے ساتھ مساوات

$$\begin{vmatrix} ا_۱ & ا_۲ & ا_۳ + ۲ ا_۲ فہ \\ ا_۲ & ا_۳ & ا_۴ - ا_۲ فہ \\ ا_۳ + ۲ ا_۲ فہ & ا_۴ & ا_۵ \end{vmatrix} = ۰$$

حاصل کر لیتے ہیں جس کو پھیلا کر یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ یہ مساوات معیاری محول کبھی کے مماثل ہے۔

(59) ۲۴۔ وہ شرط معلوم کرو کہ ایک چار درجی جملہ دو چوتھی قوتوں کے مجموعہ کے طور پر بیان ہو سکے اور اسکو شکل

$ا لا^۴ + ۴ ب لا^۳ + ۶ ج لا^۲ + ۴ د لا + ع \equiv ل (لا + طہ)^۴ + م (لا + فہ)^۴$

میں بیان کر کے وہ دو درجی معلوم کرو جسکی اصلیں طہ اور فہ ہیں۔

اوپر کی مماثلہ سے ذیل کی مساواتیں ملتی ہیں :۔

$$\left\{ \begin{array}{l} ل + م = ا \\ ل طہ + م فہ = ب \\ ل طہ^۲ + م فہ^۲ = ج \\ ل طہ^۳ + م فہ^۳ = د \\ ل طہ^۴ + م فہ^۴ = ع \end{array} \right. \quad (۱)$$

فرض کرو کہ $ل + مہ لا + نہ لا^۲ = ۰$ وہ مساوات ہے جسکی اصلیں طہ اور فہ ہیں۔ تب ہمیں ذیل کی تین مساواتیں حاصل ہونگی :۔

$$ل ا + مہ ب + نہ ج = ۰$$
$$ل ب + مہ ج + نہ د = ۰$$
$$ل ج + مہ د + نہ ع = ۰$$

اور ان سے مطلوبہ شرط $\begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ب & ج & د \\ ج & د & ع \end{vmatrix} = ۰$ فوراً مل جائیگی۔ پھر پہلی دو مساواتوں اور مفروضہ مساوات کو ایک ساتھ لینے سے ذیل کا دو درجی حاصل ہوگا جسکی اصلیں طہ اور فہ ہیں :۔

$$\begin{vmatrix} ا & لا & لا^۲ \\ ب & ج & د \end{vmatrix} = ۰$$

اگر کعبی کو دو مکعبوں کے مجموعہ کے طور پر بیان کرنا مقصود ہو یعنی شکل ل (لا + طہ)³ + م (لا + فہ)³ ہیں تو اوپر کی مساواتوں (۱) میں سے پہلی چار مساواتوں سے طہ اور فہ کے لئے وہی دو درجی حاصل ہوگا۔

۲۵ — چار درجی

ا (لا + عہ)⁴ + ب (لا + بہ)⁴ + ج (لا + جہ)⁴ + د (لا + ضہ)⁴ = ۰

کے لئے ثابت کرو

ھ = ح ا ب (عہ - بہ)²

ع = ح ا ب (عہ - بہ)⁴

جے = ح ا ب ج (عہ - بہ)² (عہ - جہ)² (بہ - جہ)²

یہ جملے اُس چار درجی کے لئے درست ہیں جو چوتھی قوتوں کی کسی تعداد کے مجموعہ کے طور پر لکھا گیا ہو۔ اگر اسکو صرف دو کے مجموعہ کے طور پر لکھا جائے تو جے = ۰۔ کیونکہ صرف ا اور ب باقی رہتے ہیں اور اگر وہ صرف ایک چوتھی قوت پر تحویل ہو جائے تو ھ، ع، جے سب کے سب معدوم ہو جاتے ہیں جسکو ہم پہلے ہی دوسرے طریقوں سے حاصل کر چکے ہیں۔

۲۶ — اس چوتھے رتبہ کے مقطع پر بحث کرو جسکے عناصر (عہ - عہ)²، (عہ - بہ)² وغیرہ مثال ۱۹ صفحہ ۸۸ کی طرح ترتیب دئے گئے ہیں۔ اور اگر دو دی ہوئی چار درجی مساواتوں کی اصلیں عہ، بہ، جہ، ضہ، عہ، بہ، جہ، ضہ ہوں تو ثابت کرو کہ اگر مقطع کی قیمت کو سروں کی رقوم میں بیان کیا جائے تو اس میں جملہ

ا ع² + ب² + ۶ ج ج - ۴ (ب د + ب د)

جزو ضربی کے طور پر شامل ہوتا ہے۔ جب دونوں چار درجی مماثل ہوں تو یہ جزو ضربی ۲ ع ہو جاتا ہے۔

۲۷ — وہ شرط معلوم کرو کہ تین متغیروں کا متجانس دو درجی تفاعل (60)

ا لا² + ب ما² + ج ی² + ۲ ف ما ی + ۲ گ ی لا + ۲ ھ لا ما
دو اجزائے ضربی میں تحلیل ہو سکے ۔
دئے ہوئے تفاعل کو دو اجزا کے حاصل ضرب
(عَ لا + بَ ما + جَ ی)(عَ لا + بَ ما + جَ ی)
کے مساوی رکھنے سے ہم آسانی کے ساتھ معلوم کر لیتے ہیں کہ

$$\begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix} = ۸ \begin{vmatrix} عَ & عَ & ۰ \\ بَ & بَ & ۰ \\ جَ & جَ & ۰ \end{vmatrix} \begin{vmatrix} عَ & عَ & ۰ \\ بَ & بَ & ۰ \\ جَ & جَ & ۰ \end{vmatrix}$$

اس لئے مطلوبہ شرط یہ ہے کہ یہ آخری مقطع معدوم ہو جائے ۔
۲۸ ۔ ثابت کرو کہ لا، ما، ی، و کی عام سے عام قیمتیں جو دو متجانس مساواتوں
ا لا + ب ما + ج ی + د و = ۰، اَ لا + بَ ما + جَ ی + دَ و = ۰
کو پورا کرتی ہیں دو نامعلوم لا، ما کی رقوم میں حسب ذیل طریقہ پر
(ا بَ)(ا جَ) (ا دَ) لا = ا لا + اَ ما،
(ب اَ)(ب جَ) (ب دَ) ما = ب لا + بَ ما، وغیرہ
متشاکلاً بیان کیجا سکتی ہیں ۔
اسکو ثابت کرنے کے لئے دی ہوئی مساواتوں کے ساتھ حسب ذیل دو مساواتیں اضافہ کرو: ۔

$$\frac{ا^۲}{اَ} لا + \frac{ب^۲}{بَ} ما + \frac{ج^۲}{جَ} ی + \frac{د^۲}{دَ} و = لہ،$$

$$\frac{اَ^۲}{ا} لا + \frac{بَ^۲}{ب} ما + \frac{جَ^۲}{ج} ی + \frac{دَ^۲}{د} و = مہ،$$

جہاں لہ اور مہ غیر معین مقداریں ہیں ۔ ان چار مساواتوں کے ذریعہ لا، ما، ی، و کی قیمتیں دفعہ ۱۴۴ کی طرح معلوم کرو اور مقطعوں کو مثال ۱۲ صفحہ ۸۵ کی طرح تحویل کرو اور بالآخر لا = اَ بَ جَ دَ لہ، ما = ا ب ج د مہ رکھو ۔

۲۹ ۔ اگر کسی مقطع میں لا = ا رکھنے سے ر ستون (یا صف) مماثل ہو جائیں تو مقطع میں ایک جزو ضربی $(لا - ا)^{ر-1}$ ہے۔

دئے ہوئے مقطع میں ان ر ستونوں میں سے ایک ستون کو باقی دوسرے ستونوں میں سے تفریق کرنے سے یہ نتیجہ حاصل ہو جاتا ہے۔ حاصل ہونیوالے (ر - ۱) ستونوں میں سے ہر ایک میں لا - ا جزو ضربی کے طور پر شریک ہونا چاہئے کیونکہ بموجب فرض اس کا ہر عنصر لا = ا رکھنے سے معدوم ہو جاتا ہے۔

۳۰ ۔ ن ویں رتبہ کے مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} لا & ا & ا & . & . & ا \\ ا & لا & ا & . & . & ا \\ ا & ا & لا & . & . & ا \\ \cdots & \cdots & \cdots & \cdots & \cdots & \cdots \\ ا & ا & ا & . & . & لا \end{vmatrix}$$

کی قیمت معلوم کرو جس کے صدر عناصر سب کے سب لا کے مساوی ہیں اور باقی سب عناصر ا کے۔

پچھلی مثال کی رو سے Δ میں $(لا - ا)^{ن-1}$ جزو ضربی کے طور پر (61)
شامل ہونا چاہئے اور تمام ستونوں کو جمع کرنے سے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ لا + (ن - ۱) ا بھی اس مقطع کا ایک جزو ضربی ہونا چاہئے۔ پس ان دونوں اجزاء کے حاصل ضرب اور Δ میں صرف ایک عددی جزو ضربی کا فرق ہو سکتا ہے چنانچہ حاصل ضرب کا صدر رقم کے ساتھ مقابلہ کیا جائے تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ

$$\Delta = (لا - ا)^{ن-1} \{ لا + (ن - ۱) ا \}$$

اس نتیجہ کو مثال ۲۹ کی مدد کے بغیر بالراست ثابت کیا جا سکتا ہے۔

۳۱ ۔ مقطع

$$\begin{vmatrix} ف_1 (عہ) & ف_2 (عہ) & ف_3 (عہ) \\ ف_1 (بہ) & ف_2 (بہ) & ف_3 (بہ) \\ ف_1 (جہ) & ف_2 (جہ) & ف_3 (جہ) \end{vmatrix}$$

میں جس میں $ف_1$، $ف_2$، $ف_3$ کوئی منطق صحیح تفاعل ہیں ایک جزو ضربی $(بہ - جہ)(جہ - عہ)(عہ - بہ)$ شامل ہے۔

یہ اسی طرح کے استدلال سے حاصل ہو جاتا ہے جو مثال ۲۹ میں کیا گیا ہے۔ اس نوعیت کے مقطع جنمیں کسی ستون (یا صف) کے عناصر ایک ہی شکل کے تفاعل ہوتے ہیں اور کسی صف (ستون) کے عناصر میں ایک ہی مقدار شامل ہوتی ہے متبادلات (Alternants) کہلاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ نتیجہ عام ہے اور کسی رتبہ کے متبادلہ میں شامل ہونیوالی سب مقداروں کے فرقوں کا حاصل ضرب ایک جزو ضربی کے طور پر شامل ہوتا ہے۔ دفعہ ۱۳۲ کے امثلہ ۹، ۱۰ اور دفعہ ۱۴۰ کے امثلہ ۱۱، ۱۲ سادہ ترین شکل کے متبادلات ہیں۔

۳۲- پچھلی مثال کے متبادلہ کو فرقوں کے حاصل ضرب سے تقسیم کر کے خارج قسمت کو ایک مقطع کی شکل میں بیان کرو۔

توجہ کو قایم کرنے کی خاطر مان لو کہ شامل ہونیوالے تفاعلوں میں سے ہر ایک تفاعل پانچویں درجہ کا ہے تو ہم لکھ سکتے ہیں

$$ف_1 (عہ) \equiv ل_1 عہ^5 + ب_1 عہ^4 + ج_1 عہ^3 + د_1 عہ^2 + ع_1 عہ + ک_1،$$

$$ف_2 (عہ) \equiv ل_2 عہ^5 + ب_2 عہ^4 + ج_2 عہ^3 + د_2 عہ^2 + ع_2 عہ + ک_2،$$

$$ف_3 (عہ) \equiv ل_3 عہ^5 + ب_3 عہ^4 + ج_3 عہ^3 + د_3 عہ^2 + ع_3 عہ + ک_3،$$

اب مساوات

$$لا^3 + ف لا^2 + ق لا + ر = 0$$

کی اصلوں کو عہ، بہ، جہ لیتے اور مقطعوں

$$\begin{vmatrix} عہ^{5} & عہ^{4} & عہ^{3} & عہ^{2} & عہ & ا \\ بہ^{5} & بہ^{4} & بہ^{3} & بہ^{2} & بہ & ا \\ جہ^{5} & جہ^{4} & جہ^{3} & جہ^{2} & جہ & ا \\ ۰ & ۰ & ا & ۰ & ۰ & ۰ \\ ۰ & ا & ۰ & ۰ & ۰ & ۰ \\ ا & ۰ & ۰ & ۰ & ۰ & ۰ \end{vmatrix}'$$

$$\begin{vmatrix} ا_{1} & ب_{1} & ج_{1} & د_{1} & ع_{1} & ک_{1} \\ ا_{2} & ب_{2} & ج_{2} & د_{2} & ع_{2} & ک_{2} \\ ا_{3} & ب_{3} & ج_{3} & د_{3} & ع_{3} & ک_{3} \\ ۰ & ۰ & ا & ف & ق & ر \\ ۰ & ا & ف & ق & ر & ۰ \\ ا & ف & ق & ر & ۰ & ۰ \end{vmatrix}$$

کا حاصل ضرب بنانے سے یہ فوراً معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ آخری مقطع مطلوبہ خارج قسمت ہے۔

جب متبادلہ کسی رتبہ کا ہو اور ف$_{1}$، ف$_{2}$، ف$_{3}$ وغیرہ کسی درجہ کے منطق صحیح تفاعل ہوں تو بالکل ایسا ہی طریقہ خارج قسمت کے معلوم کرنے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

۳۳۔ حسب ذیل مقطع کو خطی اجزائے ضربی میں تحلیل کرو:۔ (62)

$$\begin{vmatrix} ا_{1} & ا_{2} & ا_{3} & ا_{4} & ا_{5} \\ ا_{5} & ا_{1} & ا_{2} & ا_{3} & ا_{4} \\ ا_{4} & ا_{5} & ا_{1} & ا_{2} & ا_{3} \\ ا_{3} & ا_{4} & ا_{5} & ا_{1} & ا_{2} \\ ا_{2} & ا_{3} & ا_{4} & ا_{5} & ا_{1} \end{vmatrix}$$

سب صفوں میں عناصر وہی پانچ مقداریں ہیں جو دائری ترتیب میں لی گئی ہیں، ہر صف میں پہلا عنصر مختلف ہے۔ اس قسم کے مقطع کو ہم

مستدیرہ کہینگے۔ مندرجۂ بالا شکل میں مستدیرہ کا لکھنا آسان ہے یعنی اس طور پر کہ ایک ہی عنصر وتری محل میں ہر جگہ واقع ہو چنانچہ مقطع بالا میں ا۱ ــ مساوات لا۵ ــ ا = ۰ کی کسی اصل کو طہ سے تعبیر کرو اور پہلے ستون کو چھوڑ کر باقی دوسرے ستونوں کو علی الترتیب طہ، طہ۲، طہ۳، طہ۴ سے ضرب دو۔ پھر پہلے ستون میں باقی دوسرے ستونوں کے عناصر کا مجموعہ جمع کرو تو معلوم ہوگا کہ مقطع کے اجزائے ضربی حسب ذیل ہیں:۔

ا۱ + ا۲ + ا۳ + ا۴ + ا۵

ا۱ + طہ ا۲ + طہ۲ ا۳ + طہ۳ ا۴ + طہ۴ ا۵

ا۱ + طہ۲ ا۲ + طہ۴ ا۳ + طہ ا۴ + طہ۳ ا۵

ا۱ + طہ۳ ا۲ + طہ ا۳ + طہ۴ ا۴ + طہ۲ ا۵

ا۱ + طہ۴ ا۲ + طہ۳ ا۳ + طہ۲ ا۴ + طہ ا۵

جہاں مساوات لا۵ ــ ا = ۰ کی پانچ اصلیں ا، طہ، طہ۲، طہ۳، طہ۴ ہیں۔ دونوں جملوں میں ا۱ کے سر کا مقابلہ کرنے سے یہ معلوم ہوگا کہ عددی جزو ضربی اکائی ہے (دیکھو مثال ۱۳ دفعہ ۱۴۰)۔ کسی رتبہ کے مستدیرہ پر اسی طرح کا طریق عمل جاری کیا جا سکتا ہے۔

۳۴ ــ ایک ہی رتبہ کے دو مستدیرات کا حاصل ضرب ایک مستدیرہ ہوتا ہے۔

۳۵ ــ ن دیں رتبہ کا مقطع

$$\Delta_{ن} \equiv \begin{vmatrix} ا_{ن} & ب_{ن} & . & . & . & . \\ -ا & ا_{ن-۱} & ب_{ن-۱} & . & . & . \\ . & -ا & ا_{ن-۲} & ب_{ن-۲} & . & . \\ . & . & -ا & ا_{ن-۳} & ب_{ن-۳} & . \\ . & . & . & . & . & . \end{vmatrix}$$

محسوب کر دیں جس میں تمام عناصر صفر ہیں سوائے اُن کے جو وتر اور اُن خطوط میں واقع ہیں جو وتر کے دونوں طرف اس کے متوازی اور اس کے متصل ہیں۔ انمیں سے ایک خط ایسے عناصر پر مشتمل ہے جنمیں سے ہر ایک ۱- کے مساوی ہے۔

پہلے ستون کی رقوم میں پھیلانے سے ہم دیکھتے ہیں کہ زیر بحث مقطع کی قسم کے تین مقطعوں میں جنکے رتبے ن، ن-۱، ن-۲ ہیں ذیل کا رشتہ ہے:-

$$\Delta_{ن} = ل_{ن} \Delta_{ن-۱} + ب_{ن} \Delta_{ن-۲}$$

اس رشتہ کی مدد سے سلسلہ $\Delta_{ن}$، $\Delta_{ن-۱}$، $\Delta_{ن-۲}$، ...، $\Delta_{۲}$، $\Delta_{۱}$ میں (63)
سے کسی مقطع کو اس سے نچلے رتبہ کے دو مقطعوں میں تحویل کیا جا سکتا ہے اور ظاہر ہے کہ $\Delta_{۱}$ اور $\Delta_{۲}$ کی قیمتیں صریحاً $ل_{۱}$ اور $ل_{۲} ل_{۱} + ب_{۲}$ ہیں۔

اوپر کی مساوات کو $\Delta_{ن-۱}$ سے تقسیم کیا جائے تو

$$\frac{\Delta_{ن}}{\Delta_{ن-۱}} = ل_{ن} + \frac{ب_{ن}}{\frac{\Delta_{ن-۱}}{\Delta_{ن-۲}}}$$

پھر $\Delta_{ن-۱}$ کو $\Delta_{ن-۲}$ سے تقسیم کرنے پر جو خارج قسمت ملتا ہے اسکی بجائے اسی طرح کی قیمت درج کیجائے اور اس عمل کو جاری رکھا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ کسی مقطع کو اس سے عین نچلے رتبہ کے مقطع سے تقسیم کرنیپر جو خارج قسمت ملتا ہے وہ دئے ہوئے عناصر کی رقوم میں ایک مسلسل کسر کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ اس خاصیت کی بناء پر زیر بحث شکل کے مقطعوں کو ہم **مسلسلات** کہینگے۔ جب عناصر $ب_{ن}$، $ب_{ن-۱}$، $ب_{ن-۲}$، ...، $ب_{۳}$، $ب_{۲}$ (جو وتر کے اوپر والے خط میں واقع ہیں)

میں سے ہر ایک + ۱ کے مساوی ہو تو حاصل ہونیوالا مقطع سادہ مسلسلہ ہے۔

۳۶ — ن دیں رتبہ کے مقطع

$$\Delta_{ن} \equiv \begin{vmatrix} عہ & ا & . & . & . & . \\ بہ & عہ & ا & . & . & . \\ . & بہ & عہ & ا & . & . \\ . & . & بہ & عہ & ا & . \\ . & . & . & . & . & . \end{vmatrix}$$

کو محسوب کرو جسکے وہ عناصر جو صفر نہیں ہوتے صرف عہ، بہ، ۱ ہیں جو وتر اور اسکے متصل اور متوازی خطوط میں واقع ہوتے ہیں جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔

ن کی کسی مخصوص قیمت کے لئے مقطع کو پچھلی مثال کے طریقہ کی بموجب مساوات

$$\Delta_{ن} = عہ\ \Delta_{ن-۱} - بہ\ \Delta_{ن-۲}$$

کی مدد سے فوراً محسوب کیا جا سکتا ہے۔ یہاں $\Delta_{۱}$ اور $\Delta_{۲}$ کی قیمتیں علی الترتیب عہ اور $عہ^{۲} - بہ$ ہیں۔

Δ کی متواتر قیمتوں کی ساخت پر غور کرنے سے طالب علم کو فوراً معلوم ہو جائیگا کہ نتیجہ میں شامل ہونیوالی ارقام جبکہ ن جفت اور ۲ر کے مساوی ہو یہ ہیں

$$عہ^{۲ر}،\ عہ^{۲ر-۲}\ بہ،\ عہ^{۲ر-۴}\ بہ^{۲}،\ \ldots\ldots،\ عہ^{۲}\ بہ^{ر-۱}،\ بہ^{ر}$$

اگر ن طاق اور ۲ر + ۱ کے مساوی ہے تو ارقام ہیں

$$عہ^{۲ر+۱}،\ عہ^{۲ر-۱}\ بہ،\ عہ^{۲ر-۳}\ بہ^{۲}،\ \ldots\ldots،\ عہ^{۳}\ بہ^{ر-۱}،\ عہ\ بہ^{ر}$$

آئندہ تحقیقات کے لئے جنمیں متذکرۂ صدر نتائج سے فائدہ اٹھایا جائیگا یہ ضروری نہیں ہے کہ ان جملوں میں داخل ہونیوالے عددی سروں کی عام شکلوں سے واقفیت حاصل کیجائے۔ لیکن ایسی اشکال بغیر دقت کے

معلوم کیجا سکتی ہیں اور Δ^n کے لئے حسب ذیل عام جملہ حاصل کیا جا سکتا ہے:-

$$\Delta^n = عہ^n - (ن-۱) عہ^{n-۲} بہ + \frac{(ن-۳)(ن-۲)}{۲\times۱} عہ^{n-۴} بہ^۲$$

$$- \frac{(ن-۵)(ن-۴)(ن-۳)}{۳\times۲\times۱} عہ^{n-۶} بہ^۳ + \dots\dots\dots$$

(64) ۳۷۔ اگر ایک کثیر الارقام ع کو کمتر ایجاد کے دوسرے کثیر الارقام عَ سے تقسیم کیا جائے تو خارج قسمت کے اور باقی کے سروں کو ع اور عَ کے سروں کی رقوم میں مقطعات کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

ذیل کی مخصوص صورت میں جو طریقہ استعمال کیا گیا ہے وہ عام صورت میں بھی آسانی کے ساتھ اطلاق پذیر ہے۔ فرض کرو کہ ع پانچویں درجہ کا ہے اور عَ تیسرے درجہ کا۔ خارج قسمت اور باقی کو حسب ذیل شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے:-

$$ف \equiv ق_۳ لا^۲ + ق_۲ لا + ق_۱ \quad ، \quad ر \equiv ر_۱ لا + ر_۰$$

نیز فرض کرو کہ

$$ع \equiv ا_۵ لا^۵ + ا_۴ لا^۴ + ا_۳ لا^۳ + ا_۲ لا^۲ + ا_۱ لا + ا_۰ \quad ، \quad عَ \equiv اَ_۳ لا^۳ + اَ_۲ لا^۲ + اَ_۱ لا + اَ_۰$$

متماثلہ $ع \equiv ف عَ + ر$

سے ہمیں حسب ذیل مساواتیں ملتی ہیں:-

$$ا_۵ = ق_۳ اَ_۳$$
$$ا_۴ = ق_۳ اَ_۲ + ق_۲ اَ_۳$$
$$ا_۳ = ق_۳ اَ_۱ + ق_۲ اَ_۲ + ق_۱ اَ_۳$$
$$ا_۲ = ق_۳ اَ_۰ + ق_۲ اَ_۱ + ق_۱ اَ_۲ + ر_۲$$
$$ا_۱ = ق_۲ اَ_۰ + ق_۱ اَ_۱ + ر_۱$$
$$ا_۰ = ق_۱ اَ_۰ + ر_۰$$

دفعہ ۱۴۴ کی بموجب حل کرنے سے ق۰، ق۱، ق۲ کو پہلی تین مساواتوں کے ذریعہ مقطعات کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ اور پہلی تین مساواتوں کے ساتھ باری باری سے باقی ہر ایک مساوات کو لینے سے ر۰، ر۱، ر۲ متعین ہو سکتے ہیں۔ مثلاً ر۳ معلوم کرنیکے لئے پہلی چار مساواتوں سے ہم حاصل کرتے ہیں

$$\begin{vmatrix} ا_0 & . & . & -ا_3 \\ ا_1 & ا_0 & . & -ا_4 \\ ا_2 & ا_1 & ا_0 & -ا_5 \\ ا_3 & ا_2 & ا_1 & -ا_6+ب_3 \end{vmatrix} = . \text{ یعنی } ا_0 ر_3 = \begin{vmatrix} ا_0 & . & . & ا_3 \\ ا_1 & ا_0 & . & ا_4 \\ ا_2 & ا_1 & ا_0 & ا_5 \\ ا_3 & ا_2 & ا_1 & ا_6 \end{vmatrix}$$

۳۸ — اگر جفت درجہ ۲م کے ایک کثیر الارقام کو ایک دو درجی سے تقسیم کیا جائے تو خارج قسمت کے اور باقی کے سروں کی عام اشکال معلوم کرو دئے ہوئے دو درجی کو لا۲ + عہ لا + بہ لینے سے ہمیں متماثلہ ملتی ہے

$$ا_0 لا^{2م} + ا_1 لا^{2م-1} + ا_2 لا^{2م-2} + \ldots\ldots + ا_{2م-2} لا^2 + ا_{2م-1} لا + ا_{2م}$$

$$\equiv (ق_0 لا^{2م-2} + ق_1 لا^{2م-3} + \ldots + ق_{2م-3} لا + ق_{2م-2})(لا^2 + عہ لا + بہ)$$
$$+ ر_0 لا + ر_1$$

اب ق۰، ق۱، ق۲، ... ق ر کو حاصل کرنیکے لئے پچھلی مثال کی طرح پہلی (ر + ۱) مساواتوں کو لکھنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ ان مساواتوں سے اخذ کردہ ق ر کی قیمت ر ویں رتبہ کا ایک مقطع ہے جسکی شکل مثال ۳۶ کے مقطع جیسی ہے اور اسکا اوپر کا حاشیہ عناصر ا۰، ۰، ۰، ..... ۰، ا ر پر مشتمل ہے اور بائیں طرف کا حاشیہ عناصر ا۰، ا۱، ..... ا ر پر۔ اس مقطع کو آخری ستون کی رقوم میں پھیلانے سے یہ فوراً معلوم ہوتا ہے کہ کوئی خارج قسمت مثال ۳۶ کے مقطعات کے ایک سلسلہ کے ذریعہ شکل ذیل میں بیان ہوتا ہے:-

(54) $\Delta_ر = ا_ر \Delta_{ر-1} + ا_{ر-1} \Delta_{ر-2} - ا_{ر-2} \Delta_{ر-3} + \cdots \cdots \mp ا_1 \Delta_0 \pm \Delta_{ر-1}$

جہاں اوپر کی یا نیچے کی علامت لینی چاہیئے بموجب اسکے کہ ر جفت یا طاق ہو۔ باقی کے سروں کو حاصل کرنے کے لئے مساواتیں ہیں

$$ب ق^2_{م-3} + عہ ق^2_{م-2} + د = ا^2_{م-1}$$

$$ب ق^2_{م-2} + ر = ا^2_م$$

$ق^2_{م-3}$، $ق^2_{م-2}$ کی قیمتوں کو اوپر کے ثابت شدہ ضابطہ سے بیان کرنے اور مثال ۳۶ کے نتیجوں کو پیش نظر رکھنے سے ہمیں ب اور ر کے لئے حسب ذیل عام اشکال حاصل ہوتی ہیں :-

$$ب = ا^2_{م-1} + ا^2_{م-2} ب + ا^2_{م-3} ب^2 + ا^2_{م-4} ب^3 + \cdots + ا^2_2 ب^{م-2} + ا^2_1 ب^{م-1}$$

$$ر = ا^2_م + ب ا^2_{م-2} ب + ب ا^2_{م-4} ب^2 + \cdots \cdots + ب ا^2_2 ب^{م-1} + ب ب^م$$

جنمیں سر $ا_ب$ سب کے سب عہ کے تفاعل ہیں اور کسی سر $ا_{اب}$ میں عہ کی بڑی سی بڑی قوت اُس لاحقہ سے تعبیر کیگئی ہے جو اسکے سر کے ساتھ لگایا گیا ہے۔

۳۹ — اگر ایک متشاکل مقطع کے صدر عناصر میں سے ہر ایک میں ایک ہی مقدار لا کا اضافہ کیا جائے تو اس طور پر حاصل شدہ مقطع کو صفر کے مساوی رکھنے سے لا میں جو مساوات ملتی ہے اسکی سب اصلیں حقیقی ہوتی ہیں۔

فرض کرو کہ زیر بحث ن دیں رتبہ کا متشاکل مقطع $\Delta_ن$ سے تعبیر ہوتا ہے

اور شکل

$$\Delta_{ن} \equiv \begin{vmatrix} ا + لا & ھ & گ & . & . \\ ھ & ب + لا & ف & . & . \\ گ & ف & ج + لا & . & . \\ . & . & . & . & . \\ . & . & . & . & . \end{vmatrix}$$

میں لکھا گیا ہے۔

فرض کرو کہ پہلی صف اور پہلے ستون کو خارج کر دینے سے جو مقطع حاصل ہوتا ہے اسکو یعنے $\Delta_{ن}$ کے پہلے صدر صغیر کو $\Delta_{ن-۱}$ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اسی طرح $\Delta_{ن-۱}$ کا پہلا صدر صغیر $\Delta_{ن-۲}$ سے تعبیر ہوتا ہے اور $\Delta_{ن-۲}$ کا پہلا صدر صغیر $\Delta_{ن-۳}$ سے اور علیٰ ہذا القیاس۔ اس طور پر حاصل کردہ آخری تفاعل $\Delta_{۱}$، ل + لا شکل کا ہوگا۔ ان مقطعوں کے ساتھ ہم ایک اور مقطع $\Delta_{۰} = ۱$ لیتے ہیں جسکے متعلق یہ تصور کیا جا سکتا ہے کہ وہ صغیروں کے سلسلہ کو مکمل کرتا ہے اور اسی طرح کے عمل سے حاصل ہوا ہے کیونکہ $\Delta_{ن}$ کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اگر ہم ایک صف اور ایک ستون کا ایسا حاشیہ لگا دیں جو بالکلیہ صفر عنصروں پر مشتمل ہو سوا ے ایک عنصر + ۱ کے جو صدر وتر میں واقع ہوتا ہے۔ اب ہمیں ن + ۱ تفاعلوں کا یہ سلسلہ ملیگا

$$\Delta_{ن}، \Delta_{ن-۱}، \Delta_{ن-۲}، \ldots، \Delta_{۲}، \Delta_{۱}، \Delta_{۰}.$$

جنکے درجے (لا میں) لاحقوں سے تعبیر ہوتے ہیں۔ جب اس سلسلہ میں لا کی بجائے + ∞ درج کیا جاتا ہے تو علامتیں سب کی سب مثبت ملتی ہیں اور جب − ∞ درج کیا جاتا ہے تو علامتیں ($\Delta_{۰}$ سے شروع کرکے) متبادلاً مثبت اور منفی ہیں۔ پس اگر لا کو مسلسل بڑھتا ہوا تصور کیا جائے تو لا کے − ∞ سے + ∞ تک جانے میں اس سلسلہ میں علامت کی

ن تبدیلیاں کم ہو جاتی ہیں ۔ اب دفعہ ۱۴۹ کے مسئلہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لا کی وہ قیمت جو اس سلسلہ کے کسی تفاعل کو ($\Delta_ن$، Δ کو چھوڑ کر) صفر بناتی ہے اس تفاعل کے دونوں طرف کے متصل تفاعلوں کو مختلف العلامت کر دیتی ہے ۔ Δ اپنی علامت برقرار رکھتا ہے ۔ پس دفعہ ۹۶، (۲) کی طرح یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ علامت کی کوئی تبدیلی کم نہیں ہو سکتی سوائے اس صورت کے جب، لا، $\Delta_ن$ = ۰ کی ایک حقیقی اصل میں سے گذرے ۔ اسلئے اس مساوات کی ن حقیقی اصلیں موجود ہونی چاہئیں تاکہ $-\infty$ سے $+\infty$ تک گذرنے میں علامت کی ن تبدیلیاں کم ہو سکیں ۔

(66) اس سلسلہ کی کوئی مساوات چونکہ اسی شکل کی ہے جو شکل کہ $\Delta_ن$ = ۰ کی ہے اس لئے اسکی تمام اصلیں حقیقی ہیں ۔ نیز یہ بھی ظاہر ہے کہ ان میں سے ہر مساوات (سلسلہ میں) اپنے سے اوپر کی مساوات کے حوالے سے ایک انتہائی مساوات ہے ۔ کیونکہ $\Delta_ن$ کی ہر دو متصلہ اصلوں میں سے گزرنے میں $\Delta_ن$ اور $\Delta_{ن-۱}$ کے درمیان علامت کی ایک تبدیلی کم ہونیکے لئے $\Delta_{ن-۱}$ کی قیمت کو لا کی ان قیمتوں کے درمیان علامت بدلنی چاہیئے ۔

مساوات $\Delta_ن$ = ۰ میں مساوی اصلیں ہو سکتی ہیں اور جو کچھ اوپر ثابت ہوا اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب اس مساوات کی ر اصلیں عہ کے مساوی ہوں تو مساوات $\Delta_{ن-۱}$ = ۰ کی (ر - ۱) اصلیں عہ کے مساوی ہیں،

مساوات $\Delta_{ن-۲}$ = ۰ کی (ر - ۲) اصلیں عہ کے مساوی ہیں اور علیٰ ہذا القیاس ۔

یہ مقطع جسپر یہاں بحث کیگئی ہے نظری اور عملی ریاضیات کی متعدد تحقیقاتوں میں واقع ہوتا ہے ۔ زیر بحث اہم خاصیت کا جو ثبوت یہاں دیا گیا ہے وہ سامن (Salmon) کی *Higher Algebra* (دفعہ ۴۶) سے لیا گیا ہے

اور طالب علم کو اس مسئلہ کے دیگر ثبوتوں کے لئے اسکا حوالہ دیا جاتا ہے۔

۴۰ — اگر پچھلی مثال کے مقطع میں ر اصلیں عہ کے مساوی ہوں تو ثابت کرو کہ ہر پہلے صغیر میں (ر — ۱) اصلیں عہ کے مساوی ہیں، ہر دوسرے صغیر میں (ر — ۲) اصلیں عہ کے مساوی ہیں، اور علیٰ ہذا۔

متکافی مقطع کے عناصر کے لئے ترقیم ا، ھ، گ، ..... استعمال کرنے سے ہمیں مساوات ملتی ہے

$$\text{ا ب} - \text{ھ}^{2} = \Delta_{\text{ن}-2} \Delta_{\text{ن}}$$

اب صفوں اور ستونوں کے مناسب انتقال کے ذریعہ یہ آسانی کیساتھ دیکھ لیا جا سکتا ہے کہ ہر صدر پہلے صغیر میں ضعفی اصل عہ، ر — ۱ مرتبہ شامل ہوتی ہے۔ اوپر لکھی ہوئی مساوات سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ صغیر ھ میں یہ اصل ر — ۱ مرتبہ شامل ہونی چاہئے اور یہ ظاہر ہے کہ کسی پہلے صغیر کو تعبیر کرنیکے لئے ھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

۴۱ — وہ شرطیں معلوم کرو کہ مساوات

$$\begin{vmatrix} \text{ا} + \text{لا} & \text{ھ} & \text{گ} \\ \text{ھ} & \text{ب} + \text{لا} & \text{ف} \\ \text{گ} & \text{ف} & \text{ج} + \text{لا} \end{vmatrix} \equiv 0$$

میں مساوی اصلیں ہوں۔

چونکہ ہر پہلے صغیر میں دوہری اصل شامل ہونی چاہئے ہم فوراً مطلوبہ شرطیں شکل ذیل میں اخذ کرتے ہیں:۔

$$\text{ا} - \frac{\text{گ}\,\text{ھ}}{\text{ف}} = \text{ب} - \frac{\text{ھ}\,\text{ف}}{\text{گ}} = \text{ج} - \frac{\text{ف}\,\text{گ}}{\text{ھ}}$$

[یہ اور اس سے پہلے کی مثال راؤتھ کی "Dynamics of a system of Rigid Bodies" حصۂ دوم دفعہ ۶۱ سے لی گئی ہیں۔]

۴۲ — کسی متشاکل مقطع کو اس طور پر بدلا جا سکتا ہے کہ مزدوج

عنصروں کے کسی منتخبہ زوج میں سے ہر ایک عنصر صفر کے مساوی ہو اور مقطع متشاکل ہی رہے۔

مثلاً اُس مقطع پر غور کرو جو پچھلی مثال میں لا = ۰ رکھنے سے حاصل ہوتا ہے اور فرض کرو کہ عنصر گ کا علٰحدہ کرنا یعنے اسکو صفر کے مساوی بنانا مطلوب ہے۔ تیسرے ستون کے ہر عنصر کو ا سے ضرب دو (اور اسکے ساتھ ہی پورے مقطع کو ا سے تقسیم کرو) اور اس طور پر تبدیل شدہ عناصر میں سے پہلے ستون کے عناصر کو گ سے ضرب دینے کے بعد تفریق کرو۔ (67)
اب متناظر صفوں کے ساتھ بھی یہی عمل کرو تو حاصل مقطع متشاکل ہوگا اور اسمیں گ کی بجائے صفر ہوگا۔ یہ عمل کسی رتبہ کے مقطع پر جاری ہو سکتا ہے اور پہلی صف اور پہلے ستون کے مفروض عناصر سب کے سب یکے بعد دیگرے علٰحدہ کئے جا سکتے ہیں اور من بعد بقیہ صفوں اور ستونوں کے عناصر بھی۔ بالآخر مقطع ایک ایسے مقطع میں تحویل کیا جا سکتا ہے جسکے سب عناصر سوائے صدر عنصروں کے معدوم ہوں۔

۴۳ ۔ ذیل کے کسی رتبہ کے مقطع کو ایسی شکل میں تحویل کرو کہ لا صرف صدر عناصر میں شامل ہو:۔

$$\begin{vmatrix} ا_۱ لا + ا'_۱ & ب_۱ لا + ب'_۱ & ج_۱ لا + ج'_۱ & \cdots \\ ا_۲ لا + ا'_۲ & ب_۲ لا + ب'_۲ & ج_۲ لا + ج'_۲ & \cdots \\ ا_۳ لا + ا'_۳ & ب_۳ لا + ب'_۳ & ج_۳ لا + ج'_۳ & \cdots \\ \cdots\cdots & \cdots\cdots & \cdots\cdots & \cdots \end{vmatrix}$$

اسکو مقطع (ا۱ ب۲ ج۳ ... ل ن) کے متکافی مقطع سے ضرب دو۔ اگر دیا ہوا مقطع متشاکل ہے تو اس سے اس طور پر اخذ کیا ہوا مقطع متشاکل نہیں ہوگا لیکن ایسی صورت میں ایک دوسرا مختلف عمل اختیار کیا جا سکتا ہے تاکہ دیا ہوا مقطع ایک متشاکل مقطع میں تحویل ہو اور لا صرف صدر

عناصر میں موجود ہو چنانچہ پچھلی مثال کے طریق عمل کے بالکل مشابہ طریقہ سے یکے بعد دیگرے مزدوج عناصر کے تمام زوجوں میں سے لا کے سروں کو علٰحدہ کیا جا سکتا ہے۔ اگر تحویل شدہ مقطع کے صدر عنصروں میں لا کے سروں کی علامتیں سب کی سب وہی ہوں تو مثال ۳۹ کی طرح یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ متناظر مساوات کی اصلیں سب کی سب حقیقی ہونگی۔

۴۴ — فرض کرو کہ ن دیں رتبہ کے ایک مقطع کو دو مستطیلی آراستوں میں تقسیم کیا گیا ہے ایک میں صفوں کی تعداد مہ ہے اور دوسرے میں نہ (جہاں مہ + نہ = ن) اور فرض کرو کہ مقطعات کو ضرب دینے میں جو عمل اختیار کیا جاتا ہے اسی عمل سے ان دو آراستوں سے حاصل ضربوں کے مہ نہ مجموعے بنائے گئے ہیں۔ تب اگر عناصر کے درمیان ایسے رشتے موجود ہوں کہ حاصل ضربوں کے یہ مجموعے علٰحدہ علٰحدہ معدوم ہوتے ہیں تو پہلے آراستے سے بننے والے مہ رتبے کے مقطعات دوسرے آراستے کے متمم عناصر سے بننے والے نہ رتبے کے مقطعات کے متناسب ہونگے۔

تفہیم کی خاطر ہم پانچویں رتبہ کا ایک مقطع لیتے ہیں لیکن ثبوت کا طرز بالکلیہ عام ہے۔ فرض کرو کہ مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا_1 & ا_2 & ا_3 & ا_4 & ا_5 \\ ب_1 & ب_2 & ب_3 & ب_4 & ب_5 \\ ج_1 & ج_2 & ج_3 & ج_4 & ج_5 \\ لا_1 & لا_2 & لا_3 & لا_4 & لا_5 \\ ما_1 & ما_2 & ما_3 & ما_4 & ما_5 \end{vmatrix}$$

کو دو آراستوں میں اتفاقاً توڑ دیا گیا ہے ایک میں تین صفیں ہیں اور (68)
دوسرے میں دو۔ فرض کرو کہ حسب ذیل چھ رشتے موجود ہیں:—

$$\Sigma ا لا = ۰،\ \Sigma ا ما = ۰،\ \Sigma ب لا = ۰،\ \Sigma ب ما = ۰،\ \Sigma ج لا = ۰،\ \Sigma ج ما = ۰$$

اب اگر Δ کو لاپلاس کے مسئلہ سے پھیلایا جائے اور صغیر مقطعات اس طور پر لئے جائیں کہ پھیلاؤ میں داخل ہونیوالی علامتیں سب کی سب مثبت ہوں (اور یہ آسانی کے ساتھ کیا جا سکتا ہے) یعنی اگر پھیلاؤ

$$\Delta \equiv (ا_1 ب_2 ج_3)(لا_4 مە_5) + (ا_1 ب_3 ج_4)(لا_2 مە_5) + (ا_1 ب_4 ج_5)(لا_2 مە_3) + \dots$$

ہو تو یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ تیسرے رتبہ کا ہر صغیر مقطع جو پہلے آراستے سے بنتا ہے اُس مقطع کے متناسب ہے جو مندرجۂ بالا Δ کے پھیلاؤ میں اسکے ساتھ جزو ضربی کے طور پر شریک ہے۔

سہولت کے مدنظر Δ کے مندرجہ بالا پھیلاؤ کے لئے ہم ذیل کی ترقیم استعمال کرتے ہیں:۔

$$\Delta \equiv لَ لَ + مَ مَ + نَ نَ + پَ پَ + \dots$$

مقطع Δ کا مربع لینے، اوپر کے رشتوں کو استعمال کرنے اور ہر ترکیبی آراستے کا جداگانہ طور پر مربع لینے سے جو مقطعات حاصل ہوں انکی بجائے اُنکی قیمتیں رکھنے، اور اس طور پر حاصل کردہ Δ^2 کی دو قیمتوں کو مساوی رکھنے سے ہم حاصل کرتے ہیں

$$(لَ لَ + مَ مَ + نَ نَ + \dots)^2 = (لَ^2 + مَ^2 + نَ^2 + \dots)(لَ^2 + مَ^2 + \dots)$$

اور اس سے

$$(لَ مَ - لَ مَ)^2 + (لَ نَ - لَ نَ)^2 + (مَ نَ - مَ نَ)^2 + \dots = 0$$

اور اس سے ہم فوراً حاصل کر لیتے ہیں

$$\frac{لَ}{لَ} = \frac{مَ}{مَ} = \frac{نَ}{نَ} = \frac{پَ}{پَ} = \dots$$

۴۵ — چوتھے رتبہ کے ایک مقطع کو مساوی طور پر پچھلی مثال کی طرح دو مستطیلی آراستوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور وہی شرطیں پوری ہوتی ہیں اس مقطع سے بننے والے دوسرے رتبہ کے صغیروں کے درمیان

جو رشتے موجود ہیں انکو معلوم کرو۔

ہم چوتھے رتبہ کا عام مقطع

$$\Delta \equiv \begin{vmatrix} ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ & د_۱ \\ ا_۲ & ب_۲ & ج_۲ & د_۲ \\ ا_۳ & ب_۳ & ج_۳ & د_۳ \\ ا_۴ & ب_۴ & ج_۴ & د_۴ \end{vmatrix}$$

لیتے ہیں اور اسکو پہلے لاپلاس کے مسئلہ سے پھیلاتے ہیں۔ یہاں یہ جتانا ضروری ہے کہ ایسے مقطع کو دوسرے رتبہ کے صغیروں کی رقوم میں پھیلانے کی ضرورت اکثر واقع ہوگی اسلئے طالب علم کو اسکا پھیلاؤ مثبت علامتوں کے ساتھ اچھی طرح ذہن نشین کرلینا چاہیئے پھیلاؤ یہ ہے

$$(ب_۱ ج_۲)(ا_۳ د_۴) + (ج_۱ ا_۲)(ب_۳ د_۴) + (ا_۱ ب_۲)(ج_۳ د_۴)$$

$$+ (ا_۱ د_۲)(ب_۳ ج_۴) + (ب_۱ د_۲)(ج_۳ ا_۴) + (ج_۱ د_۲)(ا_۳ ب_۴)$$

اسکو لکھنے کا طریقہ واضح ہے۔ جب چار حروف شامل ہوں تو اسی ترتیب کا لحاظ رکھا جائے جیسا کہ ہم نے پچھلے موقعوں پر کیا ہے۔

مثال ماسبق کی رو سے ہمیں ذیل کے رشتے ملتے ہیں:۔ (69)

$$\frac{(ب_۱ ج_۲)}{(ا_۳ د_۴)} = \frac{(ج_۱ ا_۲)}{(ب_۳ د_۴)} = \frac{(ا_۱ ب_۲)}{(ج_۳ د_۴)} = \frac{(ا_۱ د_۲)}{(ب_۳ ج_۴)} = \frac{(ب_۱ د_۲)}{(ج_۳ ا_۴)} = \frac{(ج_۱ د_۲)}{(ا_۳ ب_۴)}$$

بشرطیکہ حسب ذیل چار مساواتیں درست ہوں:۔

$$\Sigma ا_۱ ا_۳ = ۰ ،\quad \Sigma ا_۱ ا_۴ = ۰ ،\quad \Sigma ا_۲ ا_۴ = ۰ ،\quad \Sigma ا_۲ ا_۳ = ۰$$

ہم نے جو کچھ اوپر بیان کیا ہے اسکا ایک اہم استعمال ہندسہ مجسمات میں خط مستقیم کے چھ محددوں کی بحث میں ملیگا۔ (دیکھو سامن کا سہ بعادی ہندسہ تحلیلی طبع چہارم دفعہ ۵۷ ب)۔

یہاں یہ بتا دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ تیسرے رتبہ کے مقطع کے پھیلاؤ کو یکساں طور پر مثبت علامتوں کے ساتھ لکھ لینا سہولت کا باعث ہوتا ہے کیونکہ وہ کثرت سے عملی سوالات میں واقع ہوتا ہے۔ مثلاً مثال ماسبق کے مقطع ۵ میں آخری صف اور آخری ستون کو خارج کر دینے سے تیسرے رتبہ کا ایک مقطع حاصل ہوتا ہے۔ ہم اسکے پھیلاؤ کو ذیل میں لکھتے ہیں جسمیں شامل ہونیوالے تین حرفوں کو دائری ترتیب میں لیا گیا ہے:۔

$$(ا_۱ ب_۲ ج_۳) \equiv ا_۱ (ب_۲ ج_۳) + ب_۱ (ج_۲ ا_۳) + ج_۱ (ا_۲ ب_۳)$$

۴۶ ۔ (ن-۱) خطی متجانس مساواتوں سے ن متغیروں کی نسبتیں حاصل کرنیکے لئے دفعہ ۱۴۵ میں جو مساواتیں (۳) حاصل ہوئی تھیں انکو مثال ۴۴ کے مسئلہ کی مدد سے اخذ کرو۔

۴۷ ۔ دی ہوئی خطی مساواتوں کے ایک جٹ سے اقل مربعوں کے طریقہ کی رو سے مجہول مقداروں کی جو قیمتیں حاصل ہوتی ہیں ان کو مقطعات کی شکل میں بیان کرو۔

دی ہوئی مساواتوں کے متعلق جو تعداد میں مجہول مقداروں کی تعداد سے زیادہ ہیں یہ مان لیا جاتا ہے کہ وہ مشاہدے یا تجربہ کے نتیجہ کے طور پر حاصل ہوئی ہیں اور عددی سرجوانبیں داخل ہوتے ہیں مشاہدے کی غلطیوں کی وجہ سے پوری صحت کے ساتھ معلوم نہیں ہوتے۔ ایسی صورتوں میں مجہول مقداروں کی سب سے زیادہ قابل اعتماد قیمتیں اس طریقہ سے حاصل ہوتی ہیں جسکو اب ہم بیان کرینگے۔ اس طریقہ کو ہم "اقل مربعوں کا طریقہ" کہینگے۔ مثلاً تین مجہول مقداروں لا، ما، ی کے درمیان شکل ا_۱ لا + ب_۱ ما + ج_۱ ی = م_۱، ا_۲ لا + ب_۲ ما + ج_۲ ی = م_۲، وغیرہ کی پانچ مساواتیں لو۔ انکو علی الترتیب ل_۱، ل_۲، ل_۳، ل_۴، ل_۵ سے ضرب دو اور جمع کرو۔ پھر ب_۱، ب_۲، ب_۳، ب_۴، ب_۵ سے ضرب دو اور جمع کرو۔ اور پھر

$ج_1$، $ج_2$، $ج_3$، $ج_4$، $ج_5$ سے ضرب دو اور جمع کرو۔ اس طرح حسب ذیل تین مساواتیں حاصل ہوتی ہیں:۔

$$لا\Sigma\, ا_1^2 + ما\Sigma\, ا_1 ب_1 + ی\Sigma\, ا_1 ج_1 = \Sigma\, ا_1 م_1$$

$$لا\Sigma\, ا_1 ب_1 + ما\Sigma\, ب_1^2 + ی\Sigma\, ب_1 ج_1 = \Sigma\, ب_1 م_1$$

$$لا\Sigma\, ا_1 ج_1 + ما\Sigma\, ب_1 ج_1 + ی\Sigma\, ج_1^2 = \Sigma\, ج_1 م_1$$

اور ان سے بغیر کسی دقت کے حاصل ہوتا ہے

$$لا = \frac{(ا_1 ب_2 ج_3)(م_1 ب_2 ج_3) + (ا_1 ب_2 ج_4)(م_1 ب_2 ج_4) + \cdots + (ا_3 ب_4 ج_5)(م_3 ب_4 ج_5)}{(ا_1 ب_2 ج_3)^2 + (ا_1 ب_2 ج_4)^2 + \cdots + (ا_3 ب_4 ج_5)^2}$$

اور اسی طرح ما اور ی کیلئے متناظر قیمتیں ملجاتی ہیں۔ ان میں سے ہر قیمت میں شمار کنندہ میں دس اور نسب نما میں دس رقمیں شامل ہوتی ہیں۔

۴۸۔ بتاؤ کہ لا کی وہ قیمت جو پچھلی مثال میں دی گئی ہے اس طور پر حاصل ہو سکتی ہے کہ پہلی پانچ مساواتوں میں سے ہر تین کے جٹ سے ما اور ی کو ساقط کیا جائے اور پھر عمل اسقاط سے صرف لا میں جو دس مساواتیں حاصل ہوتی ہیں انپر اقل مربعوں کا طریقہ استعمال کیا جائے۔

چودھواں باب

(70)

اسقاط

۱۵۰ ــ **تعریفات** ۔ اگر ن مساواتوں کا ایک نظام، ن متغیروں کے درمیان متجانس یا (ن ـ ۱) متغیروں کے درمیان غیر متجانس دیا جائے اور اگر ہم ان مساواتوں کو اس طور پر ترکیب دیں کہ تمام متغیر ساقط ہو جائیں اور ایک مساوات ر = ۰ ایسی حاصل ہو کہ اس میں صرف دی ہوئی مساواتوں کے سر شامل ہوں تو ہم ر کو جب اسے منطق صحیح شکل میں بیان کیا جائے **حاصل اسقاط** کہینگے ۔

آیندہ کی بحث میں ہم خاص طور پر ان دو مساواتوں پر زور دینگے جنمیں صرف ایک مجہول مقدار لا شامل ہوتی ہے ۔ اس صورت میں مساوات ر = ۰ اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ یہ دو مساواتیں ہم آہنگ ہیں یعنی یہ دونوں مساواتیں لا کی ایک مشترک قیمت سے پوری ہوتی ہیں ۔ اب ہم یہ بتائینگے کہ عمل اسقاط کس طرح کیا جا سکتا ہے تاکہ مقدار ر حاصل ہو جائے اور اس کے ساتھ ہی مثالوں کے ذریعہ ہم مختلف طریقوں کی توضیح کرینگے ۔ یہ دیکھنا ضروری ہے کہ اسقاط کے بعض اعمال سے ر کی جس قیمت پر ہم پہنچتے ہیں اس میں ایک ضرورت سے زیادہ جزو ضربی شامل ہوتا ہے ۔

اسقاط کا وہ طریقہ جسمیں متشاکل تفاعلوں سے مدد لیجاتی ہے

کی ایک ایسی قیمت کی طرف رہبری کرتا ہے جسمیں اس قسم کا جزو ضربی شامل نہیں ہوتا اور اسلئے حاصل استقاط کی ٹھیک تعریف کے لئے دفعہ آیندہ کی بحث کے آخری حصہ کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

فرض کرو کہ مساواتوں

$$ا لا^۲ + ۲ ب لا + ج = ۰ ,$$

$$اَ لا^۲ + ۲ بَ لا + جَ = ۰$$

سے لا کو ساقط کرنا مطلوب ہے۔

اِن مساواتوں کو حل کرنے اور اس طور پر حاصل کردہ لا کی قیمتوں کو مساوی رکھنے سے حاصل استقاط غیر منطق شکل

$$- \frac{ب}{ا} + \frac{\sqrt{ب^۲ - ا ج}}{ا} = - \frac{بَ}{اَ} + \frac{\sqrt{بَ^۲ - اَ جَ}}{اَ}$$

میں معلوم ہوتا ہے۔ اسکو ا اَ سے ضرب دینے سے ہم حاصل کرتے ہیں (۲۱)

$$ا بَ - اَ ب = ا \sqrt{ب^۲ - ا ج} - اَ \sqrt{بَ^۲ - اَ جَ}$$

طرفین کا مربع لینے اور غیر ضروری جزو ضربی ا اَ سے تقسیم کرنے اور پھر مربع لینے سے ہم معلوم کرتے ہیں

$$ر = ۴ (ا ج - ب^۲) (اَ جَ - بَ^۲) - (ا جَ + اَ ج - ۲ ب بَ)^۲$$

حاصل استقاط کو اخذ کرنے کا یہ طریقہ عملاً بہت محدود ہے کیونکہ عام طور پر یہ ممکن نہیں کہ چوتھے درجہ سے اعلیٰ تر درجہ والی مساوات کی اصل کو ایک جبریہ ضابطہ سے بیان کیا جائے۔ اسلئے مساواتوں کو پہلے حل کرنیکے بغیر حاصل استقاط کو متعین کرنیکے لئے دوسرے طریقے تجویز کئے گئے ہیں۔ اب ہم استقاط کا وہ طریقہ بیان کرتے ہیں جسمیں مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعلوں سے مدد لیجاتی ہے۔

۱۵۱۔ متشاکل تفاعلوں کی مدد سے اسقاط۔ فرض کرو کہ م دیں اور ن دیں درجوں کی دو جبریہ مساواتیں ہیں

$$\text{فہ}(\text{لا}) \equiv \text{ا}_{\text{م}}\,\text{لا}^{\text{م}} + \text{ا}_{\text{م}-1}\,\text{لا}^{\text{م}-1} + \text{ا}_{\text{م}-2}\,\text{لا}^{\text{م}-2} + \dots + \text{ا}_{0} = 0$$

$$\text{پہ}(\text{لا}) \equiv \text{ب}_{\text{ن}}\,\text{لا}^{\text{ن}} + \text{ب}_{\text{ن}-1}\,\text{لا}^{\text{ن}-1} + \text{ب}_{\text{ن}-2}\,\text{لا}^{\text{ن}-2} + \dots + \text{ب}_{0} = 0$$

اور فرض کرو کہ وہ شرط معلوم کرنا مطلوب ہے کہ ان مساواتوں کی ایک مشترک اصل ہو۔ اس مقصد کے لئے فرض کرو کہ مساوات فہ(لا)=۰ کی اصلیں عہ۱، عہ۲، ...، عہم ہیں۔ اگر دی ہوئی مساواتوں میں ایک مشترک اصل ہو تو یہ ضروری اور کافی ہے کہ مقداروں

$$\text{پہ}(\text{عہ}_{1}),\ \text{پہ}(\text{عہ}_{2}),\ \dots,\ \text{پہ}(\text{عہ}_{\text{م}})$$

میں سے ایک صفر ہونی چاہئے یا دوسرے الفاظ میں حاصل ضرب

$$\text{پہ}(\text{عہ}_{1})\ \text{پہ}(\text{عہ}_{2})\ \dots\ \text{پہ}(\text{عہ}_{\text{م}})$$

معدوم ہونا چاہئے۔ اس حاصل ضرب کو سروں کے ایک منطق اور صحیح تفاعل میں تحویل کرو جو ہمیشہ ممکن ہے کیونکہ وہ، مساوات فہ(لا)=۰ کی اصلوں کا ایک متشاکل تفاعل ہے۔ اس طرح مطلوبہ حاصل اسقاط مل جائیگا۔ نیز اگر مساوات پہ(لا)=۰ کی اصلیں بہ۱، بہ۲، بہ۳، ... بہن ہوں تو

$$\text{پہ}(\text{عہ}_{1}) = \text{ب}_{\text{ن}}(\text{عہ}_{1}-\text{بہ}_{1})(\text{عہ}_{1}-\text{بہ}_{2})\dots(\text{عہ}_{1}-\text{بہ}_{\text{ن}})$$

$$\text{پہ}(\text{عہ}_{2}) = \text{ب}_{\text{ن}}(\text{عہ}_{2}-\text{بہ}_{1})(\text{عہ}_{2}-\text{بہ}_{2})\dots(\text{عہ}_{2}-\text{بہ}_{\text{ن}})$$

$$\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots$$

$$\text{پہ}(\text{عہ}_{\text{م}}) = \text{ب}_{\text{ن}}(\text{عہ}_{\text{م}}-\text{بہ}_{1})(\text{عہ}_{\text{م}}-\text{بہ}_{2})\dots(\text{عہ}_{\text{م}}-\text{بہ}_{\text{ن}})$$

اگر ہم بائیں طرف کے م ن اجزائے ضربی کی علامتیں بدل دیں اور (72)

اِن مساواتوں کی متناظر طرفوں کو باہم ضرب دیں اور ایک ہی ستون میں واقع ہونیوالے اجزائے ضربی کو ایکساتھ رکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ

$$\text{لُ}^{\text{ن}}\,\text{پہ}\,(\text{عم})\,\text{پہ}\,(\text{عم})\,\ldots\,\text{پہ}\,(\text{عم}) = (-1)^{\text{ن}}\,\text{مُ}^{\text{ن}}\,\text{فہ}\,(\text{بم})\,\text{فہ}\,(\text{بم})\,\ldots\,\text{فہ}\,(\text{بن})$$

اس لئے ہم لے سکتے ہیں

$$\text{ر} = (-1)^{\text{ن}}\,\text{مُ}^{\text{ن}}\,\text{فہ}\,(\text{بم})\,\text{فہ}\,(\text{بم})\,\ldots\,\text{فہ}\,(\text{بن}) \div \text{لُ}^{\text{ن}}\,\text{پہ}\,(\text{عم})\,\text{پہ}\,(\text{عم})\,\ldots\,\text{پہ}\,(\text{عم})$$

کیونکہ ر کی یہ دونوں قیمتیں فہ (لا) اور پہ (لا) کے سروں کے صحیح تفاعل ہیں جو صرف اسوقت صفر ہوتے ہیں جبکہ فہ (لا) اور پہ (لا) میں ایک مشترک جزو ضربی ہو اور وہ متماثل ہوتے ہیں جب اِن کو سروں کی رقوم میں بیان کیا جاتا ہے۔

۱۵۲۔ حاصل اسقاط کی خاصیتیں۔ (۱) دو مساواتوں کے سروں میں اِن مساواتوں کے حاصل اسقاط ر کا رتبہ مساواتوں کے درجوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتا ہے اور اِس میں پہلی مساوات کے سر دوسری مساوات کے درجہ میں اور دوسری مساوات کے سر پہلی مساوات کے درجہ میں داخل ہوتے ہیں۔

یہ ہم دفعہ ۱۵۱ (۱) میں ر کی دونوں شکلوں کی نظر ثانی کرنے سے دیکھ سکتے ہیں کیونکہ اسکی پہلی شکل میں $\text{ا}_{\text{ن}}, \text{ا}_{\text{ن}-1}, \ldots, \text{ا}_{\text{م}}$ ن ویں درجہ میں داخل ہوتے ہیں اور اسکی دوسری شکل میں $\text{ب}_{\text{م}}, \text{ب}_{\text{م}-1}, \ldots, \text{ب}_{\text{ن}}$ م ویں درجہ میں داخل ہوتے ہیں۔ نیز یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ دو ارقام جبکہ ہر جملہ میں سے ایک کا انتخاب کیا جائے $(-1)^{\text{ن}}\,\text{مُ}^{\text{ن}}$ اور $\text{لُ}^{\text{ن}}$ ہیں

(۲) اگر دونوں مساواتوں کی اصلوں کو ایک ہی مقدار غہ سے ضرب دیا جائے تو حاصل اسقاط غہ^{ن} سے ضرب کھا جاتا ہے۔

یہ نتیجہ ظاہر ہے کیونکہ عق - بق شکل کے م ن اجزائے ضربی میں سے کوئی ایک غہ (عق - بق) ہے اور اسلئے غہ^{من} حاصل اسقاط کو تقسیم کرتا ہے۔ اس سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ حاصل اسقاط کا وزن م ن ہے اور اسی شکل میں اس مسئلہ کو اکثر بیان کیا جاتا ہے

(۳) اگر دونوں مساواتوں کی اصلوں میں ایک ہی مقدار کا اضافہ کیا جائے تو اس طور پر تحویل شدہ مساواتوں کا حاصل اسقاط اصلی مساواتوں کے حاصل اسقاط کے مساوی ہوتا ہے۔

کیونکہ

$$\pm ر = أ^{ن} ب^{م} \Pi (عق - بق)$$

جہاں Π سے مراد عق - بق شکل کے م ن ارقام کا مسلسل حاصل ضرب ہے اور یہ حاصل ضرب نہیں بدلتا اگر عق اور بق میں ایک ہی مقدار کا اضافہ کیا جائے۔

(۴) اگر اصلوں کو انکے متکافیوں میں بدل دیا جائے تو تحویل شدہ مساواتوں سے ر کی جو قیمت حاصل ہوتی ہے وہ غیر متغیر رہتی ہے لیکن اگر م ن ایک طاق عدد ہو تو صرف علامت بدل جاتی ہے۔ (73)

$$ر = أ^{ن} ب^{م} \Pi (عق - بق)$$

میں اس استحالہ کا عمل کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{ر}' = \text{ا}_{\text{م}}^{\text{ن}} \text{ب}_{\text{ن}}^{\text{م}} (-1)^{\text{م ن}} \frac{\Pi (\text{عی} - \text{بق})}{(\text{عم} - \text{عم}_1) \cdots (\text{عم} - \text{عم}_{\text{م}})^{\text{ن}} (\text{بہ}_1 - \text{بہ}_2) \cdots (\text{بہ}_1 - \text{بہ}_{\text{ن}})^{\text{م}}}$$

لیکن $\text{عم}_1 \cdots \text{عم}_{\text{م}} = (-1)^{\text{م}} \frac{\text{ا}_{\text{م}}}{\text{ا}_0}$، $\text{بہ}_1 \cdots \text{بہ}_{\text{ن}} = (-1)^{\text{ن}} \frac{\text{ب}_{\text{ن}}}{\text{ب}_0}$

اسلئے

$$\text{ر}' = \text{ا}_{\text{م}}^{\text{ن}} \text{ب}_{\text{ن}}^{\text{م}} (-1)^{\text{م ن}} \Pi (\text{عی} - \text{بق}) = (-1)^{\text{م ن}} \text{ر}$$

اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ دو مساواتوں کے حاصل استقاط میں ایسے تمام سروں کو جنکے لاحقے ایک دوسرے کے متمم ہیں مثلاً $(\text{ا}_0, \text{ا}_{\text{م}})$، $(\text{ا}_1, \text{ا}_{\text{م}-1})$ وغیرہ کو حاصل استقاط کی قیمت بدلے بغیر ایک دوسرے کی جگہ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

(۵) اگر دونوں مساواتوں کو ہم رسم استحالہ سے مستحیل کیا جائے یعنی اگر لا کی بجائے

$$\frac{\text{لہ لا} + \text{مہ}}{\text{لَ لا} + \text{مَ}}$$

درج کیا جائے اور ہر مفرد جزو ضربی کو لَ لا + مَ سے ضرب دیا جائے تاکہ نئی مساوائیں صحیح (Integral) ہو جائیں تو نیا حاصل استقاط $\text{ر}' = (\text{لہ مَ} - \text{لَ مہ})^{\text{م ن}} \text{ر}$۔

اسکو ثابت کرنیکے لئے ہم جانتے ہیں کہ

$$\text{فہ (لا)} = \text{ا}_0 (\text{لا} - \text{عم}_1)(\text{لا} - \text{عم}_2) \cdots (\text{لا} - \text{عم}_{\text{م}})$$

$$\text{پہ (لا)} = \text{ب}_0 (\text{لا} - \text{بہ}_1)(\text{لا} - \text{بہ}_2) \cdots (\text{لا} - \text{بہ}_{\text{ن}})$$

نیز لا - عر ہو جاتا ہے $(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عر}})\left(\text{لا} - \frac{\text{مہ}_{\text{عر}} - \text{مہ}}{\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عر}}}\right)$

لا - بر ہو جاتا ہے $(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بر}})\left(\text{لا} - \frac{\text{مہ}_{\text{بر}} - \text{مہ}}{\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بر}}}\right)$

اب ہر مساوات کے تمام اجزائے ضربی کو باہم ضرب دینے سے

$\text{ا}^{\text{ل}}$ ہو جاتا ہے $(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عر}})(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عر}}) \ldots\ldots (\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عم}})$

ب ہو جاتا ہے ب $(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بر}})(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بر}}) \ldots\ldots (\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بن}})$

(74) نیز چونکہ عر اور بر، $\frac{\text{مہ}_{\text{عر}} - \text{مہ}}{\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عر}}}$ اور $\frac{\text{مہ}_{\text{بر}} - \text{مہ}}{\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بر}}}$ میں تحویل ہو جاتے ہیں

اسلئے عر - بر ہو جاتا ہے $\frac{(\text{لہ مہ} - \text{لہ}_{\text{مہ}})(\text{عر} - \text{بر})}{(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{عر}})(\text{لہ} - \text{لہ}_{\text{بر}})}$

اسلئے $\text{ا}^{\text{ل}}$ ب$^{\text{م}}$ Π (عر - بر) ہو جاتا ہے $\text{ا}^{\text{ل}}$ ب$^{\text{م}}$ $(\text{لہ مہ} - \text{لہ}_{\text{مہ}})^{\text{ن}}$ Π (عر - بر)

یعنے فہ (لا) اور یہ (لا) کی نئی شکلوں سے جو حاصل اسقاط محسوب ہوا ہے وہ

$(\text{لہ مہ} - \text{لہ}_{\text{مہ}})^{\text{ن}}$ ر

ہے۔

اس مسئلہ میں پچھلے تین مسئلے شامل ہیں اور وہ مجموعی طور پر اس مسئلہ کے معادل ہیں۔

۱۵۳ — یولر کا اسقاط کا طریقہ — اگر م دیں اور ن دیں درجوں کی دو مساواتوں فہ (لا) = ۰ اور یہ (لا) = ۰ میں کوئی مشترک اصل طہ ہو تو ہم مان سکتے ہیں

$$فہ (لا) \equiv (لا - طہ) فہ_{۱} (لا)$$
$$پہ (لا) \equiv (لا - طہ) پہ_{۱} (لا)$$

جہاں $فہ (لا) \equiv ف_{۱} لا^{م-۱} + ف_{۲} لا^{م-۲} + \ldots\ldots + ف_{م}$

$$پہ (لا) \equiv ق_{۱} لا^{ن-۱} + ق_{۲} لا^{ن-۲} + \ldots\ldots + ق_{ن}$$

اور سر طہ پر منحصر ہونیکی وجہ سے غیر معین ہیں۔
اوپر کی دو متماثلہ مساواتوں سے

$$فہ (لا) \; پہ_{۱} (لا) \equiv فہ_{۱} (لا) \; پہ (لا)$$

جو (م + ن - ۱) ویں درجہ کی ایک متماثلہ مساوات ہے۔ اب اس مساوات کی طرفین میں لا کی مختلف قوتوں کے سروں کو مساوی رکھنے سے (م + ن) مقداروں $ف_{۱}، ف_{۲}، \ldots ف_{م}، ق_{۱}، ق_{۲}، \ldots ق_{ن}$ میں پہلے درجہ کی (م + ن) متجانس مساواتیں ملتی ہیں اور ان مقداروں کو دفعہ ۱۴۵ کے طریقہ سے ساقط کیا جائے تو دی ہوئی دو مساواتوں کا حاصل استقاط ایک مقطع کی شکل میں حاصل ہوتا ہے۔

مثال

(75) فرض کرو کہ دو مساواتوں

$$ا_{۱} لا^{۲} + ب_{۱} لا + ج_{۱} = ۰، \; ا_{۲} لا^{۲} + ب_{۲} لا + ج_{۲} = ۰$$

میں ایک اصل مشترک ہے۔ تب متماثلاً

$$(ق_{۱} لا + ق_{۲}) (ا_{۱} لا^{۲} + ب_{۱} لا + ج_{۱}) \equiv (ف_{۱} لا + ف_{۲}) (ا_{۲} لا^{۲} + ب_{۲} لا + ج_{۲})$$

یا $(ق_{۱} ا_{۱} - ف_{۱} ا_{۲}) لا^{۳} + (ق_{۱} ب_{۱} + ق_{۲} ا_{۱} - ف_{۱} ب_{۲} - ف_{۲} ا_{۲}) لا^{۲}$
$+ (ق_{۱} ج_{۱} + ق_{۲} ب_{۱} - ف_{۱} ج_{۲} - ف_{۲} ب_{۲}) لا + ق_{۲} ج_{۱} - ف_{۲} ج_{۲} \equiv ۰$

اس مساوات کے تمام سروں کو صفر کے مساوی رکھنے سے حسب ذیل چار متجانس مساواتیں ملتی ہیں

$$\begin{aligned}
ق_۱ ا_۰ - ف_۱ ا_۱ &= ۰ \\
ق_۱ ب_۰ + ق_۲ ا_۰ - ف_۱ ب_۱ - ف_۲ ا_۱ &= ۰ \\
ق_۱ ج_۰ + ق_۲ ب_۰ - ف_۱ ج_۱ - ف_۲ ب_۱ &= ۰ \\
ق_۲ ج_۰ - ف_۲ ج_۱ &= ۰
\end{aligned}$$

اور ف_۱، ف_۲، ق_۱، ق_۲ کو ساقط کرنے سے مشترک اصل کے لئے ہمیں شرط ملتی ہے

$$\begin{vmatrix}
ا_۰ & ۰ & ا_۱ & ۰ \\
ب_۰ & ا_۰ & ب_۱ & ا_۱ \\
ج_۰ & ب_۰ & ج_۱ & ب_۱ \\
۰ & ج_۰ & ۰ & ج_۱
\end{vmatrix} = ۰$$

طالب علم آسانی کے ساتھ اس بات کی تصدیق کر سکتا ہے کہ یہ نتیجہ دفعہ ۱۵۰ کے نتیجہ کے مطابق ہے۔

۱۵۴ — سلوسٹر (sylvester) کا اسقاط کا طریقہ۔ اس طریقہ سے حاصل اسقاط کے لئے وہی مقطعات حاصل ہوتے ہیں جو یولر کے طریقہ سے ملتے ہیں۔ لیکن عمومیت کے نقطہ نظر سے اس طریقہ کو یولر کے طریقہ پر ترجیح حاصل ہے کیونکہ اسکو اکثر ایسی مساواتوں کے حاصل اسقاط دریافت کرنے میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جنمیں متعدد متغیر شامل ہوں۔

فرض کرو کہ دو مساواتوں

$$\begin{aligned}
ف(لا) \equiv ا_۰ لا^م + ا_۱ لا^{م-۱} + ا_۲ لا^{م-۲} + \dots + ا_م &= ۰ \\
ق(لا) \equiv ب_۰ لا^ن + ب_۱ لا^{ن-۱} + ب_۲ لا^{ن-۲} + \dots + ب_ن &= ۰
\end{aligned}$$

کا حاصل اسقاط دریافت کرنا مطلوب ہے۔ پہلی مساوات کو ہم لا کی متواتر قوتوں

لا^{ن-۱}، لا^{ن-۲}، لا^{ن-۳}، ..... ، لا، لا^۰

سے اور دوسری کو

لا^{م-۱}، لا^{م-۲}، لا^{م-۳}، ..... ، لا، لا^۰

سے ضرب دیتے ہیں۔ اس طرح (م+ن) مساواتیں حاصل ہوتی ہیں جنمیں لا کی بڑی سے بڑی قوت ن+م-۱ ہے۔ اب اتنی مساواتیں ملجاتی ہیں کہ اُنسے لا^{م+ن-۱}، لا^{م+ن-۲}، ..... لا، لا کو الگ الگ متغیر سمجھ کر ان کو ساقط کیا جا سکتا ہے۔

مثالیں

(76) ۱۔ درجۂ دوم کی دو مساواتوں

ا لا^۲ + ب لا + ج = ۰، ا, لا^۲ + ب, لا + ج, = ۰

کا حاصل اسقاط ک معلوم کرو۔

ا لا^۳ + ب لا^۲ + ج لا = ۰

ا لا^۲ + ب لا + ج = ۰

ا, لا^۳ + ب, لا^۲ + ج, لا = ۰

ا, لا^۲ + ب, لا + ج, = ۰

ان سے لا^۳، لا^۲، لا کو ساقط کرنے سے وہی مقطع حاصل ہوتا ہے جو پچھلے دفعہ میں حاصل ہوا تھا صرف اسقدر فرق ہے کہ اب صفوں کی بجائے ستونوں میں:۔

$$ک \equiv \begin{vmatrix} ا & ب & ج & ۰ \\ ۰ & ا & ب & ج \\ ا, & ب, & ج, & ۰ \\ ۰ & ا, & ب, & ج, \end{vmatrix}$$

۲ — دو مساواتوں

$$ع \equiv ا_0 لا^4 + ا_1 لا^3 + ا_2 لا^2 + ا_3 لا + ا_4 = 0$$

$$و \equiv ب_0 لا^3 + ب_1 لا^2 + ب_2 لا + ب_3 = 0$$

کا حاصل اسقاط لکھو —

پہلے کی طرح عمل کرنے سے ہمیں آسانی کے ساتھ معلوم ہوتا ہے

$$ر = \begin{vmatrix} ا_0 & ا_1 & ا_2 & ا_3 & ا_4 & 0 & 0 \\ 0 & ا_0 & ا_1 & ا_2 & ا_3 & ا_4 & 0 \\ 0 & 0 & ا_0 & ا_1 & ا_2 & ا_3 & ا_4 \\ ب_0 & ب_1 & ب_2 & ب_3 & 0 & 0 & 0 \\ 0 & ب_0 & ب_1 & ب_2 & ب_3 & 0 & 0 \\ 0 & 0 & ب_0 & ب_1 & ب_2 & ب_3 & 0 \\ 0 & 0 & 0 & ب_0 & ب_1 & ب_2 & ب_3 \end{vmatrix}$$

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ ر میں ع کے سر تیسرے درجہ میں اور و کے سر چوتھے درجہ میں شامل ہوتے ہیں — نیز $ا_0^3 ب_3^4$ بھی ر کی ایک رقم ہے (دیکھو (۱) دفعہ ۱۵۲) —

۱۵۵ — بیزو (Bazout) **کا اسقاط کا طریقہ — عام طریق عمل**

بہت آسانی کے ساتھ سمجھ میں آجائیگا اگر اسکو اول چند خاص خاص صورتوں پر استعمال کیا جائے — چنانچہ ہم اسکو (۱) ایک ہی درجہ کی مساواتوں کے لئے اور (۲) مختلف درجوں کی مساواتوں کے لئے استعمال کرینگے —

(۱) فرض کرو کہ دو کعبی مساواتوں

$$ا لا^3 + ب لا^2 + ج لا + د = 0$$
$$ا_1 لا^3 + ب_1 لا^2 + ج_1 لا + د_1 = 0$$

(۷۷) کا حاصل اسقاط معلوم کرنا مطلوب ہے۔
ان دو مساواتوں کو متواتر

$ا_۱$ اور $ا$

$ا_۱ لا + ب_۱$ اور $ا لا + ب$

$ا_۱ لا^۲ + ب_۱ لا + ج_۱$ اور $ا لا^۲ + ب لا + ج$

سے ضرب دینے اور ہر دفعہ اس طور پر حاصل شدہ حاصل ضربوں کو تفریق کرنے سے ہمیں حسب ذیل تین مساواتیں ملتی ہیں:۔

$$(ا ب_۱) لا^۲ + (ا ج_۱) لا + (ا د_۱) = ۰$$

$$(ا ج_۱) لا^۲ + \{(ا د_۱) + (ب ج_۱)\} لا + (ب د_۱) = ۰$$

$$(ا د_۱) لا^۲ + (ب د_۱) لا + (ج د_۱) = ۰$$

ان مساواتوں سے $لا^۲$، لا کو جداگانہ متغیروں کے طور پر ساقط کرنے سے حاصل اسقاط ایک متشاکل مقطع کی شکل میں حاصل ہوتا ہے جو ذیل میں درج ہے:۔

$$\begin{vmatrix} (ا ب_۱) & (ا ج_۱) & (ا د_۱) \\ (ا ج_۱) & (ا د_۱) + (ب ج_۱) & (ب د_۱) \\ (ا د_۱) & (ب د_۱) & (ج د_۱) \end{vmatrix}$$

حاصل اسقاط کو اخذ کرنے کے طریقہ کو زیادہ واضح کرنیکے لئے ہم حسب ذیل طریقۂ عمل درج کرتے ہیں۔

فرض کرو کہ دو چار درجی مساواتیں ہیں

$$ا لا^۳ + ب لا^۲ + ج لا^۲ + د لا + ع = ۰،$$

$$ا_۱ لا^۳ + ب_۱ لا^۲ + ج_۱ لا^۲ + د_۱ لا + ع_۱ = ۰،$$

اب بیزو کے طریقہ کو کوشی نے جس صورت میں پیش کیا ہے اسکے مطابق عمل کرنے سے ہمیں مساواتوں کا حسب ذیل نظام ملتا ہے

$$\frac{ا}{ا_1} = \frac{ب لا^3 + ج لا^2 + د لا + ع}{ب_1 لا^3 + ج_1 لا^2 + د_1 لا + ع_1} ،$$

$$\frac{ا لا + ب}{ا_1 لا + ب_1} = \frac{ج لا^2 + د لا + ع}{ج_1 لا^2 + د_1 لا + ع_1} ،$$

$$\frac{ا لا^2 + ب لا + ج}{ا_1 لا^2 + ب_1 لا + ج_1} = \frac{د لا + ع}{د_1 لا + ع_1} ،$$

$$\frac{ا لا^3 + ب لا^2 + ج لا + د}{ا_1 لا^3 + ب_1 لا^2 + ج_1 لا + د_1} = \frac{ع}{ع_1} ،$$

کسروں کو دور کرنے اور لا^3 ، لا^2 ، لا کو ساقط کرنے سے حاصل اسقاط (78)
کے لئے حسب ذیل متقطع ملتا ہے :-

$$\begin{vmatrix} (ا ب_1) & (ا ج_1) & (ا د_1) & (ا ع_1) \\ (ا ج_1) & (ا د_1)+(ب ج_1) & (ا ع_1)+(ب د_1) & (ب ع_1) \\ (ا د_1) & (ا ع_1)+(ب د_1) & (ب ع_1)+(ج د_1) & (ج ع_1) \\ (ا ع_1) & (ب ع_1) & (ج ع_1) & (د ع_1) \end{vmatrix}$$

اب اگر ہم دو متشاکل مقطعوں

$$\begin{vmatrix} (ا ب_1) & (ا ج_1) & (ا د_1) & (ا ع_1) \\ (ا ج_1) & (ا د_1) & (ا ع_1) & (ب ع_1) \\ (ا د_1) & (ا ع_1) & (ب ع_1) & (ج ع_1) \\ (ا ع_1) & (ب ع_1) & (ج ع_1) & (د ع_1) \end{vmatrix} ، \quad \begin{vmatrix} (ب ج_1) & (ب د_1) \\ (ب د_1) & (ج د_1) \end{vmatrix}$$

پر غور کریں جنکی ساخت فوراً ظاہر ہو جاتی ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ حاصل اسقاط

کرا، دوسرے مقطع کے عناصر کو پہلے مقطع کے چار درمیانی عناصر میں جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح پانچویں درجہ کی دو مساواتوں

ا لا^{۵} + ب لا^{۴} + ج لا^{۳} + د لا^{۲} + ع لا + ف = ۰،

ا$_{۱}$ لا^{۵} + ب$_{۱}$ لا^{۴} + ج$_{۱}$ لا^{۳} + د$_{۱}$ لا^{۲} + ع$_{۱}$ لا + ف$_{۱}$ = ۰،

کی صورت میں حاصل استقاط ذیل کے تین مقطعوں سے حاصل ہوتا ہے

$$\begin{vmatrix} (ا ب_{۱}) & (ا ج_{۱}) & (ا د_{۱}) & (ا ع_{۱}) & (ا ف_{۱}) \\ (ا ج_{۱}) & (ا د_{۱}) & (ا ع_{۱}) & (ا ف_{۱}) & (ب ف_{۱}) \\ (ا د_{۱}) & (ا ع_{۱}) & (ا ف_{۱}) & (ب ف_{۱}) & (ج ف_{۱}) \\ (ا ع_{۱}) & (ا ف_{۱}) & (ب ف_{۱}) & (ج ف_{۱}) & (د ف_{۱}) \\ (ا ف_{۱}) & (ب ف_{۱}) & (ج ف_{۱}) & (د ف_{۱}) & (ع ف_{۱}) \end{vmatrix}$$

$$\begin{vmatrix} (ب ج_{۱}) & (ب د_{۱}) & (ب ع_{۱}) \\ (ب د_{۱}) & (ب ع_{۱}) & (ج ع_{۱}) \\ (ب ع_{۱}) & (ج ع_{۱}) & (د ع_{۱}) \end{vmatrix} \quad (ج د_{۱})$$

ان مقطعوں سے حاصل استقاط کو اخذ کرنیکے لئے دوسرے مقطع کے عناصر کو پہلے مقطع کے بیچ کے نو عنصروں میں جمع کیا جائے اور پھر حاصل کردہ مقطع کے مرکزی عنصر میں تیسرا مقطع جمع کیا جائے۔ طالب علم کو عام صورت میں حاصل استقاط کا مقطع بنانے میں انطباق کا ایسا ہی عمل کرنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئیگی۔

(۲) اب ہم وہ صورت لیتے ہیں جسمیں دو مساواتیں مختلف (79)
ابعاد کی ہوں
مثلاً

$$ا_۱ لا^۴ + ب_۱ لا^۳ + ج_۱ لا^۲ + د_۱ لا + ع_۱ = ۰ ،$$

$$ا_۲ لا^۲ + ب_۲ لا + ج_۲ = ۰ ،$$

ان مساواتوں کو ترتیب وار

$$ا_۱ \quad \text{اور} \quad ا_۱ لا^۲$$

$$ا_۱ لا + ب_۱ \quad \text{اور} \quad (ا_۱ لا + ب_۱) لا^۲$$

سے متواتر ضرب دینے اور ہر دفعہ اس طور پر بنے ہوئے حاصل ضربوں کو تفریق کرنے سے ہمیں ذیل کی دو مساواتیں ملتی ہیں :-

$$(ا_۱ ب_۱) لا^۳ + (ا_۱ ج_۱) لا^۲ - د_۱ ا_۱ لا + ع_۱ ا_۱ = ۰ ،$$

$$(ا_۱ ج_۱) لا^۳ + \{(ب_۱ ج_۱) - د_۱ ا_۱\} لا^۲ - \{د_۱ ب_۱ + ع_۱ ا_۱\} لا - ع_۱ ب_۱ = ۰ ،$$

اب اگر ہم اِنکے ساتھ دو مساواتوں

$$ا_۱ لا^۳ + ب_۱ لا^۲ + ج_۱ لا = ۰$$

$$ا_۱ لا^۲ + ب_۱ لا + ج_۱ = ۰$$

کو شامل کریں تو ہمارے پاس چار مساواتیں ہونگی جنکے ذریعہ سے لا^۳ ، لا^۲ ، لا ساقط ہو سکتے ہیں - چنانچہ حاصل اسقاط ایک مقطع کی شکل میں ملتا ہے جو یہ ہے :-

$$\begin{vmatrix} (ا_۱ ب_۱) & (ا_۱ ج_۱) & د_۱ ا_۱ & ع_۱ ا_۱ \\ (ا_۱ ج_۱) & (ب_۱ ج_۱) - د_۱ ا_۱ & د_۱ ب_۱ + ع_۱ ا_۱ & ع_۱ ب_۱ \\ ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ & ۰ \\ ۰ & ا_۱ & ب_۱ & ج_۱ \end{vmatrix}$$

اس مقطع میں پہلی مساوات کے سر دوسرے درجہ میں اور دوسری

مساوات کے سرچوتھے درجہ میں شامل ہوتے ہیں اور یہی ہونا چاہئے پس کوئی غیر ضروری جزو ضربی اس حاصل اسقاط میں داخل نہیں ہوتا

اب ہم عام صورت لیتے ہیں جسمیں دو مساواتیں م ویں اور ن ویں درجوں کی ہیں ۔

فرض کرو کہ مساواتیں ہیں

$$\text{فہ}(\text{لا}) \equiv \text{ا}_{\text{ب}} \text{لا}^{\text{م}} + \text{ا}_{\text{۱}} \text{لا}^{\text{م-۱}} + \text{ا}_{\text{۲}} \text{لا}^{\text{م-۲}} + \dots + \text{ا}_{\text{م}} = \text{۰} \quad ,$$

$$\text{پہ}(\text{لا}) \equiv \text{ب}_{\text{ب}} \text{لا}^{\text{ن}} + \text{ب}_{\text{۱}} \text{لا}^{\text{ن-۱}} + \text{ب}_{\text{۲}} \text{لا}^{\text{ن-۲}} + \dots + \text{ب}_{\text{ن}} = \text{۰} \quad ,$$

جہاں م > ن ۔ فرض کرو کہ دوسری مساوات کو $\text{لا}^{\text{م-ن}}$ سے ضرب (80)
دیا گیا ہے تو

$$\text{ب}_{\text{ب}} \text{لا}^{\text{م}} + \text{ب}_{\text{۱}} \text{لا}^{\text{م-۱}} + \text{ب}_{\text{۲}} \text{لا}^{\text{م-۲}} + \dots + \text{ب}_{\text{ن}} \text{لا}^{\text{م-ن}} = \text{۰} \quad .$$

اس مساوات کا درجہ وہی ہے جو پہلی مساوات کا ہے ۔ لیکن اس مساوات میں پہ(لا) = ۰ کی ن اصلوں کے علاوہ م ۔ ن اصلیں ہیں جو صفر کے مساوی ہیں ۔ اسلئے ہمیں اس بات سے خبردار رہنا چاہئے کہ حاصل اسقاط کی شکل میں جزو ضربی $\text{ا}_{\text{م}}^{\text{ن}}$ (یعنے ان اصلوں کو فہ(لا) = ۰ میں درج کرنیکا جو نتیجہ حاصل ہوتا ہے) داخل نہ ہو ۔ ان دو مساواتوں سے اوپر کی صورت (۱) کے مطابق ہم حسب ذیل ن مساواتیں اخذ کرتے ہیں :۔

$$\frac{\text{ا}_{\text{ب}}}{\text{ب}_{\text{ب}}} = \frac{\text{ا}_{\text{۱}} \text{لا}^{\text{م-۱}} + \text{ا}_{\text{۲}} \text{لا}^{\text{م-۲}} + \dots + \text{ا}_{\text{م}}}{\text{ب}_{\text{۱}} \text{لا}^{\text{م-۱}} + \text{ب}_{\text{۲}} \text{لا}^{\text{م-۲}} + \dots + \text{ب}_{\text{ن}} \text{لا}^{\text{م-ن}}} \quad ,$$

$$\frac{ا_0 لا + ا_1}{ب_0 لا + ب_1} = \frac{ا_2 لا^{م-2} + ا_3 لا^{م-3} + \dots + ا_م}{ب_2 لا^{م-2} + ب_3 لا^{م-3} + \dots + ب_ن لا^{م-ن}}$$

$$\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots$$

$$\frac{ا_0 لا^{ن-1} + ا_1 لا^{ن-2} + \dots + ا_{ن-1}}{ب_0 لا^{ن-1} + ب_1 لا^{ن-2} + \dots + ب_{ن-1}} = \frac{ا_ن لا^{م-ن} + ا_{ن+1} لا^{م-ن-1} + \dots + ا_م}{ب_ن لا^{م-ن}}$$

جو، کسروں کے دور کرنے پر، سب کی سب (م - ۱) ویں درجہ کی مساواتیں ہیں۔ ان ن مساواتوں اور م - ن مساواتوں

$$ب_0 لا^{م-1} + ب_1 لا^{م-2} + ب_2 لا^{م-3} + \dots = 0$$

$$ب_0 لا^{م-2} + ب_1 لا^{م-3} + \dots = 0$$

$$\dots\dots\dots\dots\dots\dots$$

$$ب_0 لا^{ن} + ب_1 لا^{ن-1} + \dots + ب_ن = 0$$

سے لا$^{م-1}$، لا$^{م-2}$، ...، لا کو جداگانہ مقداروں کے طور پر ساقط کیا جائے تو حاصل اسقاط م ویں رتبہ کے ایک مقطع کی شکل میں ملتا ہے جسمیں پہلی مساوات کے سر ن ویں درجہ میں اور دوسری مساوات کے سر م ویں درجہ میں داخل ہوتے ہیں۔ پس یہ ظاہر ہے کہ کوئی غیر ضروری جزو ضربی داخل نہیں ہو سکتا اور اس طریقہ سے جو حاصل اسقاط ملتا ہے اس پر صفر اصلوں کے شامل کرنے سے کوئی اثر نہیں پڑتا۔

(81) اگر ایک ہی درجہ م کی دو مساواتوں فہ (لا) = ۰، یہ (لا) = ۰ کا حاصل اسقاط ر ہو تو نظام

لہ فہ (لا) + مہ پہ (لا) = ۰، لہ فہ (لا) + مہ پہ (لا) = ۰
کے حاصل اسقاط سر کی قیمت

(لہ مہ - لہ مہ)^{م} سر

ہوگی کیونکہ صغیروں (ا$_{ر}$، ب$_{س}$) میں سے ہر ایک (جو بیزو کے طریقہ میں سر کے مقطع کی ترکیب میں آتے ہیں) اس صورت میں

$$\begin{vmatrix} \text{لہ } ا_{ر} + \text{مہ } ب_{ر}، & \text{لہ } ا_{ر} + \text{مہ } ب_{ر} \\ \text{لہ } ا_{س} + \text{مہ } ب_{س}، & \text{لہ } ا_{س} + \text{مہ } ب_{س} \end{vmatrix} = (\text{لہ مہ} - \text{لہ مہ})(ا_{ر}\ ب_{س})$$

ہو جاتا ہے۔ پس سر = (لہ مہ - لہ مہ)^{م} سر کیونکہ سر^{م} ویں رتبہ کا مقطع ہے۔

۱۵۶۔ اسقاط کے دوسرے طریقے۔ ہم اسقاط کا ایک اور طریقہ بیان کرنیکے بعد اس مضمون کو ختم کرتے ہیں۔ یہ طریقہ اکثر استعمال ہوتا ہے لیکن اس میں یہ خرابی ہے کہ حاصل اسقاط میں عام طور پر غیر ضروری اجزائے ضربی شامل ہوتے ہیں۔ جس عمل کی اب ہم تشریح کرینگے وہ خاصیتاً اس عمل کے معادل ہے جسکو عام طور پر مشترک مقسوم علیہ اعظم کا طریقہ کہتے ہیں۔

اس طریقہ میں درجہ دوم کی دو مساواتوں

$$ا_{۱}\ لا^{۲} + ب_{۱}\ لا + ج_{۱} = ۰$$

$$ا_{۲}\ لا^{۲} + ب_{۲}\ لا + ج_{۲} = ۰$$

کا حاصل اسقاط معلوم کرنے کے لئے ہم ان مساواتوں کو یکے بعد دیگرے ا$_{۲}$ اور ا$_{۱}$، ج$_{۲}$ اور ج$_{۱}$ سے ضرب دیتے ہیں اور حاصل ضربوں کو

تفریق کرتے ہیں۔ اس طرح ہمیں دو مساواتیں ملتی ہیں

$$(ا_1 ب_1) لا + (ا_1 ج_1) = 0$$

$$لا \{ (ا_1 ج_1) لا + (ب_1 ج_1) \} = 0$$

اب چونکہ لا کی صفر قیمت دی ہوئی دونوں مساواتوں کو پورا نہیں کرتی ہم اس دوسری مساوات سے جزو ضربی لا خارج کر سکتے ہیں اور پھر حاصل اسقاط کو شکل

$$(ا_1 ج_1)^2 - (ا_1 ب_1)(ب_1 ج_1) = 0$$

میں حاصل کرتے ہیں جسمیں کوئی غیر ضروری جزو ضربی نہیں ہے۔ چونکہ اس جملہ کا درجہ چار اور اسکا وزن چار ہے یہ حاصل اسقاط کی صحیح شکل ہے۔

اسی طرح کے عمل سے کعبی مساواتوں

$$ا لا^3 + ب لا^2 + ج لا + د = 0$$

$$ا_1 لا^3 + ب_1 لا^2 + ج_1 لا + د_1 = 0$$

کا حاصل اسقاط معلوم کرنیکے لئے ہم ان مساواتوں کو یکے بعد دیگرے

(82) $ا_1$ اور $ا$، $د_1$ اور $د$ سے ضرب دیں اور اس طور پر بنے ہوئے حاصل ضربوں کو ہر دفعہ تفریق کریں تو حاصل ہوتا ہے:-

$$\left.\begin{array}{l}(ا_1 ب_1) لا^2 + (ا_1 ج_1) لا + (ا_1 د_1) = 0 \\ (ا_1 د_1) لا^2 + (ب_1 د_1) لا + (ج_1 د_1) = 0\end{array}\right\} \ldots\ldots\ldots (ا)$$

اب اِن دو درجہ دوم کے جملوں سے لا کو محصلہ بالاضابطہ کے ذریعہ سے ساقط کیا جائے تو حاصل اسقاط ملتا ہے

$$\left|\begin{array}{cc}(ا_1 ب_1) & (ا_1 ج_1) \\ (ا_1 د_1) & (ج_1 د_1)\end{array}\right|^2 - \left|\begin{array}{cc}(ا_1 ب_1) & (ا_1 ج_1) \\ (ا_1 د_1) & (ب_1 د_1)\end{array}\right| \times \left|\begin{array}{cc}(ا_1 ج_1) & (ا_1 د_1) \\ (ب_1 د_1) & (ج_1 د_1)\end{array}\right|$$

جو ایسا جملہ ہے جسکا درجہ ۸ اور وزن ۱۲ ہے حالانکہ درجہ ۶ اور وزن ۹ ہونا چاہیئے۔ پس یہ ظاہر ہے کہ یہ ایک جزو ضربی سے قابل تقسیم ہے جسکا درجہ ۲ اور وزن ۳ ہے۔ اسلئے اس جزو ضربی کی شکل ہونی چاہیئے ل (ب ج،) + م (ا د،)۔ اب ہم یہ ثابت کرینگے کہ یہ جزو ضربی (ا د،) ہے اور یہ معلوم کرینگے کہ اس سے تقسیم کرنیکے بعد خارج قسمت کیا ہے۔

اس مقصد کے لئے صرف اُن رقموں کو رکھنے سے جنمیں (ا د،) بالراست شامل نہیں ہوتا ہمیں حاصل ہوتا ہے

{(ا ب،) (ج د،) (ا ب،) (ج د،) + (ج ا،) (ب د،)}

جو (ا د،) سے تقسیم ہو جاتا ہے کیونکہ

(ب ج،) (ا د،) + (ج ا،) (ب د،) + (ا ب،) (ج د،) = ۰

مقطعات کو پھیلانے اور (ا د،) سے تقسیم کر دینے سے آخر الامر ہمیں خارج قسمت ملتا ہے

(ا د،)^{۳} - ۲ (ا ب،) (ج د،) (ا د،) + (ب د،) (ج ا،) (ا د،)

+ (ج ا،)^{۲} (ج د،) + (ا ب،) (ب د،)^{۲} - (ا ب،) (ب ج،) (د ج،)

جو واجب درجہ اور وزن کا ہونیکی وجہ سے مطلوبہ حاصل اسقاط ہے۔

اگر ہم اسی طرح دو چار درجی مساواتوں کا حاصل اسقاط، عمل کو دو کعبی مساواتوں سے ساقط کرنیمیں تحویل کر کے، معلوم کرنا چاہیں تو ہمیں چوتھے درجہ کا ایک غیر ضروری جزو ضربی خارج کرنا ہوگا جو اس بات کی شرط ہے کہ ان کعبیوں میں ایک جزو ضربی مشترک ہونا چاہیئے اگرچیکہ چار درجیوں میں جن سے یہ کعبی اخذ کئے گئے ہیں مشترک جزو ضربی کا ہونا ضروری نہیں ہے۔ بالعموم اگر ہم اس طریقہ سے

ن ویں درجہ کی دو مساواتوں کا حاصل اسقاط، (ن - ۱) درجہ کی دو مساواتوں سے ساقط کرنے سے، تلاش کریں تو ہمیں ۲ ن - ۴ ویں رتبہ کا ایک غیر ضروری جزو ضربی خارج کرنا پڑیگا - اس لئے یہ طریقہ پچھلے تمام طریقوں سے ادنی ہے اور اسکو سہولت کے ساتھ استعمال (83)
نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ غیر ضروری اجزائے ضربی آسانی کیساتھ جدا نہ ہو سکیں -

۱۵۷ - ممیز - کسی مساوات کا ممیز جبکہ مساوات میں ایک واحد مجہول مقدار شامل ہو سروں کا وہ سادہ ترین منطق صحیح تفاعل ہے جسکا صفر ہونا اُس شرط کو بیان کرتا ہے جو مساوی اصلوں کے لئے ہے - اس قسم کے تفاعلوں کی مثالیں دفعات ۴۲ اور ۶۸ میں آچکی ہیں - اب ہم یہ بتائینگے کہ وہ حاصل اسقاط کی خاص صورتیں ہیں -

اگر مساوات ف (لا) = ۰ میں ایک دوہری اصل ہو تو یہ اصل مساوات ف' (لا) = ۰ میں ایک مرتبہ واقع ہوگی اور لاف' (لا) کو ن ف (لا) میں سے تفریق کیا جائے تو اسی اصل کو ن ف (لا) - لاف' (لا) = ۰ میں واقع ہونا چاہئے - یہ مساوات لا میں (ن - ۱) ویں درجہ کی ہے - اس مساوات اور مساوات ف' (لا) = ۰ سے جسکا درجہ بھی ن - ۱ ہے لا کو ساقط کیا جائے تو ہمیں سروں کا ایک تفاعل ملتا ہے جسکا صفر ہونا مساوی اصلوں کے لئے ضروری شرط ہے - اس حاصل اسقاط کا درجہ ف (لا) کے سروں میں ۲ (ن - ۱) ہے اور اسکا وزن ن (ن - ۱) ہے جیسا کہ دفعہ ۱۵۲، (۱) میں دی ہوئی نمونہ کی رقموں کو دیکھنے سے واضح ہے - اگر ممیز کو دی ہوئی مساوات کی اصلوں کے ایک متماثل تفاعل کے طور پر بیان کیا جائے تو وہ اصلوں کے فرقوں کے (کم سے کم قوت میں اٹھائے ہوئے) اُس حاصل ضرب کے مساوی ہوگا جسکو سروں کی رقوم میں منطق شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے - فرقوں کے مربعوں کا حاصل ضرب $\Pi (ع_م - ع_م)^2$

اس طور پر بیان ہو سکتا ہے اور چونکہ یہ کسی اصل میں ۲ (ن - ۱) ویں درجہ کا اور تمام اصلوں میں ن (ن - ۱) ویں درجہ کا ہے اسلئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ممیز ایک عددی جزو ضربی سے ضرب کھا کر

$$\Delta^{2(n-1)} \prod (\text{عہ} - \text{عہ})^2$$

کے مساوی ہے۔

اگر تفاعل ف (لا) میں ایک دوسرا متغیر ما داخل کر کے اسکو ہمذات بنایا جائے تو وہ دو تفاعل جنکا حاصل اسقاط ف (لا) کا ممیز ہے لا اور ما کے لحاظ سے ف (لا) کے تفرقی سر ہیں۔ اسی طرح بالعموم ن متغیروں کا کوئی ہمذات تفاعل ہو تو اسکا ممیز وہ حاصل اسقاط ہے جو ان متغیروں کو ن مساواتوں سے ساقط کرنے سے بنتا ہے جہاں یہ مساواتیں تفاعل کو باری باری سے ہر متغیر کے لحاظ سے تفرق کرنے سے حاصل ہوتی ہیں۔

مثالیں

(84)

۱ — $\Delta_0 لا^3 + ۳ \Delta_1 لا^2 + ۳ \Delta_2 لا + \Delta_3 = ۰$

کا ممیز معلوم کرو۔

ہمیں یہاں دو مساواتوں

$$\Delta_0 لا^2 + ۲ \Delta_1 لا + \Delta_2 = ۰ ،$$

$$\Delta_1 لا^2 + ۲ \Delta_2 لا + \Delta_3 = ۰ ،$$

کا حاصل اسقاط معلوم کرنا ہے۔ دفعہ ۱۵۰ کی رو سے ایک مشترک اصل کیلئے شرط ہے

$$۴ (\Delta_0 \Delta_2 - \Delta_1^2)(\Delta_1 \Delta_3 - \Delta_2^2) - (\Delta_0 \Delta_3 - \Delta_1 \Delta_2)^2 = ۰$$

پس سروں کا یہ تفاعل ممیز ہے جس کو دفعہ ۱۵۴ کے ذریعہ ایک مقطع کی شکل میں بھی لکھا جا سکتا ہے:

$$\begin{vmatrix} ا_0 & ۲ا_1 & ا_2 & 0 \\ 0 & ا_0 & ۲ا_1 & ا_2 \\ ا_1 & ۲ا_2 & ا_3 & 0 \\ 0 & ا_1 & ۲ا_2 & ا_3 \end{vmatrix}$$

اسکی آسانی کے ساتھ تصدیق ہوسکتی ہے کہ ممیز کی یہ قیمت وہی ہے جو دفعہ ۴۲ میں پہلے حاصل کیجا چکی ہے۔

۲ — چار درجی

$$ا_0 لا^4 + ۴ا_1 لا^3 + ۶ا_2 لا^2 + ۴ا_3 لا + ا_4 = 0$$

کا ممیز ایک مقطع کی شکل میں بیان کرو۔

یہاں مساواتوں

$$ا_0 لا^3 + ۳ا_1 لا^2 + ۳ا_2 لا + ا_3 = 0,$$

$$ا_1 لا^3 + ۳ا_2 لا^2 + ۳ا_3 لا + ا_4 = 0,$$

سے لا کو ساقط کرنا ہے۔ دفعہ ۱۵۴ کے طریقہ سے حاصل اسقاط ہے

$$\begin{vmatrix} ا_0 & ۳ا_1 & ۳ا_2 & ا_3 & 0 & 0 \\ 0 & ا_0 & ۳ا_1 & ۳ا_2 & ا_3 & 0 \\ 0 & 0 & ا_0 & ۳ا_1 & ۳ا_2 & ا_3 \\ ا_1 & ۳ا_2 & ۳ا_3 & ا_4 & 0 & 0 \\ 0 & ا_1 & ۳ا_2 & ۳ا_3 & ا_4 & 0 \\ 0 & 0 & ا_1 & ۳ا_2 & ۳ا_3 & ا_4 \end{vmatrix}$$

اسکو وہی ہونا چاہئے جو ع^۳ − ۲۷ ج^۲ ہے (دیکھو دفعہ ۶۸)۔

۳ — بیزو کے اسقاط کے طریقہ سے چار درجی کے ممیز کو ایک مقطع کی

شکل میں بیان کرو۔

(85) ۴ ۔ ثابت کرو کہ مساوات

ع ≡ ا لا^م + ب ما^م + ج ی^م = ۰، جہاں لا + ما + ی ≡ ۰

کا ممیز Δ_م مساوات

$$(ب ج)^{\frac{1}{م-۱}} + (ج ا)^{\frac{1}{م-۱}} + (ا ب)^{\frac{1}{م-۱}} = ۰$$

کو شکل Δ_م = ۰ میں منطق بنانے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ بالخصوص Δ_۳، Δ_۴، Δ_۵ کی قیمتیں محسوب کرو۔

اگر لا + ما + ی ≡ ۰ سے ی کی قیمت لیکر اس قیمت کو دئے ہوئے تفاعل میں درج کیا جائے تو اس تفاعل میں دو متغیر رہ جائینگے اور

$$\frac{جف\ ع}{جف\ لا} = ۰ \quad ، \quad \frac{جف\ ع}{جف\ ما} = ۰$$

سے لا اور ما کو ساقط کرنے پر ممیز لمجا ئیگا۔

۵ ۔ اسقاط سے ثابت کرو کہ مثال (۲) کے چار درجی کی تین اصلوں کے مساوی ہونیکے لئے ایک شرط جے = ۰ ہے۔

چونکہ یہ تہری اصل مساوات

ع_۳ ≡ ا_۰ لا^۳ + ۳ ا_۱ لا^۲ + ۳ ا_۲ لا + ا_۳ = ۰

کی ایک دوہری اصل اور مساوات

ا_۱ لا^۲ + ۲ ا_۲ لا + ا_۳ = ۰

کی ایک واحد اصل ہونی چاہئے اور چونکہ مساوات

ع_۲ ≡ ا_۰ لا^۲ + ۲ ا_۱ لا + ا_۲ = ۰

کی بھی ایک واحد اصل ہونی چاہئے اسلئے متماثلہ

ع_۴ ≡ لا^۲ ع_۲ + ۲ لا (ا_۱ لا^۲ + ۲ ا_۲ لا + ا_۳) + ا_۰ لا^۲ + ۲ ا_۳ لا + ا_۴

سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ تہری اصل حسب ذیل تین مساواتوں کی ایک مشترک اصل ہونی چاہئے:-

$$\text{ا}_1 \text{لا}^2 + 2\,\text{ا}_2 \text{لا} + \text{ا}_3 = 0$$
$$\text{ا}_2 \text{لا}^2 + 2\,\text{ا}_3 \text{لا} + \text{ا}_4 = 0$$
$$\text{ا}_3 \text{لا}^2 + 2\,\text{ا}_4 \text{لا} + \text{ا}_5 = 0$$

پس شرط ہے

$$\begin{vmatrix} \text{ا}_1 & \text{ا}_2 & \text{ا}_3 \\ \text{ا}_2 & \text{ا}_3 & \text{ا}_4 \\ \text{ا}_3 & \text{ا}_4 & \text{ا}_5 \end{vmatrix} \equiv \text{جے} = 0$$

۶ — ثابت کرو کہ دو تفاعلوں کے حاصل ضرب کا ممیز انکے ممیزوں کے حاصل ضرب کو حاصل استقاط کے مربع سے ضرب دینے پر حاصل ہوتا ہے۔

دفعہ ۱۵۱ اور دفعہ ہذا کے نتیجوں کو استعمال کرنے سے یہ نتیجہ واضح ہے کیونکہ تمام اصلوں کے فرقوں کے مربعوں کا حاصل ضرب مشتمل ہے ہر مساوات کی جداگانہ اصلوں کے فرقوں کے مربعوں کے حاصل ضرب اور اُن فرقوں کے حاصل ضرب کے مربع پر جو ایک مساوات کی ہر اصل کے ساتھ دوسری مساوات کی سب اصلوں کو لینے سے بنتے ہیں۔

(86) **۱۵۸ — دو مساواتوں کی مشترک اصل کی تعیین** — اگر دو مساواتوں

$$\text{ع} \equiv \text{ا}_م \text{لا}^م + \text{ا}_{م-1} \text{لا}^{م-1} + \ldots\ldots + \text{ا}_0 = 0$$

$$\text{و} \equiv \text{ب}_ن \text{لا}^ن + \text{ب}_{ن-1} \text{لا}^{ن-1} + \ldots\ldots + \text{ب}_0 = 0$$

کا حاصل استقاط ر ہو اور کوئی مشترک اصل عہ تو

$$\text{عہ} = \frac{\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}_{۱}}}{\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}_{۰}}} = \frac{\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}_{۲}}}{\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}_{۱}}} = \frac{\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}_{۳}}}{\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}_{۲}}} = \text{وغیرہ}$$

اس کو ثابت کرنیکے لئے ہم پہلے یہ دکھاتے ہیں کہ تفاعل فہ (لا) اور پہ (لا) حاصل ہو سکتے ہیں ایسے کہ س ≡ ع فہ (لا) + و پہ (لا) یعنے جب ع اور و کو بالترتیب فہ (لا) اور پہ (لا) سے ضرب دیا جاتا ہے اور ان کو جمع کیا جاتا ہے تو وہ تمام ارقام جنمیں لا شامل ہوتا ہے متماثلاً معدوم ہوتی ہیں۔ مثلاً س کی وہ شکل لو جو چوتھے اور تیسرے درجوں کے تفاعلوں کے لئے مثال ۲ دفعہ ۱۵۴ میں دی گئی ہے۔ دوسرے ستون کو لا سے ضرب دو، تیسرے کو لا² سے، وغیرہ اور پہلے ستون میں جمع کرو تو پہلے ستون کے حسب ذیل عناصر حاصل ہوتے ہیں ع، لاع، لا²ع، و، لاو، لا²و، لا³و۔ اسکے بعد مقطع کو پھیلاؤ تو وہ شکل ع فہ (لا) + و پہ (لا) اختیار کرتا ہے جہاں فہ، لا کا ایک دو درجی تفاعل ہے اور پہ تین درجی۔ ثبوت کا یہ طریقہ کسی دو تفاعلوں پر استعمال کیا جا سکتا ہے اور بالعموم اگر تفاعلوں ع اور و کے درجے م اور ن ہوں تو فہ اور پہ کے درجے ن۔ ۱ اور م۔ ۱ ہونگے۔ اسلئے

$$\text{س} \equiv \text{ع فہ} + \text{و پہ}$$

جس سے

$$\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}^{\text{ف}}} \equiv \text{لا}^{\text{ف}}\,\text{فہ} + \text{ع}\,\frac{\text{فرفہ}}{\text{فرا}^{\text{ف}}} + \text{و}\,\frac{\text{فرپہ}}{\text{فرا}^{\text{ف}}}\text{،}$$

$$\frac{\text{فرس}}{\text{فرا}^{\text{ف}+۱}} \equiv \text{لا}^{\text{ف}+۱}\,\text{فہ} + \text{ع}\,\frac{\text{فرفہ}}{\text{فرا}^{\text{ف}+۱}} + \text{و}\,\frac{\text{فرپہ}}{\text{فرا}^{\text{ف}+۱}}\text{،}$$

اب اگر مساواتوں ع = ۰ اور و = ۰ کی ایک مشترک اصل ع ہو تو اوپر کی مساواتوں میں لا کی یہ قیمت درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{ع} \frac{\text{فر}^{\text{ر}}}{\text{فر}^{\text{ن}}} = \frac{\text{فر}^{\text{ر}}}{\text{فر}^{\text{ن}+1}}$$

جس سے مسئلہ ثابت ہے۔

(87) اسی طرح ممیز Δ کو تفرق کرنے سے کسی مساوات کی دوہری اصل متعین کیجا سکتی ہے۔

جب مساواتوں ع = ۰ اور و = ۰ میں دو اصلیں مشترک ہوں تو فن، فن+۱ وغیرہ کے لحاظ سے ر کے پہلے تفرقی سر متماثلاً معدوم ہوتے ہیں اور اسلئے دوسرے تفرقی سر لینا ضروری ہے۔ اس صورت میں مساوات درجہ دوم

$$\frac{\text{فر}^{\text{ر}}}{\text{فر}^{\text{ن}}} \text{لا}^{\text{۲}} - ۲ \frac{\text{فر}^{\text{ر}}}{\text{فر}^{\text{ن}} \text{فر}^{\text{ن}+1}} \text{لا} + \frac{\text{فر}^{\text{ر}}}{\text{فر}^{\text{ن}+1}} = ۰$$

کی اصلیں مشترک اصلوں کے طور پر حاصل ہوتی ہیں۔ یہ بات ر کی مندرجۂ بالا قیمت کو تفرق کرنے سے ظاہر ہے کیونکہ اس آخری مساوات کے پہلے رکن کا جملہ ذیل کے جملہ کے مساوی حاصل ہوتا ہے:۔

$$\left(\frac{\text{فر}^{\text{۲}} \text{فہ}}{\text{فر}^{\text{ن}}} \text{لا}^{\text{۲}} - ۲ \frac{\text{فر}^{\text{۲}} \text{فہ}}{\text{فر}^{\text{ن}} \text{فر}^{\text{ن}+1}} \text{لا} + \frac{\text{فر}^{\text{۲}} \text{فہ}}{\text{فر}^{\text{ن}+1}} \right) \text{ع}$$

$$+ \left(\frac{\text{فر}^{\text{۲}} \text{پہ}}{\text{فر}^{\text{ن}}} \text{لا}^{\text{۲}} - ۲ \frac{\text{فر}^{\text{۲}} \text{پہ}}{\text{فر}^{\text{ن}} \text{فر}^{\text{ن}+1}} \text{لا} + \frac{\text{فر}^{\text{۲}} \text{پہ}}{\text{فر}^{\text{ن}+1}} \right) \text{و}$$

اور یہ ایسا جملہ ہے کہ اگر اسمیں مشترک اصلوں میں سے کوئی اصل لا کی بجائے درج کیجائے تو یہ جملہ معدوم ہو جاتا ہے۔

اگر تین یا زیادہ مشترک اصلیں ہوں تو اسی طرح کا عمل صادق آئیگا۔ جن اصلوں کا اس باب میں ذکر آیا ہے اُنکی توضیح کے لئے حسب ذیل مثالیں دیجاتی ہیں۔

امثلہ

۱۔ مساواتوں

$$ا\ لا^۲ + ب\ لا + ج = ۰ ،$$
$$لا^۳ = ۱ ،$$

سے لا ساقط کرو۔

پہلی مساوات کو لا سے ضرب دو تو، چونکہ $لا^۳ = ۱$،

$$ب\ لا^۲ + ج\ لا + ا = ۰$$

اور پھر لا سے ضرب دینے سے

$$ج\ لا^۲ + ا\ لا + ب = ۰$$

اِن تین مساواتوں سے $لا^۲$ اور لا کو ساقط کیا جائے تو نتیجہ حاصل ہوتا ہے

$$\begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ب & ج & ا \\ ج & ا & ب \end{vmatrix} = ۰$$

(88) اگر متشاکل تفاعلوں کا طریقہ استعمال کیا جائے (دفعہ ۱۵۱) اور دوسری مساوات کی اصلیں پہلی مساوات میں درج کیجائیں تو حاصل استقاط اس شکل میں ملتا ہے

$$(ا + ب + ج)(ا\ سہ^۲ + ب\ سہ + ج)(ا\ سہ + ب\ سہ^۲ + ج)$$

۲۔ اسی طرح مساواتوں

$$ا\ لا^۴ + ب\ لا^۳ + ج\ لا^۲ + د\ لا + ع = ۰ ،\ لا^۵ = ۱$$

سے لا ساقط کرو۔

نتیجہ پانچویں رتبہ کا ایک مستدیرہ ہے جو پچھلی مثال کے مطابق عمل کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ متشاکل تفاعلوں کی مدد سے پانچ اجزائے ضربی لکھ لئے جا سکتے ہیں۔ بالعموم اس قسم کے کسی دو تفاعلوں پر ایسا ہی طریقہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

۳ — دفعہ ۱۵۳ کا طریقہ وہ شرطیں معلوم کرنیکے لئے استعمال کرو کہ دو کبعی مساواتوں

فہ (لا) ≡ ا لا⁴ + ب لا³ + ج لا + د = ۰،

یہ (لا) ≡ اَ لا⁴ + بَ لا³ + جَ لا + دَ = ۰،

میں دو مشترک اصلیں ہوں۔

جب یہ صورت ہو تو فہ (لا) کو یہ (لا) کے تیسرے جزو ضربی سے اور یہ (لا) کو فہ (لا) کے تیسرے جزو ضربی سے ضرب دینے سے مماثل نتائج حاصل ہونے چاہئیں۔ اسلئے

(لَ لا + مَہ) فہ (لا) ≡ (لہ لا + مہ) یہ (لا)

جہاں لہ، مہ، لَ، مَہ، غیر معین مقداریں ہیں۔ اس تماثلہ سے ذیل کی مساواتیں حاصل ہوتی ہیں:—

لَ ا − لہ اَ = ۰

لَ ب + مَہ ا − لہ بَ − مہ اَ = ۰

لَ ج + مَہ ب − لہ جَ − مہ بَ = ۰

لَ د + مَہ ج − لہ دَ − مہ جَ = ۰

مَہ د − مہ دَ = ۰

انمیں سے چار چار مساواتوں سے لَ، مَہ، لہ، مہ کو ساقط کرنے سے پانچ مقطعات حاصل ہوتے ہیں جنکو صفر کے مساوی رکھنے سے مطلوبہ شرطیں ملجاتی ہیں۔ اس قسم کی متعدد مساواتوں سے ساقط کرنیکا نتیجہ عموماً ایک سادہ سی ترتیم سے بیان کیا جاتا ہے۔ چنانچہ موجودہ صورت میں پانچ مقطعات کا منعدم ہونا

اس طور پر بیان کیا جاتا ہے :-

$$\begin{Vmatrix} ا & ب & ج & د & . \\ . & ا & ب & ج & د \\ آ & بَ & جَ & دَ & . \\ . & آ & بَ & جَ & دَ \end{Vmatrix} = .$$

باری باری سے ہر ستون کو ترک کر دینے سے متذکرۂ بالا پانچ مقطعات بنتے ہیں۔ یہ بات مشاہدہ طلب ہے کہ محصلہ شرطیں دو شرطوں کے مماثل ہیں جو ایک دوسرے پر منحصر نہیں ہیں اور یہ بتایا جا سکتا ہے کہ جب کوئی دو مقطعات معدوم ہوں تو باقی تین بھی معدوم ہونے چاہئیں۔ (89)

۴ — متماثلہ ذیل کو ثابت کرو :-

$$\begin{vmatrix} عہ^۲ & ۲عہ\ به & به^۲ \\ عہ\ عَہ & عہ\ بَہ + عَہ\ به & به\ بَہ \\ عَہ^۲ & ۲عَہ\ بَہ & بَہ^۲ \end{vmatrix} = (عہ\ بَہ - عَہ\ به)^۳$$

مساواتوں

$$عہ\ لا + به\ ما = .\ ،\quad عَہ\ لا + بَہ\ ما = .$$

سے لا اور ما اور ان مساواتوں سے اخذ کردہ مساواتوں

$$(عہ لا + به ما)^۲ = .\ ،\quad (عہ لا + به ما)\ (عَہ لا + بَہ ما) = .\ ،\quad (عَہ لا + بَہ ما)^۲ = .$$

سے لا^۲ ، لا ما ، اور ما^۲ ساقط کرنے سے متماثلہ مندرجۂ بالا ثابت ہو جاتی ہے کیونکہ اسکے دائیں جانب کا مقطع آخر کی تین مساواتوں سے لا^۲ ، لا ما اور ما^۲ کو ساقط کرنے سے حاصل ہوتا ہے اور یہ مقطع اس مقطع کی تیسری قوت کے متماثلاً مساوی ہونا چاہئے جو خطی مساواتوں سے لا اور ما کو ساقط کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

۵ — اسی طرح ثابت کرو

$$\begin{vmatrix} عہ^۳ & ۳عہ^۲\ به & ۳عہ\ به^۲ & به^۳ \\ عہ^۲\ عَہ & عہ^۲\ بَہ + ۲عہ\ عَہ\ به & ۲عہ\ به\ بَہ + عَہ\ به^۲ & به^۲\ بَہ \\ عہ\ عَہ^۲ & عَہ^۲\ به + ۲عہ\ عَہ\ بَہ & ۲عَہ\ به\ بَہ + عہ\ بَہ^۲ & به\ بَہ^۲ \\ عَہ^۳ & ۳عَہ^۲\ بَہ & ۳عَہ\ بَہ^۲ & به^۳ \end{vmatrix} \equiv (عہ\ بَہ - عَہ\ به)^۶$$

۶ــ چار مساواتوں

$$عَ = \frac{لہ عہ + مہ}{لَ عہ + مَ}\ ،\ بَ = \frac{لہ بہ + مہ}{لَ بہ + مَ}\ ،\ \text{وغیرہ}$$

(جو ہم رسم استحالہ میں متغیروں کے باہمی رشتہ کو تبعیر کرتی ہیں) سے لہ، مہ، لَ، مَ ساقط کرکے مثال ۱۳ صفحہ ۸۵ کا نتیجہ ثابت کرو۔

۷ــ اگر

$$ع \equiv ا\ ع^۲ + ۲ب\ ع و + ج\ و^۲\ ،$$
$$و \equiv اَ\ و^۲ + ۲بَ\ ع و + جَ\ و^۲\ ،$$
$$ع \equiv ا\ لا^۲ + ۲ب\ لا\ ما + ج\ ما^۲\ ،$$
$$و \equiv اَ\ لا^۲ + ۲بَ\ لا\ ما + جَ\ ما^۲\ ،$$

تو ع اور و کو لا اور ما کے تفاعل سمجھکر انکا حاصل اسقاط معلوم کرو۔

چونکہ $ع = ا\ (ع - عہ و)(ع - بہ و)$،

$و = اَ\ (ع - عَ و)(ع - بَ و)$،

اسلئے اگر لا، ما کی مشترک قیمتوں کے لئے ع اور و معدوم ہوں تو اجزائے ضربی کا کوئی زوج مثلاً ع - عہ و اور ع - عَ و معدوم ہونا چاہئے۔ پس ع - عہ و اور ع - عَ و کا حاصل اسقاط بنانے اور ع اور و کے حاصل اسقاط کو سا (ع، و) سے تبعیر کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$سا(ع - عہ و، ع - عَ و) = (عہ - عَ)^۲\ سا(ع، و)$$

اور ان تمام حواصل اسقاط کو ایک ساتھ ضرب دینے سے

$$سا(ع^{لا}، و^{لا}) = ا^{لا}\ اَ^{لا}\ (عہ - عَ)^۲ (بہ - بَ)^۲ (عہ - بَ)^۲ (بہ - عَ)^۲ \{سا(ع، و)\}^۴$$

یا $$سا(ع^{لا}، و^{لا}) = \{سا(ع، و)\}^۲ \{سا(ع، و)\}^۴$$

(۹۵) ۸ــ ثابت کرو کہ مساواتوں

$$ف(لا) = ۰،\ فَ(لا) + فً(لا)\frac{ا}{۲ \times ۱} + فً(لا)\frac{ا^۲}{۳ \times ۲ \times ۱} + \ldots = ۰،$$

سے لا کو ساقط کرنے پر وہ مساوات حاصل ہو سکتی ہے جسکی اصلیں دی ہوئی مساوات ف (لا) = ۰ کی اصلوں کے فرق ہوں ۔

۹ ۔ مساواتوں

لا + ما + ی = ۰ ،

ا ما ی + ب ی لا + ج لا ما = ۰ ،

ا ما² ی² + ب ی² لا² + ج لا² ما² = ۰ ،

سے لا ، ما ، ی کو ساقط کرو ۔

پہلی دو مساواتوں کے ساتھ ایک مفروضہ خطی مساوات

ل لا + م ما + ن ی = ۰

لو جسکے سر اختیاری ہیں اور لا ، ما ، ی کو ساقط کرو تو

ا ل² + ب م² + ج ن² + (ا - ب - ج) م ن

+ (ب - ج - ا) ن ل + (ج - ا - ب) ل م = ۰ ..... (۱)

جیکو مساوات

(ل لا₁ + م ما₁ + ن ی₁) (ل لا₂ + م ما₂ + ن ی₂) = ۰ ..... (۲)

کے مماثل ہونا چاہئے جہاں لا₁ ، ما₁ ، ی₁ اور لا₂ ، ما₂ ، ی₂ وہ دو نظام ہیں لا ، ما ، ی کی قیمتوں کے جو دی ہوئی پہلی دو مساواتوں میں مشترک ہیں ۔ ان قیمتوں کو دی ہوئی تیسری مساوات میں درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے

ر = (ا ما₁² ی₁² + ب ی₁² لا₁² + ج لا₁² ما₁²) (ا ما₂² ی₂² + ب ی₂² لا₂² + ج لا₂² ما₂²)

مساواتوں (۱) اور (۲) کا مقابلہ کرنے سے جو متشاکل تفاعل حاصل ہوں اُنکے ذریعہ ر کی مندرجۂ بالا قیمت کو تحویل کیا جائے تو

۴ ر = ۴ ف² ق + ق² + ۲۷ ف ر

جہاں ف = ا² + ب² + ج² - ۲ ب ج - ۲ ج ا - ۲ ا ب ،

ق = ا ب ج (ا + ب + ج) ،

ر = ا² ب² ج²

۱۰ — اگر لا کے تین تفاعل ع، و، ھ ہوں جنکے درجے علی الترتیب م، ن، م + ن - ۱ ہیں تو ثابت کرو کہ شکل ذیل کا ایک مماثل رشتہ موجود ہوتا ہے

کر ھ ≡ ع فہ (لا) + و بہ (لا)

جہاں فہ (لا) اور بہ (لا) علی الترتیب ن - ۱ اور م - ۱ درجوں کے دریافت طلب تفاعل ہیں اور کر، ع اور و کا حاصل اسقاط ہے۔

۱۱ — کر کی دفعہ ۱۵۱ میں دی ہوئی قیمت کو تفرق کرنے سے دفعہ ۱۵۸ کے نتیجوں کی تصدیق کرو۔

(91)

پندرھواں باب

متشاکل تفاعلوں کو محسوب کرنا نیم غیر متغیر اور نیم ہم متغیر

۱۵۹۔ س م اور ب م کیلئے ویرنگ (Waring) کے عام جملے

مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعلوں کے اہم ترین خواص پر پہلے بحث ہو چکی ہے (دفعات ۲۷، ۲۸، آٹھواں باب جلد اول)۔ اِس باب میں ہم چند مختلف مسئلوں کا اضافہ کرتے ہیں جو متشاکل تفاعلوں کو محسوب کرنے میں اکثر فائدہ کے ساتھ استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ ہم سب سے پہلے وہ عام جملے بیان کرینگے جنکا حوالہ دفعہ ۸۰ میں دیا جا چکا ہے اور جو ویرنگ سے منسوب ہیں۔

(۱) ن ویں درجہ کی مساوات کے سروں ب۱، ب۲، ب۳، .... ب ن کی رقوم میں س م کے لئے عام جملہ۔

ہمیں معلوم ہے

$$\text{لوگ}_{e}(1 + ب_1 ما + ... + ب_ن ما^ن) = \sum_{ر=1}^{\infty} \frac{(-1)^{ر}}{ر} (ب_1 ما + ب_2 ما^2 + ... + ب_ن ما^ن)^ر$$

$$= س_1 ما + \frac{1}{2} س_2 ما^2 + \frac{1}{3} س_3 ما^3 + ... + \frac{1}{م} س_م ما^م + ... \text{ (دفعہ ۷۹)}$$

اب کثیر رقمی مسئلہ سے $(ب_1 ما + ب_2 ما^2 + ... + ب_ن ما^ن)^ر$ کو پھیلانے

اور اوپر کی مساوات میں $م$ کے سروں کا مقابلہ کرنے سے ہم حاصل کرتے ہیں

$$س_م = \sum \frac{(-1)^{م} \, جا(ر_1 + ر_2 + \dots + ر_ن)}{جا(ر_1+1)\,جا(ر_2+1)\dots جا(ر_ن+1)} \, ب_1^{ر_1} ب_2^{ر_2} \dots ب_ن^{ر_ن}$$

جسمیں $ر_1 + ر_2 + ر_3 + \dots + ر_ن = ر$،

$$ر_1 + 2ر_2 + 3ر_3 + \dots + ن ر_ن = م$$

اور $ر_1$، $ر_2$، $ر_3$، $\dots$، $ر_ن$ کو وہ تمام مثبت صحیح قیمتیں دینی چاہئیں (بشمول صفر) جو ان دو مساواتوں میں سے آخری مساوات کو پورا کرتی ہیں۔ (92) نیز ان میں سے کسی صحیح عدد کو $ع$ سے تعبیر کیا جائے تو

$$جا(ع+1) = 1 \times 2 \times 3 \times \dots \times ع$$

بشرطیکہ یہ مان لیا جائے کہ $جا(1) = 1$ جبکہ $ع = 0$۔

(۲) اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں $س_1$، $س_2$، $س_3$، $\dots$ $س_م$ کی رقوم میں کسی سر $ب_م$ کے لئے عام جملہ۔

ہم جانتے ہیں

$$1 + ب_1 ما + ب_2 ما^2 + \dots + ب_م ما^م + \dots + ب_ن ما^ن$$
$$= قو_{-ما}^{س_1} \times قو_{\frac{1}{2}ما^2}^{س_2} \times قو_{\frac{1}{3}ما^3}^{س_3} \dots \quad (\text{دفعہ ۸})$$

اس مساوات کی بائیں طرف کے اجزائے ضربی کو پھیلانے اور طرفین میں $ما^م$ کے سروں کا مقابلہ کرنے سے گذشتہ مثال کی ترمیم کی بموجب ہم حاصل کرتے ہیں

$$ب_م = \Sigma \frac{(-1)^{ر_1 + ر_2 + \dots + ر_م} \times س_1^{ر_1} \times س_2^{ر_2} \dots \dots س_م^{ر_م}}{جا(ر_1+1)\,جا(ر_2+1) \dots جا(ر_م+1)\; 2^{ر_1} \times 3^{ر_2} \times \dots \times م^{ر_م}}$$

جسمیں $ر_1$، $ر_2$، ..... $ر_م$ کو وہ سب مثبت قیمتیں (بشمول صفر) دینی چاہئیں جو مساوات

$$ر_1 + 2\,ر_2 + 3\,ر_3 + \dots\dots + م\,ر_م = م$$

کو پورا کرتی ہیں ۔

۱۶۰ ۔ دو مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعل ۔ مساوات

$$ق(لا) \equiv ل_0 لا^م + ل_1 لا^{م-1} + ل_2 لا^{م-2} + \dots\dots + ل_م = 0 \quad \dots\dots (1)$$

کی اصلیں $عہ_1$، $عہ_2$، ..... $عہ_م$ ہیں اور مساوات

$$پ(لا) \equiv ب_0 ما^ن + ب_1 ما^{ن-1} + ب_2 ما^{ن-2} + \dots\dots + ب_ن = 0 \quad \dots\dots (2)$$

کی اصلیں $به_1$، $به_2$، ..... $به_ن$ ہیں ۔ اگر ایسے متشاکل تفاعل کو محسوب کرنا مطلوب ہو جسمیں ان دونوں مساواتوں کی اصلیں شامل ہوتی ہیں تو ہم حسب ذیل عمل کرتے ہیں :-

ایک نیا متغیر ت مان لو جو لا اور ما کے ساتھ اس مساوات

$$ت = له\,لا + مه\,ما$$

سے مربوط ہے اور فرض کرو کہ اس مساوات کی مدد سے اور (۲) سے ما کو ساقط کیا گیا ہے ۔ حاصل اسقاط لا میں ایک ن ویں درجہ کی مساوات ہے جسکے سروں میں له، مه، اور ت، ن ویں قوت میں شامل ہوتے ہیں ۔ اب اس مساوات اور (۱) سے لا کو کسی ایک پچھلے طریقہ سے ساقط کرو تو ت میں م ن ویں درجہ کی ایک مساوات حاصل ہوتی ہے جسکی اصلیں جملہ له عہ + مه به کی م ن قیمتیں ہیں ۔

(93)

اب اگر فہ (لا) اور یہ (لا) کے سروں کی رقوم میں کسی متشاکل تفاعل کو مثلاً ع^ف ب^ق کو محسوب کرنا مطلوب ہو تو ہم ت والی مساوات کی اصلوں کی (ف + ق) ویں قوتوں کا مجموعہ معلوم کرتے ہیں اس طرح ہمیں ع^{ف+ق} کی قیمت اصلی سروں اور لہ اور مہ کی مختلف قوتوں کی رقوم میں معلوم ہو جاتی ہے۔ اس جملہ میں لہ^ف مہ^ق کے سر سے ع^ف ب^ق کی مطلوبہ قیمت فہ (لا) اور یہ (لا) کے سروں کی رقوم میں معلوم ہو جائیگی۔

اگر تین مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعلوں کو محسوب کرنا مطلوب ہو تو فرض کرو کہ

ت = لہ لا + مہ ما + نہ ی

لا، ما، ی کو ساقط کرو اور اوپر کی طرح عمل کرو۔ غرض یہ طریقہ درست رہتا ہے خواہ مساواتوں کی تعداد کچھ ہی ہو۔ سروں ا، ب، ج وغیرہ کو ا_ر = ب_ر = ج_ر = ۰ وغیرہ بنانے سے ہم ایک واحد مساوات کی اصلوں کے متشاکل تفاعلوں پر عود کرتے ہیں جنکو پہلے محسوب کیا جا چکا ہے۔

۱۶۱ — اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں سے محسوب کرنا حسب ذیل تفرقی مساوات کی مدد سے جو سروں کے ایک تفاعل کو قوتوں کے مجموعوں کی رقوم میں اسکی قیمت سے مربوط کرتی ہے متشاکل تفاعل بہت آسانی کے ساتھ اکثر محسوب کئے جا سکتے ہیں:—

$$\frac{\text{فر}}{\text{فرس}_{ر}}\,\text{فا}(\text{ب}_{۱}, \text{ب}_{۲}, \ldots \text{ب}_{ن}) = -\frac{۱}{ر}\left(\frac{\text{فرفا}}{\text{فرب}_{ر}} + \text{ب}_{۱}\frac{\text{فرفا}}{\text{فرب}_{ر+۱}} + \ldots + \text{ب}_{ن-ر}\frac{\text{فرفا}}{\text{فرب}_{ن}}\right)$$

اس مساوات کو ثابت کرنیکے لئے ہم دفعہ ۸۰ کی مساوات (۱) لیتے ہیں اور اسکو س ر کے لحاظ سے تفرق کرتے ہیں تو ما کی مختلف قوتوں کے سروں کا مقابلہ کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{فرب}_{ق}}{\text{فرس}^{ر}} = ۰ \text{ جبکہ } ق < ر \text{ ، } \frac{\text{فرب}_{ر}}{\text{فرس}^{ر}} = -\frac{۱}{ر} \text{ ، } \frac{\text{فرب}_{ر+ک}}{\text{فرس}^{ر}} = -\frac{۱}{ر}\, \text{ب}_{ک}$$

اور ان قیمتوں کو مساوات

$$\frac{\text{فر}}{\text{فرس}^{ر}} \text{فا}(\text{ب}_{۱}, \text{ب}_{۲}, \ldots, \text{ب}_{ن}) = \frac{\text{فرفا}}{\text{فرب}_{۱}} \frac{\text{فرب}_{۱}}{\text{فرس}^{ر}} + \frac{\text{فرفا}}{\text{فرب}_{۲}} \frac{\text{فرب}_{۲}}{\text{فرس}^{ر}}$$

$$+ \ldots + \frac{\text{فرفا}}{\text{فرب}_{ن}} \frac{\text{فرب}_{ن}}{\text{فرس}^{ر}}$$

میں درج کرنے سے اوپر لکھی ہوئی مساوات فوراً مل جاتی ہے۔

مثالیں

(94)

۱۔ مساوات

$$\text{لا}^{ن} + \text{ب}_{۱}\, \text{لا}^{ن-۱} + \text{ب}_{۲}\, \text{لا}^{ن-۲} + \ldots + \text{ب}_{ن} = ۰$$

کی اصلوں کے متشاکل تفاعل Σ عہ^{۲} عہ$^{۲}_{۱}$ عہ$^{۲}_{۲}$ عہ$^{۲}_{۳}$ عہ$^{۲}_{۴}$ کی قیمت محسوب کرو۔

کسی متشاکل تفاعل کا رتبہ اور وزن معلوم کرنیکے بعد ہم اسکی قیمت کے حرفی حصے کو سروں کی رقوم میں لکھ سکتے ہیں۔ یہاں Σ دوسرے رتبہ کا ہے اور اسکا وزن آٹھ ہے۔ پس

$$\Sigma = \text{ت}_{ب}\, \text{ب}_{۲} + \text{ت}_{ب^{۲}}\, \text{ب}^{۲}_{۲} + \text{ت}_{ب_{۱}ب_{۳}}\, \text{ب}_{۱}\, \text{ب}_{۳} + \text{ت}_{ب_{۴}}\, \text{ب}_{۴} + \text{ت}_{ب_{۱}ب_{۲}}\, \text{ب}_{۱}\, \text{ب}_{۲} + \text{ت}_{ب^{۲}_{۳}}\, \text{ب}^{۲}_{۳} + \text{ت}_{ب_{۲}ب_{۴}}\, \text{ب}_{۲}\, \text{ب}_{۴} + \text{ت}_{ب^{۲}_{۴}}\, \text{ب}^{۲}_{۴}$$

جہاں ت$_{ب}$، ت$_{ب^{۲}}$، وغیرہ عددی سر ہیں جنکو معلوم کرنا ہے۔

ب$_{۲}$ ب$^{۲}_{۱}$، ب$_{۱}$ ب$_{۳}$ ب$_{۴}$، ب$_{۱}$ ب$_{۲}$ ب$_{۳}$، ب$^{۲}_{۳}$ جیسی رقمیں اگرچہ صحیح وزن کی ہیں مگر انکا رتبہ

ضرورت سے زیادہ بڑا ہے اور اسلئے Σ کے جملہ میں ایسی ارقام داخل نہیں ہو سکتیں۔ نیز اگر Σ کو اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں کی رقوم میں بیان کیا جائے تو اسکی شکل فا $(س_{۴}، س_{۶}، س_{۸})$ ہے کیونکہ بالعموم جب Σ عم$_{ف}$ عم$_{ق}$ عم$_{ر}$ .... کو اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں کی رقوم میں بیان کیا جاتا ہے تو وہ $س_{ف}، س_{ف+ق}، س_{ف+ق+ر}، ....، س_{ک ف}$، .... جیسی رقموں سے بنتا ہے جنمیں سے سب کی سب جفت قوتوں کے مجموعے ہیں جبکہ ف، ق، ر، .... جفت ہوں۔ اسلئے اس صورت میں Σ کے جملہ میں صرف جفت قوتوں کے مجموعے داخل ہو سکتے ہیں۔

نیز چونکہ $\frac{\text{جف}\Sigma}{\text{جف س}_{۲}} = ۰$ اور $\frac{\text{جف}\Sigma}{\text{جف س}_{۱}} = ۰$۔ اسلئے $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف س}_{ر}}$ کے لئے جو صابطہ اوپر دیا گیا ہے اسکو استعمال کرنے سے

ت$_{ب}$ + ت$_{۱}$ ب$_{۱}$ + ت$_{۲}$ ب$_{۲}$ + ت$_{۳}$ ب$_{۳}$ + ت$_{۴}$ (ب$_{۲}$ ب$_{۳}$ + ب$_{۵}$) + ۲ ت$_{۴}$ ب$_{۱}$ ب$_{۴}$ = ۰

اور ت$_{ب}$ ب$_{۱}$ + ت$_{۱}$ ب$_{۱}$ = ۰

ان مساواتوں سے یہ مستنبط ہوتا ہے کہ

ت$_{ب}$ + ت$_{۱}$ = ۰، ت$_{۱}$ + ت$_{۲}$ = ۰، ت$_{۲}$ + ت$_{۳}$ = ۰، ت$_{۳}$ + ۲ ت$_{۴}$ = ۰۔

لیکن ت$_{۴}$ = ۱ کیونکہ چار رقمی کے لئے Σ = ب$_{۴}^{۲}$ اسلئے

ت$_{۱}$ = − ۲، ت$_{۲}$ = ۲، ت$_{۳}$ = − ۲، ت$_{۴}$ = ۲

اور ت$_{ب}$، ت$_{۱}$، ت$_{۲}$، ت$_{۳}$، ت$_{۴}$ کی ان قیمتوں کو درج کرنے سے

Σ عم$_{۱}^{۲}$ عم$_{۳}^{۲}$ عم$_{۴}^{۲}$ = ۲ ب$_{۴}^{۲}$ − ۲ ب$_{۱}$ ب$_{۳}$ + ۲ ب$_{۲}$ ب$_{۲}$ − ۲ ب$_{۵}$ ب$_{۳}$ + ب$_{۴}^{۲}$

۲ — اسی مساوات کے لئے Σ عم$_{۱}^{۲}$ عم$_{۳}^{۲}$ عم$_{۳}^{۲}$ کو محسوب کرو۔

جواب: − ۲ ب$_{۴}^{۲}$ + ۲ ب$_{۱}$ ب$_{۵}$ − ۲ ب$_{۲}$ ب$_{۴}$ + ب$_{۳}^{۲}$ (مقابلہ کرو دفعہ ۸۲ مثال ۶)

۳ ۔ اسی مساوات کیلئے Σ عہ$_1^3$ عہ$_2^2$ عہ$_3$ کی قیمت محسوب کرو۔
یہاں وزن چھ اور رتبہ تین ہے ۔ پس

$$\Sigma \text{عہ}_1^3 \text{عہ}_2^2 \text{عہ}_3 = \text{ت ب}_2 + \text{ت}_1 \text{ب}_1 \text{ب}_5 + \text{ت}_2 \text{ب}_4 \text{ب}_2 + \text{ت}_3 \text{ب}_3 \text{ب}_1^2$$
$$+ \text{ت}_4 \text{ب}_2^2 + \text{ت}_5 \text{ب}_1 \text{ب}_4 \text{ب}_1 + \text{ت}_6 \text{ب}_3^2$$

نیز س$_1$، س$_2$، س$_3$، وغیرہ کی رقوم میں Σ کو بیان کرنے سے (دفعہ ۸)

$$\Sigma \text{عہ}_1^3 \text{عہ}_2^2 \text{عہ}_3 = \text{س}_1 \text{س}_3 \text{س}_1 - \text{س}_1 \text{س}_5 - \text{س}_2^2 - \text{س}_4 \text{س}_2 + 2\text{س}_6$$

اب س$_6$ کے لحاظ سے Σ کی ان دو قیمتوں کو تفرق کرنے اور تفرقی سروں کا مقابلہ کرنے سے

$$\text{ت} \frac{\text{جف ب}_6}{\text{جف س}_6} = -\frac{\text{ت}_6}{2} = 2 \text{ یعنی ت} = -12,$$

(95) س$_5$ کے لحاظ سے تفرق کرنے سے

$$\text{ت ب}_1 + \text{ت}_1 \text{ب}_1 = 5 \text{ س}_1 = -5 \text{ ب}_1 \div \text{ت}_1 = 7$$

س$_4$ کے لحاظ سے تفرق کرنے سے

$$\text{ت ب}_2 + \text{ت}_1 \text{ب}_1^2 + \text{ت}_2 \text{ب}_2 + \text{ت}_3 \text{ب}_1^2 = 4\text{س}_2 = 4(\text{ب}_1^2 - 2\text{ب}_2)$$

جس سے ت + ت$_2$ = − ۸، ت$_1$ + ت$_3$ = ۴

اور اسلئے ت$_3$ = − ۲، ت$_2$ = ۴

نیز ت$_4$ = ۰ کیونکہ Σ معدوم ہوتا ہے جب (ن − ۲) اصلیں معدوم ہوں ۔ اور ت$_4$ اور ت$_5$ معلوم ہو جاتے ہیں اگر ہم وہ صورت لیں جب (ن − ۳) اصلیں معدوم ہوں کیونکہ اس صورت میں

$$\Sigma \text{عہ}_1^3 \text{عہ}_2^2 \text{عہ}_3 = \text{عہ}_4 \text{عہ}_3 \text{عہ}_2 \Sigma \text{عہ}_1^2 = -\text{ب}_3 (-\text{ب}_1 \text{ب}_2 + 3\text{ب}_3)$$
$$= \text{ب}_1 \text{ب}_2 \text{ب}_3 - 3\text{ب}_3^2$$

اور اسلئے $ت_{۴} = -۳$، $ت_{۵} = ۱$ اسلئے بالآخر

$$\Sigma\, عہ^{۳}_{۱} عہ^{۲}_{۲} عہ_{۳} = -۱۲\, ب_{۱} + ۷\, ب_{۱} ب_{۵} + ۴\, ب_{۴} ب_{۵} - ۳\, ب_{۴} ب^{۲}_{۱} - ۳\, ب_{۴} ب^{۲}_{۳}$$
$$+ ب_{۱} ب_{۲} ب_{۳}$$

۱۶۲ — کبعی کی اصلوں کے فرقوں کے تفاعل — اس دفعہ اور دفعات ذیل میں وہ مسائل بیان کئے گئے ہیں جو کبعی اور چار درجی مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعلوں کی چند مخصوص جماعتوں کو محسوب کرنے میں سب سے زیادہ مفید ہیں۔ یہ مسائل ان تفاعلوں کے متبوع غیر متغیروں اور ہم متغیروں کی تعداد متعین کرنے کے لحاظ سے بھی بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔

مسئلہ ۱ — مساوات

$$د^{۳} لا^{۳} + ۳ د^{۲} لا^{۲} + ۳ د لا + لم^{۳} = ۰$$

اور عف کا عمل کرنے سے ہمیں آسانی کے ساتھ ہم متغیر ذیل کی شکل میں حاصل ہوتا ہے:-

$$(\text{ا}_0^2 \text{ا}_3 - 3\text{ا}_0 \text{ا}_1 \text{ا}_2 + 2\text{ا}_1^3) + 3(\text{ا}_0^2 \text{ا}_2 \text{ا}_4 + \text{ا}_0 \text{ا}_1^2 \text{ا}_3 - 2\text{ا}_0 \text{ا}_2^2 \text{ا}_3 - 2\text{ا}_1^2 \text{ا}_2 \text{ا}_4 + \text{ا}_1^2 \text{ا}_3^2) \text{لا}$$

$$+ 3(\text{ا}_0^2 \text{ا}_3 \text{ا}_4 - 3\text{ا}_0 \text{ا}_1 \text{ا}_2 \text{ا}_4 + 2\text{ا}_0 \text{ا}_2 \text{ا}_3^2 + \text{ا}_1^2 \text{ا}_2 \text{ا}_3 - 2\text{ا}_1^2 \text{ا}_3^2) \text{لا}^2$$

$$+ (\text{ا}_0^2 \text{ا}_4^2 - 3\text{ا}_0 \text{ا}_1 \text{ا}_3 \text{ا}_4 + 2\text{ا}_0 \text{ا}_2^2 \text{ا}_4 + 2\text{ا}_1^2 \text{ا}_3 \text{ا}_4 - 3\text{ا}_0 \text{ا}_2 \text{ا}_3^2 + \text{ا}_1 \text{ا}_2^2 \text{ا}_3) \text{لا}^3$$

اس میں مذکورہ سر علامت اور نیز متممو کے باہمی تبادلہ کے لحاظ سے مختلف ہیں اور گ کا وزن طاق ہے۔ طالب علم اس ہم متغیر کو لا اور اصلوں کی رقوم میں گ کی اس قیمت کی مدد سے جو مثال ۱۵ دفعہ ۲۰ میں دیگئی ہے آسانی کے ساتھ بیان کر سکتا ہے۔

۱۷۰۔ مسئلہ ہم متغیر یا نیم متغیر کی اصلوں کے فرقوں کا کوئی تفاعل اصلی مساوات کی اصلوں کے فرقوں کا ایک تفاعل ہوتا ہے

فرض کرو کہ ہم متغیر یا نیم ہم متغیر ہے

$$فہ(لا) \equiv (لا - غہ_1)(لا - غہ_2)\ldots(لا - غہ_ن)$$

چونکہ فہ تفاعل ہے لا، غہ$_1$، غہ$_2$،... غہ$_ن$ کے فرقوں کا اسلئے

$$\frac{جف\ فہ}{جف\ لا} - مف\ فہ \equiv ٠،$$

یعنے $فہ(لا) + \Sigma (لا - غہ_1)(لا - غہ_2)\ldots(لا - غہ_ن) مف\ غہ_1 \equiv ٠$۔

اب لا کی بجائے ہر اصل غہ$_1$، غہ$_2$،... ترتیب وار درج کرو تو

فہ(غہ$_1$)(۱+مف غہ$_1$)=۰، فہ(غہ$_2$)(۱+مف غہ$_2$)=۰، وغیرہ

اسلئے مف غہ$_1$+۱=۰، مف غہ$_2$+۱=۰،... مف غہ$_ن$+۱=۰،....

اور اسلئے مف (غہ$_ژ$ - غہ$_ک$)=۰

جس سے مسئلہ ثابت ہے۔

صفحات گذشتہ میں بہت سی مثالیں دی گئی ہیں جنمیں ہم متغیروں یا نیم ہم متغیروں کی اصلوں کو اصلی مساوات کی اصلوں کی رقوم میں بیان کیا گیا ہے اور طالب علم آسانی کے ساتھ اس بات کی تصدیق کر سکتا ہے

کسی ایسے جملہ پر مف کے عمل کا نتیجہ ۔ ا ہے ۔ پچھلی دفعہ کی مثالوں ۱ اور ۳ کے ہم متغیروں کی اصلیں مثال ۲۵ صفحہ ۹۷ اور مثال ۱۳ صفحہ ۱۲۷ جلد اول میں دی گئی ہیں اور نیم ہم متغیروں کی اصلیں امثلہ ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۴ صفحات ۱۲۵ تا ۱۲۷ جلد اول میں ملینگی۔ (120)

اوپر کا ثابت شدہ مسئلہ دو یا زیادہ ہم متغیروں یا نیم ہم متغیروں کی اصلوں کے فرقوں کے کسی تفاعل کے لئے صریحاً درست ہے۔

۱۷۱۔ دوہرے خطی استحالہ کا استعمال ہم متغیروں کے نظریہ پر

ابتک ہم نے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کے نظریہ پر مساواتوں کی اصلوں کے واسطے سے بحث کی ہے۔ اب ہم ایک جداگانہ اور عام تر طریقہ کا کچھ ذکر کرینگے جسکی مدد سے اس نظریہ کی توسیع ایسے کثیر رقمیوں کیلئے ہوسکتی ہے جو دو سے زیادہ متغیروں میں متجانس ہیں مثلاً وہ کثیر الارقام جو اس نظریہ کے متعدد اہم ہندسی اطلاقات میں پیش ہوتے ہیں۔ اگرچہ اس مضمون کی اسقدر توسیع کرنا اس کتاب کی حدود کے باہر ہے لیکن ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ جو طریقہ ہم نے اختیار کیا ہے اور جس عام تر طریقہ کا حوالہ دیا ہے ان دونوں کے درمیان جو تعلق ہے اسکو دکھادیا جائے۔

مسئلہ ۱۔ فرض کرو کہ کوئی کثیر رقمی

$$ع_ن \equiv ا_ر (لا - عہ_1 ما)(لا - عہ_2 ما) \ldots (لا - عہ_ن ما)$$

ابدال

$$لا = لہ لاَ + مہ مَا \text{ ، } ما = لَہ لاَ + مَہ مَا$$

کے ذریعہ مستحیل کیا گیا ہے۔ تب اگر ان دونوں شکلوں

$ع_ن$ اور $عَ_ن$ کے جواب میں غیر متغیر $ع$ اور $عَ$ ہوں تو

$$ع = (لہ مہ - لہ مہ) کہ ع$$

اس کو ثابت کرنے کے لئے فرض کرو کہ

$$ع = أ^{ل} \Sigma (عم - عم_{۱})^{ب} \ldots (عم - عن)^{ل}$$

جہاں Σ کی ہر رقم میں ہر اصل قوت $ھ$ میں داخل ہوتی ہے۔ جب $ع$ کے کسی جزو ضربی مثلاً $لا - عم_{۱} ما$ کو مستحیل کیا جاتا ہے تو

$$لا - عم_{۱} ما = (لہ - لہ عم)(لا - عہ ما)$$ جہاں $عہ = \frac{مہ عم_{۱} - مہ}{لہ - لہ عم_{۱}}$،

اسلئے

$$عن = أ^{ل} (لا - عہ_{۱} ما)(لا - عہ_{۲} ما) \ldots (لا - عہ_{ن} ما)$$

جہاں $أ^{ل} = أ^{ل} (لہ - لہ عم_{۱})(لہ - لہ عم_{۲}) \ldots (لہ - لہ عم_{ن})$ (121)

نیز $عن$ کی کسی دو اصلوں کے فرق کیلئے

$$عق - عہ = \frac{(لہ مہ - لہ مہ)(عق - عہ)}{(لہ - لہ عن)(لہ - لہ عق)}$$

اب $أ^{ل}$ کی بجائے اور $ع$ میں جو اصلوں کے فرق داخل ہوتے ہیں اُن سب کی بجائے اندراجات عمل میں لائے جائیں تو کسروں کے نسب نما جو استحالہ کی وجہ سے داخل ہوتے ہیں علیحدہ ہو جاتے ہیں اور بالآخر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ع = (لہ مہ - لہ مہ) کہ ع$$

مسئلہ ۲ ۔ اگر کثیر رقمی $عن$ کا ایک ہم متغیر فہ (لا، ما) ہو تو خطی استحالہ کے بعد فہ کی نئی قیمت $(لہ مہ - لہ مہ) کہ فہ (لا، ما)$ ہوگی۔

اسکا ثبوت گذشتہ مسئلہ کے ثبوت کے مشابہ ہے۔ فرض کرو کہ

فہ (لا، ما) = $\sum$ (عم − عم$_{۱}$)^{ا} (عم − عم$_{۲}$)^{ب} ... (لا − عم$_{ن}$)^{ق} ....

جہاں ہر اصل قوت صفر میں داخل ہوتی ہے۔

اب پچھلے مسئلہ کی طرح فہ (لا، ما) کی اس قیمت کو مستحیل کرو تو چونکہ نسب نما میں اجزائے ضربی لہ − لہ عم، لہ − لہ عم$_{۲}$ .... سب کے سب ایک ہی درجہ صفر میں داخل ہوتے ہیں اسلئے وہ سب ضارب $\sum$ سے ضرب دینے پر علیحدہ ہو جاتے ہیں اور فہ (لا، ما) کی استحالہ شدہ قیمت حاصل ہوتی ہے

(لہ مہ − لہ مہ) کہ فہ (لا، ما)

مقطع لہ مہ − لہ مہ کو جسکے عناصر وہ سر ہیں جو دوہرے خطی استحالہ میں داخل ہوتے ہیں **استحالہ کا مقیاس** کہتے ہیں۔

مساوات عن = ۰ کی اصلوں کے حوالہ کے بغیر ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ شکل

عن ≡ لا^{ن} + ن لا$^{ن-۱}$ ما + $\frac{ن(ن-۱)}{۲ \times ۱}$ لا$^{ن-۲}$ ما^{۲} + ... + ما^{ن}

کے کثیر رقمی پر لا اور ما کا استحالہ عمل میں لایا گیا ہے۔

اوپر کے مسئلے جو اُن غیر متغیروں اور ہم متغیروں کے لحاظ سے ثابت کئے گئے ہیں جو اصلوں کے تفاعل ہیں اسوقت بھی درست رہینگے (122)
جب ان تفاعلوں کو سروں کی رقوم میں انکی معادل اشکال میں بیان کیا جائے اسلئے ہم اِن مسئلوں کو شکل ذیل میں بھی بیان کر سکتے ہیں:۔

مسئلہ ۱۔ غیر متغیر کثیر رقمی کے سروں کا ایک ایسا تفاعل ہے کہ جب متغیروں کے خطی استحالہ سے کثیر رقمی کو مستحیل کیا جاتا ہے تو

نئے سروں کا وہی تفاعل، ابتدائی تفاعل اور استحالہ کے مقیاس کی ایک قوت کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے۔

مسئلہ ۲۔ ہم متغیر کثیر رقمی کے سروں کا اور نیز متغیروں کا ایک ایسا تفاعل ہے کہ جب خطی استحالہ سے کثیر رقمی کو مستحیل کیا جاتا ہے تو نئے متغیروں اور سروں کا وہی تفاعل، ابتدائی تفاعل اور استحالہ کے مقیاس کی ایک قوت کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے۔

اوپر کے مسئلوں میں جو تعریفیں دی گئی ہیں اُن کا اطلاق صریحاً اُن کثیر رقمیوں پر بھی ہو سکتا ہے جو کئی متغیروں میں متجانس ہوں اور اس لئے یہ تعریفیں ہم متغیروں اور غیر متغیروں کے اُس وسیع تر نظریہ کی بنیاد قرار پاتی ہیں جس کا حوالہ دیا جا چکا ہے۔ امثلہ ذیل میں ایک مثال دی گئی ہے جس میں تین متغیروں والے کثیر رقمی کے لئے غیر متغیر حاصل کیا گیا ہے۔

مثالیں

۱۔ خطی استحالہ

$$لا = ل_{۱} لا + م_{۱} ما ، \quad ا = ل_{۲} لا + م_{۲} ما$$

سے اگر

$$ا لا^{۲} + ۲ ب لا ما + ج ما^{۲} = ا' لا^{۲} + ۲ ب' لا ما + ج' ما^{۲}$$

تو ثابت کرو کہ

$$(ا ج - ب^{۲}) = (ل_{۱} م_{۲} - ل_{۲} م_{۱})^{۲} (ا' ج' - ب'^{۲})$$

۲ — اسی استحالہ سے اگر
$(ا، ب، ج، د، س)(لا، ما)^۴ = (ا، ب، ج، د، س)(لا، ما)^۴$
تو ثابت کرو کہ
$اس - ۴ ب د + ۳ ج^۲ = (له مه - له مه)^۴ (اس - ۴ ب د + ۳ ج^۲)$

۳ — اسی استحالہ سے اگر
$ا لا^۲ + ۲ ب لاما + ج ما^۲ = ا، لا^۲ + ۲ ب، لاما + ج، ما^۲$،
اور $ا، لا^۲ + ۲ ب، لاما + ج، ما^۲ = ا لا^۲ + ۲ ب لاما + ج ما^۲$
تو ثابت کرو کہ
$اج + ا، ج - ۲ ب ب، = (له مه - له مه)^۲ (ا، ج + ا ج - ۲ ب ب،)$

دو درجی اشکال
$(ا + کہ ا،) لا^۲ + ۲ (ب + کہ ب،) لاما + (ج + کہ ج،) ما^۲$
$= (ا + کہ ا،) لا^۲ + ۲ (ب + کہ ب،) لاما + (ج + کہ ج،) ما^۲$

میں مثال (۱) کی مدد سے نتیجہ اخذ کرو اور پھر طرفین میں "کہ" کے سروں کا مقابلہ کرو تو مطلوبہ نتیجہ حاصل ہو جاتا ہے۔

(123) پس ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ اگر دو درجہ دوم کے جملوں سے ایک موسیقی نظام متعین ہو تو خطی استحالہ سے حاصل شدہ نئے درجہ دوم کے جملوں سے بھی ایک موسیقی نظام بنتا ہے۔ کیونکہ اگر انکی اصلیں عہ، بہ اور عہ، بہ، ہیں تو

$ا ا، \{(عہ - عہ،)(بہ - بہ،) + (عہ - بہ،)(بہ - عہ،)\} = ۲ (ا ج + ا، ج - ۲ ب ب،)$

۴ — اگر خطی استحالہ
$لا = له، لا + مه، ما + نه، ے$، $ما = له، لا + مه، ما + نه، ے$،

ی = لہ۳ لا + مہ۳ ما + نہ۳ ے

سے تین متغیروں کا متجانس دو درجی تفاعل

ا لا² + ب ما² + ج ی² + ۲ ف ما ی + ۲ گ ی لا + ۲ ھ لا ما

ذیل کے تفاعل

ا لا² + ب ما² + ج ے² + ۲ ف ما ے + ۲ گ ے لا + ۲ ھ لا ما

میں تحویل ہو جائے تو ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix} = (لہ_۱ مہ_۲ نہ_۳)^۲ \begin{vmatrix} ا & ھ & گ \\ ھ & ب & ف \\ گ & ف & ج \end{vmatrix}$$

جہاں مقطع (لہ۱ مہ۲ نہ۳) استحالہ کا مقیاس ہے۔

استحالہ کے مقیاس کو شکل

$$\begin{vmatrix} لہ_۱ & لہ_۲ & لہ_۳ \\ مہ_۱ & مہ_۲ & مہ_۳ \\ نہ_۱ & نہ_۲ & نہ_۳ \end{vmatrix}$$

میں لکھو اور اصلی سروں کے مجوزہ مقطع کو استحالہ کے اس مقیاس سے علی الترتیب دو مرتبہ ضرب دو۔ حاصل ہونیوالے مقطع کے عناصر اور لا²، ما²، وغیرہ کے پھیلائے ہوئے سروں میں مقابلہ کرو تو مطلوبہ نتیجہ کی تصدیق ہو جاتی ہے۔

پس یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ مقطع جسپر یہاں بحث کیگئی ہے تین متغیروں کے دیئے ہوئے تفاعل کا ایک غیر متغیر ہے۔

۱۷۲۔ خطی استحالہ سے افزائش ہم متغیروں کے خواص۔

اب ہم دفعہ ۱۷۱ کے مسئلہ ۲ کی دوسری شکل کو ہم متغیر کی تعریف کے طور پر لے کر یہ بتائینگے کہ سروں کو معلوم کرنے کا وہ قانون جو دفعہ ۱۶۹ میں

دیا گیا ہے کس طرح فوراً حاصل ہوتا ہے یعنی ہم یہ بتائینگے کہ اگر کوئی ایک سر دیا جائے تو باقی تمام سر متعین کئے جا سکتے ہیں۔

اس مقصد کے لئے خطی استحالہ

لا = لا + ھ ما ، ما = ۰ × لا + ما

کو عمل میں لانے سے (جسکا مقیاس ایک ہے) کثیر رقمی

$$(ا_0 ، ا_1 ، ا_2 ..... ، ا_ن) (لا ، ما)^ن$$

بدلکر

$$(ا_0 ، ا_1 ، ا_2 .... ، ا_ن) (لا ، ما)^ن$$

ہو جاتا ہے جہاں

$$ا_0 = ا_0 ، ا_1 = ا_1 + ا_0 ھ ، ا_2 = ا_2 + 2 ا_1 ھ + ا_0 ھ^2$$ وغیرہ

(دفعہ ۳۵)

(124) اب اگر اس کثیر رقمی کا کوئی ہم متغیر فہ $(ا_0 ، ا_1 ، ا_2 .... ، ا_ن ، لا ، ما)$ ہو تو تصریف کی رو سے

$$فہ (ا_0 ، ا_1 ، ا_2 .... ، ا_ن ، لا ، ما) = فہ (ا_0 ، ا_1 ، ا_2 .... ، ا_ن ، لا ، ما)$$

یعنے $فہ (ا_0 ، ا_1 ، ا_2 .... ، ا_ن ، لا ، ما) = فہ (ا_0 ، ا_1 ، ا_2 .... ، ا_ن ، لا - ھ ما ، ما)$

اس مساوات کے دوسرے رکن کو پھیلاؤ اور صرف اُن رقموں تک اپنی توجہ محدود رکھو جو ھ سے مضروب ہیں تو چونکہ $\frac{جف ا_ر}{جف ھ} = ر ا_{ر-1}$ جبکہ وہ ارقام نظر انداز کر دیجائیں جو نتیجہ میں $ھ^2$ ، $ھ^3$ وغیرہ سے مضروب ہیں اسلئے ہمیں پھیلاؤ حاصل ہوتا ہے

$$فہ + ھ(-ما\frac{\Delta فہ}{\Delta لا} + عف فہ) + \frac{ھ^2}{(\quad)} + \ldots \equiv فہ$$

جسکو درست رہنا چاہیئے خواہ ھ کی قیمت کچھ ہی ہو۔ پس

$$ما\frac{فرفہ}{فرلا} \equiv ا_1 \frac{فرفہ}{فرلا} + ا_2 \frac{فرفہ}{فرلا^2} + ا_3 \frac{فرفہ}{فرلا^3} + \ldots + ا_{ن-1} \frac{فرفہ}{فرلا^{ن-1}} \quad (ا)$$

اور فہ کی بجائے قیمت

(ب، ب$_1$، ب$_2$، ... ، ب$_م$) (لا، ما)^م

درج کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$م ب_{م-1} لا^{م-1} ما + م(م-1) ب_م لا^{م-2} ما^2 + \ldots + م ب_{2م-1} ما^م ،$$

$$\equiv عف ب_م لا^م + م عف ب_{م+1} لا^{م-1} ما + \ldots + عف ب_{2م} ما^م$$

اور اس میں سروں کا مقابلہ کرنے سے ہمیں حسب ذیل مساواتیں ملتی ہیں:۔

عف ب$_م$ = ۰، عف ب$_{م+1}$ = ب$_م$، عف ب$_{م+2}$ = ۲ ب$_{م+1}$، ... ... ،

$$عف ب_{2م} = م ب_{2م-1}$$

یہ مساواتیں ماخذ ب$_م$ سے سروں کو معلوم کرنیکا قانون متعین کرتی ہیں صدر سر ب$_م$ فرقوں کا ایک تفاعل ہے کیونکہ عف ب$_م$ = ۰، سروں کو محسوب کرنیکے عمل میں ذیل کے مسئلہ سے سہولت پیدا ہوتی ہے۔ یہ مسئلہ مختلف اصولوں پر قبل ازیں ثابت کیا جا چکا ہے

ہم متغیر کے دو سر جو ابتدائی اور آخری رقموں سے تساوی الفصل ہوں مساوی (مثبت یا منفی) ہو جاتے ہیں جب ان میں سے کسی ایک میں ا$_1$، ا$_2$، ... ، ا$_ن$ کی جگہ علی الترتیب ا$_ن$، ا$_{ن-1}$، ... ، ا$_1$ رکھے جائیں۔

اِسکو ثابت کرنیکے لئے فرض کرو کہ کثیر رقمی کو خطی استحالہ
لا = ۰ × لا + ما، ما = لا + ۰ × ما (جسکا مقیاس = ۱) سے مستحیل کیا گیا ہے۔ اس طرح

$$(ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن)(لا، ما)^ن = (ا_ن، ا_{ن-1}، \ldots، ا_0)(لا، ما)^ن$$

لیکن تعریف کی رو سے کوئی ہم متغیر

$$فہ(ا_ن، ا_{ن-1}، \ldots، ا_0، لا، ما) = (-1)^ن فہ(ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن، لا، ما)$$

$$\equiv (-1)^ن فہ(ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن، ما، لا)$$

پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہم متغیر کے سر جو ابتدائی اور انتہائی رقموں سے متساوی الفصل ہیں شکل میں مشابہ ہیں اور مماثل ہو جاتے ہیں (سوائے علامت میں اگر کہ طاق ہو) جبکہ لاحقوں کی بجائے اِنکی متمم قیمتیں درج کیجاتی ہیں۔

اسی طرح یہ بھی آسانی کے ساتھ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ کوئی ہم متغیر ذیل کی تفرقی مساوات

$$\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف ما}^ن} \equiv ا_ن \frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}^ن} + ن ا_{ن-1} \frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}^{ن-1} \text{جف ما}} + \frac{ن(ن-1)}{2} ا_{ن-2} \frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}^{ن-2} \text{جف ما}^2} + \ldots$$

$$\ldots + ا_0 \frac{\text{فر فہ}}{\text{فر ما}^ن} \qquad (۲)$$

کو اور مساوات (۱) کو پورا کرتا ہے۔

نیز اگر کثیر رقمی کا ایک غیر متغیر فہ $(ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن)$ ہو تو اس دفعہ کے پہلے استحالہ سے دفعہ ۱۷۱ کی تعریف کو استعمال کرنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$فہ(ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن) = فہ(ا_ن، ا_{ن-1}، ا_{ن-2}، \ldots، ا_0)$$

اور حسب سابق عمل کرنے سے ہم ثابت کرتے ہیں کہ غیر متغیر کو یہ دونوں تفرقی مساواتیں

$$\text{ا}_{\text{جف}_{\text{ا}}}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ا}}} + ۲\,\text{ا}_{\text{ا}}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ا}}\,\text{جف}_{\text{ا}}} + ۳\,\text{ا}_{\text{ا}}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ا}}\,\text{جف}_{\text{ا}}} + \cdots + \text{ن}\,\text{ا}_{\text{ن}}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ا}}\,\text{جف}_{\text{ن}}} = ۰ ،$$

$$\text{ا}_{\text{ن}}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ن}}} + ۲\,\text{ا}_{\text{ن}-۱}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ن}-۱}\,\text{جف}_{\text{ا}}} + ۳\,\text{ا}_{\text{ن}-۲}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ن}-۲}\,\text{جف}_{\text{ا}}} + \cdots + \text{ن}\,\text{ا}_{\text{ا}}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف}_{\text{ا}}\,\text{جف}_{\text{ا}}} = ۰ ،$$

پوری کرنی چاہئیں جنمیں سے کوئی ایک دوسری میں شامل سمجھی جا سکتی ہے کیونکہ اگر ہم خطی استحالہ

لا = ما′ ، ما = لا′ (جسکا مقیاس = ۱)

کو عمل میں لائیں تو غیر متغیر کی تعریف کی رو سے

فہ (لا′ ، لا′ ، ... ، لا′) = (−۱)^ن فہ (لا′ ، لا′ ، لا′ ، ... ، لا′)

جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ غیر متغیر کثیر رقمی کے سروں کا ایک ایسا تفاعل ہے جو نہیں بدلتا (سوائے علامت میں اگر ن طاق ہو) جبکہ سر سیدھی یا الٹی ترتیب میں لکھے جاتے ہیں۔ (126)

اب غیر متغیروں اور نیم غیر متغیروں، ہم متغیروں اور نیم ہم متغیروں کے درمیان جو ربط ہے وہ واضح ہے۔ کثیر رقمی (لا، لا، لا، ... لن) (لا، ما)^ن کے غیر متغیر اوپر لکھی ہوئی دونوں تفرقی مساواتوں کو پورا کرتے ہیں لیکن (لا، لا، ... لن) (لا، ا)^ن کے نیم غیر متغیر انمیں سے صرف پہلی مساوات کو پورا کرتے ہیں۔ اسی طرح (لا، لا، ... لن) (لا، ا)^ن کے نیم ہم متغیر صرف مساوات (۱) کو پورا کرتے ہیں لیکن ہم متغیر دونوں مساواتوں (۱) اور (۲) کو پورا کرتے ہیں۔

کثیر رقمیوں کے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی نوعیت کو اور جن دو طریقوں سے اِن دو تفاعلوں پر بحث کی جا سکتی ہے اِن کا درمیانی تعلق سمجھا دینے کے بعد اب ہم چند مسئلے ثابت کرینگے جو کثیر رقمیوں کے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی ساخت میں (جب کثیر رقمیوں کو خطی ابدال کے ذریعہ مستحیل کیا جاتا ہے) کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ وہ طلباء جو اس مضمون کا مطالعہ پہلی مرتبہ کر رہے ہوں اسکو یہیں چھوڑ کر اگلا باب پڑھ سکتے ہیں جسمیں دو درجی، تین درجی، چار درجی کی صورتوں میں وہ اصول استعمال ہوئے ہیں جنکی صراحت کیجا چکی ہے۔

۱۷۳۔ مسئلہ ۱۔ فرض کرو کہ ن ویں درجہ کا کوئی متجانس کثیر رقمی ف (لا، ما) استحالہ

لا = لَ لا + مَ ما، ما = لَ لا + مَ ما

سے فا (لا، ما) ہو جاتا ہے اور نیز فرض کرو کہ لا، ما کا کوئی اور تفاعل ع اسی استحالہ سے ع ہو جاتا ہے تو

$$\text{مُ ف}\left(\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}, -\frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}}\right) = \text{فا}\left(\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}, -\frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}}\right) \quad (1)$$

جہاں مُ استحالہ کا مقیاس ہے۔

ثبوت:۔ مساواتوں

لا = لَ لا + مَ ما، ما = لَ لا + مَ ما

کو حل کرنے سے

مَ لا = مَ لا − مَ ما، مَ ما = − لَ لا + لَ ما

اسلئے $\frac{\text{جف لا}}{\text{جف لا}} = \text{مَ}$، $\frac{\text{جف لا}}{\text{جف ما}} = -\text{مَ}$، $\frac{\text{جف ما}}{\text{جف لا}} = -\text{لَ}$، $\frac{\text{جف ما}}{\text{جف ما}} = \text{لَ}$،

لیکن

$$\frac{\text{جف}\,ء}{\text{جف}\,لا} = \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا} \times \frac{\text{جف}\,لا}{\text{جف}\,لا} + \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما} \times \frac{\text{جف}\,ما}{\text{جف}\,لا}$$

$$= \frac{1}{م}\left(م \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا} - ل \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما}\right)،$$

$$\frac{\text{جف}\,ء}{\text{جف}\,ما} = \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا} \frac{\text{جف}\,لا}{\text{جف}\,ما} + \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما} \frac{\text{جف}\,ما}{\text{جف}\,ما}$$

$$= \frac{1}{م}\left(- م \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا} + ل \frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما}\right)$$

ان مساواتوں کو اس شکل میں رکھا جا سکتا ہے

$$\frac{\text{جف}\,ء}{\text{جف}\,ما} = ل\left(\frac{1}{م}\frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما}\right) + م\left(-\frac{1}{م}\frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا}\right)،$$

$$\frac{\text{جف}\,ء}{\text{جف}\,لا} = ل'\left(\frac{1}{م}\frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما}\right) + م'\left(-\frac{1}{م}\frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا}\right)$$

اور چونکہ

$$ف(ل لا + م ما،\ ل' لا + م' ما) \equiv فا(لا، ما)$$

اسلئے لا اور ما کو علی الترتیب $\frac{1}{م}\frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,ما}$ اور $-\frac{1}{م}\frac{\text{جف}\,ع}{\text{جف}\,لا}$ میں بدلنے سے مسئلہ ثابت ہو جاتا ہے۔

بالکل اسی طرح لا اور ما کو

$$\frac{1}{م}\frac{\text{جف}}{\text{جف}\,ما}،\ -\frac{1}{م}\frac{\text{جف}}{\text{جف}\,لا}$$

میں بدلکر یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ

$$م ف\left(\frac{\text{جف}}{\text{جف}\,ما}، -\frac{\text{جف}}{\text{جف}\,لا}\right)ع = فا\left(\frac{\text{جف}}{\text{جف}\,ما}، -\frac{\text{جف}}{\text{جف}\,لا}\right)ع \quad ..(۲)$$

نتائج (۱) اور (۲) کو ہم متغیروں اور غیر متغیروں کے بنانے میں استعمال کیا جا سکتا ہے جیسا کہ اب ہم بیان کرتے ہیں۔

فرض کرو کہ ف (لا، ما) اور ع کسی تیسرے کثیر رقمی و کے ہم متغیر ہیں جہاں و مخصوص صورت کے طور پر ان میں سے کسی ایک کے ساتھ مماثل ہو سکتا ہے۔ خطی استحالہ کے ذریعہ کثیر رقمی و کو تحویل کرو اور فرض کرو کہ و کے نئے سروں اور لا، ما کی رقوم میں بیان شدہ وہی ہم متغیر فاج (لا، ما) اور ع ج سے تعبیر ہوتے ہیں۔ تب دفعہ ۱۷۱ مسئلہ ۲ کی رو سے

$$\text{مد}_{\text{ج}}\ \text{فا}(\text{لا}، \text{ما}) \equiv \text{فاج}(\text{لا}، \text{ما})$$

اور $$\text{مد}_{\text{ق}}\ \text{ع} = \text{ع ج}$$

پس ان مساواتوں سے (۱) میں اندراج کرنے سے (128)

$$\text{مد}\ \text{ف}\left(\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}، \frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}}\right) = \text{فاج}\left(\frac{\text{جف ع ج}}{\text{جف ما}}، \frac{\text{جف ع ج}}{\text{جف لا}}\right)$$

جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ $\text{ف}\left(\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}، \frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}}\right)$، و کا ایک ہم متغیر ہے۔

اور اسی طرح (۲) سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ

$$\text{ف}\left(\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}}، \frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}\right)\text{ع}$$

سے و کا ایک غیر متغیر یا ہم متغیر حاصل ہوتا ہے بموجب اسکے کہ ع، ن ویں یا اس سے اعلیٰ رتبہ کا ہو۔

غیر متغیروں اور ہم متغیروں کو اس طریقہ سے بنانے کی چند مثالیں

ذیل میں دیجاتی ہیں۔

مثالیں

۱۔ اگر کثیر رقمی (ا، ب، ج، د، س) (لا، ما)^{۴} = ع میں لا اور ما کی بجائے $\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}}$، $\frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}$ درج کئے جائیں اور حاصل ہونیوالے عمل کی تکمیل خود کثیر رقمی پر کی جائے تو ثابت کرو کہ غیر متغیر ع حاصل ہوتا ہے۔ ہم معلوم کرتے ہیں

(ا، ب، ج، د، س)$\left(\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}}, \frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}\right)^{۴}$ ع = ۲۸ (ا س − ۴ ب د + ۳ ج^{۲})

۲۔ چار درجی کے ہیسوی ھ$_{۱}$ (مثال ۲ دفعہ ۱۶۹) پر اسی عمل کی تکمیل کرنے سے ثابت کرو کہ غیر متغیر سے حاصل ہوتا ہے۔ یہاں ہم معلوم کرتے ہیں

(ا، ب، ج، د، س)$\left(\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}}, \frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}\right)^{۴}$ ھ$_{۱}$ =

۷۲ (ا ج س + ۲ ب ج د − ا د^{۲} − س ب^{۲} − ج^{۳})

۳۔ ثابت کرو کہ

(ا، ب، ج، د)$\left(\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}}, \frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}\right)^{۴}$ گ$_{۱}$

= − ۱۲ (ا^{۲} د^{۲} − ۶ ا ب ج د + ۴ ا ج^{۳} + ۴ ب^{۳} د − ۳ ب^{۲} ج^{۲})

جہاں کبھی (ا، ب، ج، د) (لا، ما)^{۳} کا کبھی ہم متغیر گ$_{۱}$ ہے (مثال ۳ دفعہ ۱۶۹)

۴۔ (ا ج − ب^{۲})$\left(\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}\right)^{۲}$ − (ا د − ب ج) $\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}\frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}}$

+ (ب د − ج^{۲})$\left(\frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}}\right)^{۲}$

کی قیمت معلوم کرو جہاں ع ≡ (ا، ب، ج، د)(لا، ما)^{3}

جواب :- $\frac{5}{2}$لا^{2} - ۹

(129) ۱۷۴ - مسئلہ ۲ - اگر (ا، ا$_{۱}$، ا$_{۲}$، ...، ا$_{ن}$)(لا، ما)^{ن} کا ایک غیر متغیر د (ا، ا$_{۱}$، ا$_{۲}$، ...، ا$_{ن}$) ہو اور ن دیں یا اس سے اعلیٰ تر درجہ کا کوئی کثیر رقمی ع تو

د (جف$_{ن}$ع / جف لا^{ن} ، جف$_{ن-۱}$ع / جف لا$^{ن-۱}$ جف ما ، جف$_{ن-۲}$ع / جف لا$^{ن-۲}$ جف ما^{۲} ، ... ، جف$_{ن}$ع / جف ما^{ن})

ع کا ایک غیر متغیر یا ہم متغیر ہے۔

ثبوت :- فرض کرو

لا = لہ لا + مہ ما ، لا = لہ لا + مہ ما ،

ما = لہ لا + مہ ما ، ما = لہ لا + مہ ما

تو پچھلے مسئلے کی طرح مستحیل کرنے سے

لا جف / جف لا + ما جف / جف ما = لا جف / جف لا + ما جف / جف ما

اور نیز ع کو مستحیل کرنے سے

ع = ع

اسلئے

(لا جف / جف لا + ما جف / جف ما)^{ن} ع = (لا جف / جف لا + ما جف / جف ما)^{ن} ع

اس مساوات کو پھیلا کر شکل

(عف، عف$_{۱}$، عف$_{۲}$، ...، عف$_{ن}$)(لا، ما)^{ن}

= (عف، عف، عف، .... عف) (لا، ما)ن

میں لکھنے سے غیر متغیر کی تعریف کی رو سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

ف (عف، عف، عف، ...) = م ف (عف، عف، عف، ... عف)

جس سے یہ ثابت ہے کہ ف (عف، عف، عف، ... عف) ایک غیر متغیر یا ہم متغیر ہے۔

جب اس طرح لا، ما اور لا، ما کو تعمیل کیا جاتا ہے جس طرح اس مسئلہ میں کیا گیا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ متغیر ہم استحالہ متغیر ہیں۔ اور عام صورت میں متغیروں کی کسی تعداد کے لئے جبکہ وہ سر جو ایک جٹ کے استحالہ میں داخل ہوتے ہیں [illegible] جو دوسرے جٹ کے استحالہ میں داخل ہوتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ یہ دونوں جٹ ہم استحالہ ہیں۔

وہ تفاعل جو مساوات (۱) میں واقع ہوتے ہیں [illegible] کہلاتے ہیں۔ اس مساوات کی بائیں جانب کا جملہ ع کا ان والا مخرجہ ہے۔

مثالیں (190)

۱۔ فرض کرو کہ دو درجی

ا لا۲ + ۲ ا لا ما + ا ما۲

بدلکر ا لا۲ + ۲ ا لا ما + ا ما۲

ہو جاتا ہے تو مثال ۱ دفعہ ۱۰۱ کے مطابق

ا ا۲ - ا۱۲ = م۲ (ا ا۲ - ا۱۲)

اب چونکہ

لا۲ جف۲ ع / جف لا۲ + ۲ لا ما جف ع / جف لا جف ما + ما۲ جف۲ ع / جف ما۲

$$= \text{لا}^2 \frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف لا}^2} + 2\,\text{لا ما} \frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف لا جف ما}} + \text{ما}^2 \frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف ما}^2}$$

اسلئے اس آخری نتیجہ میں لا، ما اور لا، ما کو متغیر سمجھنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

$$\frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف لا}^2} \frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف ما}^2} - \left(\frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف لا جف ما}}\right)^2$$

$$= \text{م}^2 \left\{ \frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف لا}^2} \frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف ما}^2} - \left(\frac{\text{جف}^2 ع}{\text{جف لا جف ما}}\right)^2 \right\}$$

اس سے دو درجی کا ایک غیر متغیر اور کسی اعلیٰ کثیر رقمی کا ایک ہم متغیر (جس کو ہیسوی کہتے ہیں) حاصل ہوتا ہے۔

۲ — اگر ع، تفاعلوں

(ا، ب، ج، د) (لا، ما)^3 اور (ا، ب، ج، د، س) (لا، ما)^4

کو تعبیر کرے تو پچھلی مثال کے عمل سے کونسے ہم متغیر اخذ ہوتے ہیں۔

(دیکھو امثلہ ۱، ۲ دفعہ ۱۶۹)۔

جواب:- (۱) (ا ج - ب^2) لا^2 + (ا د - ب ج) لا ما + (ب د - ج^2) ما^2،

(۲) (ا ج - ب^2) لا^3 + ۲ (ا د - ب ج) لا^2 ما

+ (ا س + ۲ ب د - ۳ ج^2) لا ما^2

+ ۲ (ب س - ج د) لا ما^3 + (ج س - د^2) ما^4

۱۷۵ — مسئلہ ۳ — اگر لا، ما کے کثیر رقمی کا کوئی غیر متغیر

ع + ک (لا ما - لا ما)^n

بنایا جائے تو ک کی مختلف قوتوں کے سر جنکو متغیروں لا، ما کے متجانس تفاعلوں کے طور پر سمجھا گیا ہو ع کے ہم متغیر ہوتے ہیں۔

ع کو خطی استحالہ کے ذریعہ مستحیل کرو اور فرض کرو

(ا، ا، ا، ... ، ا)ن (لا ما)ن = (ا، ا، ا، ... ، ا)ن (لا، ما)ن

نیز اگر لا، ما اور لا، ما ہم استحالہ متغیر ہوں تو

لا ما - لا ما = مد (لا ما - لا ما)

اسلئے (ا، ا، ا، ... ، ا)ن (لا، ما)ن + ک (لا ما - لا ما)ن

کو مستحیل کرنے سے یہ ہو جاتا ہے (131)

(ا، ا، ا، ... ، ا)ن (لا، ما)ن + ک مد (لا ما - لا ما)ن

اور ان دونوں شکلوں کا کوئی غیر متغیر فہ بنانے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

(فہ، فہ، فہ، ... ، فہ)ن (ا، ک)ف

= مک (فا، فا، فا، ... ، فا)ن (ا، مد ک)ف

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ

فہ = مق فا

یعنے فہ ہم متغیر ہے۔

جب (لا ما - لا ما)ن کی بجائے (ب، ب، ب، ... ، ب)ن (لا، ما)ن کو رکھا جاتا ہے تو ہمیں ذیل کا مسئلہ ملتا ہے جسکو اسی طرح ثابت کیا جا سکتا ہے

اگر (ا، ا، ا، ... ، ا)ن (لا، ما)ن کا ایک غیر متغیر

فہ (ا، ا، ا، ... ، ا)ن ہو تو

فہ (ا + ک ب، ا + ک ب، ... ، ا + ک ب)ن

میں ک کے تمام سران دو کثیر رقمیوں

(ا۰، ا۱، ا۲، ... ، اں) (لا، ما)ں ، (ب۰، ب۱، ب۲، ... ، بں) (لا، ما)ں

کے نظام کے ہم متغیر ہوتے ہیں۔

اس مسئلہ کو کئی متغیروں والے ایک ہی درجہ کے کثیر رقمیوں کی کسی تعداد کیلئے توسیع دیجا سکتی ہے۔ نیز اگر ع کی بجائے ف دیں درجہ کا ایک ہم متغیر و رکھا جائے تو ہم

و + ک (لا ما - لا ما)ف

کا کوئی غیر متغیر بنا کر نئے ہم متغیر پیدا کر سکتے ہیں۔

۱۷۶ - مسئلہ ۴ - اگر فہ (لا، ما) اور پہ (لا، ما) ہم جنس کثیر رقمی ہوں تو مقطع

$$\begin{vmatrix} \frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}} & \frac{\text{جف فہ}}{\text{جف ما}} \\ \frac{\text{جف پہ}}{\text{جف لا}} & \frac{\text{جف پہ}}{\text{جف ما}} \end{vmatrix}$$

ان کثیر رقمیوں کا ایک ہم متغیر ہے۔

(131) فہ اور پہ کو خطی استحالہ

لا = لہ لا + مہ ما ، ما = لَ لا + مَ ما

کے ذریعہ مستحیل کرو تو

فا (لا، ما) = فہ (لا، ما) ، پا (لا، ما) = پہ (لا، ما)

جن سے

$$\frac{\text{جف فا}}{\text{جف لا}} = \text{لہ}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}} + \text{لَ}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف ما}} \text{ ، } \frac{\text{جف پا}}{\text{جف لا}} = \text{لہ}\frac{\text{جف پہ}}{\text{جف لا}} + \text{لَ}\frac{\text{جف پہ}}{\text{جف ما}} \text{ ،}$$

$$\frac{\text{جف فا}}{\text{جف ما}} = \text{مہ}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}} + \text{مَ}\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف ما}} \text{ ، } \frac{\text{جف پا}}{\text{جف ما}} = \text{مہ}\frac{\text{جف پہ}}{\text{جف لا}} + \text{مَ}\frac{\text{جف پہ}}{\text{جف ما}} \text{ ،}$$

اسلئے

$$\begin{vmatrix} \frac{\text{جف فا}}{\text{جف لا}} & \frac{\text{جف فا}}{\text{جف ما}} \\ \frac{\text{جف پا}}{\text{جف لا}} & \frac{\text{جف پا}}{\text{جف ما}} \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} \frac{\text{لجف فہ}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{لجف فہ}}{\text{جف ما}} & \frac{\text{مجف فہ}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{مجف فہ}}{\text{جف ما}} \\ \frac{\text{لجف پہ}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{لجف پہ}}{\text{جف ما}} & \frac{\text{مجف پہ}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{مجف پہ}}{\text{جف ما}} \end{vmatrix}$$

جو دیل کی شکل میں تحویل ہو جاتا ہے

$$\text{مہ} \left(\frac{\text{جف فہ}}{\text{جف لا}} \frac{\text{جف پہ}}{\text{جف ما}} - \frac{\text{جف فہ}}{\text{جف ما}} \frac{\text{جف پہ}}{\text{جف لا}} \right)$$

اور مسئلہ ثابت ہو جاتا ہے۔

اس ہم متغیر کو فہ اور پہ کا جیکوبین کہتے ہیں اور اسکو اکثر شکل جے (فہ، پہ) میں لکھتے ہیں۔ ان متغیروں والے ن تفاعلوں کا جیکوبینا اسی قسم کی شکل کا ایک مقطع ہے اور اسکا ہم متغیر ہونا بالکل اسی طرح کے ثبوت سے دکھایا جا سکتا ہے۔

۱۷۷۔ تفرقی علامتوں کے ذریعہ غیر متغیروں اور ہم متغیروں کا اخذ کرنا۔ اگر ہم استحالہ متغیروں (مثلاً ان نقطوں کے محدد) کا ایک سلسلہ لا، ما، لہ، مہ، لاہ، ... لان، مان ہو تو تفاعیل (لا ما - لا ما)، ... (لان مان - لان مان) خطی استحالہ سے غیر متبدل رہتے ہیں۔ اور چونکہ $\frac{\text{جف}}{\text{جف لاخ}}$، $\frac{\text{جف}}{\text{جف ماخ}}$ اسی خطی استحالہ سے مستحیل ہوتے ہیں جس سے کہ لاخ، ماخ (دیکھو فقرہ ۱۷۳) اس لئے ہم تفرق کی علامتوں کا ایک سلسلہ اخذ کرتے ہیں جنکو اوپر کی طرح ترکیب دینے سے حسب ذیل

علامتیں حاصل ہوتی ہیں :-

$$\left(\frac{\text{جف}\,\text{لا}}{\text{جف}\,\text{ما}}\right)_{\text{ما}}\ ,\ \left(\frac{\text{جف}\,\text{جف}}{\text{جف}\,\text{لا}\,\text{جف}\,\text{ما}}\right)_{\text{لا}\,\text{ما}}\ ,\ \left(\frac{\text{جف}\,\text{جف}}{\text{جف}\,\text{لا}\,\text{جف}\,\text{ق}}\right)_{\text{لا}\,\text{ق}}\ ,\ \left(\frac{\text{جف}\,\text{جف}}{\text{جف}\,\text{ما}\,\text{جف}\,\text{ق}}\right)_{\text{ما}\,\text{ق}}\ ,\ \left(\frac{\text{جف}\,\text{جف}}{\text{جف}\,\text{لا}\,\text{جف}\,\text{ما}}\right)_{\text{لا}\,\text{ما}}\ ,\ \text{وغیرہ}$$

(133) ان علامتوں کو صرف (۱، ۲)، ...، (ف، ق)، وغیرہ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے اور انکی مدد سے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی ساخت اور مقابلہ کے لئے ایک مکمل نظم اخصا، حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً فہ، پہ کے جیکوبین کو شکل

(۱، ۲) فہ، پہ

میں لکھا جا سکتا ہے جہاں

فہ = فہ (لا، ما)، پہ = پہ (لا، ما)

اور لاتھوں کو عمل تفرق کی تکمیل کے بعد ترک کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح علامتی شکل

$$(۱، ۲)^{۲}\ \text{فہ، پہ}$$

کو پھیلا کر ہم متغیر

$$\frac{\text{جف}^{۲}\,\text{فہ}\ \text{جف}^{۲}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{لا}^{۲}\ \text{جف}\,\text{ما}^{۲}} - ۲\,\frac{\text{جف}^{۲}\,\text{فہ}}{\text{جف}\,\text{لا}\,\text{جف}\,\text{ما}}\ \frac{\text{جف}^{۲}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{لا}\,\text{جف}\,\text{ما}} + \frac{\text{جف}^{۲}\,\text{فہ}\ \text{جف}^{۲}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{ما}^{۲}\ \text{جف}\,\text{لا}^{۲}}$$

حاصل کیا جا سکتا ہے۔ عمل تفرق کی تکمیل سے ہم متغیروں کے درمیان امتیاز باقی نہیں رہتا۔

ایک تنہا کثیر رقمی کے غیر متغیر اور ہم متغیر اس طریقہ سے تحقیق کرنے میں نتیجہ ذیل کی علامتی شکل میں حاصل ہوتا ہے :-

$$(۱، ۲)^{ع}\ (۲، ۳)^{ح}\ (۳، ۴)^{ح} \ldots\ (\text{ف}، \text{ق})^{ل}\ \text{ع}_{۱}\,\text{ع}_{۲}\,\text{ع}_{۳} \ldots\ \text{ع}_{\text{ف}}\,\text{ع}_{\text{ق}}$$

جہاں (مثلاً) ع، اس کثیر رقمی کو تعبیر کرنیکے لئے استعمال کیا گیا ہے جو

ع میں لا اور ما کی بجائے لاز اور مازؔ درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے اگر اس عمل کی تکمیل کے بعد لا اور ما غائب ہو جائیں تو ہمیں ایک غیر متغیر حاصل ہوتا ہے اور اس صورت میں یہ دیکھنا آسان ہے کہ اعداد ۱، ۲، ۳، ... ف، ق سب کو ایسی رقموں میں جیسی کہ (خ، ز) ہے ٹھیک ن مرتبہ داخل ہونا چاہئے۔ مثلاً ضابطہ

$$(۱، ۲)^{ن} \quad ع_{۱}^{۲} \quad ع_{۲}^{۶}$$

سے تمام جفت کثیر رقموں کے لئے ثنائی غیر متغیروں کا ایک سلسلہ حاصل ہوتا ہے اور بالعموم غیر متغیر کا رتبہ اجزائے ضربی ع۱، ع۲، وغیرہ کی تعداد کے مساوی ہوتا ہے۔ اسی طرح ضابطہ

$$(۲۱)^{م} \quad (۳۲)^{م} \quad (۱۳)^{م} \quad ع_{۱}^{۲} \quad ع_{۲}^{۲} \quad ع_{۳}^{۲}$$

سے ہم درجہ ۴م کے کثیر رقمیوں کے لئے ثلاثی غیر متغیروں کا ایک سلسلہ اخذ کر سکتے ہیں۔ چار درجی کی صورت میں عمل $(۲۱)^{۲} (۳۲)^{۲} (۱۳)^{۲}$ سے غیر متغیر

$$لا_{۱}^{۲} لا_{۲}^{۲} + ۲ لا_{۱} لا_{۲} لا_{۳} - لا_{۲}^{۲} لا_{۳}^{۲} - لا_{۱}^{۲} لا_{۳}^{۲} - لا_{۱}^{۳} لا_{۲}^{۳}$$

حاصل ہوتا ہے۔

یہ دیکھ لیا جا سکتا ہے کہ متغیروں کا یہ باہمی تبادلہ ایک تفرقی عامل (134)
کے ذریعہ سے پورا کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً

$$(لا_{۱} \frac{جف}{جف لا_{۱}} + ما_{۱} \frac{جف}{جف ما_{۱}}) \quad ع_{ز} = ۱ \times ۲ \times ۳ \times \dots \times ن \; ع_{ی}$$ وغیرہ وغیرہ

غیر متغیروں کو بنانے کا مصرحہ بالا طریقہ پرومیر کیلے سے منسوب ہے۔

غیر متغیروں اور ہم متغیروں کو محسوب کرنیکا مندرجۂ بالا طریقہ آسانی کے ساتھ ثلاثی اشکال پر جاری کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اگر لا۱ ما۱ ی۱، لا۲ ما۲ ی۲، لا۳ ما۳ ی۳ ہم استحالہ متغیر ہوں تو مقطعات کو ضرب

دینے کا جو قاعدہ ہے اُس سے یہ فوراً معلوم ہوتا ہے کہ
اگر ہم جف ، جف ، جف کو جف ، جف ، جف
جف لا ، جف ما ، جف ے ، جف لا ، جف ما ، جف ی ،
کی رقوم میں بیان کریں اور دوسرے جزوی تفرقی سروں کے ساتھ بھی
یہی عمل کریں تو تفرق کی علامتوں میں حسب ذیل رشتے ہوتے ہیں :-

$$\begin{vmatrix} جف & جف & جف \\ جف\,لا_1 & جف\,ما_1 & جف\,ے_1 \\ جف & جف & جف \\ جف\,لا_2 & جف\,ما_2 & جف\,ے_2 \\ جف & جف & جف \\ جف\,لا_3 & جف\,ما_3 & جف\,ے_3 \end{vmatrix} = م \begin{vmatrix} جف & جف & جف \\ جف\,لا_1 & جف\,ما_1 & جف\,ی_1 \\ جف & جف & جف \\ جف\,لا_2 & جف\,ما_2 & جف\,ی_2 \\ جف & جف & جف \\ جف\,لا_3 & جف\,ما_3 & جف\,ی_3 \end{vmatrix}$$

$$= م\,(۳۲۱)$$

جہاں م استحالہ کا مقیاس ہے۔

۱۷۸ ۔ آرنہولڈ (Aronhold) اور کلبش (Clebsch) کی ترقیم

آرنہولڈ اور کلبش نے غیر متغیروں اور ہم متغیروں کو بنانے کا ایک طریقہ بہت کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ یہ طریقہ کیلی کے طریقہ کے ساتھ قریب کا تعلق رکھتا ہے۔ اسلئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انکی ترقیم کو واضح کیا جائے اور طریق عمل کے دونوں طریقوں کا ربط دکھایا جائے۔

آرنہولڈ ن ویں درجہ کے ثنائی کثیر رقمی کو رمزاً
$$ا^ن_لا \equiv (ا_1 لا_2 + ا_2 لا_1)^ن$$
سے بیان کرتا ہے۔ حاصل ضرب $ا^ف_لا \cdot ا^ق_لا$ فوراً
ع کے سروں سے بیان ہو سکتے ہیں جبکہ ف + ق = ن ۔ مثلاً

(135) ع میں $لا_ن^{ف}$ کا سر $لا_۱$ سے بیان ہوتا ہے، $لا_۱^{ن-۱}$ $لا_۲$ کا سر $لا_۱^{ن-۱}$ $لا_۲$ سے اور علی ہذا القیاس۔ لیکن جب حاصل ضرب میں قوتوں کا مجموعہ ف + ق ن کا ضعف نہیں ہوتا تو کوئی تعبیر حاصل نہیں ہوتی۔

اب چونکہ

$$ع = \frac{۱}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \dots \times ن} \left(لا_۱ \frac{جف}{جف لا_۱} + لا_۲ \frac{جف}{جف لا_۲} \right)^{ن} ع = (لا_۱ + لا_۲)^{ن}$$

اسلئے $لا_۱$ اور $لا_۲$ کے ن ویں درجہ کے کسی متجانس تفاعل میں ہم $لا_۱$ اور $لا_۲$ کی بجائے تفرقی علامتیں $\frac{جف}{جف لا_۱}$ اور $\frac{جف}{جف لا_۲}$ جو ع پر عمل کرتی ہیں رکھ سکتے ہیں۔ یہاں عددی جزو ضربی کا کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا ہے۔

مزید براں ع میں متغیروں کے مختلف جوڑے درج کر سکتے بجائے اور اس طرح $ع_۱$، $ع_۲$، $ع_۳$ ... بنانے کی بجائے (جیسا کہ کیلی کے طریقہ میں کیا گیا ہے) آرنہولڈ کنیر متی ع کو مختلف اشکال $(لا_۱ لا_۱' + لا_۲ لا_۲')^{ن}$، $(ب_۱ لا_۱ + ب_۲ لا_۲)^{ن}$، $(ج_۱ لا_۱ + ج_۲ لا_۲)^{ن}$ .... میں لکھتا ہے جہاں $لا_ن^{ف} = ب_۱^{ف} ب_۲^{ن-ف} = ج_۱^{ف} ج_۲^{ن-ف} = \dots$

ع میں $لا_۱^{ف} لا_۲^{ن-ف}$ کا سر کسی غیر متغیر یا ہم متغیر کے سروں کا رتبہ اس (غیر متغیر یا ہم متغیر) کے جملہ میں علامتوں $لا_۱$، $لا_۲$، $ج_۱$، $ج_۲$ ... کی تعداد کے مساوی ہوتا ہے۔ غیر متغیر کی ساخت میں تفرقی علامتیں $\left(\frac{جف}{جف لا_۱} \frac{جف}{جف لا_۱} \dots \frac{جف}{جف لا_۱} \frac{جف}{جف لا_۲} \frac{جف}{جف لا_۲} \dots \frac{جف}{جف لا_۲} \right)$ جو کیلی کے طریقہ میں دی گئی ہے آرنہولڈ کی ترتیم میں اب اس علامت

(ا ب) ≡ (ا، ب۲ - ا۲ ب۱) سے بدلجاتی ہے۔
اس طرح، مثلاً، چار درجی کے غیر متغیر، آرنہولڈ کی ترمیم میں، یوں لکھے جاتے ہیں:-

۲ ع = (ا ب)⁴ ، ۶ جے = (ب ج)² (ج ا)² (ا ب)²

اور ہم متغیر جنکے صدر سر ھ اور گ ہیں یوں لکھے جاتے ہیں:-

۲ ھ = (ا ب)² ا۲ ب۲ ، گ = (ا ب)² (ج ا)² ا۲ ب۲ ج۲

ان جملوں کی تصدیق (ا ب) وغیرہ کی بجائے (ا، ب۲ - ا۲ ب۱) وغیرہ رکھنے اور پھر پھیلانے اور ع کے سر داخل کرنے سے ہو سکتی ہے۔ یہ عمل کیا جا سکتا ہے کیونکہ یہ جملے حرفوں ا۱، ا۲ کے ہر جوڑے میں چوتھے درجہ کے متجانس تفاعل ہیں۔ یہ طریقہ کیلی کے طریقہ کی طرح اس کثیر رقمی ع پر استعمال کیا جا سکتا ہے جو متغیروں کی کسی تعداد پر مشتمل ہو۔

(136) اب ہم اس باب کو چند مثالوں کے ساتھ جو مصرحہ صدر نظریہ کو واضح کرنے کے لئے منتخب کر گئی ہیں ختم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے طالب علم کو حسب ذیل کتابوں کا حوالہ دیا جاتا ہے:-

سامس — *Lessons Introductory to the Modern Higher Algebra*

گارڈن — *Vorlesungen uber Invariantententheorie*

کلبش — *Theorie der binaren algebraischen Formen*

اس آخری کتاب میں علامتی طریقہ شروع سے آخر تک اختیار کیا گیا ہے۔

مثالیں

۱۔ کسی کثیر رقمی کا ممیز ایک غیر متغیر ہوتا ہے۔

۲۔ دو کثیر رقمیوں کا حاصل اسقاط اس نظام کا ایک غیر متغیر ہوتا ہے۔

۳ــ دفعہ ۱۶۶ کی تعریفوں سے ثابت کرو کہ کثیر رقمی ف (لا، ما ـ لا، ما) کے تمام غیر متغیر، ف کے ہم متغیر ہیں جہاں متغیر لا : ما ہے۔
اسکے ذریعہ سے کلبی کے ہم متغیر چار درجی کے غیر متغیروں سے جو اصلوغی رقوم میں بیان کئے گئے ہوں اخذ کرو۔

۴ــ اگر کثیر رقمیوں

$$\frac{ف(لا)}{لا - عم_1}\ ،\ \frac{ف(لا)}{لا - عم_2}\ ،\ \frac{ف(لا)}{لا - عم_3}\ ،\ \ldots\ ،\ \frac{ف(لا)}{لا - عم_ن}$$

میں سے ہر ایک کیلئے ع$_1$، ع$_2$، ... ، ع$_ن$ رتبہ ھ کا وہی غیر متغیر ہو جہاں عم$_1$، عم$_2$، عم$_3$، ... ، عم$_ن$ مساوات ف (لا) = ۰ کی اصلیں ہیں تو ثابت کرو کہ ف (لا) کا ایک ہم متغیر

$$\sum_{ر=1}^{ن} ع_ر\ (لا - عم_ر)^{ھ}$$

ہے۔
مثلاً اگر جے$_1$ سے اُس غیر متغیر جے کی تعبیر کی جائے جو چار اصلوں عم$_1$، عم$_2$، عم$_3$، عم$_4$، عم$_5$ سے ترکیب پایا ہے (دیکھو دفعہ ۱۶۷) اور اسی طرح کی قیمتیں جے$_2$، جے$_3$، جے$_4$، جے$_5$ کے لئے استعمال کی جائیں تو ہمیں پانچ درجی کا حسب ذیل ہم متغیر ملتا ہے :-

$$جے_1 (لا - عم_1)^3 + جے_2 (لا - عم_2)^3 + جے_3 (لا - عم_3)^3 + جے_4 (لا - عم_4)^3 + جے_5 (لا - عم_5)^3$$

۵ــ مساوات

$$(ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن)\ (لا، 1)^ن = 0$$

کی اصلیں عم$_1$، عم$_2$، عم$_3$، ... ، عم$_ن$ ہیں اور

$$ف_1 = ف_2 = \ldots = ف_م = فا\ (ا_0، ا_1، ا_2، \ldots، ا_ن)$$

جہاں فہ، فہ۲، ....، فہم چند یا سب اصلوں کے ایک منطق صحیح تفاعل کی قیمتیں ہیں جو اندراج سے حاصل ہوئی ہیں۔ وہ مساوات معلوم کرو جسکی اصلیں $\frac{\text{فہ}}{\text{مف فہ}}$ کی م قیمتیں ہیں۔ یہ دیا گیا ہے کہ مف۲ فہ = ۰، (دیکھو امثلہ ۱۲، ۱۳، ۱۴ صفحہ ۱۲۶ جلد اول)

جواب:- فا(ع، ع۱، ع۲، ...، عن)=۰

۶— تین دو درجیوں کے درمیان متماثلہ رشتہ کو ان کے غیر متغیروں کی رقوم میں بیان کرو۔

فرض کرو

(137)
$$\begin{aligned} \text{ع} &= \text{ا}_1 \text{لا}^2 + 2\,\text{ب}_1 \text{لا ما} + \text{ج}_1 \text{ما}^2 \text{،} \\ \text{و} &= \text{ا}_2 \text{لا}^2 + 2\,\text{ب}_2 \text{لا ما} + \text{ج}_2 \text{ما}^2 \text{،} \\ \text{ط} &= \text{ا}_3 \text{لا}^2 + 2\,\text{ب}_3 \text{لا ما} + \text{ج}_3 \text{ما}^2 \text{،} \end{aligned}$$

تو دو مقطعات

$$\begin{vmatrix} \text{ا}_1 & \text{ب}_1 & \text{ج}_1 \\ \text{ا}_2 & \text{ب}_2 & \text{ج}_2 \\ \text{ا}_3 & \text{ب}_3 & \text{ج}_3 \\ \text{ما}^2 & -\text{لا ما} & \text{لا}^2 \end{vmatrix} \quad \begin{vmatrix} \text{ج}_1 & -2\text{ب}_1 & \text{ا}_1 \\ \text{ج}_2 & -2\text{ب}_2 & \text{ا}_2 \\ \text{ج}_3 & -2\text{ب}_3 & \text{ا}_3 \\ \text{لا}^2 & 2\,\text{لا ما} & \text{ما}^2 \end{vmatrix} \quad \begin{matrix} \cdot \\ \cdot \\ \cdot \\ \cdot \end{matrix}$$

کو باہم ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{۴} \quad \begin{vmatrix} \text{ع} & \text{ع}_{11} & \text{ع}_{21} & \text{ع}_{31} \\ \text{ع}_{21} & \text{ع}_{22} & \text{ع}_{32} & \text{و} \\ \text{ع}_{31} & \text{ع}_{32} & \text{ع}_{33} & \text{ط} \\ \text{ع} & \text{و} & \text{ط} & \cdot \end{vmatrix} \equiv \cdot \text{،} \quad \text{جہاں } 2\,\text{ع}_{\text{ق ف}} = \text{ا}_{\text{ق}}\text{ج}_{\text{ف}} + \text{ا}_{\text{ف}}\text{ج}_{\text{ق}} - 2\,\text{ب}_{\text{ق}}\text{ب}_{\text{ف}} \text{،}$$

اس مقطع کو پھیلانے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$(ع_{32}ع_{33} - ع_{22}^2)ع^2 + (ع_{11}ع_{33} - ع_{13}^2)و^2 + (ع_{11}ع_{22} - ع_{21}^2)ط^2$$
$$+ ۲(ع_{13}ع_{21} - ع_{11}ع_{32})وط + ۲(ع_{21}ع_{32} - ع_{22}ع_{13})طع$$
$$+ ۲(ع_{13}ع_{32} - ع_{12}ع_{33})عو \equiv ۰ \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

اب دو صورتیں قابل توجہ ہیں :-

(۱) جب تینوں دو درجی باہم موسیقی ہوتے ہیں۔ اس صورت میں $ع_{32} = ۰$، $ع_{13} = ۰$، $ع_{21} = ۰$ اور متماثلہ مساوات شکل ذیل اختیار کرتی ہے:-

$$\left(\frac{ع}{\sqrt{ع_{11}}}\right)^2 + \left(\frac{و}{\sqrt{ع_{22}}}\right)^2 + \left(\frac{ط}{\sqrt{ع_{33}}}\right)^2 \equiv ۰$$

(۲) جب ایک دو درجی $ما = ۰$ سے اُن نقطوں کے درجیچ کے ماسکے متعین ہوتے ہیں جو دوسرے دو $ع = ۰$ اور $و = ۰$ سے حاصل ہوتے ہیں۔ اس صورت میں $ع_{31} = ۰$ اور $ع_{32} = ۰$ اور عام مساوات (۱) میں یہ درج کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$(ع_{21}^2 - ع_{11}ع_{22})ط^2 = ع_{33}(ع_{22}ع^2 - ۲ع_{21}عو + ع_{11}و^2)$$

لیکن مساواتوں $ع_{31} = ۰$ اور $ع_{32} = ۰$ سے ہمیں معلوم ہوتا ہے

$$ل_{۳}^2 = ک(ا_{۱}ب_{۲})^2 - ۲ب_{۳} = ک(ج_{۱}ا_{۲})^2 ج_{۳} = ک(ب_{۱}ج_{۲})^2$$

اسلئے

$$۴(ا_{۱۱}ج_{۳}^{۲}-ب_{۳}^{۲})=ک^{۲}\{۴(ا_{۱۱}ب_{۳})(ب_{۳}ج_{۳})-(ج_{۳}ا_{۱۱})^{۲}\}$$

یا $$ع_{۳۳}=ک^{۲}\{ع_{۱۱}ع_{۲۲}-ع_{۲۱}^{۲}\}$$

اور تحویل کرنے سے، جبکہ ک = ا ب ط ≡ ے (ع، و)، تو

$$-\{ے(ع،و)\}^{۲}=ع_{۲۲}ع^{۲}-۲ع_{۲۱}ع و+ع_{۱۱}و^{۲}$$

(۷) ثابت کرو کہ چار درجی کا ایک ہم متغیر

$$\nabla(عـ_{۱}،عـ_{۲}،عـ_{۳}،عـ_{۴})(لا-عـ_{۱})^{۴}$$

ہے جہاں عـ۱، عـ۲، عـ۳، ...، عـ۴ کے مربع دار فرقوں کے حاصل ضرب کو

$\nabla(عـ_{۱}،عـ_{۲}،...،عـ_{ن})$ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

(138) (۸) ثابت کرو کہ ن درجہ کی مساوات کی چار اصلیں ایک خط مستقیم پر نقطوں کا ایک توافقی نظام متعین کریں اگر $\frac{۱}{۲}(ن-۱)\times(ن-۲)(ن-۳)$ دیں درجہ کے ایک غیر متغیر کو صفر کے مساوی رکھکر بیان کیا جا سکتا ہے۔

(۹) اگر کثیر رقمی $(ا_{۰}، ا_{۱}، ا_{۲}، ...، ا_{ن})(لا، ا)^{ن}$ کا کوئی نیم غیر متغیر

$ف(ا_{۰}، ا_{۱}، ا_{۲}، ...، ا_{ن})$ ہو تو ثابت کرو کہ $\frac{جف}{جا_{ن}}ف$ بھی ایک نیم غیر متغیر ہے۔

(۱۰) ثابت کرو کہ کثیر رقمی $(ا_{۰}، ا_{۱}، ا_{۲}، ...، ا_{ن})(لا، ا)^{ن}$ کے نیم غیر متغیروں

$ا_{۰}ا_{۲}-ا_{۱}^{۲}$، $ا_{۰}ا_{۳}-۴ا_{۱}ا_{۲}+۳ا_{۲}^{۲}$، $ا_{۰}^{۲}ا_{۳}-۳ا_{۰}ا_{۱}ا_{۲}+۲ا_{۱}^{۳}$

سے وہ ہم متغیر پیدا ہوتے ہیں جنکے درجے

۲ن-۴، ۲ن-۸، ۳ن-۶

ہیں۔

۱۱۔ ثابت کرو کہ کسی کثیر رقمی کی اصلوں کے فرقوں کے مربعوں کی مساوات میں ماقبل آخر رقم کے سر سے متغیروں میں چوتھے درجہ کا ایک ہم متغیر حاصل ہوتا ہے۔

۱۲۔ ثابت کرو کہ ایک ہی کثیر رقمی کے دو ہم متغیروں کا حاصل ضرب اس شکل

$$\text{فہ پ} + \text{لاعف}(\text{فہ پ}) + \frac{\text{لا}^2}{2\times1}\text{عف}^2(\text{فہ پ}) + \dots$$

میں لکھا جا سکتا ہے جہاں فہ اور پ ہم متغیروں کے ماخذ ہیں۔

۱۳۔ بالخصوص ثابت کرو کہ کثیر رقمی (دیکھو دفعہ ۱۴۹) مسٹر ایم۔ رابرٹس

$$(\text{ا}_0, \text{ا}_1, \text{ا}_2, \dots, \text{ا}_\text{ن})(\text{لا}, 1)^\text{ن}$$

کی م ویں قوت جملہ

$$\text{ا}_\text{م} + \text{لاعف}(\text{ا}_\text{ن}) + \frac{\text{لا}^2}{2\times1}\text{عف}^2(\text{ا}_\text{ن}) + \frac{\text{لا}^3}{3\times2\times1}\text{عف}^3(\text{ا}_\text{ن}) + \dots$$

سے تعبیر کیا جا سکتی ہے۔

۱۴۔ ہم متغیر کی دونوں تعریفوں سے ثابت کرو کہ کسی ہم متغیر کا ہم متغیر اصلی کثیر رقمی یا کثیر رقمیوں کا ہم متغیر ہے۔

۱۵۔ اگر مساوانوں

$$\text{ع} \equiv (\text{ا}_0, \text{ا}_1, \text{ا}_2, \dots, \text{ا}_\text{م})(\text{لا}, 1)^\text{م} = 0,\quad \text{و} \equiv (\text{ب}_0, \text{ب}_1, \text{ب}_2, \dots, \text{ب}_\text{ن})(\text{لا}, 1)^\text{ن} = 0$$

کی اصلیں ع۱، ع۲، ع۳، ... ع م اور پ۱، پ۲، پ۳، ... پ ن ہوں تو نظام ع اور و کا ایک ہم متغیر انکی اصلوں کے فرقوں کے سادہ ترین تفاعل سے یعنی

$$\Sigma\,(\text{ع}_\text{ق} - \text{پ}_\text{ر}) = \text{ن}\,\Sigma\,\text{ع} - \text{م}\,\Sigma\,\text{پ}$$

سے اخذ کرو۔

یہ سوال حل ہو جائیگا اگر ہم جملہ

$$\text{ع و} \equiv \frac{\text{عق} - \text{بق}}{(\text{لا} - \text{عق})(\text{لا} - \text{بق})}$$

کو ع اور و کے سروں کی رقوم میں بیان کریں۔
اس مقصد کے لئے ہم لکھ سکتے ہیں

$$\equiv \frac{\text{عق} - \text{بق}}{(\text{لا} - \text{عق})(\text{لا} - \text{بق})} \equiv \equiv \frac{\text{عق}}{\text{لا} - \text{عق}} \equiv \frac{1}{\text{لا} - \text{به}} - \equiv \frac{\text{به}}{\text{لا} - \text{به}} \equiv \frac{1}{\text{لا} - \text{عه}}$$

اور اگر ع اور و کو لا اور ما کے متجانس تفاعلوں کے طور پر لکھا جائے تو

$$\equiv \frac{1}{\text{لا} - \text{عه ما}} = \frac{\text{جف لوک ع}}{\text{جف لا}} \equiv \frac{\text{عه}}{\text{لا} - \text{عه ما}} = \frac{\text{جف لوک ع}}{\text{جف ما}}$$ ، وغیرہ

اسلئے ان قیمتوں کو آخری مساوات میں لکھنے سے (139)

$$\text{ع و} \equiv \frac{\text{عق} - \text{بق}}{(\text{لا} - \text{عق ما})(\text{لا} - \text{بق ما})} = \frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}} \frac{\text{جف و}}{\text{جف ما}} \frac{\text{جف ع جف و}}{\text{جف ما جف لا}}$$

جو ع اور و کا جیکوبین ہے۔ یہ بھی دیکھ لینا چاہئے کہ جے (ع ، و) کا صدر سر م ن (ا ب - ا ب) ہے۔

۱۶ — ثابت کرو کہ دو کثیر رقمیوں کے مشترک اجزائے ضربی انکے جیکوبین جے (ع ، و) کے دوہرے اجزائے ضربی ہوتے ہیں جب کثیر رقمی ایک ہی درجہ ن کے ہوں۔

فرض کرو ع ≡ پ ف ، و ≡ پ ہ جہاں پ = ل لا + م ما۔
ان کثیر رقمیوں کا جیکوبین جے (ع ، و) بناؤ تو معلوم ہوگا کہ اسکا ایک حصہ $\text{پ}^{۲}$ سے تقسیم پذیر ہے اور دوسرا حصہ جو ظاہرا صرف پ سے تقسیم پذیر معلوم ہوتا ہے شکل ذیل میں لکھا جا سکتا ہے (یولر کا متجانس تفاعلوں کا

مسئلہ استعمال کرنے اور عددی جزو ضربی کو ترک کرنے سے):۔

$$(\text{لا}\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}} + \text{ما}\frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}})(\text{ل}\frac{\text{جف پ}}{\text{جف ما}} - \text{م}\frac{\text{جف پ}}{\text{جف لا}}) + (\text{لا}\frac{\text{جف پ}}{\text{جف لا}} + \text{ما}\frac{\text{جف پ}}{\text{جف ما}})(\text{م}\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}} - \text{ل}\frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}})$$

اور یہ، (ل لا + م ما) جے (ف، پ) کے مماثل ہے۔

۱۷۔ ثابت کرو کہ لہ ع + مہ و کے ۲ (ن - ۱) دوسرے اجزائے ضربی جو لہ اور مہ کو بدلنے سے حاصل ہوتے ہیں جے (ع، و) کے اجزائے ضربی ہیں جہاں ع اور و دونوں ن ویں درجہ کے ہیں۔

۱۸۔ ع = ۰، و = ۰، $\frac{\text{جف جے (ع، و)}}{\text{جف لا}} = 0$، $\frac{\text{جف جے (ع، و)}}{\text{جف ما}} = 0$

کے درمیان بین تحلیلی مساوات سے ع کو ساقط کرنے سے درکبیون ع اور و کا حاصل استقاط معلوم کرو۔

۱۹۔ اگر

(ا، ا، ا، ... ا) (لا، ما) ف،

(ب، ب، ب، ... ب) (لا، ما) ق،

ع کے دو ہم متغیر ہوں تو ثابت کرو کہ ان کے جیکوبین کا پہلا سر

ذ ق (ا ب - ا ب)

ہے۔

۲۰۔ اگر

(ا، ا، ا، ... ا) (لا، ما) ف،

(ب، ب، ب، ... ب) (لا، ما) ف،

(ج، ج، ج، ... ج) (لا، ما) ف،

ع ن کے تین ہم متغیر ہوں تو ثابت کرو کہ مقطع

$$\begin{vmatrix} ا & ا_1 & ا_2 \\ ب & ب_1 & ب_2 \\ ج & ج_1 & ج_2 \end{vmatrix}$$

ایک نیم غیر متغیر ہے۔

سترھواں باب (140)

دو درجی، تین درجی اور چار درجی کے ہم متغیر اور غیر متغیر

۱۷۹ — دو درجی — دو درجی کا صرف ایک غیر متغیر ہوتا ہے اور خود دو درجی کے علاوہ کوئی دوسرا ہم متغیر نہیں ہوتا۔

کیونکہ اگر دو درجی مساوات

$$ع^{۲} \equiv ا\ لا^{۲} + ۲ ب\ لا + ج = ۰$$

کی اصلیں عہ اور بہ ہوں تو انکے فرقوں کے تفاعل جن سے غیر متغیر اور ہم متغیر حاصل ہو سکتے ہیں صرف (عہ - بہ) کی جفت قوتیں ہیں جن کا نمونہ $(عہ - بہ)^{۲ف}$ ہے۔ (عہ - بہ) کی طاق قوتیں سروں کی رقوم میں منطق شکل میں بیان نہیں ہو سکتیں۔

اسلئے جملہ

$$ع^{۲ف} \left(\frac{۱}{عہ - لا} - \frac{۱}{بہ - لا}\right)^{۲ف}$$

کو سروں کی رقوم میں بیان کر کے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ دو درجی کا صرف ایک خاص غیر متغیر $ا ج - ب^{۲}$ ہے اور خود ع سے جداگانہ ہم متغیر موجود نہیں ہے۔

۱۸۰ — تین درجی اور اسکے ہم متغیر

دفعہ ہذا میں کبھی کے ہم متغیروں پر اُن اُصولوں کے تحت بحث کیجائیگی جو قبل ازیں سمجھا دئے گئے ہیں اور دفعہ آئندہ میں غیر متغیروں اور ہم متغیروں کی ٹھیک ٹھیک تعداد معلوم کیجائیگی —

کبھی کی صورت میں ہم متغیر حاصل کرنیکا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ اصلوں کے فرقوں کے تفاعل میں

عہ، بہ، جہ کی بجائے بہ جہ + عہ لا، جہ عہ + بہ لا، عہ بہ + جہ لا درج کیا جائے۔ ایسا کرنے میں کسروں سے واسطہ نہ پڑیگا کیونکہ عہ - بہ کو مستحیل کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{1}{\text{عہ} - \text{لا}} - \frac{1}{\text{بہ} - \text{لا}} = \frac{-(\text{بہ جہ} + \text{عہ لا}) + (\text{جہ عہ} + \text{بہ لا})}{(\text{لا} - \text{عہ})(\text{لا} - \text{بہ})(\text{لا} - \text{جہ})}$$

اور کسروں کو دور کرنے سے ہم اوپر کے استحالہ پر پہنچتے ہیں (فرقوں کے تفاعل ھ یا گ دونوں کے لئے رتبہ اور وزن مساوی ہیں)۔ فرقوں کے تفاعلوں کو مستحیل کرنیکا یہ طریقہ اب کبھی کے ہم متغیروں پر استعمال کیا جائیگا — (141)

(۱) دو درجی ہم متغیر یا ھیسوی ھ —

مساوات

$$\text{لا}^2 (\text{عہ} + \text{سہ بہ} + \text{سہ}^2 \text{جہ})(\text{عہ} + \text{سہ}^2 \text{بہ} + \text{سہ جہ}) = 9(\text{لا}^2 - \text{ا لا} + \text{ا}^2)$$

کی دونوں جانبوں کو مستحیل کرنے سے

$$\text{لا}^2 \{(\text{عہ} + \text{سہ بہ} + \text{سہ}^2 \text{جہ})\text{لا} + \text{بہ جہ} + \text{سہ جہ عہ} + \text{سہ}^2 \text{عہ بہ}\}$$

$$\times \{(\text{عہ} + \text{سہ}^2 \text{بہ} + \text{سہ جہ})\text{لا} + \text{بہ جہ} + \text{سہ}^2 \text{جہ عہ} + \text{سہ عہ بہ}\} = 9(\text{ع}_2^2 - \text{ع}_1 \text{ع}_3)$$

اس طرح ثابت ہوتا ہے کہ

$$\text{ھ}_{\text{لا}} \equiv (\text{ا}_{\text{ل}}\text{ا}_{\text{ل}}^{2} - \text{ا}_{\text{ل}}^{2})\text{لا}^{2} + (\text{ا}_{\text{ل}}\text{ا}_{\text{ل}}^{3} - \text{ا}_{\text{ل}}\text{ا}_{\text{ل}}^{2})\text{لا} + (\text{ا}_{\text{ل}}\text{ا}_{\text{ل}}^{3} - \text{ا}_{\text{ل}}^{2})$$

کے اجزائے ضربی

$$\text{ل}_{\text{لا}} + \text{ل}_{\text{ا}} \quad \text{اور} \quad \text{م}_{\text{لا}} + \text{م}_{\text{ا}} \qquad (\text{دفعہ } ۵۹)$$

ہیں جہاں

$$\text{ل}_{\text{ا}} \equiv \text{ب}_{\text{ج}} + \text{سہ}_{\text{ج}}\text{عہ} + \text{سہ}^{2}_{\text{عہ}}\text{ب}_{\text{ع}} \quad \text{م}_{\text{ا}} \equiv \text{ب}_{\text{ج}} + \text{سہ}^{2}_{\text{ج}}\text{عہ} + \text{سہ}_{\text{عہ}}\text{ب}_{\text{ع}}$$

سروں کی رقوم میں ھیسوی کی شکل سے یا دفعہ ۴۳ کے رشتوں سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ جب کیبی کامل مکعب ہوتا ہے تو ھیسوی کا ہر سر متماثلاً معدوم ہو جاتا ہے۔

(۲) کیبی ہم متغیر $\text{گ}_{\text{لا}}$۔

دفعہ ۵۹ سے ہمیں معلوم ہے کہ

$$\text{ا}^{3}_{\text{ل}}\{(\text{عہ} + \text{سہ}_{\text{ب}} + \text{سہ}^{2}_{\text{ج}})^{3} + (\text{عہ} + \text{سہ}^{2}_{\text{ب}} + \text{سہ}_{\text{ج}})^{3}\}$$

$$= -۲۷(\text{ا}^{2}_{\text{ل}}\text{ا}^{3}_{\text{ل}} + ۲\text{ا}^{3}_{\text{ل}} - ۳\text{ا}_{\text{ل}}\text{ا}_{\text{ل}}\text{ا}_{\text{ل}})$$

اس مساوات کی دونوں جانبوں کو حسب سابق مستحیل کرنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ

$$\text{ا}^{3}_{\text{ل}}\{(\text{ل}_{\text{لا}} + \text{ل}_{\text{ا}})^{3} + (\text{م}_{\text{لا}} + \text{م}_{\text{ا}})^{3}\} = -۲۷(\text{ع}^{2}_{\text{ع}}$$

$$+ ۲\text{ع}^{3}_{\text{ع}} - ۳\text{ع}_{\text{ع}}\text{ع}^{2}_{\text{ع}}) = ۲۷\,\text{گ}_{\text{لا}}$$

جہاں گ سے وہ ہم متغیر تعبیر ہوتا ہے جو زرقوں کے تفاعل گ سے اسطرح بنتا ہے کہ گ سے اخذ کردہ ماخذہ بدفعہ ۱۶۹ کی طرح عمل کیا جائے (علامت بدل دیگئی ہے تاکہ گ صدر سر ہوسکے) ہم آسانی کے ساتھ حاصل کرتے ہیں (دیکھو مثال ۳ دفعہ ۱۶۹)

$$\text{گ}_{\text{لا}} = (\text{ا}_{\text{۱}}^{\text{۳}} - ۳\,\text{ا}_{\text{۱}}\,\text{ا}_{\text{۲}} + ۲\,\text{ا}_{\text{۳}})\,\text{لا}^{۳} + ۳(\text{ا}_{\text{۱}}^{\text{۲}}\,\text{ا}_{\text{۲}} + \text{ا}_{\text{۱}}\,\text{ا}_{\text{۳}} - ۲\,\text{ا}_{\text{۴}})\,\text{لا}^{۲}$$

$$-(\text{ا}_{\text{۱}}^{\text{۲}}\,\text{ا}_{\text{۲}} - ۳\,\text{ا}_{\text{۱}}\,\text{ا}_{\text{۳}} + ۲\,\text{ا}_{\text{۴}}) - ۳(\text{ا}_{\text{۱}}\,\text{ا}_{\text{۲}}^{\text{۲}} + \text{ا}_{\text{۱}}^{\text{۲}}\,\text{ا}_{\text{۳}} - ۲\,\text{ا}_{\text{۲}}\,\text{ا}_{\text{۳}})\,\text{لا}$$

(۱۴۲) $(\text{ل}\,\text{لا} + \text{ل}_{\text{۱}})^{۳} + (\text{م}\,\text{لا} + \text{م}_{\text{۱}})^{۲}$ کو تحلیل کرنے سے ہم گ$_{\text{لا}}$ کے اجزائے ضربی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ اجزائے ضربی زیادہ آسانی کے ساتھ اس طرح حاصل کئے جا سکتے ہیں:۔ چونکہ گ کے اجزائے ضربی ب + جہ - ۲ عہ، جہ + عہ - ۲ ب، عہ + ب - ۲ جہ ہیں اسلئے گ$_{\text{لا}}$ کے اجزائے ضربی ہیں

$$\frac{۱}{\text{ب}-\text{لا}} + \frac{۱}{\text{جہ}-\text{لا}} - \frac{۲}{\text{عہ}-\text{لا}}\,،\quad \frac{۱}{\text{جہ}-\text{لا}} + \frac{۱}{\text{عہ}-\text{لا}} - \frac{۲}{\text{ب}-\text{لا}}\,،\quad \frac{۱}{\text{عہ}-\text{لا}} + \frac{۱}{\text{ب}-\text{لا}} - \frac{۲}{\text{جہ}-\text{لا}}$$

جبکہ کسریں دور کر دیجائیں۔

مساوات گ = ۰ کی ہندسی تعبیر صریحاً حسب ذیل ملتی ہے:۔ اگر ایک خط مستقیم پر تین نقطے ا، ب، ج لئے جائیں جو مساوات ع = ۰ سے متعین ہوتے ہیں، اور تین نقطے ا، ب، ج ایسے لئے جائیں کہ ا کا موسیقی مزدوج بلحاظ ب اور ج کے ا ہے، ب کا بلحاظ ج اور ا کے ب، ج کا بلحاظ ا اور ب کے ج،

تو یہ تین نقطے (أ، ب، ج) مساوات گ = ۰ سے متعین ہوتے ہیں۔ (دیکھو مثال ۱۳ صفحہ ۱۲۰ جلد اول)۔

(۳) کعبی کو دو مکعبوں کے فرق کے طور پر بیان کرنا۔

جیسوی کے اجزائے ضربی کے ذریعہ کعبی کو دو مکعبوں کے فرق میں حسب ذیل طریقہ پر بیان کیا جا سکتا ہے:۔

$$(ل\ لا + ل_1)^3 - (م\ لا + م_1)^3 = ۲۷\ ع\ \frac{\sqrt{\Delta}}{أ_1^3}$$

کیونکہ مثال ۶ صفحہ ۱۶۹ جلد اول کے مطابق

$$ل^3 - م^3 = \sqrt{-۲۷} (به - جه)(جه - عه)(عه - به)$$

اس مساوات کو حسب سابق تحویل کرنے سے اسکی دائیں جانب ہو جاتی ہے

$$(ل\ لا + ل_1)^3 - (م\ لا + م_1)^3$$

اور مساوات کی بائیں جانب ہو جاتی ہے

$$\sqrt{-۲۷} (به - جه)(جه - عه)(عه - به)(لا - عه)(لا - به)(لا - جه)$$

اوپر پچھلی مساواتوں سے اندراج کرنے سے

$$(ل\ لا + ل_1)^3 - (م\ لا + م_1)^3 = ۲۷\ \frac{ع^6}{أ_1^3}\ \sqrt{گ^2 + ۴\ هـ^3}$$

$$= ۲۷\ \frac{ع^6\ \sqrt{\Delta}}{أ_1^3}$$

(۴) کعبی اور اسکے ہم متغیروں کے درمیان رشتہ۔

انمیں ذیل کا ربط موجود ہوتا ہے:۔

$$\text{گ}_{\text{لا}}^{2} + ۴\,\text{ھ}_{\text{لا}}^{3} = ۵\,\text{ع}^{2}$$

(143) کیونکہ مثال ۶ صفحہ ۱۶۹ جلد اول سے

$$\text{ا}^{6}(\text{بہ} - \text{جہ})^{2}(\text{جہ} - \text{عہ})^{2}(\text{عہ} - \text{بہ})^{2} = -۲۷(\text{گ}^{2} + ۴\,\text{ھ}^{3}) = -۲۷\,\text{ا}^{2}\,۵$$

اور اس مساوات کو حسب سابق تحلیل کرنے سے

$$\text{ا}^{6}(\text{بہ} - \text{جہ})^{2}(\text{جہ} - \text{عہ})^{2}(\text{عہ} - \text{بہ})^{2}(\text{لا} - \text{عہ})^{2}(\text{لا} - \text{بہ})^{2}(\text{لا} - \text{جہ})^{2} = -۲۷(\text{گ}_{\text{لا}}^{2} + ۴\,\text{ھ}_{\text{لا}}^{3})$$

اسلئے

$$۵\,\text{ع}^{2} = \text{گ}_{\text{لا}}^{2} + ۴\,\text{ھ}_{\text{لا}}^{3}$$

تماثلہ $\text{گ}^{2} + ۴\,\text{ھ}^{3} = \text{ا}^{2}\,۵$ میں ا، لا وغیرہ کی بجائے ع، ع وغیرہ درج کرنے سے بھی مندرجہ بالا نتیجہ فوراً حاصل ہوتا ہے۔

(۵) کبی کا حل۔

جملہ

$$(\text{ع}\sqrt{۵} + \text{گ}_{\text{لا}})^{\frac{1}{3}} + (\text{ع}\sqrt{۵} - \text{گ}_{\text{لا}})^{\frac{1}{3}}$$

ع کا ایک خطی جزو ضربی ہے۔

کیونکہ (۲) اور (۳) کے روابط سے

$$۲\,\text{ا}^{3}(\text{ل}\,\text{لا} + \text{ل}_{۱})^{3} = ۲۷(\text{ع}\sqrt{۵} + \text{گ}_{\text{لا}})$$

$$-۲\,\text{ا}^{3}(\text{م}\,\text{لا} + \text{م}_{۱})^{3} = ۲۷(\text{ع}\sqrt{۵} - \text{گ}_{\text{لا}})$$

اور چونکہ ع کا ایک جزو ضربی

$$(\text{ل}\,\text{لا} + \text{ل}_{۱}) - (\text{م}\,\text{لا} + \text{م}_{۱})$$

ہے اسلئے مسئلہ ثابت ہے۔

کبھی کے حل کی یہ شکل پروفیسر کیلی نے حاصل کی تھی۔

۱۸۱۔ کبھی کے غیر متغیروں اور ہم متغیروں کی تعداد۔ چار درجی

کی بحث شروع کرنے سے پیشتر ہم وہ مسئلہ لیتے ہیں جسکا حوالہ دفعہ ۱۶۲ میں دیا گیا تھا یعنے غیر تابع ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی تعداد کی تعیین۔ اس مقصد کے لئے کبھی کی صورت میں ہمیں حسب ذیل مسئلہ ملتا ہے:۔

کبھی کے صرف دو ہم متغیر ہوتے ہیں جنکی صدر رقمیں $ھ$ اور $گ$ ہیں۔ اور صرف ایک غیر متغیر یعنے ممیز $Δ$ جہاں

$$Δ = گ_1^2 + ۴ ھ_3^3 \text{ یا } Δ = ا_۱^۲ د_۲^۲ + ۴ ا_۱^۳ ج_۳^۳ - ۱۶ ا_۱^۲ ب_۲^۲ ج_۳^۲ + ۴ ا_۱^۲ ب_۳^۳ - ۳ ب_۲^۴ ج_۳^۲$$

اس کا ثبوت دفعہ ۱۶۲ کے مسئلہ سے فوراً اخذ ہو سکتا ہے۔ فرض کرو کہ اصلوں کے فرقوں کا کوئی صحیح متشاکل تفاعل (ھ رتبہ کا) فہ (ع، ب، ج) ہے جو سروں کے ذریعہ منطوق شکل میں بیان ہو سکتا ہے۔ اس مسئلہ میں جسکا حوالہ اوپر دیا گیا ہے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ $ف^{ھ}$ فہ کی شکل

$$گ \text{ فا } (ا، ھ، Δ) \text{ یا فا } (ا، ھ، Δ)$$

ہے بموجب اسکے کہ فہ، اصلوں کا طاق یا جفت تفاعل ہو۔ اسلئے (144)
پہلی صورت میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اصلوں میں طاق درجہ کا غیر متغیر نہیں ہو سکتا کیونکہ گ فا (ا، ھ، Δ) وہی تفاعل نہیں رہتا جب ا، ب، ج، د کو علی الترتیب د، ج، ب، ا میں بدلا جاتا ہے۔ دوسری صورت میں جفت درجہ کا غیر متغیر صرف ایک ہوگا جس کو Δ کی قوت ہونا چاہیئے، کیونکہ اگر فا (ا، ھ، Δ) میں Δ کے علاوہ ا یا ھ شامل ہوں تو یہ وہی تفاعل نہیں رہ سکتا جبکہ سروں کا باہمی تبادلہ اوپر کی طرح عمل میں آتا ہے۔

نیز کبھی صرف دو جداگانہ ہم متغیر رکھتا ہے کیونکہ یہ ثابت کردیا گیا ہے کہ ہر نیم غیر متغیر ا ف کی شکل

$$\text{فا}(ا\ ،\ ھ\ ،\ Δ)\ ،\ \text{یا گ فا}(ا\ ،\ ھ\ ،\ Δ)$$

ہے اور اسلئے متناظر ہم متغیر جو نیم غیر متغیر کو صدر رقم قرار دیکر بنایا گیا ہو

$$\text{فا}(ع\ ،\ ھ_{لا}\ ،\ Δ)\ ،\ \text{یا گ}_{لا}\ \text{فا}(ع\ ،\ ھ_{لا}\ ،\ Δ)$$

کے طور پر بیان ہو سکنا چاہئے۔ یعنے ہر ہم متغیر ھ لا اور گ لا کی رقوم میں ع اور Δ کے ساتھ منطق صحیح شکل میں بیان ہو سکتا ہے یا دوسرے الفاظ میں صرف دو جداگانہ ہم متغیر ہیں۔

۱۸۲۔ چار درجی۔ اسکے ہم متغیر اور غیر متغیر۔ ہم یہ بتا چکے ہیں کہ چار درجی کے دو غیر متغیر ع اور جے ہیں (دفعہ ۱۶۷)۔ اصلوں کے فرقوں کے تفاعلوں ھ اور گ سے ہم دو ہم متغیر ھ لا اور گ لا اخذ کر سکتے ہیں جنکے صدر سر ھ اور گ ہیں۔ کیونکہ ربط

$$ا_{۲}^{۲} \Sigma\ (عہ - بہ)^{۲} = -۴۸\ (ا_{۱}\ ا_{۳} - ا_{۲}^{۲})$$

سے دفعہ ۱۶۷ کے عمل کے ذریعہ ہم اخذ کرتے ہیں

$$ا_{۲}^{۲} \Sigma (عہ - بہ)^{۲} (لا - جہ)^{۲} (لا - ضہ)^{۲} = -۴۸ (ع_{۲}\ ع_{۳} - ع_{۴}^{۲})$$

اور $ع_{۲}\ ع_{۳} - ع_{۴}^{۲}$ کو پھیلانے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ھ = (ا_{۱}\ ا_{۴} - ا_{۲}^{۲})\ لا^{۴} + ۲\ (ا_{۱}\ ا_{۲}\ ا_{۴} - ا_{۱}\ ا_{۳}^{۲})\ لا^{۳} + (ا_{۱}\ ا_{۳}\ ا_{۴} + ۲\ ا_{۱}\ ا_{۲}\ ا_{۳} - ۳\ ا_{۲}^{۳})\ لا^{۲}$$
$$+ ۲\ (ا_{۱}\ ا_{۳}^{۲} - ا_{۲}^{۲}\ ا_{۳})\ لا + (ا_{۲}^{۲}\ ا_{۴} - ا_{۲}\ ا_{۳}^{۲})$$

اسی طرح چونکہ

$$گ \equiv ب_{1}^{2} ا_{3} + 2 ا_{1}^{3} - 3 ب_{1} ا_{1} ا_{2}$$

اسلئے ہم متغیر

$$-گ_{لا} \equiv ع_{1} ع_{2}^{2} + 2 ع_{3}^{3} - 3 ع_{1} ع_{2} ع_{3} \qquad (145)$$

حاصل ہوتا ہے جو چھٹے درجہ میں تحویل ہو جاتا ہے، اور اگر اس کو اس طرح لکھا جائے

$$گ \equiv ا_{1}^{6} + ا_{2}^{5} ا_{1} + ا_{3}^{4} ا_{2}^{2} + ا_{4}^{3} ا_{3}^{3} + ا_{5}^{2} ا_{4}^{2} + ا_{6} ا_{5}$$

تو اوپر کی قیمت کو پھیلانے سے یا زیادہ آسانی کے ساتھ، ماخذ ا بنانے سے اور دفعہ ۱۶۹ کے متواتر اعمال کی تکمیل کرنے سے سروں کی حسب ذیل قیمتیں حاصل ہوتی ہیں:-

$$ا_{6} = -ب_{1}^{2} ا_{4} + 3 ب_{1} ب_{2} ا_{3} - 2 ب_{3}^{2}، \quad ا_{5} = -ب_{1}^{2} ب_{4} - 2 ب_{1} ب_{2} ا_{1} ا_{3} - 6 ب_{2}^{2} ا_{1}^{2} ا_{2} + 9 ب_{3} ا_{1}^{3} ا_{2}،$$

$$ا_{4} = -5 ب_{1} ب_{3} ب_{4} - 10 ب_{1}^{2} ا_{1} ا_{4} + 15 ب_{2} ا_{1}^{2} ا_{3}، \quad ا_{3} = -10 ب_{1}^{2} ب_{3} + 10 ب_{1}^{2} ب_{2} ا_{1}^{2}،$$

$$ا_{2} = 15 ب_{1} ب_{2} ب_{4} + 10 ب_{1}^{2} ب_{3} ا_{1} - 15 ب_{1} ب_{2}^{2} ا_{1}^{2}، \quad ا_{1} = ب_{1}^{2} ب_{4} + 2 ب_{1} ب_{2} ب_{3} ا_{1} + 6 ب_{2}^{2} ا_{1}^{2} - 9 ب_{3} ا_{1}^{3}،$$

$$ا_{0} = ب_{1}^{2} ب_{3} - 3 ب_{1} ب_{2} ا_{1}^{2} + 2 ا_{1}^{3}،$$

یہاں یہ بات دیکھی جا سکتی ہے کہ جب $ا_{3}$ معلوم ہو جاتا ہے تو $ا_{4}$، $ا_{5}$ اور $ا_{6}$ سے لاحقوں کو انکی متمم قیمتوں میں بدل کر اور پورے جملہ کی علامت دفعہ ۱۶۸ کے مطابق تبدیل کر کے $ا_{2}$، $ا_{1}$ اور $ا_{0}$ حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

اب ہم دفعات آیندہ میں چار درجی کے اِن دو ہم متغیروں کے اہم خواص پر بحث کرینگے۔

۱۸۳۔ چھ درجی ہم متغیر کے دو درجی اجزائے ضربی *

چونکہ گ لا کے دو درجی اجزائے ضربی ذیل کی بحث میں نمایاں حصہ لیتے ہیں اسلئے پہلے ہم اِن اجزائے ضربی کے لئے چار درجی کی اصلوں کی رقوم میں جملے معلوم کرتے ہیں اور انکے اہم خواص اخذ کرتے ہیں۔

عہ، بہ، جہ، ضہ کی رقوم میں گ کے اجزائے ضربی چونکہ یہ ہیں

بہ + جہ - عہ - ضہ، جہ + عہ - بہ - ضہ، عہ + جہ - جہ - ضہ،

اسلئے اِن سے گ لا کے اجزائے ضربی، عہ، بہ، جہ، ضہ کی بجائے علی الترتیب $\frac{1}{\text{لا}-\text{عہ}}$، $\frac{1}{\text{لا}-\text{بہ}}$، $\frac{1}{\text{لا}-\text{جہ}}$، $\frac{1}{\text{لا}-\text{ضہ}}$ درج کرکے اور کسروں کو دور کرنے کے لئے $\frac{\text{ع}}{\text{لا}}$ سے ہر جزو ضربی کو ضرب دیکر حاصل کئے جاتے ہیں۔

پس اِن اجزائے ضربی کو ء، و، ط سے تعبیر کریں تو (1.26)

$$\left.\begin{aligned} \text{لا ء} &= \text{ع}\left(\frac{1}{\text{لا}-\text{بہ}}+\frac{1}{\text{لا}-\text{جہ}}-\frac{1}{\text{لا}-\text{عہ}}-\frac{1}{\text{لا}-\text{ضہ}}\right)\\ \text{لا و} &= \text{ع}\left(\frac{1}{\text{لا}-\text{جہ}}+\frac{1}{\text{لا}-\text{عہ}}-\frac{1}{\text{لا}-\text{بہ}}-\frac{1}{\text{لا}-\text{ضہ}}\right)\\ \text{لا ط} &= \text{ع}\left(\frac{1}{\text{لا}-\text{عہ}}+\frac{1}{\text{لا}-\text{بہ}}-\frac{1}{\text{لا}-\text{جہ}}-\frac{1}{\text{لا}-\text{ضہ}}\right)\end{aligned}\right\} \quad \ldots\ldots (۱)$$

* دیکھو پروفیسر بال کا مضمون، کوارٹرلی جرنل آف میتھامیٹکس جلد ہفتم صفحہ ۳۶۸ میں۔ اس مضمون میں چار درجی کے مختلف حلوں پر کامل اور اہم بحث کیگئی ہے۔

اب اگر ع، و، ط کی قیمتوں کو لا کی قوتوں میں ترتیب دیا جائے تو

(۲)
$$\left.\begin{aligned} ع &= (ب+جہ-عہ-ضہ)لا^{۲}-۲(بجہ-عہ ضہ)لا+بجہ(عہ+ضہ)-عہ ضہ(ب+جہ) \\ و &= (جہ+عہ-ب-ضہ)لا^{۲}-۲(جہ عہ-ب ضہ)لا+جہ عہ(ب+ضہ)-ب ضہ(جہ+عہ) \\ ط &= (عہ+ب-جہ-ضہ)لا^{۲}-۲(عہ ب-جہ ضہ)لا+عہ ب(جہ+ضہ)-جہ ضہ(عہ+ب) \end{aligned}\right\}$$

اور اس لئے

$$۳۲ \text{ گ}_{\text{لا}} = ا^{۳} ع و ط ،$$

مساواتوں (۱) سے ہم آسانی کے ساتھ معلوم کرتے ہیں

$$و = (عہ-ضہ)(لا-ب)(لا-جہ)-(ب-جہ)(لا-عہ)(لا-ضہ)$$
$$ط = (عہ-ضہ)(لا-ب)(لا-جہ)+(ب-جہ)(لا-عہ)(لا-ضہ)$$

ان سے اور متشابہ مساواتوں سے ہمیں حاصل ہوتا ہے:-

$$\frac{و^{۲}-ط^{۲}}{مہ-نہ} = \frac{ط^{۲}-ع^{۲}}{نہ-لہ} = \frac{ع^{۲}-و^{۲}}{لہ-مہ} = ۴ \frac{ع}{ا} ، \qquad (۳)$$

جہاں لہ، مہ، نہ کے وہی معمولی معنے ہیں (مثال ۱۷ دفعہ ۲۷)۔ اور اسلئے

$$(مہ-نہ)ع^{۲} = (لہ-نہ)و^{۲}-(لہ-مہ)ط^{۲}$$

پس $(مہ-نہ)ع^{۲} = (و\sqrt{لہ-نہ}+ط\sqrt{لہ-مہ})(و\sqrt{لہ-نہ}-ط\sqrt{لہ-مہ})$

اب جیسا کہ اس متماثلہ مساوات سے ظاہر ہے چونکہ دوسری جانب کے اجزائے ضربی دونوں کامل مربع ہیں اس لئے ہم مان سکتے ہیں

$$و\sqrt{لہ-نہ}+ط\sqrt{لہ-مہ} \equiv ۲ع_{۱}^{۲} ،$$
$$و\sqrt{لہ-نہ}-ط\sqrt{لہ-مہ} \equiv ۲ع_{۲}^{۲} ،$$

اسلئے $ط\sqrt{لہ-مہ} = ع_{۱}^{۲}-ع_{۲}^{۲}$ (147)

$$\text{و}\,\overline{\text{لا}-\text{نہ}} = \text{ع}_{۱}^{۲} + \text{ع}_{۲}^{۲}$$

$$\text{ع}\,\overline{\text{لا}-\text{نہ}} = ۲\,\text{ع}_{۱}\,\text{ع}_{۲}$$

اِن قیمتوں سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ $\text{گ}_{\text{لا}}$ کے دو درجی اجزائے ضربی ع، و، ط باہم موسیقی ہیں۔

مساوات $\text{گ}_{\text{لا}} = ۰$ کی ہندسی تعبیر کے لئے دفعہ ۶۵ دیکھو۔

۱۸۴۔ $\text{گ}_{\text{لا}}$ کے دو درجی اجزائے ضربی کی رقوم میں ھیسوی کو بیان کرنا۔ چونکہ

$$-۴۸\,\frac{\text{ھ}_{\text{لا}}}{۲!} = \Sigma\,(\text{عہ}-\text{بہ})^{۲}(\text{لا}-\text{جہ})^{۲}(\text{لا}-\text{ضہ})^{۲}$$

اسلئے رقموں کو ازواج میں ملانے سے اور یہ دیکھنے سے کہ

$$\Sigma\,(\text{بہ}-\text{جہ})(\text{عہ}-\text{ضہ})\,\text{ع} \equiv ۰،$$

$$\Sigma\,(\text{عہ}-\text{بہ})^{۲}(\text{لا}-\text{جہ})^{۲}(\text{لا}-\text{ضہ})^{۲}$$

$$= \Sigma\,\{(\text{بہ}-\text{جہ})(\text{لا}-\text{عہ})(\text{لا}-\text{ضہ})$$

$$+ (\text{عہ}-\text{ضہ})(\text{لا}-\text{بہ})(\text{لا}-\text{جہ})\}^{۲}$$

ہمیں حاصل ہوتا ہے (کیونکہ خطوط وحدانی کے اندر کی مقداریں ع، و، ط ہیں)

$$-۴۸\,\frac{\text{ھ}_{\text{لا}}}{۲!} = \text{ع}^{۲} + \text{و}^{۲} + \text{ط}^{۲}$$

جو $\text{ھ}_{\text{لا}}$ کے لئے مطلوبہ ربط ہے۔

۱۸۵ ۔ خود چار درجی کوگ کے دو درجی اجزائے ضربی کی رقوم میں بیان کرنا ۔ مساواتوں (۳) سے ع کے لئے ایک متشاکل قیمت حاصل کیجا سکتی ہے ۔ اِن مساواتوں میں لہ، مہ، کی بجائے اِنکی قیمتیں، مساوات ۴ غہ۳ ۔ ع غہ + جے = ۰ کی اصلوں غہ۱، غہ۲، غہ۳ کی رقوم میں درج کرو تو

$$\text{ا}^{2}(\text{و}^{2}-\text{ط}^{2}) = ۱۶(\text{غہ}_{۲}-\text{غہ}_{۳})^{۶}\text{،}\quad \text{ا}^{2}(\text{ط}^{2}-\text{ع}^{2}) = ۱۶(\text{غہ}_{۳}-\text{غہ}_{۱})^{۶}\text{،}$$

$$\text{ا}^{2}(\text{ع}^{2}-\text{و}^{2}) = ۱۶(\text{غہ}_{۱}-\text{غہ}_{۲})^{۶}\text{،}$$

اِن مساواتوں سے ھ کی اُس قیمت کے ذریعہ جو دفعہ ماسبق میں درج ہے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$(\text{ا ع})^{2} = ۱۶(\text{غہ}_{۱}\text{ع} - \text{ھ}_{۱})^{۶}\text{،}\quad (\text{ا و})^{2} = ۱۶(\text{غہ}_{۲}\text{ع} - \text{ھ}_{۱})^{۶}\text{،}$$

$$(\text{ا ط})^{2} = ۱۶(\text{غہ}_{۳}\text{ع} - \text{ھ}_{۱})^{۶}\text{،} \qquad (۴)$$

(148) اب ہم ابدالات

$$\text{ع} \equiv \Delta_{۱}\text{لا}^{2}\text{،}\quad \text{و} \equiv \Delta_{۲}\text{ما}^{2}\text{،}\quad \text{ط} \equiv \Delta_{۳}\text{ے}^{2}$$

عمل میں لاتے ہیں جہاں $\Delta_{۱}$، $\Delta_{۲}$، $\Delta_{۳}$ ممیز ہیں ع، و، ط کے۔ اِس طرح ع، و، ط کی بجائے تین دو درجی لا، ما، ے جنکے ممیز ایک کے مساوی ہیں داخل ہو جاتے ہیں ۔ اِس استحالہ کے ذریعہ دو درجیوں کی شکلیں بھی متعین ہو جاتی ہیں اور ان کے مربعونکو ملانیوالا متماثل رشتہ (دیکھو مثال ۶ (۱) صفحہ ۲۱۸) اپنی سادہ ترین

شکل میں بیان ہو جاتا ہے۔ ممیزوں کو محسوب کرنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ

$$\Delta_1 = (به + جہ - عہ - ضہ)\{به\,جہ\,(عہ + ضہ) - عہ\,ضہ\,(به + جہ)\} - (به\,جہ - عہ\,ضہ)^2$$

اور متشابہ قیمتیں Δ_2 اور Δ_3 کے لئے۔ اسلئے

$$\Delta_1 = -(لہ - مہ)(لہ - نہ)^2,\quad \Delta_2 = -(مہ - نہ)(مہ - لہ)^2,\quad \Delta_3 = -(نہ - لہ)(نہ - مہ)^2$$

اِن ابدالات کو عمل میں لانے سے پچھلی مساواتیں

$$(غہ_1 - غہ_2)(غہ_1 - غہ_3)\,لا^2 = ھ_{لا} - غہ_1 ع,$$
$$(غہ_2 - غہ_3)(غہ_2 - غہ_1)\,ما^2 = ھ_{لا} - غہ_2 ع, \qquad (۵)$$
$$(غہ_3 - غہ_1)(غہ_3 - غہ_2)\,مے^2 = ھ_{لا} - غہ_3 ع,$$

ہو جاتی ہیں۔ اِن سے $ھ_{لا}$ اور ع کی حسب ذیل قیمتیں اور لا، ما، مے کو ملانیوالا متماثل رشتہ آسانی کے ساتھ اخذ ہوتے ہیں:

$$ھ_{لا} = غہ_1^2 لا^2 + غہ_2^2 ما^2 + غہ_3^2 مے^2,$$
$$-ع = غہ_1 لا^2 + غہ_2 ما^2 + غہ_3 مے^2, \qquad (۶)$$
$$\equiv لا^2 + ما^2 + مے^2,$$

جہاں جیسا کہ ثابت کر دیا گیا ہے لا، ما، مے تین باہم موسیقی دو درجی ہیں جنکے ممیز ہر صورت میں اکائی میں تحویل ہوتے ہیں۔ $گ_{لا}$ کی قیمت، لا، ما، مے کی رقوم میں اس طرح بیان ہو سکتی ہے:

چونکہ ۳۲ $گ_{لا} = لا^2$ ع د ط اور

$$ع_{۲}^{۲} ط_{۲}^{۲} = (م_{۲} - م_{۱})^{۲} (ن_{۲} - ن_{۱})^{۲} (ل - م_{۲})^{۲} لا^{۲} ما^{۲} ے^{۲}$$

$$= \frac{۲۵۶}{۲۷} (ع^{۳} - ۲۷ جے^{۲}) لا^{۲} ما^{۲} ے^{۲}$$

اسلئے $$گ_{۱} = \frac{۱}{۲} \sqrt{ع^{۳} - ۲۷ جے^{۲}}\ لا ما ے$$

۱۸۶ — چار درجی کی تحلیل — مساواتوں (149)

$$- ع = غ_{۴} لا^{۲} + غ_{۳} ما^{۲} + غ_{۲} ے^{۲}$$

$$\therefore = لا^{۲} + ما^{۲} + ے^{۲}$$

سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ

$$ع = (غ_{۱} - غ_{۴}) ما^{۲} + (غ_{۲} - غ_{۳}) ے^{۲}, \quad ع = (غ_{۴} - غ_{۳}) ے^{۲}$$

$$+ (غ_{۲} - غ_{۱}) لا^{۲}, \quad ع = (غ_{۳} - غ_{۴}) لا^{۲} + (غ_{۳} - غ_{۲}) ما^{۲}$$

جہاں $لا^{۲}$، $ما^{۲}$، $ے^{۲}$ کی قیمتیں مساواتوں (۵) سے متعین ہوتی ہیں۔ ع کی ان قیمتوں کو انکے اجزائے ضربی میں تحویل کرنے سے ہمیں ع کو تحلیل کرنے کے تین طریقے ملتے ہیں جو مساوات

$$۴ غ^{۳} - ع غ + جے = ۰$$

کے حل پر منحصر ہیں۔

پروفیسر کیلی نے چار درجی کی تحلیل ایک متشاکل شکل میں پیش کی ہے جو ع اور $ھ_{لا}$ کے لئے دئے ہوئے جملوں سے آسانی کے ساتھ ماخوذ ہو سکتی ہے۔ چونکہ بالعموم

$$ل(ا_{۱} لا^{۲} + ۲ ب_{۱} لا ما + ج_{۱} ما^{۲}) + م(ا_{۲} لا^{۲} + ۲ ب_{۲} لا ما + ج_{۲} ما^{۲}) + ن(ا_{۳} لا^{۲} + ۲ ب_{۳} لا ما + ج_{۳} ما^{۲})$$

ایک کامل مربع ہوتا ہے جبکہ

Σ ل$_{ر}$ (ا$_{ر}$ ج$_{ر}$ - ب$_{ر}$)^{۲} + Σ م$_{ر}$ ن$_{ر}$ (ا$_{ر}$ ج$_{ر}$ + ا$_{ر}$ ج$_{ر}$ - ۲ ب$_{ر}$ ب$_{س}$) = ۰

اسلئے

ل لا + م ما + ن سے

کامل مربع ہے جبکہ

ل^{۲} + م^{۲} + ن^{۲} = ۰

جہاں لا ' ما ' سے باہم موسیقی ہیں اور انکے ممیز ' ہر ایک ' اکائی میں تحویل ہوئے ہیں۔

اس لئے ع کی تحلیل ل ' م ' ن کی ایسی قیمتیں معلوم کرنے پر منحصر ہوتی ہے کہ عام دو درجی

ل لا + م ما + ن سے

یا ل |اغہ$_{۲}$ - غہ$_{۳}$| ھ$_{لا}$ - غہ$_{۱}$ ع + م |اغہ$_{۳}$ - غہ$_{۱}$| ھ$_{لا}$ - غہ$_{۲}$ ع

+ ن |اغہ$_{۱}$ - غہ$_{۲}$| ھ$_{لا}$ - غہ$_{۳}$ ع

ایک کامل مربع ہو اور وہ معدوم ہو جبکہ ع معدوم ہو جائے۔ کسی اصل لا = عہ کے جواب میں یہ قیمتیں اس طور پر معلوم ہو سکتی ہیں کہ |اغہ$_{۲}$ - غہ$_{۳}$| ' |اغہ$_{۳}$ - غہ$_{۱}$| ' |اغہ$_{۱}$ - غہ$_{۲}$| کے لئے قیمتوں کا کوئی نظام لیا جائے اور کامل مربعوں ھ$_{لا}$ - غہ$_{۱}$ ع ' ھ$_{لا}$ - غہ$_{۲}$ ع ' ھ$_{لا}$ - غہ$_{۳}$ ع کے جذروں کے لئے ایسی قیمتیں لی جائیں کہ ان میں سے ہر جذر کی لا = عہ کے لئے ایک ہی قیمت حاصل ہو۔ پھر لا ' ما ' سے کیلئے (150) ذیل کی معین قیمتیں لی جائیں

$$لا = \frac{(غ_2 - غ_3)(ھ_لا - غ_1 ع)(غ_2 - غ_3)(غ_3 - غ_1)}{(غ_1 - غ_2)(غ_2 - غ_3)(غ_3 - غ_1)}$$

علی ہذا القیاس ما اور ے کے لئے۔

پس ل، م، ن کو ذیل کی مساواتیں پوری کرنی چاہئیں:۔

$$ل(غ_2 - غ_3) + م(غ_3 - غ_1) + ن(غ_1 - غ_2) = 0،\quad ل^2 + م^2 + ن^2 = 0.$$

اب یہ مساواتیں صریحاً پوری ہوتی ہیں اگر

$$\frac{ل}{(غ_2 - غ_3)} = \frac{م}{(غ_3 - غ_1)} = \frac{ن}{(غ_1 - غ_2)}،$$

اسلئے آخرالامر ع کے چار خطی اجزائے ضربی کے مربع ہونے چاہئیں

$$(غ_2 - غ_3)(ھ_لا - غ_1 ع) \pm (غ_3 - غ_1)(ھ_لا - غ_2 ع) \pm (غ_1 - غ_2)(ھ_لا - غ_3 ع)$$

جن کا حاصل ضرب $\Delta ع^2$ ہے۔

اگر چار درجی ک ع - لہ $ھ_لا$ کو حل کرنا مطلوب ہو تو اسی طرح ہم ل، م، ن کی ایسی قیمتیں منتخب کر سکتے ہیں کہ ل لا + م ما + ن ے کامل مربع ہو جائے اور اسوقت معدوم ہو جبکہ ک ع - لہ $ھ_لا$ معدوم ہو جائے۔ یہ قیمتیں اس طرح معلوم ہو سکتی ہیں کہ

$(غ_2 - غ_3)$، $(غ_3 - غ_1)$، $(غ_1 - غ_2)$، ک کے لئے قیمتوں کا ایک معین نظام لیا جائے اور

$$ھ_لا - غ_1 ع = \frac{ک - غ_1 لہ}{ک}\left\{ھ_لا - مہ(ک ع - لہ ھ_لا)\right\}$$

لکھا جائے جہاں $م_{۱} = \frac{غ_{۱}}{ک - ل غ_{۱}} \; ه_{۱} - غ_{۲} ۶$ اور $ه_{۱} - غ ۶$

کے لئے متشابہ قیمتوں کے کامل مربعوں

$ه_{۱} - م_{۱}(ک ۶ - ل ه_{۱})$، $ه_{۲} - م_{۲}(ک ۶ - ل ه_{۲})$، $ه_{۳} - م_{۳}(ک ۶ - ل ه_{۳})$

کے جذروں کے لئے ایسی قیمتیں انتخاب کیجائیں کہ وہ $ک ۶ - ل ه$ کی ایک معین اصل عہ کے لئے مساوی ہوں اور

$$ل = \frac{\sqrt{غ_{۲} - غ_{۳}}\sqrt{ک - ل غ_{۱}}\sqrt{ه_{۱} - م_{۱}(ک ۶ - ل ه_{۱})}}{\sqrt{ک}\sqrt{غ_{۲} - غ_{۳}}\sqrt{غ_{۳} - غ_{۱}}\sqrt{غ_{۱} - غ_{۲}}}$$

رکھا جائے معما ے کی متشابہ قیمتوں کے ــــ تب ل، م، ن کو ذیل کی مساواتیں پوری کرنی چاہئیں :ــ

$$ل^{۲} + م^{۲} + ن^{۲} = ۰ ،$$

$$ل\sqrt{(غ_{۲} - غ_{۳})(ک - غ_{۱} ل)} + م\sqrt{(غ_{۳} - غ_{۱})(ک - غ_{۲} ل)}$$

$$+ ن\sqrt{(غ_{۱} - غ_{۲})(ک - غ_{۳} ل)} = ۰ .$$

(151) یہ مساواتیں صریحاً پوری ہوتی ہیں اگر

$$\frac{ل}{\sqrt{(غ_{۲} - غ_{۳})(ک - غ_{۱} ل)}} = \frac{م}{\sqrt{(غ_{۳} - غ_{۱})(ک - غ_{۲} ل)}} = \frac{ن}{\sqrt{(غ_{۱} - غ_{۲})(ک - غ_{۳} ل)}}$$

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ک ع۔ لہ $\overset{\text{لا}}{\text{ھ}}$ =۰ کے ایک خطی جزو ضربی کا مربع ل لا + م ما + ن ے ہے۔

۱۸۷ — ک ع۔ لہ $\overset{\text{لا}}{\text{ھ}}$ کے غیر متغیر اور ہم متغیر۔ دفعہ ۱۸۵ کی مساواتیں (۶) استعمال کرکے اور لا^{۲} + ما^{۲} + ے^{۲} کو و سے تعبیر کرکے ہم لہ $\overset{\text{لا}}{\text{ھ}}$۔ ک ع میں۔ $\frac{\text{لہ ع}}{\text{و}}$ جمع کرنے سے اسکو شکل

$$\text{ر}_{۱}\text{لا}^{۲} + \text{ر}_{۲}\text{ما}^{۲} + \text{ر}_{۳}\text{ے}^{۲}$$

میں تحویل کرسکتے ہیں جہاں ر$_{۱}$ + ر$_{۲}$ + ر$_{۳}$ =۰، جب وہ اس شکل میں تحویل ہو جائے تو ہمیں ر$_{۱}$، ر$_{۲}$، ر$_{۳}$ کی حسب ذیل تحویل شدہ قیمتیں ملتی ہیں:۔

۳ ر$_{۱}$ = ک (۲ غہ$_{۱}$ − غہ$_{۲}$ − غہ$_{۳}$) + لہ (۲ غہ$_{۲}$ غہ$_{۳}$ − غہ$_{۳}$ غہ$_{۱}$ − غہ$_{۱}$ غہ$_{۲}$)،

۳ ر$_{۲}$ = ک (۲ غہ$_{۲}$ − غہ$_{۳}$ − غہ$_{۱}$) + لہ (۲ غہ$_{۳}$ غہ$_{۱}$ − غہ$_{۱}$ غہ$_{۲}$ − غہ$_{۲}$ غہ$_{۳}$)،

۳ ر$_{۳}$ = ک (۲ غہ$_{۳}$ − غہ$_{۱}$ − غہ$_{۲}$) + لہ (۲ غہ$_{۱}$ غہ$_{۲}$ − غہ$_{۲}$ غہ$_{۳}$ − غہ$_{۳}$ غہ$_{۱}$)،

شکلوں غہ$_{۱}$ لا^{۲} + غہ$_{۲}$ ما^{۲} + غہ$_{۳}$ ے^{۲} اور ر$_{۱}$ لا^{۲} + ر$_{۲}$ ما^{۲} + ر$_{۳}$ ے^{۲} کی تشابہت کی وجہ سے جو ایک ہی نمونہ کی ہیں یہ ظاہر ہے کہ لا ما ے بھی ک ع۔ لہ $\overset{\text{لا}}{\text{ھ}}$ کے چھ درجہ ہم متغیر کے اجزائے خطی ہیں اور اسکا تیسوی ر$_{۱}$ لا^{۲} + ر$_{۲}$ ما^{۲} + ر$_{۳}$ ے^{۲} ہے۔ اس کی تصدیق ہم راست حساب لگا کر کرسکتے ہیں۔ اسلئے ہم ک ع۔ لہ $\overset{\text{لا}}{\text{ھ}}$ کے غیر متغیر اور ہم متغیر اس طرح محسوب کرتے ہیں کہ ع کے غیر متغیروں اور ہم متغیروں کے جملوں میں

غہ۱، غہ۲، غہ۳ کو کا۱، کا۲، کا۳ سے بدل دیتے ہیں۔

اب چونکہ

$$ع = \frac{۲}{۳}\{(غہ_۲ - غہ_۳)^۲ + (غہ_۳ - غہ_۱)^۲ + (غہ_۱ - غہ_۲)^۲\}،$$

$$جے = -۴ غہ_۱ غہ_۲ غہ_۳،$$

اور $کا_۲ - کا_۳ = (غہ_۲ - غہ_۳)(ک - ل غہ_۱)$، $کا_۳ - کا_۱ = (غہ_۳ - غہ_۱)(ک - ل غہ_۲)$،

$کا_۱ - کا_۲ = (غہ_۱ - غہ_۲)(ک - ل غہ_۳)$

(152) اسلئے ک ع - ل ھ کے غیر متغیروں کے لئے ہمیں حسب ذیل قیمتیں ملتی ہیں:—

$$ع_{(ک،ل)} = ع ک^۲ - ۳ جے ک ل + \frac{ع^۲}{۱۲} ل^۲،$$

$$جے_{(ک،ل)} = جے ک^۳ - \frac{ع^۲}{۶} ک^۲ ل + \frac{ع جے}{۴} ک ل^۲ - \frac{۵۴ جے^۲ - ع^۳}{۲۱۶} ل^۳$$

اگر ہم و کے ہم متغیر $ھ_{(ک،ل)}$ اور $گ_{(ک،ل)}$ بنائیں جہاں

$$۴ و ≡ ۴ ک^۳ - ع ک ل^۲ + جے ل^۲$$

(جو محول کبھی ہے جسکو ک، ل میں متجانس بنایا گیا ہے) تو ایم ہرمٹ (M.Hermite) کے بیان کی بموجب ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ

$$ع_{(ک،ل)} = -۱۲ ھ_{(ک،ل)}،\quad جے_{(ک،ل)} = ۴ گ_{(ک،ل)}،$$

نیز ک ع - ل ھ کا ھیسوی محسوب کرنیکے لئے ہم

$$ر_۱^۲ لا^۲ + ر_۲^۲ ما^۲ + ر_۳^۲ ے^۲$$

کو ابدالات

$$غ_۱^۳ لا^۲ + غ_۲^۳ ما^۲ + غ_۳^۳ ے^۲ \equiv -\frac{۱}{۴} ع ع'$$

$$غ_۱^۴ لا^۲ + غ_۲^۴ ما^۲ + غ_۳^۴ ے^۲ \equiv \frac{۱}{۴} (ع \overset{لا}{ھ} + جے ع')$$

کے ذریعہ تحویل کرتے ہیں۔ یہ متماثلہ مساواتیں، مساواتوں

$$غ_۲^۲ = غ_۱ غ_۳ + \frac{۱}{۴} ع, \quad غ_۲^۲ = غ_۳ غ_۱ + \frac{۱}{۴} ع, \quad غ_۳^۲ = غ_۱ غ_۲ + \frac{۱}{۴} ع,$$

کو علی الترتیب پہلے $غ_۱ لا^۲$، $غ_۲ ما^۲$، $غ_۳ ے^۲$ سے اور پھر $غ_۱^۲ لا^۲$، $غ_۲^۲ ما^۲$، $غ_۳^۲ ے^۲$ سے ضرب دیکر جمع کرنے سے حاصل ہوتی ہیں۔

اس طرح ک ع - لہ $\overset{لا}{ھ}$ کے ھیسوی کیلئے ہمیں حسب ذیل شکل ملتی ہے:-

$$\frac{۱}{۴} \{ \overset{لا}{ھ} (۴ ک^۲ - \frac{۱}{۳} لہ^۲) - ع (\frac{۲}{۳} ع ک لہ - جے لہ^۲) \}$$

اس کو شکل

$$\frac{۱}{۳} (\overset{لا}{ھ} \frac{جف\ و}{جف\ ک} + ع \frac{جف\ و}{جف\ لہ})$$

میں بیان کیا جا سکتا ہے اور یہ ک ع - لہ $\overset{لا}{ھ}$ اور ھیسوی کے جیکوبین کا ایک تصف ہے جبکہ متغیر ک اور لہ ہوں۔

نیز چونکہ

$$ع^{۳} - ۲۷ جے^{۲} = ۱۶ (غہ - غہ_۴)^{۲} (غہ - غہ_۳)^{۲} (غہ - غہ_۲)^{۲} (غہ - غہ_۱)^{۲}$$

اور $$گ_لا = \frac{۱}{۲} \sqrt{ع^{۳} - ۲۷ جے^{۲}} \times لا ما ے$$

اسلئے غہ، غہ، غہ کو کہا، کہا، کہا میں بدلنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ (153)

$$ع^{۳}_{(ک،ل)} - ۲۷ جے^{۲}_{(ک،ل)} = و^{۲} (ع^{۳} - ۲۷ جے^{۲})،$$

$$گ_{(ک،ل)لا} = و گ_لا$$

پس ہم نے ک ع - لہ کے غیر متغیروں اور ہم متغیروں کو ع کے غیر متغیروں اور ہم متغیروں کی رقوم میں بیان کر دیا۔

۱۸۸ — چار درجی کے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی تعداد۔

اب ہم مسئلہ ذیل ثابت کرتے ہیں جو ان تفاعلوں کی تعداد معین کرتا ہے:

چار درجی کے صرف دو جداگانہ غیر متغیر ع اور جے ہوتے ہیں اور صرف دو جداگانہ ہم متغیر جنکے صدر سر ھ اور گ ہیں۔

یہ مسئلہ اس بات کو بیان کرتا ہے کہ ہر غیر متغیر ع اور جے کا ایک منطق صحیح تفاعل ہے اور ہر ہم متغیر ع، ھ_لا، گ_لا ع، جے کا ایک منطق صحیح تفاعل۔ حسب ذیل بحث کی بنیاد وہ اصول ہیں جو

کبھی کی صورت میں استعمال کردہ اصولوں کے مشابہ ہیں۔ دفعہ ۱۶۳ کے مسئلہ میں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ اگر اصلیوں کے فرقوں کا کوئی صحیح تفاعل فہ (عہ، بہ، جہ، ضہ) ہو جو منطق شکل میں پیروں کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے تو لاھ فہ (عہ، بہ، جہ، ضہ) کو شکل

گ فا (ا، ھ، ع، جے) یا فا (ا، ھ، ع، جے)

میں بیان کیا جا سکتا ہے بموجب اسکے کہ فہ طاق ہو یا جفت۔

اب اگر فا (ا، ھ، ع، جے) ایک غیر متغیر ہے تو ا اور ھ معدوم ہونے چاہئیں کیونکہ اگر وہ موجود ہوں تو یہ تفاعل وہی نہیں رہ سکتا جب سروں کو سیدھی یا الٹی ترتیب میں لکھا جاتا ہے۔ اسی طرح کسی طاق تفاعل سے جیسے گ فا (ا، ھ، ع، جے) غیر متغیر حاصل نہیں ہو سکتا پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہر غیر متغیر ع اور جے کا تفاعل ہے۔

نیز چار درجی کے صرف دو جداگانہ ہم متغیر ہوتے ہیں کیونکہ ہم نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ فرقوں کا ہر تفاعل

فا (ا، ھ، ع، جے)، گ فا (ا، ھ، ع، جے)

میں سے کوئی ایک شکل اختیار کرتا ہے۔

اب ان شکلوں کو ہم متغیروں کے ضد سروں کے طور پر لیکر یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ ہر ہم متغیر شکلوں

فا (عہ، ھ لا، ع، جے)، گ فا (عہ، ھ لا، ع، جے)

میں سے کسی ایک شکل میں بیان ہو سکتا ہے یعنے ہر ہم متغیر ھ لا، گ لا، ع، جے کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے۔ (154)

پس مسئلہ بالا ثابت ہو چکا۔

مثالیں

۱ — اگر ع کوئی کبھی ہو اور گ$_{لا}$ اسکا کبھی ہم متغیر تو ثابت کرو کہ لہ ع + مہ گ$_{لا}$ کے ھیسوی کی وہی اصلیں ہیں جو ع کے ھیسوی کی ہیں جہاں لہ اور مہ مستقل ہیں —

۲ — ثابت کرو کہ کثیر رقمی کا کوئی ہم متغیر مساوات

$$\Sigma \text{عہ}^{\text{جفا فہ}}_{\text{جفا عہ}} - \text{ھ س}_{\text{ا}} \text{فہ} = \text{لا}^{\text{جفا فہ}}_{\text{جفا ما}}$$

کو پورا کرتا ہے جہاں کثیر رقمی کی اصلیں عہ$_{۱}$، عہ$_{۲}$، عہ$_{۳}$، ... ، عہ$_{ن}$ ہیں، سروں میں فہ کا درجہ ھ ہے، اور س$_{ا}$ = Σ عہ —

۳ — اگر کثیر رقمی کا ایک جزو ضربی مربع ہو تو اسکے ھیسوی میں بھی مربع جزو ضربی داخل ہوتا ہے —

۴ — اگر چار درجی کا ایک جزو ضربی مربع ہو تو ثابت کرو کہ یہ جزو ضربی ہم متغیر گ$_{لا}$ میں پیچھرے جزو ضربی کے طور پر داخل ہوتا ہے — اس صورت میں ع، و، ط کی قیمتیں معلوم کرو — (دیکھو دفعہ ۱۴۶)

۵ — اگر فہ (لا) اور پہ (لا) ن ویں درجہ کے دو کثیر رقمی ہوں اور فہ (لا) کی اصلیں عہ$_{۱}$، عہ$_{۲}$، ... عہ$_{ن}$ ہوں تو بتاؤ کہ ان کا جیکوبین اس طرح بیان ہو سکتا ہے :—

$$\text{جے}(\text{فہ}، \text{پہ}) \equiv \text{ن فہ}^{۲} \sum_{\text{ر}=۱}^{\text{ر}=\text{ن}} \frac{\text{پہ}(\text{عہ}_{\text{ر}})}{\text{فہ}'(\text{عہ}_{\text{ر}})} \frac{۱}{(\text{لا} - \text{عہ}_{\text{ر}})^{۲}}$$

اور بالخصوص ثابت کرو کہ چار درجی فہ (لا) کا چہ درجی ہم متغیر گ$_{لا}$ شکل

$$\left\{ \text{فہ} (\text{لا}) \right\}^{۲} \equiv \frac{\text{فہ} (\text{عہ})}{(\text{لا} - \text{عہ})^{۲}}$$

میں لکھا جا سکتا ہے۔

۶ — چار درجی ع کے لئے ثابت کرو کہ دو درجیوں

$$\frac{(\text{لا} - \text{عہ})^{۲}}{\text{فہ} (\text{عہ})}, \quad \frac{(\text{لا} - \text{بہ})^{۲}}{\text{فہ} (\text{بہ})}, \quad \frac{(\text{لا} - \text{جہ})^{۲}}{\text{فہ} (\text{جہ})}, \quad \frac{(\text{لا} - \text{ضہ})^{۲}}{\text{فہ} (\text{ضہ})}$$

میں سے کسی دو کا مجموعہ، ع کے چھ درجی ہم متغیر کا ایک جزو ضربی ہے جہاں اسکو اصلوں کی رقوم میں بیان کیا گیا ہے۔

۷ — اگر

$$\text{فہ} (\text{لا}) \equiv ا (\text{لا} - \text{عہ}_{۱})(\text{لا} - \text{عہ}_{۲})(\text{لا} - \text{عہ}_{۳}) \ldots (\text{لا} - \text{عہ}_{\text{ن}})$$

کا مميز Δ ہو تو ثابت کرو کہ وہ مساوات جس کی اصلیں غیر منطق ہم متغیر

$$\text{ی}_{\text{ر}} \equiv \frac{\sqrt{\Delta}}{\text{فہ} (\text{عہ}_{\text{ر}})} (\text{لا} - \text{عہ}_{\text{ر}})^{\text{ن}-۲}$$

کی ن قیمتیں ہیں فہ (لا) کے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کی رقوم میں ایک منطق شکل میں بیان ہو سکتی ہے جبکہ $\sqrt{\Delta}$ کو لحق کیا جاتا ہے بتاؤ کہ ی کی وہ قیمتیں جو علی الترتیب ن = ۳ اور ن = ۴ رکھنے سے حاصل ہوتی ہیں کعبی اور چار درجی کے اُن حلوں کے عددی اضعاف ہیں جنکو کیلی نے دریافت کیا ہے (دفعات ۱۸۰، ۱۸۶)۔

۸ — دفعہ ۱۸۸ کے اصولوں کو استعمال کر کے چار درجی لہ ع + مہ ھ^لا کے چھ درجی ہم متغیر کی شکل بغیر عمل حساب کے معلوم کرو۔ (155)

۹ — چار درجی کے بیسوی کیلئے ھ، ع، گ، جے کی قیمتیں محسوب کرو۔

جواب:- $\text{ھ} = \frac{۳ ا \text{جے} - \text{ھ ع}}{۱۲}$، $\text{ع} = \frac{\text{ع}^{۲}}{۱۲}$، $\text{گ} = -\frac{\text{جے گ}}{۴}$،

$$\text{جے} = \frac{۵۴\,\text{جے}^{۲} - \text{ع}^{۳}}{۲۱۶}\ ،$$

۱۰ — وہ دو شرطیں معلوم کرو کہ اُس چار درجی کا ھیسوی جس میں دوسری رقم موجود نہیں ہے ایک کامل مربع ہو اور ثابت کرو کہ دونوں شرطوں میں جے بطور جزو ضربی کے شامل ہوتا ہے۔

جواب:- جے گ = ۰، ا جے (۲ ھ ع - ۳ ا جے) = ۰

۱۱ — مساوات

$$(\text{ا}_{۰}، \text{ا}_{۱}، \text{ا}_{۲}، \ldots، \text{ا}_{\text{ن}})(\text{لا}، ۱)^{\text{ن}} = ۰$$

کا ایک نیم غیر متغیر جسکو ان کی قوتوں میں ترتیب دیا گیا ہے حسب ذیل ہے

$$\text{فہ} \equiv \text{ا}_{\text{ف}} + \text{ف}\,\text{ا}_{\text{ف}-۱}\,\text{ا}_{\text{ن}} + \frac{\text{ف}\,(\text{ف}-۱)}{۲ \times ۱}\,\text{ا}_{\text{ف}-۲}\,\text{ا}_{\text{ن}}^{۲} + \ldots + \text{ا}_{۰}\,\text{ا}_{\text{ن}}^{\text{ف}}$$

ثابت کرو کہ عف $\text{ا}_{\text{ز}} = -\text{ن}\,\text{ا}_{\text{ز}-۱}\,\text{ا}_{\text{ز}-۱}$ اور اسلئے بتاؤ کہ اگر یہ (ا۰، ا۱، ... ، ار) ایک نیم غیر متغیر ہے تو یہ (ا۱، ا۲، ... ، ار) بھی نیم غیر متغیر ہے۔

۱۲ — پچھلے سوال کے نتیجہ کی مدد سے یہ بتاؤ کہ کسی مساوات کیلئے مربع دار فرقوں کی مساوات کا آخری سرکس طرح معلوم کیا جا سکتا ہے جبکہ یہ سر اُس مساوات کے لئے معلوم ہو جائے جو عین پچھلے رتبہ کی ہے۔

۱۳ — اگر ع ن کے دو نیم غیر متغیر جنکو ان کی قوتوں میں ترتیب دیا گیا ہے حسب ذیل ہوں

$$\text{فہ}(\text{ل}_{\text{ن}}) \equiv (\text{ا}_{۰}، \text{ا}_{۱}، \text{ا}_{۲}، \ldots، \text{ا}_{\text{ل}})(\text{ل}_{\text{ن}}، ۱)^{\text{ف}}\ ،$$

$$\text{پہ}(\text{ل}_{\text{ن}}) \equiv (\text{ب}_{۰}، \text{ب}_{۱}، \text{ب}_{۲}، \ldots، \text{ب}_{\text{ق}})(\text{ل}_{\text{ن}}، ۱)^{\text{ق}}\ ،$$

تو ثابت کرو کہ نظام فہ (لا) اور پہ (لا) کا کوئی نیم غیر متغیر عن۔۱ کا نیم غیر متغیر ہے۔

۱۴۔ اگر عن ≡ (ا۰، ا۱، ا۲، ... ، اں) (لا، ما)ں کے دو غیر متغیر

ع۱ ≡ (ا۰، ا۱، ا۲، ... ، اف) (لں، ۱)ف ،

ع۲ ≡ (ب۰، ب۱، ب۲، ... ، بق) (لں، ۱)ق ،

ہوں تو ثابت کرو کہ ع۱ اور ع۲ کا حاصل استقاط جبکہ لں کو ساقط کیا جاتا ہے ع۱۔۱ کے ایک ہم متغیر کا فائق عنصر ہے جسکا درجہ متغیروں میں حسب ذیل ہے

(ں + ۱) ف ق ۔ ف ۲۱ ۔ ق ۲۱

جہاں ۲۱ اور ۲۱ رتبے ہیں ع۱ اور ع۲ کے۔

۱۵۔ اگر چار درجی کے ممیز کو شکل

(ا۰، ا۱، ا۲، ا۳) (لا۲، ۱)۳

میں لکھا جائے تو ثابت کرو کہ اس کبھی کا ممیز ہے

۲۷ گ۲ ۵۳۳

جہاں (ا۰، ا۱، ا۲، ا۳) (لا، ۱)۳ کا ممیز ۵۳۳ ہے۔ ا۳ معلوم ہو جانے کے بعد ا۲، ا۱ اور ا۰ معلوم کرو۔

۱۶۔ دو مساوات بناؤ جنکی اصلیں (156)

فہ (عہ۱)، فہ (عہ۲)، ... ، فہ (عہں)

ہوں جہاں عم، عم۲، ...، عمن اصلیں ہیں ف (لا) = ۰ کی اور ف (لا) اور فہ (لا) کا حاصل سر دیا گیا ہے۔

فہ (لا) کے آخری سر ب م کو ب م۔ غہ میں بدلو اور ب م کی بجائے یہ قیمت مساوات سر = ۰ میں درج کرو۔

۱۷ — اگر فہ (لا) ≡ (لا − ا۱)^ل۱ (لا − ا۲)^ل۲ ... (لا − اک)^لک (لا − ما)^ن کی اصلیں عم، عم۲، ...، عمن ہوں اور اگر فہ (لا) کا ایک ہم متغیر پہ (لا) ≡ ا (لا − بہ۱) (لا − بہ۲) ..... (لا − بہن۔۲)

ہو جسکا درجہ (ن − ۲) ہے تو ثابت کرو کہ مقداروں

$$\frac{\text{پہ (عم)}}{\text{فہ' (عم۱)}}\ ،\ \frac{\text{پہ (عم۲)}}{\text{فہ' (عم۲)}}\ ،\ \ldots\ ،\ \frac{\text{پہ (عمن)}}{\text{فہ' (عمن)}}$$

کا کوئی متشاکل تفاعل غیر متغیروں کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے (ہرمٹ)

فہ (لا) اور لہ فہ' (لا) + پہ (لا) کے حاصل کو فہ (لا) کی اصلوں کی رقوم میں بیان کرو اور اسکو سر سے تغیر کرو تو یہ مسئلہ صرف یہ دکھانے سے ثابت ہو سکتا ہے کہ لہ کی وہ قیمتیں جو مساوات سر = ۰ سے ملتی ہیں نہیں بدلتیں (سوائے علامت میں) جبکہ اصلوں عہ اور اصلوں بہ کی بجائے انکے متکافی لکھے جاتے ہیں۔ اصلوں عہ کے متکافی لینے میں یہ بات شامل ہے کہ ا۲ کی بجائے ل۱ ر۲ درج ہو اور پہ (لا) کی اصلوں بہ کا بھی متکافی لیا جائے۔

۱۸ — ثابت کرو کہ اگر عم۴ اور ھ۴ کو دفعہ ۱۸۳ کے عم اور عم کی

رقوم میں بیان کیا جائے تو دونوں اس شکل

$$(ا، ب، ل)(ع_۱^۲، ع_۲^۲)^۲$$

کے ہیں۔

۱۹ ۔ ثابت کرو کہ چار درجی

$$ف(لا، ما) \equiv (ا، ب، ج، د، ص)(لا، ما)^۴$$

ایک خطی استحالہ $لا = لَ لا + مَ ما$ ، $ما = لَ لا + مَ ما$ کے ذریعہ شکل

$$ف(لَ، لَ) لا^۴ + ف(مَ، مَ) ما^۴ + ۶ غ مَ^۲ لا^۲ ما^۲$$

میں تحویل ہو سکتا ہے جہاں

$$۴ غ^۳ - ع غ + ے = ۰ ، مَ \equiv لَ مَ - لَ مَ ،$$

۲۰ ۔ پچھلی مثال کی ترقیم کو قائم رکھ کر ثابت کرو کہ چار درجی (سلوسٹر) کے چھ درجی ہم متغیر کے اجزائے ضربی ع، و، ط میں سے ایک کی اصلیں

$\frac{لَ}{لَ}$ اور $\frac{مَ}{مَ}$ ہیں۔ (دفعہ ۱۸۳)

۲۱ ۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{فر^۳ گ^{لا}}{فر^{لا}_۳} = ۶۰ (ع_۱^۲ ع_۴ - ع ع_۳^۲)$$

یہ دفعہ ۶۵ کا محول کبھی ہے (دیکھو مثال ۵ صفحہ ۱۹۵ جلد اول)

۲۲ ۔ ثابت کرو کہ

$$غ_۱^{پ} لا^۲ + غ_۲^{پ} ما^۲ + غ_۳^{پ} ے^۲ = \Pi_{پ-۲} \Delta_{لا} - \Pi_{پ-۱} ۶$$

جہاں $\Pi_{پ-۱}$ اور $\Pi_{پ-۲}$ تجانس حاصل ضربوں کے مجموعے ہیں۔

(167) ۲۳ — ثابت کرو کہ

$$(۲۷ جے^۲ - ع^۳)(ما^۲ ے^۲ + ے^۲ لا^۲ + لا^۲ ما^۲)$$

$$\equiv ع^۲ ع_لا^۲ - ۳۶ جے ۶ ھ_لا^۲ + ۱۲ ھ_لا^۲ ع$$

جہاں اس تماثلہ کی دوسری جانب گ_لا کا ھیسوی ہے۔

۲۴ — اگر $ع \equiv ظ^۲ + یہ^۲ + ۶ م ظ^۲ یہ^۲$

جہاں $ظ = ل لا + مہ ما$، $یہ = لَ لا + مَ ما$، $م = ل مَ - لَ مہ$

تو ثابت کرو کہ $ع \equiv م^۲ (۱ + ۳ م^۲)$، $جے \equiv م^۲ (م - م^۳)$،

$$م^۲ \equiv \frac{جے}{ع} \frac{۱ + ۳ م^۲}{م - م^۳}، \quad ۴ (م^۲ م)^۳ - ع (م^۲ م) + جے^۲ = ۰،$$

$$ھ_لا \equiv م^۲ \{ م (ظ^۲ + یہ^۲) + (۱ - ۳ م^۲) ظ^۲ یہ^۲ \}،$$

$$گ_لا \equiv م^۲ (۱ - ۹ م^۲) ظ یہ (ظ^۲ - یہ^۲)$$

۲۵ — بتاؤ کہ (۱) مثال ۱۹ کے استحالہ کو عمل میں لانے کے دو حقیقی اور الگ الگ طریقے ہیں جبکہ چار درجی کی اصلیں سب کی سب حقیقی ہوں یا خیالی، اور (۲) صرف ایک حقیقی طریقہ ہے جبکہ دو اصلیں حقیقی اور دو خیالی ہوں۔

دفعہ ۱۸۵ کے $ھ_۵$، $ھ_۵^۲$، $ھ_۵^۳$ کی قیمتیں محسوب کرو اور اسپر غور کرو کہ پہلی صورت میں محول کبی کی تین اصلیں حقیقی ہیں اور دوسری صورت میں ایک حقیقی اور دو خیالی۔

(158)

اٹھارواں باب

مجتمع شکلوں کے ہم متغیر اور غیر متغیر

۱۸۹۔ مجتمع شکلیں۔ اس باب میں ہم دو یا زیادہ کثیر رقمیوں کے نظاموں کے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کے نظریہ کی وضاحت سادہ ترین صورتوں یعنے (۱) دو دو درجیوں، (۲) دو درجی اور کعبی، (۳) دو کعبیوں کے ذریعہ کرینگے۔ ہر صورت میں اُن شکلوں کا شمار کیا جائیگا جنکا بنیادی اہمیت رکھنا کلبش (Clebsch) گارڈن (Gordan) اور سلوسٹر (Sylvester) نے ثابت کیا ہے۔ ہم یہ بتائینگے کہ یہ شکلیں کس طرح حاصل کیجا سکتی ہیں لیکن اس بات کی کوشش نہیں کرینگے کہ ان سے تمام دوسری شکلیں جو ان پر منحصر ہیں کسطرح تحویل کیجا سکتی ہیں۔ مجتمع نظام کے ہم متغیروں غیر متغیروں کی تعداد کی تخمین میں وہ غیر تابع اشکال جو ہر کثیر رقمی سے تعلق رکھتی ہیں (یعنی ہر کثیر رقمی کے اپنے غیر متغیر اور ہم متغیر) اس کل تعداد میں شامل کیجاتی ہیں جو نظام سے متعلق ہے۔ یہ سہولت بخش ہوگا کہ ہم اصطلاح "خاص" ان شکلوں کے موسوم کرنیکے لئے استعمال کریں جو دو کثیر رقمیوں سے (جنکو ایک نظام سمجھا گیا ہے) متعلق ہیں تاکہ ان شکلوں سے ممیز ہو سکے جو علٰحدہ لئے ہوئے کثیر رقمیوں سے تعلق رکھتی ہیں۔

غیر متغیروں اور ہم متغیروں دونوں کا ایک نام "ہم رو" ہو سکتا ہے

یہ نام کسی ایسے تفاعل کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے جس کے رشتے کثیر رقمیوں کے ساتھ خطی استحالہ پر منحصر نہیں ہوتے۔

۱۹۰ — دو دو درجی — فرض کرو کہ دو دو درجی یہ ہیں

ع ≡ ا۱ لا۲ + ۲ ب۱ لا ما + ج۱ ما۲ ، و ≡ ا۲ لا۲ + ۲ ب۲ لا ما + ج۲ ما۲ ،

اس نظام کا ایک خاص غیر متغیر ہے اور ایک خاص ہم متغیر۔ لع + مو کا ممیز بنانے سے یہ غیر متغیر حاصل ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اس جملہ کا ممیز ہے

لا۲ (ا۱ ج۱ − ب۱۲) + لا مو (ا۱ ج۲ + ا۲ ج۱ − ۲ ب۱ ب۲) + مو۲ (ا۲ ج۲ − ب۲۲)

جس میں لا : مو کے تمام سر غیر متغیر ہیں (دفعہ ۱۷۵)۔ اسلئے خاص غیر متغیر (159)
حاصل ہوتا ہے

ا۱ ج۲ + ا۲ ج۱ − ۲ ب۱ ب۲ ≡ ۲ ع ، (مثال ۳ دفعہ ۱۷۱)

سروں کے اس تفاعل کا معدوم ہونا اس بات کی شرط ہے کہ خطوط ع و = ۰ کا پنسل موسیقی ہو، ایک مساوات سے تعبیر ہونیوالی شعاعیں دوسری مساوات سے تعبیر ہونیوالی شعاعوں کی مزدوج ہیں۔

خاص ہم متغیر دئے ہوئے نظام کا جیکوبین ہے جسکو ہم لکھ سکتے ہیں

| ا۱ لا + ب۱ ما ب۱ لا + ج۱ ما |
| ا۲ لا + ب۲ ما ب۲ لا + ج۲ ما | ≡ جے (ع ، و)

اسکو اس شکل

| ما۲ − لا ما لا۲ |
| ا۱ ب۱ ج۱ |
| ا۲ ب۲ ج۲ |

میں لکھا جا سکتا ہے جو کثیر رقمیوں ع، و (لا آ - لآ ما)^{۲} سے متغیر و نکو بیّن تحلیلی طور پر ساقط کرنے سے حاصل ہوا ہے، شکل لا آ - لآ ما تمام تناسبی کثیر رقمیوں کا کلی ہم رو ہے (دفعہ ۱۷۵) - لہ اور مہ کو ان مساواتوں سے جو متماثلہ لہ ع + مہ و ≡ (لا آ - لآ ما)^{۲} میں سرونکا مقابلہ کرنے سے حاصل ہوتی ہیں ساقط کرنے سے بھی جے (ع، و) کی یہ شکل حاصل ہو سکتی ہے -

جے کا مربع، ع اور و کے ساتھ حسب ذیل اہم رشتہ رکھتا ہے:-

$$\text{- جے}^{۲}(ع، و) = ع_{۲۲} ع^{۲} - ۲ ع_{۲۱} ع و + ع_{۱۱} و^{۲} \quad (۱)$$

اسکو اس مساوات

$$\begin{vmatrix} \text{ما}^{۲} & \text{-لا ما} & \text{لا}^{۲} \\ ا_{۱} & ب_{۱} & ج_{۱} \\ ا_{۲} & ب_{۲} & ج_{۲} \end{vmatrix} \begin{vmatrix} \text{لا}^{۲} & ۲\text{لا ما} & \text{ما}^{۲} \\ ج_{۱} & -۲ب_{۱} & ا_{۱} \\ ج_{۲} & -۲ب_{۲} & ا_{۲} \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} ۰ & ع & و \\ ع & ۲ ع_{۱۱} & ۲ ع_{۲۱} \\ و & ۲ ع_{۲۱} & ۲ ع_{۲۲} \end{vmatrix}$$

سے فوراً اخذ کیا جا سکتا ہے -

اب یہ دیکھنا آسان ہے کہ جے (ع و) سے نظام لہ ع + مہ و کے دو سہرے خطوط ملتے ہیں کیونکہ جب لہ ع + مہ و کا کل مربع ہوتا ہے تو

$$\text{لہ}^{۲} ع_{۱۱} + ۲ \text{لہ مہ} ع_{۲۱} + \text{مہ}^{۲} ع_{۲۲} = ۰$$

اور مساوات لہ ع + مہ و = ۰ کے ذریعہ لہ : مہ کو ساقط کرنے سے (160) مساوات

$$ع_{۲۲} ع^{۲} - ۲ ع_{۲۱} ع و + ع_{۱۱} و^{۲} = ۰$$

یعنے جے^{۲} (ع، و) = ۰
سے دو ہرے خطوط متعین ہوتے ہیں۔
دو دو درجیوں کے نظام کا ہر ہم رو چھ شکلوں ع، و، جے (ع، و)
ع$_{۱۱}$، ع$_{۲۱}$، ع$_{۲۲}$ کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے۔ یہ تمام شکلیں مندرجہ
بالا ضابطہ (۱) کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ مثلاً ع، و کا حاصل ہے

۴ (ع$_{۱۱}$ ع$_{۲۲}$ − ع$_{۲۱}^{۲}$)، (دفعہ ۱۵۰)

اور یہ جے (ع، و) کا ممیز بھی ہے اور ع، و، جے (ع، و)
کا بین تحلیلی حاصل اسقاط بھی۔

۱۹۱۔ دو درجی اور کبعی۔ فرض کرو کہ دو کثیر رقمی ہیں
ع ≡ (ا، ب، ج، د) (لا، ما)^{۳}، و ≡ (ا، ب، ج) (لا، ما)^{۲}
ع کے ہم متغیر حسب معمول ھ$_{لا}$ اور گ$_{لا}$ سے تعبیر ہوتے ہیں۔
اس نظام کا ایک خاص کبعی ہم متغیر ہے یعنے ع اور و کا جیکوبین یا
جے (ع، و)، اور ایک خاص دو درجی ہم متغیر یا جے (ھ$_{لا}$، و)۔
باقی ہم متغیروں کو لکھ لینے میں حسب ذیل ترقیم کا اختیار کرنا
سہولت بخش ہوگا:۔
ع میں لا، ما کی بجائے تفرقی علامتیں عف (≡ $\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}}$)،
عف$_{لا}$ (≡ $\frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}$) علی الترتیب درج کرنے سے جو نتیجہ حاصل
ہوتا ہے اسکو تعبیر کرنیکے لئے ہم ع کے ساتھ لاحقہ عف لگا دینگے۔ پس

$$ع_{عف} \equiv (ا، ب، ج، د)(عف'' - عف')^{3}$$

$$ع_{عف} \equiv (ا، ب، ج)(عف'' - عف')^{2}$$

اور ایسی ہی ترقیم دوسری صورتوں میں۔

چار خطی ہم متغیر ہیں جنکو اب اس طرح لکھا جا سکتا ہے:-

$$و_{عف}(ع)،\ ع_{عف}(گ_{لا})،\ ع_{عف}(و^{2})،\ گ_{عف}(و^{2})،$$

ان میں سے پہلے ہم متغیر کو پوری طرح لکھا جائے تو وہ ہے

(ا ج - ۲ ب ب + ج ا^۲) لا + (ب ج - ۲ ج ب + د ا^۲) ما

تین خاص غیر متغیر ہیں۔ پہلا غیر متغیر دو درجیوں $ه_{لا}$ اور و کے نظام کا درمیانی غیر متغیر ہے یعنے (16)

$$(ا ج - ب^{2}) ج - (ا د - ب ج) ب + (ب د - ج^{2}) ا \equiv ع_{12}$$

جہاں ترقیم $ع_{ق ق}$ اس بات کو بتانے کے لئے استعمال کیگئی ہے کہ غیر متغیر ع کے سروں میں ق ویں درجہ کا اور و کے سروں میں ق ویں درجہ کا ہے۔ دوسرا غیر متغیر کثیر رقمیوں ع اور و کا حاصل اسقاط کا ہے۔ یہ غیر متغیر ع کے سروں میں دوسرے درجہ کا اور و کے سروں میں تیسرے درجہ کا ہے اور اسکو چودھویں باب کے اسقاط کے طریقوں سے متعدد شکلوں میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ اس نمونہ کے کسی غیر متغیر $ع_{ق ق}$ کی عام شکل یہ ہے

$$ع_{ق ق} \equiv ل ع^{م} (ا ج - ب^{2}) \quad {}_{12}$$

جہاں ل اور م کوئی عدد ہیں۔

تیسرا غیر متغیر (جو معوج ہے) نمونہ $ع$ کا ہے اور $و$ سے علی الترتیب تین مرتبہ $ع$ اور $گ_{لا}$ کے حاصل ضرب پر عمل کرنے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اسکو اس شکل

$$\text{عف}^{3}\,و\,(ع\,گ_{لا})$$

میں لکھا جا سکتا ہے۔

پس اس نظام سے متعلق نو خاص شکلیں ہیں اور اگر ان میں $ع$ اور $و$ اور ہر ایک کے غیر تابع ہم متغیروں اور غیر متغیروں کو شامل کیا جائے تو ہمیں پندرہ شکلوں کی پوری فہرست ملتی ہے یعنے تین دو درجی، تین کعبی، چار خطی ہم متغیر اور پانچ غیر متغیر۔

۱۹۲ — دو کعبی — فرض کرو کہ کعبی ہیں

$$ع \equiv (ا، ب، ج، د)(لا، ما)^{3}، \quad و \equiv (ا، ب، ج، د)(لا، ما)^{3}$$

اور $ع$ کے ہم متغیر حسب معمول $ھ_{لا}$ اور $گ_{لا}$ سے اور $و$ کے ہم متغیر $ھ_{لا}$ اور $گ_{لا}$ سے تعبیر ہوتے ہیں۔

اس نظام کا ایک چار درجی ہم متغیر $ع$ اور $و$ کا جیکوبین ہے یعنی

$$جے(ع، و) \equiv (ا ب)لا^{2} + 2(ا ج)لا\,ما + \{(ا د)$$
$$+ 3(ب ج)\}لا^{2}\,ما^{2} + 2(ب د)لا\,ما^{3} + (ج د)\,ما^{4}$$

اور دو خاص کعبی ہم متغیر ہیں یعنے

$$جے(ع، ھ_{لا}) \quad \text{اور} \quad جے(و، ھ_{لا})$$

چار خاص دو درجی ہم متغیر ہیں۔ اگر ہم لے $ع + مہ$ و کا ہیسوی

بنائیں یعنے $ھ_{لا}$ میں ا، ب، وغیرہ کی بجائے $لہ ا + مہ ا'$، $لہ ب + مہ ب'$، وغیرہ درج کریں تو

$$لہ^{۲} ھ_{لا} + لہ مہ م_{لا} + مہ^{۲} ھ_{لا}$$

حاصل ہوتا ہے۔ درمیانی جیسوی $م_{لا}$ جو یہاں حاصل ہوا ہے پہلا خاص دو درجی ہم متغیر ہے اور بقیہ تین ہم متغیر $ھ_{لا}$ $م_{لا}$ اور $ھ_{لا}$ میں سے دو دو کے جیکوبین لینے سے حاصل ہوتے ہیں۔

چھ خطی ہم متغیر ہیں جنکو اس طرح لکھا جا سکتا ہے:۔

$ھ_{عف}$ (و)، $ھ_{عف}$ ($گ_{لا}$)، $ھ_{عف}$ (ع)، $ھ_{عف}$ ($گ_{لا}$)، $ع_{عف}$ ($ھ_{لا}^{۲}$)، اور

$و_{عف}$ ($ھ_{لا}^{۲}$)

یہ آسانی کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے کہ $ھ_{عف}$ (ع) اور $ھ_{عف}$ ($گ_{لا}$) متماثلاً معدوم ہوتے ہیں کیونکہ ع اور $گ_{لا}$ کو خطی استحالہ کے ذریعہ علی الترتیب اشکال $ا لا^{۳} + د ا^{۲}$ اور $ا د (ا لا^{۳} - د ا^{۲})$ میں اور $ھ_{لا}$ کو شکل $ا د لا ما$ میں لایا جا سکتا ہے۔ (دفعہ ۱۸۰)

اس نظام کے کل سات غیر متغیر ہیں جنمیں سے پانچ، $لہ ع + مہ و$ کا ممیز بنا کر حاصل کئے جا سکتے ہیں، $لہ: مہ$ کی مختلف قوتوں کے سر غیر متغیر ہیں۔ اگر یہ ممیز

$$لہ^{۴} ۵ + ۴ لہ^{۳} مہ طا + ۶ لہ^{۲} مہ^{۲} فا + ۴ لہ مہ^{۳} طا + مہ^{۴} ۵$$

ہے تو ہمیں اس طور پر تین خاص غیر متغیر طا، فا، طا حاصل ہوتے ہیں، ابتدائی اور آخری سر ع اور و کے ممیز ہیں۔ بقیہ دو غیر متغیر

ہر کبعی کے سروں میں طاق رتبوں کے ہیں۔ انکو ف اور ق سے تعبیر کیا جاتا ہے اور انکی تعریف اس طرح ہوسکتی ہے:۔

$$ف \equiv \frac{1}{6} \text{عف}_{(و)} = (ا د) - ۳ (ب ج) \quad (۱)$$

$$۲۷ ق \equiv ف^{۳} - ر \quad (۲)$$

جہاں ع اور و کا حاصل ر ہے جو بیزو کے طریقہ سے حاصل ہوا ہے (دفعہ ۱۵۵) یعنی

$$ر \equiv (ا د)^{۳} - ۱۸ (ا ب)(ج د)(ا د) + ۹ (ب د)(ج ا)(ا د)$$

$$+ ۲۷ (ج ا)^{۲}(ج د) + ۲۷ (ا ب)(ب د)^{۲} - ۸۱ (ا ب)(ب ج)(ج د)$$

اب ر کی یہ قیمت (۲) میں درج کرنے سے

$$-ق \equiv (ب ج)^{۳} + (ج ا)^{۲}(ج د) + (ا ب)(ب د)^{۲} - (ب ج)^{۲}(ا د)$$

$$- ۳ (ا ب)(ب ج)(ج د) - (ا د)(ا ب)(ج د)$$

کوئی غیر متغیر جو ضابطہ ل ف^{۳} + م ر میں شامل ہو (جہاں ل اور م (168) اعداد ہیں) نمونہ ع کا ہونے کی وجہ سے ق کی بجائے اس نمونہ کے بنیادی غیر متغیر کے طور پر انتخاب کیا جاسکتا تھا لیکن اس کو منتخب کرنیکے اسباب آئندہ ظاہر ہو جائینگے (دیکھو مثال ۴ صفحہ ۲۶۴)۔

تعین کردہ خاص شکلوں کے ساتھ وہ اشکال بھی اگر شمار کیجائیں جو کبعی سے متعلق ہیں تو کل چھبیس بنیادی شکلیں ملتی ہیں یعنے ایک چار درجی، چھ کبعی، چھ دو درجی، چھ خطی ہم متغیر اور سات غیر متغیر۔ دفعات ماسبق میں تعین کردہ ہم متغیروں اور غیر متغیروں میں سے بعض، امثلہ ذیل میں مجتمع نظام کی دونوں مساواتوں کی اصلوں کی رقوم میں بیان ہوتے ہیں۔

۱۹۳ - اجتماعئے - ایک ہی درجہ کی مجتمع شکلوں سے ہم متغیروں اور غیر متغیروں کا ایک سلسلہ پیدا ہوتا ہے جنکے سر شکل (ا ب س) کے مقطعوں سے بیان ہو سکتے ہیں، یہ مقطعات ایسے ہیں جیسے اُس حاصل اسقاط میں واقع ہوتے ہیں جو پیزو کے طریقہ سے حاصل کیا جاتا ہے (دفعہ ۱۵۵) - یہ ہم رو نہیں بدلتے جبکہ ع، و کو لہ ع + مہ و، لہ ع + مہ و میں تبدیل کیا جاتا ہے، صرف ایک جزو ضربی بدلتا ہے جو شکل (لہ مہ - لہ مہ) کا ہوتا ہے۔ اس قسم کے غیر متغیروں کو ہم اجتماعئے کہینگے - متناظر ہم متغیروں کو اسی طرح اجتماعی ہم متغیر کہا جا سکتا ہے - قبل الذکر کی مثالیں دفعہ ۱۹۲ کے ف اور ق ہیں اور ایسی شکلوں کے جیکوبین ثانی الذکر جماعت کے ہم رُوں کی مثالیں ہیں -

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ دفعہ سابق میں لہ : مہ میں جو چار درجی ہے یعنی جو لہ ع + مہ و کا ممیز ہے اُسکے غیر متغیر ع اور ے، دو کعبیونکے نظام کے اجتماعئے ہیں - کیونکہ لہ اور مہ کا خطی استحالہ دراصل ع اور و کے اُس قسم کے استحالہ کے معادل ہے جو اس دفعہ میں زیر بحث رہا ہے اور اس لئے غیر متغیروں ۵، طا، فا وغیرہ کا کوئی تفاعل جو اس قسم کے استحالہ سے نہیں بدلتا اجتماعیہ ہونا چاہئے - اس کی تصدیق ہو سکتی ہے کہ یہ غیر متغیر، ف اور ق کی رقوم میں حسب ذیل طریقہ پر بیان ہو سکتے ہیں (دیکھو سامن کا ہائر الجبرا دفعہ ۲۱۸) :-

$$ع = ۳ف (ف^۳ - ۲۴ ق)،$$

$$ے = - ف^۶ + ۳۶ ف^۳ ق - ۲۱۶ ق^۲$$

(164)

مثالیں

۱ــ اگر مساواتوں

ع ≡ ا لا³ + ۳ ب لا² + ۳ ج لا + د = ۰، و ≡ اَ لا² + ۲ بَ لا + جَ = ۰

کی اصلیں عہ، بہ، جہ اور عَ، بَ، جَ ہوں تو تفاعل

(بہ − جہ)² (عہ − عَ)(عہ − بَ) + (جہ − عہ)² (بہ − عَ)(بہ − بَ)

+ (عہ − بہ)² (جہ − عَ)(جہ − بَ)

کو سروں کی رقوم میں بیان کرو۔

اس تفاعل کو فہ سے تعبیر کرو تو آسانی کے ساتھ حاصل ہوتا ہے

− ا² اَ فہ = ۹ { اَ (ب د − ج²) − بَ (اد − ب ج) + جَ (اج − ب²) }

اصلوں کا دیا ہوا تفاعل نظام کا ایک غیر متغیر ہے کیونکہ اس میں کعبی کی سب اصلیں دوسرے درجہ میں اور دو درجی کی سب اصلیں پہلے درجہ میں شامل ہوتی ہیں۔ اگر ہم دفعہ ۱۶۶ کے ابدالات عمل میں لائیں اور تفاعل کو صحیح بنانے کے لئے ع² و سے ضرب دیں تو نتیجہ میں لا داخل نہیں ہوگا اور اس لئے وہ ایک غیر متغیر ہے (دفعہ ۱۹۱)۔

مساوات فہ = ۰ کی ہندسی تعبیر یہ ہے کہ دو درجی و کو ع کے ھیسوں کے ساتھ ملکر ایک موسیقی نظام بنانا چاہئے۔

۲ــ پہلی مثال کی ترقیم استعمال کرکے وہ شرط معلوم کرو کہ ع = ۰ کی اصلیں و = ۰ کی اصلوں کے ساتھ ایک موسیقی سعت بنائیں۔

جواب: − ا² + ۹ (اَ جَ − بَ²) ع = ۰.

۳ــ اگر کعبیوں

ع ≡ ا لا³ + ۳ ب لا² + ۳ ج لا + د = ۰،

و ≡ اَ لا³ + ۳ بَ لا² + ۳ جَ لا + دَ = ۰،

کی اصلیں عہ، بہ، جہ اور عہ، یہ، جہ ہوں تو حسب ذیل تفاعل کو (جب اسکو ا ا سے ضرب دیا جائے) سروں کی رقوم میں بیان کرو اور ثابت کرو کہ وہ اس نظام کا ایک غیر متغیر ہے :-

(عہ - عہ)(بہ - یہ)(جہ - جہ) + (عہ - یہ)(بہ - جہ)(جہ - عہ)

+ (عہ - جہ)(بہ - عہ)(جہ - یہ)

یا دوسری طرح ترتیب دیکر لکھیں تو

(عہ - عہ)(بہ - جہ)(جہ - یہ) + (عہ - یہ)(بہ - عہ)(جہ - جہ)

+ (عہ - جہ)(بہ - یہ)(جہ - عہ)

جواب :- ۳ف، جہاں ف ≡ (ا د - ا د)-۳ (ب ج - ب ج) (دفعہ ۱۹۲)

۴ — پہلی مثال کی ترقیم کو قائم رکھ کر ثابت کرو کہ اگر ک معلوم ہو سکے ایسا کہ ع + ک و ایک کامل مکعب ہو جائے تو دونوں کعبیوں کی اصلوں کے درمیان حسب ذیل ربط موجود ہوتا ہے :-

(بہ - جہ)³√فہ(عہ) + (جہ - عہ)³√فہ(بہ) + (عہ - بہ)³√فہ(جہ) = ۰

جہاں فہ(لا) ≡ و اور عہ، بہ، جہ مساوات ع = ۰ کی اصلیں ہیں۔ ثابت کرو کہ اس صورت میں غیر متغیر ق (دفعہ ۱۹۲) معدوم ہوتا ہے۔

اصلوں کے درمیان مندرجۂ بالا ربط فوراً حاصل ہو جاتا ہے اگر متماثلہ ع + ک و ≡ (ل لا + م)³ میں لا کی بجائے عہ، بہ، جہ درج کیا جائے اور محصلہ مساواتوں سے ک، ل، م کو ساقط کیا جائے۔

منطق بنانے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے (165)

$$\left\{\frac{(\text{بہ}-\text{جہ})^3\text{فہ}(\text{عہ})+(\text{جہ}-\text{عہ})^3\text{فہ}(\text{بہ})+(\text{عہ}-\text{بہ})^3\text{فہ}(\text{جہ})}{(\text{بہ}-\text{جہ})(\text{جہ}-\text{عہ})(\text{عہ}-\text{بہ})}\right\}^3 - ۲۷\,\text{فہ}(\text{عہ})\,\text{فہ}(\text{بہ})\,\text{فہ}(\text{جہ}) = ۰$$

فہ(عہ)، فہ(بہ)، فہ(جہ) کی بجائے اندراجات کرو اور وہ روابط داخل کرو

جو متماثلہ

$$\Sigma (عہ+لہ)^3 (بہ-جہ)^3 \equiv 3(عہ+لہ)(بہ+لہ)(جہ+لہ)(بہ-جہ)(جہ-عہ)(عہ-بہ)$$

میں لہ کی مختلف قوتوں کا مقابلہ کرنے سے حاصل ہوتے ہیں، پھر نتیجہ کو سروں کی رقوم میں بیان کرو تو

$$\{3ف\}^3 - 27ر = 0، \text{ یا } ق = 0. \quad (\text{دفعہ } 192)$$

اب ہم وہ متعدد مختلف شکلیں دیتے ہیں جنمیں غیر متغیر ق بیان ہو سکتا ہے۔ چونکہ ع + ک و ایک کامل مکعب ہے اسلئے (دفعہ ۴۳)

$$\frac{ا + ک اَ}{ب + ک بَ} = \frac{ب + ک بَ}{ج + ک جَ} = \frac{ج + ک جَ}{د + ک دَ} \quad (1)$$

اِن کسروں کو علیحدہ علیحدہ - کَ کے مساوی رکھنے سے ہم معلوم کرتے ہیں کہ

$$\left.\begin{aligned} ا + ک اَ + ک ب + ک ک بَ &= 0، \\ ب + ک بَ + ک ج + ک ک جَ &= 0، \\ ج + ک جَ + ک د + ک ک دَ &= 0، \end{aligned}\right\} \quad (2)$$

اور کَ، ک کَ، ک ک کَ کے لئے اِن مساواتوں کو حل کرنے سے ہم کَ، کَ، ک کَ کو ساقط کر سکتے ہیں اور شرط کو شکل ذیل میں حاصل کرتے ہیں:-

$$ق \equiv \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ اَ & بَ & جَ \\ بَ & جَ & دَ \end{vmatrix} \begin{vmatrix} بَ & جَ & دَ \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} - \begin{vmatrix} اَ & بَ & جَ \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} \begin{vmatrix} ب & ج & د \\ اَ & بَ & جَ \\ بَ & جَ & دَ \end{vmatrix} = 0.$$

پھر مساواتوں (۱) سے ک اور ک² ساقط کرنے سے ق کیلئے ایک دوسری شکل ملتی ہے یعنے

$$ق \equiv \begin{vmatrix} اَجَ - بَ^2 & اَجَ + اَ ج - ۲ بَ بَ & اَجَ - بَ^2 \\ اَ د - بَ جَ & اَ دَ + اَ د - بَ جَ - بَ جَ & اَ دَ - بَ جَ \\ بَ د - جَ^2 & بَ دَ + بَ دَ - ۲ جَ جَ & بَ دَ - جَ^2 \end{vmatrix}$$

ق کی یہ شکل اِس شرط کو بیان کرنے سے بھی آسانی سے حاصل ہو سکتی ہے کہ

لہ ع + مہ و (دفعہ ۱۹۲) کا بھی سوی تماثلاً معدوم ہونا چاہئے کیونکہ یہ شرط پوری ہوتی ہے جبکہ لہ ع + مہ و ایک کامل مکعب ہو۔

آخر الامر، مساوات (۲) کو اس شکل

$$\frac{ا + ک ب}{ا' + ک ب'} = \frac{ب + ک ج}{ب' + ک ج'} = \frac{ج + ک د}{ج' + ک د'}$$

میں لکھنے اور ک، ک² کو ساقط کرنے سے ق کے لئے ایک تیسری شکل ملتی ہے یعنی

$$ق \equiv \begin{vmatrix} (ا ب) & (ا ج) & (ب ج) \\ (ا ج) & (ا د)+(ب ج) & (ب د) \\ (ب ج) & (ب د) & (ج د) \end{vmatrix}$$

اس شکل میں اجزائے ترکیبی وہی صغیر مقطعات ہیں جو بیزو کے طریقہ سے حاصل اسقاط معلوم کرنے میں واقع ہوتے ہیں، اور اس کی آسانی کے ساتھ تصدیق ہو سکتی ہے کہ ق کی یہ قیمت دفعہ ۱۹۲ میں درج کردہ پھیلائی ہوئی شکل کے مطابق ہے۔ (166)

۵ — وہ شرط معلوم کرو کہ دو کعبیوں کی اصلوں سے ایک دوربچی نظام متعین ہو۔

نمونہ

$$\begin{vmatrix} ا & عہ + عَہَ & عہ عَہَ \\ ا & بہ + بَہَ & بہ بَہَ \\ ا & جہ + جَہَ & جہ جَہَ \end{vmatrix}$$

کے چھ مقطعات کے حاصل ضرب کو صفر کے مساوی رکھنے سے مطلوبہ شرط اصلوں کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے۔

۶ — مثال ماسبق کی شرط کو کعبیوں کے سروں کی رقوم میں بیان کرو۔

چونکہ ایک کعبی کی اصلیں دوسرے کعبی کی اصلوں کی مزدوج ہیں یہ دونوں کعبی اشکال ذیل میں تحویل ہو سکتے ہیں :-

$$ع \equiv ا لا^3 + ۳ ب لا^2 + ۳ ج لا + د ،$$
$$و \equiv د لا^3 + ۳ ک ج لا^2 + ۳ ک^2 ب لا + ک^3 ا ،$$

اور غہ ع + و کے مینہ کو عام شکل (دفعہ ۱۹۲)

$$غہ^4 \Delta + ۴ غہ^3 طا + ۶ غہ^2 فا + ۴ غہ طا + \Delta$$

میں لکھنے سے ہمیں اس صورت میں حاصل ہوتا ہے

$$طا = ک^3 طا ، \Delta = ک^6 \Delta$$

اسلئے مطلوبہ شرط ہے

$$\Delta طا^2 - \Delta طا^2 = .$$

۷ — مثال ۳ کے کعبیوں کے سروں کی رقوم میں اُس نظام کے حسب ذیل ہم متغیر کو بیان کرو :—

$$ا لا \equiv \{۳ (بہ - یہ)(جہ - جہ) + ۳ (بہ - جہ)(جہ - یہ)$$
$$+ (بہ - جہ)(یہ - جہ)\}(لا - عہ)(لا - عہ)$$

جواب :— ۱۸ $\{(ا ج + ا ج - ۲ ب ب) لا^2 + (ا د$
$+ ا د - ب ج - ب ج) لا + (ب د + ب د - ۲ ج ج)\}$

۸ — کعبیوں

$$ع \equiv (ا ، ب ، ج ، د)(لا ، ما)^3 ، و \equiv (ا ، ب ، ج ، د)(لا ، ما)^3$$

کو شکلوں

$$ع = \frac{۱}{۴} \frac{جف ف}{جف لا} ، و = \frac{۱}{۴} \frac{جف ف}{جف ما}$$

میں ایک ایسے خطی استحالہ کے ذریعہ تحویل کرو جس کے سروے ہوئے کعبیوں کے سروں کی رقوم میں معلوم ہوں۔

فرض کرو :— $ف = (ا ، ب ، ج ، د ، ص)(لا ، ما)^4$

$$ع \equiv (ا ، ب ، ج ، د)(لا ، ما)^3 = (ا ، ب ، ج ، د)(لا ، ما)^3 ،$$
$$و \equiv (ا ، ب ، ج ، د)(لا ، ما)^3 = (ب ، ج ، د ، ص)(لا ، ما)^3$$

(167) اب ع کی دونوں شکلوں کے ضربوی میں لا اور ما کی بجائے تفرقی علامتیں عف ۔ عف اور لا اور ما کی بجائے ۱/م عف ۔ ۱/م عف درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\begin{vmatrix} \text{عف}^2_{\text{لا}^2} & \text{عف}^2_{\text{لا ما}} & \text{عف}^2_{\text{ما}^2} \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} = \frac{1}{\text{م}^2} \begin{vmatrix} \text{عف}^2_{\text{لا}^2} & \text{عف}^2_{\text{لا ما}} & \text{عف}^2_{\text{ما}^2} \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix}$$

اسلئے و کی دونوں شکلوں پر عمل کرنے سے

$$\text{پ}(\text{لا}، \text{ما}) \equiv \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} \text{لا} + \begin{vmatrix} ب & ج & د \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} \text{ما} = \frac{\text{جے ما}}{\text{م}^2}$$

اسی طرح

$$\text{ف}(\text{لا}، \text{ما}) \equiv \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} \text{لا} + \begin{vmatrix} ب & ج & د \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} \text{ما} = \frac{\text{جے لا}}{\text{م}^2}$$

جہاں ف اور پ، ع اور و کے ہم متغیر ہیں اور جے، ف کا تلافی غیر متغیر ہے۔

پھر چونکہ

$$\text{ف}_{\text{عف}} = \text{ف}(\text{عف}_{\text{ما}}، \text{عف}_{\text{لا}}) = \frac{\text{جے}}{\text{م}^2} \text{عف}_{\text{ما}} \text{ اور } \text{پ}_{\text{عف}} = -\text{پ}(\text{عف}_{\text{ما}}، \text{عف}_{\text{لا}})$$

$$= \frac{\text{جے}}{\text{م}^2} \text{عف}_{\text{لا}}$$

اسلئے عمل

ف(عف ما، عف لا) پ(لا، ما) یا پ(عف ما، عف لا) ف(لا، ما)

کی تکمیل معادل شکلوں پر کرنے سے حاصل ہوتا ہے:۔

$$ق = \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ا' & ب' & ج' \\ ب' & ج' & د' \end{vmatrix} \begin{vmatrix} ب' & ج' & د' \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} - \begin{vmatrix} ا' & ب' & ج' \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} \begin{vmatrix} ب & ج & د \\ ا' & ب' & ج' \\ ب' & ج' & د' \end{vmatrix} = \frac{جے^۲}{۵ع}$$

اب ہم یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ ع اور و مطلوبہ شکلوں میں تحویل کئے جا سکتے ہیں:۔

کیونکہ پہلی مساواتوں سے

$$ق لا = \begin{vmatrix} ب' & ج' & د' \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} فہ - \begin{vmatrix} ب & ج & د \\ ا' & ب' & ج' \\ ب' & ج' & د' \end{vmatrix} پہ = م فہ - م' پہ$$

$$ق ما = - \begin{vmatrix} ا' & ب' & ج' \\ ا & ب & ج \\ ب & ج & د \end{vmatrix} فہ + \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ا' & ب' & ج' \\ ب' & ج' & د' \end{vmatrix} پہ = - ل فہ + ل' پہ$$

$$پہ = ل لا + م ما \text{ ، } فہ = ل' لا + م' ما$$

(168)

اگر اس ابدال کی وجہ سے

$ق^۲ ع = (ا' ب' ج' د') (فہ پہ)^۳$ $ق^۳ و = (ا' ب' ج' د')^۲ (فہ پہ)^۳$

ہو تو

$$ا' = ا م'^۳ - ۳ ب م'^۲ ل + ۳ ج م ل'^۲ - د ل'^۳ = \frac{۱}{۶} پہ^۳ عف ع ،$$

$$ب' = - ا م'^۲ م' + ب م'^۲ ل' + ۲ ب م م' ل - ۲ ج م ل ل' - ج ل'^۲ م' + د ل'^۲ ل'$$

$$= م'^۲ (ب ل' - ا م') + ۲ م ل (ب م' - ج ل') + ل'^۲ (د ل' - ج م')$$

اب اگر ع اور ف کے تعیسوی ھ اور ھَ علی الترتیب

جہ لا^{۲} - بہ لا ما + عہ ما^{۲} ، جَہ لا^{۲} - بَہ لا ما + عَہ ما^{۲}

کے مساوی ہوں تو

ل = ا عہ + ب بہ + ج جہ ، مَ = ب عہ + ج بَہ + د جَہ ،

تع ل اور م کے لئے متشابہ قیمتوں کے - پس

ب لَ - ا مَ = (بہ جَہ) = ا م - بَ ل ، ج لَ - ب مَ = (جہ عہ) = بَ م - ج ل

د لَ - ج مَ = (عہ بَہ) = ج م - د ل -

پس بَ = م^{۲} (بہ جَہ) - ۲ م ل (جہ عہ) + ل^{۲} (عہ بَہ) = $\frac{۱}{۲}$ پہ$^{۲}_{عف}$ جے (ھ ، ھَ)

نیز بَ = - $\frac{۱}{۶}$ پہ$^{۲}_{عف}$ فہ$_{عف}$ ع

جَ = م مَ (ا مَ - بَ ل) + م لَ (ج لَ - ب مَ) + مَ ل (ج لَ - ب مَ)

+ ل لَ (ج مَ - د لَ)

= - م مَ (بہ جَہ) + (م لَ + مَ ل) (جہ عہ) - ل لَ (عہ بَہ)

= - $\frac{۱}{۲}$ پہ$_{عف}$ فہ$_{عف}$ جے (ھ ، ھَ)

نیز جَ = $\frac{۱}{۶}$ پہ$_{عف}$ فہ$^{۲}_{عف}$ ع

دَ = مَ^{۲} (بہ جَہ) - ۲ مَ لَ (جہ عہ) + لَ^{۲} (عہ بَہ) = $\frac{۱}{۲}$ فہ$^{۲}_{عف}$ جے (ھ ، ھَ)

نیز دَ = - $\frac{۱}{۶}$ فہ$^{۲}_{عف}$ ع

اسی طرح

اَ = م^{۲} (بہ جَہ) - ۲ م ل (جہ عہ) + ل^{۲} (عہ بَہ) = بَ

بَ = - م مَ (بہ جَہ) + (م لَ + مَ ل) (جہ عہ) - ل لَ (عہ بَہ) = جَ

$$ج^{2} = م^{2}(ب جَ) - ۲ م ل (جـ عَ) + ل (عـ بَ) = د$$

$$د = -\frac{۱}{۶} عف^{3} و -$$

اسلئے اگر

$$ا = ق^{3} ا ، ب = ا = ق^{3} ب ، ج = ب = ق^{3} ج$$
$$د = ج = ق^{3} د ، د = ق^{3} ص$$

$$ف = (ا ، ب ، ج ، د ، ص)(د ، پہ)$$

لکھا جائے تو ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ع = \frac{۱}{۴} \frac{جف ف}{جف فہ} ، و = \frac{۱}{۴} \frac{جف ف}{جف پہ}$$

اور ہم دیکھتے ہیں کہ ا ، ب ، ج ، د ، ص غیر متغیر ہیں جیسا کہ ہونا چاہئے۔

۹ — پچھلی مثال میں ف کے غیر متغیر معلوم کرو اور اسلئے دو کھیتوں کے حاصل کی شکل کا استخراج کرو۔

مثال ۸ کی مساواتوں سے

$$ق = \frac{ج^{2}}{۹م} ، م = \frac{(م ل)}{ق^{2}} = ق$$

اور لا ، ما اور فہ ، پہ کی بجائے و کی دونوں شکلوں میں تفرقی علامتیں درج کرنے اور ع پر عمل کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$ف \equiv ا د - ا د - ۳ (ب ج - ب ج) = \frac{ع}{م^{2}} = \frac{ع}{ق^{3}}$$

اسلئے

$$ج^{2} = ق ا ، ع = ف ق^{3} ،$$
$$ع^{3} - ۲۷ ج^{2} = ق^{9} (ف^{3} - ۲۷ ق)$$

جن سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جب ف$_{۳}$ = ۲۷ ق تو ع^{۳} = ۲۷ ج^{۲}
لیکن پہلا رشتہ درست رہتا ہے جبکہ ف کا ایک جزو ضربی مربع
ہو جس کے لئے یہ ضروری ہے کہ ع اور و میں ایک جزو ضربی مشترک (169)
ہو۔ اسلئے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ ف$_{۳}$ - ۲۷ ق اور ع اور و
میں ایک جزو ضربی مشترک ہے لیکن چونکہ ف$_{۳}$ - ۲۷ ق کا درجہ
اور وزن صحیح ہے اسلئے وہ ع اور و کا حاصل ہے (دیکھو دفعہ ۱۹۲)

۱۰ — اگر چار درجیوں

(ا، ب، ج، د، ص) (لا، ا)^{۴} = ۰،
(ا'، ب'، ج'، د'، ص') (لا'، ا')^{۴} = ۰،

کی اصلیں عہ، بہ، جہ، ضہ، اور عہ'، بہ'، جہ'، ضہ' ہوں تو ثابت کرو کہ

ا ا' Σ (عہ - عہ') (بہ - بہ') (جہ - جہ') (ضہ - ضہ')
= ۲۴ {ا ص' + ا' ص - ۴ (ب د' + ب' د) + ۶ ج ج'}

اور بتاؤ کہ یہ تفاعل نظام کا ایک غیر متغیر ہے۔

۱۱ — ثابت کرو کہ چار درجی اور دو درجی کی اصلوں کے حسب ذیل تفاعل سے اس نظام کا ایک غیر متغیر حاصل ہوتا ہے اور اس کا ہندسی مفہوم بیان کرو:۔

$$\begin{vmatrix} ا & بہ & جہ & بہ جہ \\ ا & عہ & ضہ & عہ ضہ \\ ا & عہ & بہ & عہ بہ \end{vmatrix} \begin{vmatrix} ا & جہ & عہ & جہ عہ \\ ا & بہ & ضہ & بہ ضہ \\ ا & عہ & بہ & عہ بہ \end{vmatrix} \begin{vmatrix} ا & عہ & بہ & عہ بہ \\ ا & جہ & ضہ & جہ ضہ \\ ا & عہ & بہ & عہ بہ \end{vmatrix} \equiv \text{فہ}$$

مساوات فہ = ۰ کا ہندسی مفہوم یہ ہے کہ چار درجی سے جو تین درجیے
متعین ہوتے ہیں انمیں سے کسی ایک کے دو مزدوج ماسکے دو درجی کے ساتھ
ایک موسیقی نظام بناتے ہیں۔

۱۲ — ثابت کرو کہ چار درجی اور دو درجی کی اصلوں کے حسب ذیل
تفاعلوں سے اس نظام کے غیر متغیر حاصل ہوتے ہیں اور ان کی قیمتیں سرونکی
رقوم میں معلوم کرو:۔

ا ب^{۲} ≡ (عَ - عم)(عَ - بہ)(بَ - جہ)(بَ - ضہ)
ا^{۲} ب^{۲} ≡ (عَ - بہ)^{۲} (جہ - عَ)(ضہ - بَ)(جہ - بَ)(ضہ - عَ)

۱۳ — اگر دو چار درجی جنکی اصلیں غیر مساوی ہیں ف (لا) اور فہ (لا) ہوں اور ف (لا) کی اصلیں عہ، بہ، جہ، ضہ ہوں تو ثابت کرو کہ نظام لہ ف (لا) + مہ فہ (لا) کے ایک چار درجی کے دو مربع اجزائے ضربی ہو سکتے ہیں بشرطیکہ

$$\begin{vmatrix} ۱ & \text{عہ} & \text{عہ}^{۲} & ۸\sqrt{\text{فہ (عہ)}} \\ ۱ & \text{بہ} & \text{بہ}^{۲} & ۸\sqrt{\text{فہ (بہ)}} \\ ۱ & \text{جہ} & \text{جہ}^{۲} & ۸\sqrt{\text{فہ (جہ)}} \\ ۱ & \text{ضہ} & \text{ضہ}^{۲} & ۸\sqrt{\text{فہ (ضہ)}} \end{vmatrix} = ۰$$

۱۴ — سروں کی رقوم میں وہ شرط معلوم کرو کہ شکل لہ ف (لا) + مہ فہ (لا) کے چار درجی کے دو اجزائے ضربی مربع ہو سکیں۔
اس صورت میں لہ ف (لا) + مہ فہ (لا) کا ہیسوی ≡ ک {لہ ف (لا) + مہ فہ (لا)}
اور اس تماثلہ سے لہ^{۲}، لہ مہ، مہ^{۲}، ک لہ، ک مہ کو ساقط کرنیکے لئے پانچ مساواتیں ملتی ہیں۔ اس طرح ہر مساوات کے سروں کی رقوم میں چوتھے درجہ کا ایک غیر متغیر ع$_{۴}$ حاصل ہوتا ہے۔

۱۵ — لہ ع$_{۴}$ + مہ و کے ممیز کو دفعہ ۱۹۲ کے مطابق لکھ کر ہم متغیر
(۵، طا، فا، طاَ، ۵)(و، - ع$_{۴}$)^{۴}
کو اس کے اجزائے ضربی میں تحلیل کرو جہاں ع$_{۴}$ ≡ (اَ، بَ، جَ، دَ)(لا، ما)^{۳}
اور و ≡ (اَ، بَ، جَ، دَ)^{۲} (لا، ما)^{۳}۔
اس ہم متغیر کا صدر سر، ا و - اَ ع$_{۴}$ کا ممیز بنانے سے آسانی کیساتھ بالراست حاصل ہوتا ہے اور وہ یہ ہے

(ا ب)^{۲} {۴ (ا ب) (ا د) - ۳ (ا ج)^{۲}}

جیکوبین شکل ۲ ^{۲} {ف ا + ۲ (ا ج - ب^{۲})} میں لکھا جا سکتا ہے جہاں ا، ب، ج، جیکوبین کے پہلے تین سر ہیں۔ اسلئے دیا ہوا ہم متغیر شکل ذیل میں بیان ہو سکتا ہے:-

۲ جے^{۲} (ع، و) {ف جے (ع، و) + ۲ × جے (ع، و) کا ہیسوی}

۱۶۔ ف اور ق کی رقوم میں دو کعبیوں کے جیکوبی کے غیر متغیر دنکو بیان کرو۔

جواب:- ۱۲ ع = ف^{۲}، ۲۱۶ جے = ۵۴ ق - ف^{۳}

(171)

انیسواں باب

استحالات

فصل ۱ - چرن ہاوزن کا استحالہ

۱۹۴ — اس باب کی عام سرخی کے تحت مختلف مسائل کا جمع کرنا مقصود ہے - یہ مسئلے کسی اور جگہ سہولت کے ساتھ بیان نہیں کئے جا سکتے تھے - صفحات ماسبق میں جن مضامین پر بحث ہوئی ہے اُنکے سلسلہ میں یہ مسائل اہم ہیں - ہم ایک عام مسئلہ سے شروع کرتے ہیں جسکا تعلق منطق استحالات سے ہے -

مسئلہ - ن ویں درجہ کی مساوات کی ایک اصل کا عام سے عام منطق جبری استحالہ زیادہ سے زیادہ ن - ۱ ویں درجہ کے ایک صحیح استحالہ میں تحویل ہو سکتا ہے -

کیونکہ مساوات ف (لا) = ۰ کی ایک اصل عہ ر کا ہر منطق تفاعل اس شکل

$$\frac{\text{خا}\,(\text{عہ ر})}{\text{پا}\,(\text{عہ ر})}$$

کا ہوتا ہے جہاں خا اور پا صحیح تفاعل ہیں - نیز

$$\frac{\text{خا}(\text{عہ}_{\text{ر}})}{\text{پا}(\text{عہ}_{\text{ر}})} = \text{خا}(\text{عہ}_{\text{ر}}) \frac{\text{پا}(\text{عہ}_{\text{م}}) \cdots \text{پا}(\text{عہ}_{\text{ر}-1}) \text{پا}(\text{عہ}_{\text{ر}+1}) \cdots \text{پا}(\text{عہ}_{\text{ن}})}{\text{پا}(\text{عہ}_{\text{م}-1}) \text{پا}(\text{عہ}_{\text{م}}) \cdots \cdots \cdots \text{پا}(\text{عہ}_{\text{ن}-1}) \text{پا}(\text{عہ}_{\text{ن}})}$$

نسب نما پا (عہ م) پا (عہ م) ... پا (عہ ن) چونکہ ف (لا) = ۰ کی اصلوں کا ایک متشاکل تفاعل ہے اسلئے وہ سروں کے ایک منطق تفاعل کے طور پر بیان ہو سکتا ہے۔ اسلئے $\frac{\text{خا}(\text{عہ}_{\text{ر}})}{\text{پا}(\text{عہ}_{\text{ر}})}$ ایک صحیح شکل میں تحویل ہو جاتا ہے۔

مزید بریں یہ ہلی کسر کا شمار کنندہ مساوات $\frac{\text{ف}(\text{لا})}{\text{لا} - \text{عہ}_{\text{ر}}} = ۰$ کی اصلوں کا ایک متشاکل تفاعل ہے اور اسلئے اس مساوات کے سروں کے ایک منطق تفاعل کے طور پر بیان ہو سکتا ہے یعنی عہ ر اور ف (لا) کے سروں کی رقوم میں۔

(۱۲۲) اب $\frac{\text{خا}(\text{عہ}_{\text{ر}})}{\text{پا}(\text{عہ}_{\text{ر}})}$ کی اس صحیح شکل کو ف (عہ) سے تعبیر کرو تو علی تقسیم سے

ف (عہ ر) = ق ف (عہ ر) + فہ (عہ ر) = فہ (عہ ر)

جہاں فہ (عہ ر) درجہ ن - ۱ سے تجاوز نہیں کر سکتا۔ اسلئے مسئلہ ثابت ہے

دو درجی اور کبھی کی مخصوص صورتوں میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اصل کا عام سے عام منطق تفاعل علی الترتیب اس اصل کے ایک خطی تفاعل اور ایک دو درجی تفاعل میں تحویل ہو سکتا ہے۔ کبھی کی صورت میں یہ دو درجی تفاعل دوسری شکل میں بھی تحویل ہو سکتا ہے جو اکثر فائدہ مند ہے، مثلاً حسب ذیل طریقہ پر :- اس دو درجی تفاعل کو پا (طہ) سے تعبیر کرو اور کبھی ف (طہ) کو پا (طہ) سے تقسیم کرو تو

$$ف(طہ) = (ق_ب + ق_ا طہ)\,\text{یا}\,(طہ) + ر_ب + ر_ا طہ = ۰$$

اسلئے $$\text{یا}\,(طہ) = -\frac{ر_ب + ر_ا طہ}{ق_ب + ق_ا طہ}$$

اس سے یہ ظاہر ہے کہ کبھی کی اصل کا عام سے عام استحالہ ہم رسم استحالہ میں تحویل ہوسکتا ہے۔

اِس ثابت کردہ مسئلہ کے سلسلہ میں یہ دکھانا آسان ہے کہ دفعات ۵۹ اور ۶۶ میں کبھی اور چار درجی مساواتوں کے حل سے متعلق جو باتیں بیان کی گئی تھیں وہ درست ہیں۔ اس مقصد کے لئے فرض کرو کہ ان مقداروں عہ، عہ، عہ، ... عن (جنکو ایک مساوات کی اصلیں سمجھا جاسکتا ہے) کے دو منطق تفاعل فہ اور پہ ہیں اور انمیں سے ہر مقدار کی صرف ق قیمتیں ہیں جبکہ اصلونکو ہر طرح سے آپسمیں تبدیل کیا جاتا ہے۔ دونوں تفاعلوں کی ان قیمتوں کو جو ایک ہی ابدالات سے حاصل ہوتی ہیں مقداروں

فہ، فہ، فہ، ..... فہ_ق

پہ، پہ، پہ، ..... پہ_ق

سے تعبیر کرو تو ہر عدد صحیح ثر کے لئے

$$فہ_ا پہ_ا^{ثر} + فہ_ب پہ_ب^{ثر} + فہ_ج پہ_ج^{ثر} + \cdots + فہ_ق پہ_ق^{ثر} = تا_{ثر}$$

جو اصلوں کا ایک متشاکل تفاعل ہے کیونکہ یہ ان تمام ممکن قیمتوں کا مجموعہ ہے جو فہ پہ^{ثر} اختیار کرسکتا ہے۔

اس طرح ہم مساواتوں

$$فہ_{۱} + فہ_{۲} + فہ_{۳} + \dots + فہ_{ق} = ت_{۰}$$

$$فہ_{۱} پہ_{۱} + فہ_{۲} پہ_{۲} + فہ_{۳} پہ_{۳} + \dots + فہ_{ق} پہ_{ق} = ت_{۱}$$

$$\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots$$

$$فہ_{۱} پہ_{۱}^{ق-۱} + فہ_{۲} پہ_{۲}^{ق-۱} + فہ_{۳} پہ_{۳}^{ق-۱} + \dots + فہ_{ق} پہ_{ق}^{ق-۱} = ت_{ق-۱}$$

کا نظام حاصل کر سکتے ہیں جہاں $ت_{۰}$، $ت_{۱}$، $ت_{۲}$، .... $ت_{ق-۱}$ سب کے سب عہ۱، عہ۲، عہ۳، ..... عہن کے متشاکل تفاعل ہیں۔

اِن مساواتوں کو حل کرنے سے فہ۱ فوراً پہ۱، پہ۲، پہ۳، ...، پہق کے ایک متشاکل تفاعل کی شکل میں بیان ہو جاتا ہے کیونکہ پہ۱، پہ۲، پہ۳، ... پہق کا کوئی باہمی تبادلہ فہ۱ کی قیمت کو نہیں بدلتا اس وجہ سے کہ وہ فہ۱، فہ۲، ...، فہق کے ایک باہمی تبادلہ کے معادل ہے۔ اس لئے یہ قیمت اوپر کے مسئلہ کی رو سے فہ۱ کے ایک منطق صحیح تفاعل میں تحویل ہو سکتی ہے جسکا درجہ ق - ۱ ہے کیونکہ پہ کی صرف ق قیمتیں ہیں جب اسکو عہ۱، عہ۲، عہ۳، ...، عہن کا تفاعل سمجھا جاتا ہے۔ اب خاص صورتوں پر غور کرنے سے جنکا حوالہ اوپر دیا گیا ہے (۱) جب، ق = ۲ اور ن = ۳ تو یہ ثابت ہوا ہے کہ فہ اور پہ کو ایک خطی رشتہ، عہ۱، عہ۲، عہ۳ کے متشاکل تفاعلوں کی رقوم میں مربوط کرتا ہے اور (۲) جب، ق = ۳ اور ن = ۴ تو اسی طرح یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ فہ اور پہ کو ایک منطق رشتہ

مربوط کرتا ہے (دیکھو امثلہ ۵، ۶، ۷ صفحہ ۵۰ جلد اول، مثال ۳ صفحہ ۱۶۹ جلد دوم)

۱۹۵۔ استحالہ شدہ مساوات کی ساخت۔ فقرہ سابق میں جس استحالہ کی توضیح کیگئی ہے اسکو سب سے پہلے چیرن ہاوزن نے کبھی اور چار درجی کی تحویل کے لئے استعمال کیا تھا۔ ہم عام صورت میں وہ مساوات بنا سکتے ہیں جنکی اصلیں فہ (عہ۱)، فہ (عہ۲)، فہ (عہ۳)، ...، فہ (عہن) ہوں جہاں فہ (لا) ن-۱ ویں درجہ کا لا کا تفاعل

$$\text{فہ}(\text{لا}) \equiv \text{ا}_0 + \text{ا}_1 \text{لا} + \text{ا}_2 \text{لا}^2 + \dots + \text{ا}_{\text{ن}-1} \text{لا}^{\text{ن}-1}$$

ہے۔ اس کے لئے فہ (لا) = ما رکھو اور لا کو مساواتوں ف (لا) = ۰،

$$\text{ما} = \text{ا}_0 + \text{ا}_1 \text{لا} + \dots + \text{ا}_{\text{ن}-1} \text{لا}^{\text{ن}-1}$$

سے ساقط کرو یا فہ (لا) کو مختلف قوتوں ۲، ۳، ۴، ...، ن پر ترتیب کے ساتھ اٹھاؤ اور ہر صورت میں لا کے قوت نماؤں کو ن کے نیچے (ف (لا) سے تقسیم کرنے اور صرف باقی کو رکھنے سے) تحویل کرو تو (174)

$$\text{فہ}^2 = \text{ب}_0 + \text{ب}_1 \text{لا} + \text{ب}_2 \text{لا}^2 + \dots + \text{ب}_{\text{ن}-1} \text{لا}^{\text{ن}-1},$$

$$\text{فہ}^3 = \text{ج}_0 + \text{ج}_1 \text{لا} + \text{ج}_2 \text{لا}^2 + \dots + \text{ج}_{\text{ن}-1} \text{لا}^{\text{ن}-1},$$

. . . . . .

$$\text{فہ}^{\text{ن}} = \text{ل}_0 + \text{ل}_1 \text{لا} + \text{ل}_2 \text{لا}^2 + \dots + \text{ل}_{\text{ن}-1} \text{لا}^{\text{ن}-1}$$

ان مساواتوں میں لا کی بجائے مساوات ف (لا) = ۰ کی ہر اصل درج کرنے اور جمع کرنے سے

$$\text{س}_1 = \text{ن ا}_0 + \text{ا}_1 \text{س}_1 + \text{ا}_2 \text{س}_2 + \dots + \text{ا}_{\text{ن}-1} \text{س}_{\text{ن}-1},$$

$$س_{ن} = ن ب_{۰} + ب_{۱} س_{۱} + ب_{۲} س_{۲} + \dots + ب_{ن-۱} س_{ن-۱}$$

. . . . . .

$$س_{ن} = ن ل_{۰} + ل_{۱} س_{۱} + ل_{۲} س_{۲} + \dots + ل_{ن-۱} س_{ن-۱}$$

جہاں $س_{۱}$، $س_{۲}$، $س_{۳}$، وغیرہ مطلوبہ مساوات کی اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں کو تعبیر کرتے ہیں۔

اب $س_{۱}$، $س_{۲}$، $س_{۳}$، ...، $س_{ن-۱}$ کو ف (لا) کے سروں کی رقوم میں بیان کرنے سے فہ (لا) اور ف (لا) کی رقوم میں $س_{۱}$، $س_{۲}$، $س_{۳}$، ... $س_{ن}$ متعین ہو جاتے ہیں۔

نیز ہم دفعہ ۸۰ کی مدد سے اُس مساوات کے سروں کو جسکی اصلیں فہ (عہ)، فہ (عہ)، ... فہ (عہ) ہیں $س_{۱}$، $س_{۲}$، $س_{۳}$، ... $س_{ن}$ کی رقوم میں اور اسلئے آخرالامر فہ (لا) اور ف (لا) کے سروں کی رقوم میں بیان کر سکتے ہیں۔ اس طرح نظری طور پر استحالہ کی تکمیل ہو جاتی ہے۔

۱۹۶۔ استحالہ شدہ مساوات بنانیکا دوسرا طریقہ۔ عمل استقاط کے ذریعہ فہ میں اس آخری مساوات کو معلوم کرنیکا ایک اور طریقہ ہے جسکو اب ہم بیان کرتے ہیں۔ چونکہ

$$ف - فہ = ل_{۱} لا + ل_{۲} لا^{۲} + \dots + ل_{ن-۱} لا^{ن-۱} = ۰$$

اسلئے اگر اس مساوات کو لا، $لا^{۲}$، ...، $لا^{ن-۱}$ سے ضرب دیا جائے اور مساوات

ف (لا) = ۰ کے ذریعہ لا کے قوت نماؤں کو ن کے نیچے گھٹا دیا جائے تو کل ن مساواتیں ملتی ہیں جن سے ن - ۱ مقداریں لا، لا²، ... لا^{ن-۱} بین تحلیلی طور پر ساقط ہو سکتی ہیں۔ اس طرح ن ویں رتبہ کے ایک مقطع کی شکل میں استحالہ شدہ مساوات حاصل ہوتی ہے جسمیں فہ صرف دتری عناصر کے طور پر داخل ہوتا ہے۔ مثلاً اگر ف (لا) = لا^ن - ا تو استحالہ شدہ (175) مساوات شکل ذیل میں حاصل ہوتی ہے:-

$$\begin{vmatrix} ا_۰ - فہ & ا_۱ & ا_۲ & \dots & ا_{ن-۱} \\ ا_{ن-۱} & ا_۰ - فہ & ا_۱ & \dots & ا_{ن-۲} \\ \dots & \dots & \dots & \dots & \dots \\ \dots & \dots & \dots & \dots & \dots \\ ا_۱ & ا_۲ & ا_۳ & \dots & ا_۰ - فہ \end{vmatrix} = ۰$$

چرن ہاؤزن[1] کے استحالہ کو مکمل کرنیکے یہ طریقے اگرچہ بظاہر سادہ معلوم ہوتے ہیں تاہم اگر ان کو مخصوص صورتوں پر استعمال کیا جائے تو نتیجہ عموماً ایک پیچیدہ شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ پروفیسر کیلی نے ایم۔ ہرمائٹ کے مجوزہ استحالہ کی شکل اختیار کر کے ہم متغیروں کے نظریہ سے استفادہ کیا ہے اور اس طور پر کعبی، چار درجی، پانچ درجی کیلئے استحالہ کی تکمیل کی ہے۔ ہم ابتدائی طریقہ سے یہ بتانے پر اکتفا کرینگے کہ کعبی اور چار درجی کے لئے کیلی کے نتیجے کس طرح حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

۱۹۷ - کعبی پر چرن ہاؤزن کے استحالہ کا استعمال۔ فرض کرو کہ کعبی مساوات

$$ا لا^۳ + ۳ ب لا^۲ + ۳ ج لا + د = ۰$$

کو اس شکل

[1] Tschirnhausen

$$ی^۳ + ۳ ھ لا + گ = ۰$$

میں لکھا گیا ہے اور فرض کرو کہ اسکو ابدال

$$ما = لہ + ک ی + ی^۲$$

سے مستحیل کیا گیا ہے۔ اگر ی، ی، ی کعبی کی اصلیں ہوں اور انکے جواب میں ما کی قیمتیں ما، ما، ما تو

$$\left.\begin{aligned} ما_۲ - ما_۳ &= (ی_۲ - ی_۳)(ک - ی_۱)، \\ ما_۳ - ما_۱ &= (ی_۳ - ی_۱)(ک - ی_۲)، \\ ما_۱ - ما_۲ &= (ی_۱ - ی_۲)(ک - ی_۳)، \end{aligned}\right\} \quad (۱)$$

(176) اور اسلئے

$$\left.\begin{aligned} ۲ما_۱ - ما_۲ - ما_۳ &= (۲ی_۱ - ی_۲ - ی_۳)ک + (۲ی_۲ی_۳ - ی_۳ی_۱ - ی_۱ی_۲)، \\ ۲ما_۲ - ما_۳ - ما_۱ &= (۲ی_۲ - ی_۳ - ی_۱)ک + (۲ی_۳ی_۱ - ی_۱ی_۲ - ی_۲ی_۳)، \\ ۲ما_۳ - ما_۱ - ما_۲ &= (۲ی_۳ - ی_۱ - ی_۲)ک + (۲ی_۱ی_۲ - ی_۲ی_۳ - ی_۳ی_۱)، \end{aligned}\right\} \quad (۲)$$

اسلئے اگر ما میں جو مساوات ہے اسکی دوسری رقم جدا کر دیجائے اور اسکو شکل

$$ما^۳ + ۳ ھَ ما + گَ = ۰$$

میں لکھا جائے تو مساواتوں (۱) اور (۲) کی رو سے

$$ھَ = ھ_ک \text{،} \quad گَ = گ_ک$$

جہاں $ھ_ک$ اور $گ_ک$،

$$ک^۳ + ۳ ھ ک + گ$$

کے ھیسوی اور کعبی ہم متغیر ہیں۔ پس استحالہ کی تکمیل ہو گئی کیونکہ ما + ما + ما آسانی کے ساتھ معلوم ہو سکتا ہے۔

۱۹۸ ۔ چار درجی پر چرن ہاؤزن کے استحالہ کا استعمال۔

اس صورت میں ہم استحالہ شدہ کبعی کو بالراست بنانے کی کوشش نہیں کرتے بلکہ ذیل کا مسئلہ ثابت کرتے ہیں جس سے یہ معلوم ہوگا کہ یہ استحالہ کس طرح دو اور استحالوں میں تحلیل کیا جا سکتا ہے:۔

مسئلہ ۔ چرن ہاؤزن کا استحالہ چار درجی $ع$ کو ایسے چار درجی میں بدلتا ہے جسکے غیر متغیر وہی ہوتے ہیں جو $ل ع + م$ کے ہیں اور اسلئے وہ موخر الذکر شکل میں خطی استحالہ کے ذریعہ تحویل ہو سکتا ہے۔

اسکو ثابت کرنے کے لئے فرض کرو کہ چار درجی

$$لا^{۴} + ب_{۱} لا^{۳} + ب_{۲} لا^{۲} + ب_{۳} لا + ب_{۴} = ۰$$

کو ابدال

$$ما = ا_{۰} + ا_{۱} لا + ا_{۲} لا^{۲} + ا_{۳} لا^{۳}$$

سے مستحیل کیا گیا ہے۔

اگر چار درجی کی اصلیں $لا_{۱}$، $لا_{۲}$، $لا_{۳}$، $لا_{۴}$ ہوں اور انکے جواب میں $ما$ کی قیمتیں $ما_{۱}$، $ما_{۲}$، $ما_{۳}$، $ما_{۴}$ تو

$$\frac{ما_{۲} - ما_{۳}}{لا_{۲} - لا_{۳}} = ا_{۱} + ا_{۲} (لا_{۲} + لا_{۳}) + ا_{۳} (لا_{۲}^{۲} + لا_{۲} لا_{۳} + لا_{۳}^{۲})،$$

$$\frac{ما_{۱} - ما_{۴}}{لا_{۱} - لا_{۴}} = ا_{۱} + ا_{۲} (لا_{۱} + لا_{۴}) + ا_{۳} (لا_{۱}^{۲} + لا_{۱} لا_{۴} + لا_{۴}^{۲})،$$

(۱۶۶) ان مساواتوں سے اب ہم یہ دکھائینگے کہ

$$\frac{(ما_۲ - ما_۳)(ما_۱ - ما_۴)}{(لا_۲ - لا_۳)(لا_۱ - لا_۴)} = ف + ق (لا_۲ لا_۳ + لا_۱ لا_۴)$$

جہاں ف اور ق میں چار درجی کی اصلیں متشاکلاً واقع ہوتی ہیں۔

اول تو ہم دیکھتے ہیں کہ

$$(لا_۲^۲ + لا_۲ لا_۳ + لا_۳^۲)(لا_۱^۲ + لا_۱ لا_۴ + لا_۴^۲) = ب_۲^۲ - ب_۱ ب_۳ + ب_۴ - ب_۲ له$$

جہاں له حسب معمول قیمت لا_۲ لا_۳ + لا_۱ لا_۴ رکھتا ہے۔ اور دوسرے چونکہ

$$لا_۲^۲ + لا_۱ لا_۳ + لا_۳^۲ = (لا_۲ + لا_۳)^۲ - لا_۲ لا_۳ ،$$ وغیرہ

اسلئے پھر ہمیں حاصل ہوتا ہے :-

$$(لا_۲ + لا_۳)(لا_۲^۲ + لا_۱ لا_۴ + لا_۴^۲) + (لا_۱ + لا_۴)(لا_۲^۲ + لا_۲ لا_۳ + لا_۳^۲)$$

$$= ب_۳ - ب_۱ ب_۲ + ب_۴ له ،$$

بالآخر چونکہ حاصل ضرب میں دوسری ارقام صریحاً اسی شکل کی ہیں جو ف + ق له کی ہے اس لئے ہم نے ثابت کر دیا کہ

$$\frac{(ما_۲ - ما_۳)(ما_۱ - ما_۴)}{(لا_۲ - لا_۳)(لا_۱ - لا_۴)} = ف + ق (لا_۲ لا_۳ + لا_۱ لا_۴)$$

جس سے

$$(ما_۲ - ما_۳)(ما_۱ - ما_۴) = (نه - مه)(ف + ق له)$$

اب له ، مه ، نه کی جگہ غه ، غه ، غه داخل کرنے سے یہ مساوات

اور اسکی جیسی مساواتیں اپنی شکلیں برقرار رکھتی ہیں۔ پس ف اور ق کو متشابہ مقداروں میں بدلنے سے ہمیں ذیل کی مساواتیں ملتی ہیں :-

$$(\text{ما}_1 - \text{ما}_3)(\text{ما}_1 - \text{ما}_4) = ۴(\text{غہ}_3 - \text{غہ}_4)(\text{ف} - \text{ق}\ \text{غہ}_1)'$$

$$(\text{ما}_3 - \text{ما}_1)(\text{ما}_2 - \text{ما}_4) = ۴(\text{غہ}_1 - \text{غہ}_4)(\text{ف} - \text{ق}\ \text{غہ}_3)'$$

$$(\text{ما}_1 - \text{ما}_4)(\text{ما}_3 - \text{ما}_4) = ۴(\text{غہ}_4 - \text{غہ}_1)(\text{ف} - \text{ق}\ \text{غہ}_4)'$$

اور ان سے استحالہ شدہ چار درجی کے غیر متغیر فوراً حاصل ہوتے ہیں اور انکی قیمتوں کا مقابلہ ک ع ۔ لہ لا کے غیر متغیروں کے ساتھ کرنے سے جو دفعہ ۱۸۷ میں دئے گئے ہیں مسئلہ بالا فوراً ثابت ہو جاتا ہے۔

۱۹۹ ۔ چرن ہاؤزن کے استحالہ سے کبعی کو ثنائی شکل میں تحویل کرنا ۔ فرض کرو کہ کبعی

$$\text{ا}\ \text{لا}^3 + ۳\ \text{ب}\ \text{لا}^2 + ۳\ \text{ج}\ \text{لا} + \text{د}$$

کو شکل $\text{ما}^3 - \text{و}$ میں استحالہ

$$\text{ما} = \text{ق} + \text{ف}\ \text{لا} + \text{لا}^2$$

کے ذریعہ تحویل کیا گیا ہے۔

(178) اگر دئے ہوئے کبعی کی اصلیں لا$_1$، لا$_2$، لا$_3$ ہوں اور استحالہ شدہ کبعی کی ایک اصل ما$_1$ تو ف اور ق کو متعین کرنیکے لئے حسب ذیل مساواتیں ملتی ہیں :-

$$\text{لا}_1^2 + \text{ف}\ \text{لا}_1 + \text{ق} = \text{ما}_1'$$

$$\text{لا}_2^2 + \text{ف}\ \text{لا}_2 + \text{ق} = \text{سہ ما}_1'$$

$$\text{لا}_3^2 + \text{ف}\ \text{لا}_3 + \text{ق} = \text{سہ}^2\ \text{ما}_1'$$

اِن سے

$$ف = -\frac{لا_1^2 + سہ لا_1^2 + سہ^2 لا_3^2}{لا_1 + سہ لا_2 + سہ^2 لا_3}\ ،\ ق = -\frac{1}{3}(س_3 + ف س_1)$$

ف کی اس قیمت میں $لا_1 + لا_2 + لا_3$ جمع کرنے سے

$$ف + لا_1 + لا_2 + لا_3 = -\frac{لا_1 لا_3 + سہ لا_3 لا_1 + سہ^2 لا_1 لا_2}{لا_1 + سہ لا_2 + سہ^2 لا_3}$$

پس یہ نتیجہ نکلتا ہے (مثال ۲۵ صفحہ ۹۰ جلد اول) کہ اس استحالہ کو مکمل کرنیکے صرف دو طریقے ہیں کیونکہ ف، ق کی قیمتیں آخر الامر کبھی کے عیسوی کے حل پر منحصر ہوتی ہیں۔

۲۰۰۔ چرن ہاوزن کے استحالہ سے چار درجی کو سہ رقمی شکل میں تحویل کرنا۔ فرض کرو کہ چار درجی

$$ا\ لا^4 + ۴ ب\ لا^3 + ۶ ج\ لا^2 + ۴ د\ لا + ص$$

کو شکل $ما^4 + ف\ ما^2 + ق$ میں (جسمیں دوسری اور چوتھی ارقام نہیں ہیں) استحالہ

$$ما = ق + ف\ لا + لا^2$$

کے ذریعہ تحویل کیا گیا ہے۔

اگر چار درجی کی اصلیں $لا_1$، $لا_2$، $لا_3$، $لا_4$ ہوں اور نیز استحالہ شدہ چار درجی کی دو مختلف اصلیں $ما_1$، $ما_2$ ہوں تو ف اور ق کو متعین کرنیکے لئے حسب ذیل مساواتیں ملتی ہیں:-

$$لا_1^2 + ف\ لا_1 + ق = ما_1\ ،\quad لا_3^2 + ف\ لا_3 + ق = ما_2\ ،$$
$$لا_2^2 + ف\ لا_2 + ق = -ما_1\ ،\quad لا_4^2 + ف\ لا_4 + ق = -ما_2\ ،$$

ان سے

$$ف = -\frac{لا_1^2 + لا_2^2 - لا_3^2 - لا_4^2}{لا_1 + لا_2 - لا_3 - لا_4}\ ،\ ق = -\frac{1}{4}(س_1 + ف\ س_1)$$

ف کی اس قیمت میں $لا_1 + لا_2 + لا_3 + لا_4$ جمع کرنے سے

$$ف + لا_1 + لا_2 + لا_3 + لا_4 = \frac{2(لا_1 لا_2 - لا_3 لا_4)}{لا_1 + لا_2 - لا_3 - لا_4}$$

(179) پس مثال ۵ صفحہ ۱۹۵ جلد اول کی رو سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مجوزہ شکل میں چار درجی کو تحویل کرنے کے تین طریقے ہیں جنکی تعیین آخرالامر چار درجی کے مخول کعبی کے حل پر منحصر ہوتی ہے۔

۲۰۱ — ن ویں درجہ کی مساوات سے دوسری، تیسری، چوتھی رقموں کا جدا کرنا۔ ہم حسب ذیل مسئلہ کو پہلے ثابت کرتے ہیں جسکا استعمال آیندہ چلکر کیا جائیگا:۔

ن متغیروں $لا_1$، $لا_2$، $لا_3$ .... $لا_ن$ میں دوسرے درجہ کا ایک ہم جنس تفاعل و بالعموم ن مربعوں کے مجموعے کے طور پر بیان ہو سکتا ہے۔

اسکو ثابت کرنے کے لئے فرض کرو کہ و، $لا_1$ کی قوتوں میں ترتیب دیا گیا ہے اور اسکی شکل یہ ہے

$$و \equiv ب_0 لا_1^2 + 2 ب_1 لا_1 + ب_2\ ،$$

جہاں $ب_0$ ایک مستقل ہے، $ب_1$ ایک خطی تفاعل اور $ب_2$ ایک دو درجی

تفاعل ہے لا۲، لا۳، ..... لان کا۔

(ا) اگر ب۱ معدوم نہ ہو تو و ≡ ب۱ (لا۱ + $\frac{ب۲}{ب۱}$)۲ + ب۲ - $\frac{ب۲^2}{ب۱}$ اور چونکہ ب۲ - $\frac{ب۲^2}{ب۱}$ میں لا۱ شامل نہیں ہے اسلئے ہم نے مطلوبہ سوال کو اس پر تحویل کر دیا ہے کہ (ن - ۱) متغیروں کے دو درجی متجانس تفاعل کو (ن - ۱) مربعوں کے مجموعے کی شکل میں ظاہر کیا جائے جس کے سر مستقل ہوں۔

(ب) اگر ب۱ = ۰ اور ہم لا۱ سے بحث کرنا چاہتے ہیں تو لا۱ اور ایک دوسرے متغیر (مثلاً لا۲) کے حاصل ضرب کا سر معدوم نہیں ہونا چاہئے ورنہ و، لا۱ پر منحصر نہیں ہوگا۔ اب و کو شکل ا لا۱ لا۲ + ج لا۲۲ + ف۱ لا۱ + ق۱ لا۲ + ر۲ میں لکھو جہاں ا۱ اور ج مستقل ہیں، ف۱ اور ق۱، لا۳، لا۴، ....، لان کے خطی تفاعل ہیں اور ر۲ انکا دو درجی تفاعل ہے۔ اسلئے

و ≡ لا۲ (ا۱ لا۱ + ج لا۲) + (ا۱ لا۱ + ج لا۲) $\frac{ف۱}{ا۱}$ + (ق۱ - $\frac{ج ف۱}{ا۱}$) لا۲ + ر۲

≡ (لا۲ + $\frac{ف۱}{ا۱}$)(ا۱ لا۱ + ج لا۲ + ق۱ - $\frac{ج ف۱}{ا۱}$) - $\frac{ف۱}{ا۱}$ (ق۱ - $\frac{ج ف۱}{ا۱}$) + ر۲

≡ ا۱ ما۱ ما۲ + ر۲

جہاں ما۱ = لا۲ + $\frac{ج}{ا۱}$ لا۲ + $\frac{ق۱}{ا۱}$ - $\frac{ج ف۱}{ا۱}$، ما۲ = لا۲ + $\frac{ف۱}{ا۱}$،

اور ر۲، لا۳، لا۴، ...، لان کا ایک دو درجی تفاعل ہے۔ (180)

$$\therefore \quad و \equiv \frac{1}{2}(ی_1^2 - ی_2^2) + ر_3$$

جہاں $ی_1 = \frac{ما_1 + ما_2}{2ھ}$ ، $ی_2 = \frac{ما_2 - ما_1}{2ھ}$

اس صورت میں ہم نے مطلوبہ سوال کو اس پر تحویل کر دیا ہے کہ (ن - ۲) متغیروں کے دو درجی متجانس تفاعل کو (ن - ۲) مربعوں کے مجموعہ کی شکل میں بیان کیا جائے جس کے سر مستقل ہوں -

یہ یاد رہے کہ اگر لا۳، لا۴ ... لا ن کو صفر کے مساوی رکھا جائے تو ہمیں ی۱، ی۲ اور لا۱، لا۲ کے درمیانی استحالہ کو اس طرح ترتیب دیا ہے کہ وہ اکائی کے برابر ہو جائے حسب ضرورت (ا) یا (ب) کے مطابق عمل کر کے بالآخر ہم و کو ن مربعوں کے مجموعہ کی شکل میں ظاہر کر سکتے ہیں کیونکہ کسی رقم مثلاً ا ک۲ کو (ا۱/۲ ک)۲ کے طور پر لکھا جا سکتا ہے -

اب اصلی مسئلہ پر عود کرو اور فرض کرو کہ مساوات ہے

$$لا^ن + ب_1 لا^{ن-1} + ب_2 لا^{ن-2} + \dots + ب_ن = 0$$

اور فرض کرو کہ یہ مساوات

$$ما = عہ لا^3 + یہ لا^2 + جہ لا^2 + ضہ لا + صہ$$

رکھنے سے

$$ما^ن + ق_1 ما^{ن-1} + ق_2 ما^{ن-2} + \dots + ق_ن = 0$$

میں مستحیل ہوتی ہے جہاں $ق_1, ق_2, ق_3, \dots, ق_ر$ دفعہ ۱۹۵ کی رو سے عہ، یہ، جہ، ضہ، صہ میں پہلے، دوسرے، ... رویں درجوں کے متجانس تفاعل ہیں -

اب اگر عہ، یہ، جہ، ضہ، صہ ایسے متعین ہو سکیں کہ

$$ق_۱ = ۰ ، ق_۲ = ۰ ، ق_۳ = ۰$$

تو مسئلہ حل ہو جائیگا۔ اس مقصد کے لیے $ق_۱ = ۰$ سے ضہ کی قیمت اخذ کرو اور اور اس کی یہ قیمت $ق_۲$ اور $ق_۳$ میں درج کر کے ان سے اس کو ساقط کرو تو عہ، بہ، جہ، ضہ میں علی الترتیب دوسرے اور تیسرے درجوں کی دو متجانس مساواتیں حاصل ہوتی ہیں

$$ر_۱ = ۰ ، ر_۲ = ۰$$

اور اوپر کے ثابت شدہ مسئلہ سے ہم $ر_۱$ کو اس شکل

$$ع^۲ - و^۲ + ط^۲ - ت^۲$$

میں لکھ سکتے ہیں جو ع = و اور ط = ت رکھنے سے پوری ہوتی ہے۔ ان سادہ مساواتوں سے ہم جہ = ل عہ + م بہ اور ضہ = ل$_۱$ عہ + م$_۱$ بہ معلوم کرتے ہیں اور ان قیمتوں کو $ق_۳ = ۰$ میں درج کرنے سے ایک کعبی مساوات ملتی ہے جس سے نسبت بہ : عہ کی تعیین ہوتی ہے۔ پس مقداروں عہ، بہ، جہ، ضہ، صہ میں سے کسی ایک کو ایک معین قیمت دینے سے باقی دوسری مقداریں متعین ہوتی ہیں اور مساوات شکل (181)

$$ما^ن + ق_۴ ما^{ن-۴} + ق_۵ ما^{ن-۵} + \dots + ق_ن = ۰$$

میں تحویل ہوتی ہے۔

اسی طرح سروں $ق_۱$، $ق_۲$، $ق_۴$ کو درجہ چہارم کی ایک مساوات حل کرنے سے جدا کیا جا سکتا ہے۔

یہ طریقہ پانچ درجی پر استعمال کر کے ہم اس کو سہ رقمی اشکال

$$لا^۵ + ف لا + ق ، لا^۵ + ف لا^۲ + ق$$

میں سے کسی ایک میں تحویل کر سکتے ہیں یا لا کو $\frac{۱}{لا}$ میں بدل کر اشکال

$$لا_1^3 + ف\,لا_2^3 + ق\,،\quad لا_1^2 + ف\,لا_2^2 + ق$$

میں سے کسی ایک شکل میں تحویل کر سکتے ہیں۔

اِن تحقیقات میں ہم نے ایم۔ سیرٹ (M. Serret) کے طریقِ عمل کو اختیار کیا ہے۔ دیکھو اس کی کتاب (Cours d' Algebra Superieure جلد اول دفعہ ۱۹۲)۔

فصل (۲) ہرمٹ اور سلوسٹر کے مسئلے

۲۰۲۔ دوسرے درجہ کے متجانس تفاعل کو مربعوں کے مجموعہ کے طور پر بیان کرنا۔

ہم ایک عام طریقہ سے (دفعہ ۲۰۱) پہلے یہ بتا چکے ہیں کہ متغیروں میں دوسرے درجہ کا ایک متجانس تفاعل مربعوں کے مجموعہ میں تحویل ہو سکتا ہے لیکن وہاں زیرِ بحث تفاعل کے سروں کی نوعیت کے لحاظ سے کوئی مفروض اختیار نہیں کیا گیا تھا۔ اب ہم اس مسئلہ پر غور کرینگے جبکہ تفاعل کے سر سب کے سب حقیقی تصور کئے جائیں اور نیز استحالہ شدہ تفاعل میں مربعوں کے سروں کو مقدار اور علامت میں معلوم کرینگے۔

فرض کرو کہ ن متغیروں میں دوسرے درجہ کا ایک متجانس تفاعل

$$ف\,(لا_1\,،\,لا_2\,،\,\ldots\ldots\,،\,لا_ن)$$

ہے جس کے سر تمام حقیقی ہیں۔

فرض کرو کہ اس تفاعل کو دفعہ ۲۰۱ کے صرف طریقہ (۱) سے ہی اس شکل

$$ب_1\,(لا_1 + ا_1^2\,لا_2 + ا_1^3\,لا_3 + \ldots\ldots + ا_1^ن\,لا_ن)^2$$
$$+ ب_2\,(لا_2 + پ_3^2\,لا_3 + \ldots\ldots + پ_ن^2\,لا_ن)^2$$
$$+ ب_3\,(لا_3 + \ldots + ج_ن^3\,لا_ن)^2$$

. . . . . .

+ ب ن لا ن ۲

میں تحویل کیا گیا ہے جہاں اس نئی شکل کے تمام سر حقیقی ہیں۔

اب خطی استحالہ (182)

لا ۱ = ا ۱ لا ۱ + ا ۲ لا ۲ + ا ۳ لا ۳ + ا ۴ لا ۴ + ... + ا ن لا ن ،

لا ۲ = لا ۲ + پ ۳ لا ۳ + پ ۴ لا ۴ + ... + پ ن لا ن ،

لا ۳ = لا ۳ + ج ۴ لا ۴ + ... + ج ن لا ن ،

. . . . . .

لا ن = ل ن لا ن ،

کو عمل میں لانے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے :-

ف (لا ۱ ، لا ۲ ، لا ۳ ، .... ، لا ن) ≡ ب ۱ لا ۱ ۲ + ب ۲ لا ۲ ۲ + ب ۳ لا ۳ ۲ + ... + ب ن لا ن ۲ ،

اس استحالہ کا مقیاس چونکہ ایک کے مساوی ہے اس لیے ف کی ان دونوں شکلوں کے ممیز مطلقاً مساوی ہونے چاہئیں۔ اس لیے ف کے ممیز کو د ن سے تعبیر کرنے سے

د ن = ب ۱ ب ۲ ب ۳ .... ب ن ،

اور اسی طرح ف کی دونوں شکلوں میں متغیروں لا ژ+۱ ، لا ژ+۲ ، .....

.... ، لا ن کو صفر کے مساوی بنانے سے

د ژ = ب ۱ ب ۲ ب ۳ .... ب ژ ،

اب ژ کو قیمتیں ۱، ۲، ۳، وغیرہ دینے سے

$ب_۱ = \frac{\Delta_۱}{\Delta_۰}$، $ب_۲ = \frac{\Delta_۲}{\Delta_۱ \Delta_۰}$، $ب_۳ = \frac{\Delta_۳}{\Delta_۲ \Delta_۱ \Delta_۰}$، ...، $ب_ن = \frac{\Delta_ن}{\Delta_{ن-۱} \ldots \Delta_۰}$

اور اسلئے ن متغیروں میں جو ابتدائی دو درجی شکل ہے اُس کے ممیز کی رقوم میں اور ن - ۱، ن - ۲، وغیرہ متغیروں میں جو شکلیں ہیں اُنکے ممیزوں کی رقوم میں سر معلوم ہو جاتے ہیں جبکہ یہ موخر الذکر شکلیں متغیروں میں سے علی التواتر ایک دو، وغیرہ کو مصرحہ بالا طریقہ پر معدوم کرنے سے اخذ ہوئی ہوں۔

اگر ہمیں ف کو شکل $ف \equiv ب_۱ لا_۱^۲ + ب_۲ لا_۲^۲ + \ldots + ب_ن لا_ن^۲$ میں ظاہر کرنیکے لئے دفعہ ۲۰۱ کا طریقہ (ب) استعمال کرنا پڑے تو ہم دیکھتے ہیں کہ جب کبھی ہم ایسا کریں مثلاً $لا_۳^۲$ $لا_۴^۲$ کے لئے تو ہمیں ملتا ہے:-

$$\overline{۲} \; لا_۳^۲ = لا_۳^۲ + (۱ + ج) لا_۴^۲ + لا_۵^۲ + \ldots + لا_ن^۲$$

$$\overline{۲} \; لا_۴^۲ = - لا_۳^۲ + (۱ - ج) لا_۴^۲ + ب_۵ لا_۵^۲ + \ldots + ب_ن لا_ن^۲$$

اور ہم دیکھتے ہیں کہ $ب_۴ = - ب_۳$۔ پس ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ استحالہ کے مقیاس اب بھی اکائی کے مساوی ہیں۔ لیکن اگر ہم $لا_۴^۲$، $لا_۵^۲$، ... $لا_ن^۲$ کو (188)

صفر کے مساوی رکھیں تو $لا_۳^۲ = لا_۴^۲$ اسلئے $ب_۳ لا_۴^۲ + ب_۴ لا_۴^۲ \equiv ۰$ اور $\Delta_۳ = ۰$۔ لیکن $\Delta_۳ = - ب_۱ ب_۲^۲ ب_۳^۲$ اور $\Delta_۲ = ب_۱ ب_۲$۔ پس

$ب_۳^۲ = - \frac{\Delta_۳}{\Delta_۲}$۔ اسلئے بالعموم جب $\Delta_ر = ۰$ تو $ب_ر = - ب_{ر-۱}$ اور

$ب_ر^2 = - \frac{\Delta_{ر+1}}{\Delta_{ر-1}}$ ۔ اس طریقہ سے ہم $ب_ر$، $ب_{ر+1}$ کو مطلق مقداریں معلوم کرتے ہیں لیکن علامت معلوم نہیں ہوتی ۔ اسکا بھی ضروری خیال رہے کہ اگر $\Delta_ر$ صفر ہو جائے تو $\Delta_{ر+1}$ اور $\Delta_{ر-1}$ کی علامتیں مختلف ہوتی ہیں ۔

نیز اگر چیکہ ف کو لا انتہا طریقوں سے مربعوں کے مجموعہ میں تحویل کیا جا سکتا ہے اس بات کا مشاہدہ کرنا سب سے زیادہ ضروری ہے کہ استحالہ کو کسی طرح بھی عمل میں لایا جائے بشرطیکہ وہ حقیقی ہو سروں کی تعداد (جو ان مربعوں پر اثر انداز ہوتے ہیں) جنکی علامت دی ہوئی ہو ہمیشہ وہی رہتی ہے ۔ یہ مسئلہ جسکو جیکوبی نے دریافت کیا ہے آسانی کے ساتھ ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ اگر ایسا نہیں ہے تو فرض کرو کہ

$$ف \equiv ب_1 لا_1^2 + ب_2 لا_2^2 + \ldots\ldots + ب_ن لا_ن^2 ،$$

$$\equiv ق_1 ما_1^2 + ق_2 ما_2^2 + \ldots\ldots + ق_ن ما_ن^2 ،$$

جہاں اس متماثلہ کے دونوں طرف مثبت سروں کی تعداد ایک ہی نہیں ہے ۔ منفی علامتوں سے متاثر رقموں کو متماثلہ کی مقابل جانبوں میں منتقل کر کے سب رقموں کو مثبت بنایا جائے تو ل مربعوں کا ایک مجموعہ، م مربعوں کے ایک مجموعہ کے متماثلاً مساوی ہونا چاہئے جہاں م، ل سے بڑا ہے ۔ اب اگر لا_1، لا_2 ۔۔۔۔ لان کی بجائے ایسی قیمتیں درج کیجائیں کہ ل مربعوں میں سے ہر ایک معدوم ہو سکے

(اور یہ لا انتہا طریقوں سے کیا جا سکتا ہے) تو ہمیں معلوم ہو گا کہ م ربعونکا مجموعہ متماثلاً صفر کے مساوی ہونا چاہئے جو ناممکن ہے۔

۲۰۳۔ ہرمٹ کا مسئلہ۔ دفعہ سابق میں جن اصولوں کو واضح کیا گیا ہے ان کو ہرمٹ نے مساوات ف (لا) = ۰ کی ان حقیقی اصلوں کی تعداد معین کرنے میں استعمال کیا ہے جو دئے ہوئے حدود کے اندر واقع ہوتی ہیں۔ اس مقصد کے لئے تفاعل ف کی جس خاص شکل کو وہ استعمال کرتا ہے یہ ہے

$$\sum_{ر=۱}^{ن} \frac{۱}{عر - عغ} (۱ + عر لا + عر^{۲} لا^{۲} + \dots + عر^{ن-۱} لا^{ن})^{۲}$$

جسمیں لا، لا، ۔۔۔۔، لا کوئی متغیر ہیں جنکی تعداد مساوات کے درجہ کے مساوی ہے اور ر، ایک سے لیکر ن تک (بشمول ہر دو اعداد) سب قیمتیں اختیار کرتا ہے۔ مساوات کی اصلیں عہ، عہ، ۔۔۔، عن ہیں اور غہ کوئی اختیاری مبدل ہے۔

(184) صریحاً یہ شکل مساوات ف (لا) = ۰ کی اصلوں کا ایک متشاکل تفاعل ہے اور چونکہ اس مساوات کے سروں کا حقیقی ہونا فرض کر لیا گیا ہے اس لئے ف بھی حقیقی ہو گا جب اسکو ان سروں کی اور غہ کی رقوم میں بیان کیا جائے بشرطیکہ مبدل غہ کو کوئی حقیقی قیمت دیجائے۔ اگر اصلیں عہ، عہ، ۔۔۔۔، عن حقیقی نہیں ہیں تو ف کی مفروضہ شکل ایک حقیقی استحالہ سے حاصل نہیں ہو گی لیکن اس سے جو شکل حاصل ہو گی اُس سے حسب ذیل طریقہ پر دوسری شکل کا اخذ کرنا آسان ہے۔

اگر مزدوج خیالی اصلوں کا ایک زوج عہ اور عہ ہو تو ہم لکھ سکتے ہیں

$$عہ_۱ = ر(جم عہ + خ جب عہ)'$$
$$عہ_۲ = ر(جم عہ - خ جب عہ)'$$

اب $لا_۱ + عہ_۱ لا_۲ + عہ_۱^۲ لا_۳ + ... + عہ_۱^{ن-۱} لا_ن$ کو اختصاراً ما سے تعبیر کرنے اور ان قیمتوں کو $ما_۱$ اور $ما_۲$ میں درج کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ

$$ما_۱ \equiv ع + خ و'\ ما_۲ \equiv ع - خ و$$

جہاں ع اور و حقیقی ہیں۔ نیز رکھو

$$\frac{۱}{عہ_۱ - عہ_۲} = ر(جم فہ + خ جب فہ)'\ \frac{۱}{عہ_۲ - عہ_۱} = ر(جم فہ - خ جب فہ)$$

تو تفاعل ق کا وہ حصہ جو عہ_۱ اور عہ_۲ پر منحصر ہے یعنی حصہ

$$\frac{ما_۱^۲}{عہ_۱ - عہ_۲} + \frac{ما_۲^۲}{عہ_۲ - عہ_۱}$$

بدلکر

$$ر\{(جم \frac{فہ}{۲} + خ جب \frac{فہ}{۲})^۲ (ع + خ و)^۲ + (جم \frac{فہ}{۲} - خ جب \frac{فہ}{۲})^۲ (ع - خ و)^۲\}$$

ہو جاتا ہے جسکو دو مربعوں کے فرق کے طور پر یوں

$$۲ر(ع جم \frac{فہ}{۲} - و جب \frac{فہ}{۲})^۲ - ۲ر(ع جب \frac{فہ}{۲} + و جم \frac{فہ}{۲})^۲$$

لکھا جا سکتا ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دو مزدوج خیالی اصلوں کی وجہ سے ف میں دو حقیقی مربع داخل ہوتے ہیں جنمیں سے ایک کا سر مثبت ہوتا ہے اور دوسرے کا منفی۔

اب ہم ہرسٹ کے مسئلہ کو اس طرح بیان کر سکتے ہیں:۔ فرض کرو کہ مساوات

(185) ف (لا) ≡ (لا - عہ۱)(لا - عہ۲)....(لا - عہن) = ۰ کے سر حقیقی ہیں اور اصلیں غیر مساوی۔ تب اگر ہم حقیقی ابدال کے ذریعہ جملہ

$$\frac{ما_1^2}{عہ_1 - غہ} + \frac{ما_2^2}{عہ_2 - غہ} + \frac{ما_3^2}{عہ_3 - غہ} + \dots + \frac{ما_ن^2}{عہ_ن - غہ} \quad (۱)$$

کو جہاں

$$ما_ر = لا_ر + عہ_ر لا_{ر+1} + عہ_ر^2 لا_{ر+2} + \dots + عہ_ر^{ن-1} لا_ن$$

مربعوں کے ایک مجموعہ میں تحویل کریں تو مثبت سروں والے مربعوں کی تعداد مساوات ف (لا) = ۰ کی خیالی اصلوں کے زوجوں کی تعداد اور غہ سے بڑی حقیقی اصلوں کی تعداد کے مجموعہ کے مساوی ہوگی۔

یہ مسئلہ صحیح رہیگا اگر ہم (عہ - غہ) کی بجائے (عہ - غم) رکھیں جہاں م کوئی مثبت یا منفی طاق صحیح عدد ہے۔

جو کچھ ہم نے اس سے قبل ثابت کیا ہے اُس سے یہ مسئلہ فوراً حاصل ہو سکتا ہے اگر ہم تفاعل (۱) کے حصوں پر جو حقیقی اصلوں سے اور خیالی اصلوں سے متعلق ہیں علٰحدہ علٰحدہ غور کریں کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ غہ سے بڑی ہر اصل کے لئے ایک مثبت مربع ہے اور ہم یہ ثابت کر چکے ہیں کہ مزدوج خیالی اصلوں سے ایک مثبت حقیقی مربع اور ایک منفی حقیقی مربع حاصل ہوتا ہے اور ان کی وجہ سے دوسرے مربعوں پر جو ان اصلوں پر منحصر نہیں ہیں کوئی اثر نہیں پڑتا۔

اب کسی دو عددوں غہ۱ اور غہ۲ کے درمیان حقیقی مربعوں کی

تعداد آسانی کے ساتھ تخمین میں آسکتی ہے۔ کیونکہ اگر ہم ف میں مثبت مربعوں کی تعداد کو پ$_{ن}$ سے تعبیر کریں جبکہ غہ = غہ$_{۱}$ اور مساوات ف (لا) = ۰ کی غہ$_{۲}$ سے بڑی اصلوں کی تعداد کو ن$_{۱}$ سے اور خیالی اصلوں کی تعداد کو ۲ ع سے تعبیر کریں تو

اس لئے $\quad پ_{۱} = ن_{۱} + ع \quad ، \quad پ_{۲} = ن_{۲} + ع$

$$ن_{۱} - ن_{۲} = پ_{۱} - پ_{۲}$$

جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ غہ اور غہ$_{۲}$ کے درمیان حقیقی اصلوں کی تعداد اُس فرق کے مساوی ہوتی ہے جو مثبت یا منفی مربعوں کی تعداد کے درمیان ہوتا ہے جبکہ غہ کی قیمتیں علی الترتیب غہ$_{۱}$ اور غہ$_{۲}$ ہوں۔

یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ جو تعداد یہاں متعین کیگئی ہے وہ دی ہوئی مساوات سے متعلق تفاعلوں کے ایک بہت اہم سلسلہ پر منحصر ہوتی ہے۔ ان تفاعلوں کو اخذ کرنے کے لئے ہم ف کی اس شکل (دفعہ ۲۰۲)

$$\Delta_{۱} لا + \frac{\Delta_{۲}}{\Delta_{۱}} لا^{۲} + \frac{\Delta_{۳}}{\Delta_{۲}} لا^{۳} + \cdots + \frac{\Delta_{ن}}{\Delta_{ن-۱}} لا^{ن}$$

پر غور کرتے ہیں جہاں $\Delta_{۱}$، $\Delta_{۲}$، ..... $\Delta_{ن}$ میں سے کوئی صفر نہیں ہے (186)

عدد پ سے اِس شکل کے سروں کی وہ تعداد بیان ہوتی ہے جو مثبت ہیں۔ یعنی بالفاظِ دیگر حسب ذیل مقداروں کی تعداد جو منفی ہیں:-

$$-\frac{\Delta_{۱}}{\Delta_{۰}} \quad ، \quad -\frac{\Delta_{۲}}{\Delta_{۱}} \quad ، \quad \cdots \quad ، \quad -\frac{\Delta_{ن}}{\Delta_{ن-۱}} \qquad (۲)$$

اب ہم $\Delta_1, \Delta_2, \ldots, \Delta_{n-1}, \ldots \Delta_n$ کو غہ اور مساوات ف (لا) = ۰ کی اصلوں کی رقوم میں محسوب کرتے ہیں۔ یہ طریقہ چونکہ ہر صورت میں وہی ہوتا ہے اسلئے صرف Δ_3 کو محسوب کرنا کافی ہوگا یعنے ف کی ابتدائی شکل کے ممیز کو جبکہ تمام متغیر سوائے لا$_1$، لا$_2$ لا$_3$ کے معدوم ہوتے ہیں۔

اختصاراً نہ = $\frac{1}{\text{عہ}_\text{ر} - \text{غہ}}$ لکھنے سے اس صورت میں ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{ف}_3 = \Sigma\, \text{نہ}_\text{ر} (\text{لا}_1 + \text{عہ}_\text{ر} \text{لا}_2 + \text{عہ}_\text{ر}^2 \text{لا}_3)$$

اس شکل کا ممیز ہے

$$\Delta_3 = \begin{vmatrix} \Sigma\, \text{نہ} & \Sigma\, \text{عہ نہ} & \Sigma\, \text{عہ}^2 \text{نہ} \\ \Sigma\, \text{عہ نہ} & \Sigma\, \text{عہ}^2 \text{نہ} & \Sigma\, \text{عہ}^3 \text{نہ} \\ \Sigma\, \text{عہ}^2 \text{نہ} & \Sigma\, \text{عہ}^3 \text{نہ} & \Sigma\, \text{عہ}^4 \text{نہ} \end{vmatrix}$$

اس ممیز کو ان دو آرائشوں

$$\begin{vmatrix} 1 & 1 & \ldots & 1 \\ \text{عہ}_1 & \text{عہ}_2 & \ldots & \text{عہ}_\text{ن} \\ \text{عہ}_1^2 & \text{عہ}_2^2 & \ldots & \text{عہ}_\text{ن}^2 \end{vmatrix}, \quad \begin{vmatrix} \text{نہ}_1 & \text{نہ}_2 & \ldots & \text{نہ}_\text{ن} \\ \text{عہ}_1 \text{نہ}_1 & \text{عہ}_2 \text{نہ}_2 & \ldots & \text{عہ}_\text{ن} \text{نہ}_\text{ن} \\ \text{عہ}_1^2 \text{نہ}_1 & \text{عہ}_2^2 \text{نہ}_2 & \ldots & \text{عہ}_\text{ن}^2 \text{نہ}_\text{ن} \end{vmatrix}$$

کے حاصل ضرب کے طور پر لکھا جا سکتا ہے اور اسلئے

$$\Delta_3 = \Sigma\, \text{نہ}_1 \text{نہ}_2 \text{نہ}_3 \begin{vmatrix} 1 & 1 & 1 \\ \text{عہ}_1 & \text{عہ}_2 & \text{عہ}_3 \\ \text{عہ}_1^2 & \text{عہ}_2^2 & \text{عہ}_3^2 \end{vmatrix} = \Sigma \frac{(\text{عہ}_2 - \text{عہ}_3)^2 (\text{عہ}_3 - \text{عہ}_1)^2 (\text{عہ}_1 - \text{عہ}_2)^2}{(\text{عہ}_1 - \text{غہ})(\text{عہ}_2 - \text{غہ})(\text{عہ}_3 - \text{غہ})}$$

بالکل اسی طریقہ سے ہم معلوم کرتے ہیں

$$\Delta_ر = \frac{\nabla(عہ_1، عہ_2، عہ_3، \ldots، عہ_ر)}{(عہ_1 - غہ)(عہ_2 - غہ)\ldots(عہ_ر - غہ)}$$

(187) جہاں ترتیم $\nabla(عہ_1، عہ_2، \ldots، عہ_ر)$ کو $عہ_1، عہ_2، \ldots، عہ_ر$ کے فرقوں کے مربعوں کے حاصل ضرب کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔

پس مقادیر $\Delta_1، \Delta_2، \ldots، \Delta_ر، \ldots \Delta_ن$ سب کی سب معلوم ہوگئیں۔

اب سلسلہ (۲) کی ہر کسر کے نسب نما اور شمار کنندہ کو $(غہ)$ سے ضرب دیں تو Δ کی ہر قیمت صحیح شکل میں حاصل ہوتی ہے اور سلسلہ ہو جاتا ہے

$$\frac{و_1}{و}، \frac{و_2}{و_1}، \frac{و_3}{و_2}، \ldots، \frac{و_ن}{و_{ن-1}} \qquad (۳)$$

جہاں

$$و = (غہ - عہ_1)(غہ - عہ_2)\ldots(غہ - عہ_ن)،$$

$$و_1 = \Sigma(غہ - عہ_1)(غہ - عہ_2)\ldots(غہ - عہ_ن)،$$

$$و_2 = \Sigma\nabla(عہ_1، عہ_2)(غہ - عہ_3)\ldots(غہ - عہ_ن)،$$

$$و_3 = \Sigma\nabla(عہ_1، عہ_2، عہ_3)(غہ - عہ_4)\ldots(غہ - عہ_ن)،$$

. . . . . .

$$و_ن = \nabla(عہ_1، عہ_2، عہ_3، \ldots، عہ_ن)$$

چونکہ سلسلہ (۳) کی منفی ارقام سلسلہ $و، و_1، و_2، \ldots، و_ن$ میں علامت کی تبدیلیوں کی تعداد کے متناظر ہوتی ہیں اسلئے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس آخری سلسلہ میں علامت کی جتنی تبدیلیاں، غہ کے قیمت $غہ_1$ سے قیمت $غہ_2$ تک

گذرنے میں کم ہوتی ہیں انکی تعداد مساوات ف (غہ) = ۰ کی اُن حقیقی اصلوں کی تعداد کے ٹھیک مساوی ہوتی ہے غہ، اور غہ۲ کے درمیان واقع ہیں۔

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ تفاعل و، و۱، و۲، وغیرہ جو یہاں حاصل ہوئے ہیں وہی خاصیت رکھتے ہیں جو اسٹرم کے تفاعلوں کی ہے۔ اسٹرم کے تفاعلوں اور اِن تفاعلوں میں صرف اتنا فرق ہے کہ یہ تفاعل (و، و۱، و۲ وغیرہ) صرف مثبت ضاربوں میں اسٹرم کے تفاعلوں سے مختلف ہیں۔ اس فرق کو سلوسٹر نے معلوم کیا تھا اور ان سے ان شکلوں کو سب سے پہلے فلاسفیکل میگزین بابتہ دسمبر ۱۸۳۹ء میں شائع کیا تھا۔ تفاعلوں کے اِن دو سلسلوں میں مماثلت ثابت کرنیکے لئے ہم پہلے حسب ذیل دو قضیے ثابت کرتے ہیں یہ مسئلہ اسٹرم کے تفاعلوں کے فائق سروں اور ایک مساوات کی اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں کے درمیان ایک ربط کو بیان کرتا ہے

۲۰۴۔ اسٹرم کے امدادی تفاعلوں کے فائق سر [یعنے

(188) ف (لا) اور (ن - ۱) باقیات] اِن مقطعات

$$س_0 \left| \begin{matrix} س_0 & س_1 \\ س_1 & س_2 \end{matrix} \right|, \left| \begin{matrix} س_0 & س_1 & س_2 \\ س_1 & س_2 & س_3 \\ س_2 & س_3 & س_4 \end{matrix} \right|, \left| \begin{matrix} س_0 & س_1 & س_2 & س_3 \\ س_1 & س_2 & س_3 & س_4 \\ س_2 & س_3 & س_4 & س_5 \\ س_3 & س_4 & س_5 & س_6 \end{matrix} \right|, \text{وغیرہ}$$

سے صرف مثبت اجزائے ضربی میں متفرق ہوتے ہیں۔

خطوط وحدانی کی ترقیم استعمال کرکے ہم اِن مقطعات کو شکل

س۰، (س۱، س۲)، (س۰، س۲، س۴)، وغیرہ میں لکھ سکتے ہیں۔
اس سلسلہ کا آخری مقطع (س۰، س۲، س۴، ...، س۲ن-۲) ہے۔
اب اسٹرم کے باقیات کو ر۱، ر۲، ر۳، ر۴، ...، رن، ... سے
اور متواتر خارج قسمتوں کو ق۱، ق۲، ق۳، وغیرہ سے تعبیر کیا جائے
تو (دفعہ ۹۶ کی رو سے)

ر۲ = ق۱ ف (لا) - ف (لا)،

ر۳ = ق۲ ر۲ - ف (لا) = (ق۲ ق۱ - ۱) ف (لا) - ق۲ ف (لا)،

ر۴ = ق۳ ر۳ - ر۲ = (ق۳ ق۲ ق۱ - ق۳ - ق۱) ف (لا)
- (ق۲ ق۳ - ۱) ف (لا)، وغیرہ

اس طرح عمل کو جاری رکھنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی باقی رژ
شکل

رژ ≡ أژ ف (لا) - بژ ف (لا) (۱)

میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

رژ کا درجہ ن - ژ ہے اور چونکہ ق۱، ق۲، وغیرہ لا میں
پہلے درجہ کے ہیں اسلئے یہ معلوم ہوتا ہے کہ أژ اور بژ کے درجے
علی الترتیب ژ - ۱ اور ژ - ۲ ہیں۔

پس رژ اور أژ کو ان شکلوں

رژ ≡ ب۰ + ب۱ لا + ب۲ لا۲ + ... + ب ن-ژ لا ن-ژ،

$$\text{ا}_{ژ} = \text{لہ} + \text{لہ}_{1}\text{لا} + \text{لہ}_{2}\text{لا}^{2} + \ldots + \text{لہ}_{ژ-1}\text{لا}^{ژ-1}$$

کا مان لینے اور (۱) میں مساوات ف (لا) = ۰ کی کوئی اصل عد رکھ کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{لہ} + \text{لہ}_{1}\text{عد} + \text{لہ}_{2}\text{عد}^{2} + \ldots + \text{لہ}_{ژ-1}\text{عد}^{ژ-1} = \frac{\text{ا}_{ژ} + \text{ر}_{1}\text{عد} + \text{ر}_{2}\text{عد}^{2} + \ldots}{\text{ف}'(\text{عد})}$$

اِسکو علی التواتر عد، عد^{2}، ...، عد$^{ژ-2}$، عد$^{ژ-1}$ سے ضرب دے کر دوسری

اصلوں کے ابدالات اسی طرح عمل میں لاؤ۔ اِس طور پر حاصل شدہ (184)
مساواتوں کو جمع کرو تو مثال ۴ صفحہ ۲۵۵ جلد اول کے رشتوں کی مدد سے ہمیں مساواتوں کا حسب ذیل نظام ملتا ہے:۔

$$\text{لہ}\,\text{س}_{0} + \text{لہ}_{1}\text{س}_{1} + \ldots + \text{لہ}_{ژ-2}\text{س}_{ژ-2} + \text{لہ}_{ژ-1}\text{س}_{ژ-1} = 0,$$
$$\text{لہ}\,\text{س}_{1} + \text{لہ}_{1}\text{س}_{2} + \ldots + \text{لہ}_{ژ-2}\text{س}_{ژ-1} + \text{لہ}_{ژ-1}\text{س}_{ژ} = 0,$$
$$\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots$$
$$\text{لہ}\,\text{س}_{ژ-2} + \text{لہ}_{1}\text{س}_{ژ-1} + \ldots + \text{لہ}_{ژ-2}\text{س}_{2ژ-4} + \text{لہ}_{ژ-1}\text{س}_{2ژ-3} = 0,$$
$$\text{لہ}\,\text{س}_{ژ-1} + \text{لہ}_{1}\text{س}_{ژ} + \ldots + \text{لہ}_{ژ-2}\text{س}_{2ژ-3} + \text{لہ}_{ژ-1}\text{س}_{2ژ-2} = \text{ر}_{ن-ژ},$$

ان مساواتوں سے بغیر کسی مشکل کے حاصل ہوتا ہے

$$\text{ک}_{ن-ژ} = \text{جہ}_{ژ} \begin{vmatrix} \text{س}_{0} & \text{س}_{1} & \ldots & \text{س}_{ژ-1} \\ \text{س}_{1} & \text{س}_{2} & \ldots & \text{س}_{ژ} \\ \ldots & \ldots & \ldots & \ldots \\ \text{س}_{ژ-1} & \text{س}_{ژ} & \ldots & \text{س}_{2ژ-2} \end{vmatrix}$$

$$\text{اثر} = \text{جثر} \begin{vmatrix} \text{س} & \text{س}_1 & \dots & \text{س}_{\text{ثر}-2} & \text{س}_{\text{ثر}-1} \\ \text{س}_1 & \text{س}_2 & \dots & \text{س}_{\text{ثر}-1} & \text{س}_{\text{ثر}} \\ \dots & \dots & \dots & \dots & \dots \\ \text{س}_{\text{ثر}-2} & \text{س}_{\text{ثر}-1} & \dots & \text{س}_{2\text{ثر}-4} & \text{س}_{2\text{ثر}-3} \\ 1 & \text{لا} & \dots & \text{لا}^{\text{ثر}-2} & \text{لا}^{\text{ثر}-1} \end{vmatrix}$$

جہاں جثر کی قیمت اب تک اختیاری ہے۔ اس لئے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سا ثر میں لا کی بڑی سے بڑی قوت کا سر مقطع

(س. س۱ س۲ ... س ثر-۲) کو جثر سے ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ اب ہم یہ دکھائینگے کہ جثر کی علامت مثبت ہے۔ اس مقصد کے لئے ہم حسب ذیل رشتہ سے استفادہ کرتے ہیں جو تفاعلوں سا اور ا کی متواتر قیمتوں کو مربوط کرتا ہے:۔

$$\text{ا}_{\text{ک}+1}\ \text{سا}_{\text{ک}} - \text{سا}_{\text{ک}+1}\ \text{ا}_{\text{ک}} \equiv \text{ف}(\text{لا}) \qquad (۲)$$

اسکو ثابت کرنے کے لئے رشتہ

$$\text{سا}_{\text{ک}+1} = \text{ق}_{\text{ک}}\ \text{سا}_{\text{ک}} - \text{سا}_{\text{ک}-1}$$

میں سا ک+۱، سا ک، سا ک-۱ کی بجائے انکی قیمتیں ا اور ب کی رقوم میں درج کرو تو

$$\text{ا}_{\text{ک}+1} = \text{ق}_{\text{ک}}\ \text{ا}_{\text{ک}} - \text{ا}_{\text{ک}-1}, \quad \text{ب}_{\text{ک}+1} = \text{ق}_{\text{ک}}\ \text{ب}_{\text{ک}} - \text{ب}_{\text{ک}-1}$$

انکی مدد سے حسب ذیل رشتے جو متواتر تفاعلوں کو مربوط کرتے ہیں فوراً

حاصل ہوتے ہیں :-

$$\text{ک}_{ا+1}\ \text{ب}_{\text{ک}} - \text{ک}_{ا}\ \text{ب}_{\text{ک}+1} = \text{ک}_{ا}\ \text{ب}_{\text{ک}-1} - \text{ک}_{ا-1}\ \text{ب}_{\text{ک}} = \dots$$

$$= \text{ا}_{ب} - \text{ا}_{ب} = -\text{ا}_{ب}$$

$$\text{ک}_{ا+1}\ \text{ک}_{ما} - \text{ک}_{ا}\ \text{ک}_{م+1} = \text{ک}_{ا}\ \text{ک}_{م-1} - \text{ک}_{ا-1}\ \text{ک}_{م} = \dots\dots\dots$$

$$= \text{ا}_{م} - \text{ا}_{م} = \text{ف}(\text{لا})$$

جہاں $\text{ک}_{ما} = \text{ف}(\text{لا})$ $\text{ک}_{ما} = \text{ف}(\text{لا}) = \text{لا}^{ن} + \text{ن ب}_{1}\ \text{لا}^{ن-1} + \dots + \text{ب}_{ن}$

(180) اب تمائکہ (۲) میں لا کی بڑی سے بڑی قوتوں کے سروں کا مقابلہ کرو اور چونکہ $\text{لا}^{ن}$ صرف $\text{ک}_{ا+1}\ \text{ک}_{ما}$ میں واقع ہوتا ہے اس لئے اوپر حاصل کردہ مفطعاتی شکلیں استعمال کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے :-

$$\text{ک}_{ا+1}\ (\text{س}_{1}\ \text{س}_{2}\ \text{س}_{3} \dots \text{س}_{ن-2}) \text{ جہ} (\text{س}_{1}\ \text{س}_{2}\ \text{س}_{3} \dots \text{س}_{ن-2}) = 1$$

یا $$\text{ک}_{ا+1}\ \text{جہ} = (\text{س}_{1}\ \text{س}_{2}\ \text{س}_{3} \dots \text{س}_{ن-2})^{-2}$$

نیز معمولی طریقہ سے $\text{ک}_{ما}$ کی قیمت محسوب کی جائے تو

$$\text{ا}_{م} = \frac{1}{\text{س}_{1}^{2}} \begin{vmatrix} \text{س}_{1} & \text{س}_{م} \\ 1 & \text{لا} \end{vmatrix}$$

جس سے ہم دیکھتے ہیں کہ جہ کی قیمت $\frac{1}{\text{س}_{1}^{2}}$ ہے۔

جہ کی کسی دو متواتر (متصلہ) قیمتوں کے درمیان جو ربط اوپر

معلوم کیا گیا ہے اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جہ، جہ، ... جہ ژ وغیرہ سب کے سب مثبت مربع ہیں اور اسلئے آخر الامر ن۔ژ جو ژ کی لا کی بڑی سے بڑی قوت کا سر ہے وہی علامت رکھتا ہے جو مقطع (س س س ... س) کی ہے۔
۲ ژ-۲

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ لا کے (ن۔ژ) درجہ کے تفاعل کو شکل

ا ف (لا) ۔ ب ف (لا)

میں بیان کرنیکا صرف ایک طریقہ ہے جہاں ا اور ب علی الترتیب (ژ-۱) اور (ژ-۲) ویں درجوں کے ہیں اور ف (لا) کا درجہ ن ہے کیونکہ یہ تفاعل بالعموم ن + ژ - ۳ درجہ کا ہوتا ہے اور اسلئے اس کو ن - ژ درجہ تک گھٹانے میں بڑی سے بڑی رقموں کی (۲ ژ - ۲) تعداد معدوم ہونی چاہیئے اور یہ ٹھیک وہی تعداد ہے جو ا اور ب میں غیر معین مقداروں کی ہے جنکو ہم خارج کر سکتے ہیں کیونکہ ہمیں صرف سروں کی نسبتوں سے واسطہ ہے۔ اس طرح اسٹرم کے باقیات ایک غیر معین ضارب کے ساتھ حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

تفاعل سرا ا، اور دیگر لا، عہ، عہ، ... عہ کے فرقوں کے تفاعل ہیں اور اسلئے بالفاظ دیگر وہ ف (لا) کے نیم ہم متغیر ہیں۔ یہ اس طرح دیکھا جا سکتا ہے کہ متماثلہ سرا = ا ف (لا) ۔ ب ف (لا) میں لا کی بجائے لا + عہ اور عہ ر کی بجائے عہ ر + عہ رکھا جائے اور یہ یاد رکھا جائے کہ ف (لا) اور ف (لا) نہیں بدلتے اور اس لئے

کاژ $\mathfrak{l}_{ژ}$ اور $\mathfrak{b}_{ژ}$ عہ پر منحصر نہیں ہیں کیونکہ ژ کو متعین کر دینے کے بعد وہ ف (لا) اور ف′ (لا) کی مدد سے یگانہ طور پر دریافت ہو جاتے ہیں۔ دفعہ ذیل کی بحث سے معلوم ہوگا کہ ان تفاعلوں کی قیمت لا اور اصلوں کے فرقوں کی رقوم میں دراصل کیا ہے۔ (191)

۲۰۵۔ اسٹرم کے تفاعلوں کیلئے سلوسٹر کی شکلیں۔ اب ہم دفعہ ماسبق کی ترقیم استعمال کرتے ہوئے یہ بتاتے ہیں کہ اسٹرم کا باقی $\mathfrak{r}_{ژ}$ تفاعل $\mathfrak{q}_{ژ}$ سے صرف مثبت جزو ضربی جہ ژ کے لحاظ سے متفاوت ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ

$$\mathfrak{r}_{ژ} \equiv \mathfrak{l}_{ژ} \text{ ف } (\text{لا}) - \mathfrak{b}_{ژ} \text{ ف } (\text{لا}) \qquad (۱)$$

جہاں $\mathfrak{r}_{ژ} = ر_{ب} + ر_{۱} \text{لا} + ر_{۲} \text{لا}^{۲} + \dots + ر_{ن-ژ} \text{لا}^{ن-ژ}$،

$$\mathfrak{l}_{ژ} = ل_{ب} + ل_{۱} \text{لا} + ل_{۲} \text{لا}^{۲} + \dots + ل_{ژ-۱} \text{لا}^{ژ-۱}$$،

$$\mathfrak{b}_{ژ} = م_{ب} + م_{۱} \text{لا} + م_{۲} \text{لا}^{۲} + \dots + م_{ژ-۲} \text{لا}^{ژ-۲}$$،

نیز اوپر دی ہوئی $ن_{ن-ژ}$ کی قیمت سے ہمیں فوراً حاصل ہوتا ہے

$$ن_{ن-ژ} = \text{جہ}_{ژ} \Sigma \nabla (\text{عہ}_{۱}، \text{عہ}_{۲}، \text{عہ}_{۳}، \dots، \text{عہ}_{ژ})$$

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ $\mathfrak{r}_{ژ}$ اور $\mathfrak{q}_{ژ}$ کے فائق سر صرف جزو ضربی جہ ژ سے متفاوت ہیں۔ اب ہم یہ ثابت کرتے ہیں کہ ان

تفاعلوں کے آخری سر اُسی جزو ضربی سے متفاوت ہیں۔ اس مقصد کے لئے متماثلہ (۱) کو ف (لا) سے تقسیم کرو، اِسمیں مساوات

$$\frac{ف(لا)}{ف(لا)} = \frac{س_0}{لا} + \frac{س_1}{لا^2} + \frac{س_2}{لا^3} + \dots\dots$$

سے اندراجات کرو، اور سروں کا مقابلہ کرو تو

$$مہ = له_1 س_0 + له_2 س_1 + له_3 س_2 + \dots + له_{ژ-1} س_{ژ-2}\ ،$$

$$مہ_1 = له_2 س_0 + له_3 س_1 + \dots + له_{ژ-1} س_{ژ-3}\ ،$$

$$\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots$$

$$مہ_{ژ-2} = له_{ژ-1} س_0\ ،$$

نیز (۱) میں لا = ۰ رکھنے سے حاصل ہوتا ہے :-

$$ر = له_1 ب_{ن-1} - مہ ب_{ن}$$

اور مہ کی قیمت له_1، له_2 وغیرہ کی رقوم میں درج کرنے سے

$$- ر_{ن} = له_1 س_1 + له_2 س_0 + له_3 س_1 + \dots + له_{ژ-1} س_{ژ-2}$$

(192) پس له_1، له_2، ... له_{ژ-1} کو وہی قیمتیں دینے سے جو ر_{ن-ژ} کو محسوب کرنے میں دیگئی ہیں ہم حاصل کرتے ہیں :-

$$ر = (-1)^{ژ} ب_{ن} \text{ جزو } \begin{vmatrix} س_1 & س_0 & س_1 & \dots & س_{ژ-2} \\ س_0 & س_1 & س_2 & \dots & س_{ژ-1} \\ \dots & \dots & \dots & \dots & \dots \\ س_{ژ-2} & س_{ژ-1} & س_{ژ} & \dots & س_{2ژ-3} \end{vmatrix}$$

اب دفعہ ۲۰۳ میں $\Delta_ر$ کو محسوب کرنے کا عمل دیکھنے اور وہاں حاصل شدہ $\Delta_ر$ کی قیمت میں $عہ = ۰$ یا $ن ر = \frac{۱}{عہ_ر}$ رکھنے سے اوپر لکھے ہوئے مقطع کی قیمت ملتی ہے

$$\Sigma \frac{\nabla (عہ_۱، عہ_۲، عہ_۳، \ldots، عہ_ژ)}{عہ_۱ عہ_۲ عہ_۳ \ldots عہ_ژ}$$

پس ب ن کی بجائے اصلوں کی رقوم میں اسکی قیمت رکھنے اور مقطع کو دو آراستنوں کے حاصل ضرب کے طور پر بیان کرنے سے

$$ر = (-۱)^{ن-ژ} جہ_ژ \Sigma \nabla (عہ_۱، عہ_۲، \ldots، عہ_ژ) عہ_{ژ+۱} عہ_{ژ+۲} \ldots عہ_ن$$

اور یہی ثابت کرنا تھا۔

لیکن ہم نے اوپر دیکھا ہے کہ $\Delta_ژ$ ایک نیم ہم متغیر ہے اور اسلئے

$$\Delta_ژ \equiv فہ (عہ_۱ - لا، عہ_۲ - لا، \ldots، عہ_ن - لا)$$

پس $ر = فہ (عہ_۱ \ldots عہ_ن)$۔ اسلئے $\Delta_ژ$ حاصل کرنیکے لئے ر میں عہ ر کی بجائے عہ ر - لا رکھنا چاہئے۔ نیز جہ ژ، اصلوں کے فرقوں کا تفاعل ہے اسلئے

$$ر = (-۱)^{ن-ژ} جہ_ژ \Sigma \nabla (عہ_۱، عہ_۲، \ldots عہ_ژ)(عہ_{ژ+۱} - لا)(عہ_{ژ+۲} - لا) \ldots$$

$$\ldots (عہ_ن - لا)$$

اسلئے $\Delta_ژ \equiv جہ_ژ \Delta_ژ$

مثالیں

۱۔ دفعات ۲۰۴ اور ۲۰۵ کی ترقیم استعمال کرکے ثابت کرو کہ خارج قسمت

$\frac{\Delta_{ن}}{\text{جہ}_{ن}}$ ایک متشاکل تفاعل کے طور پر لکھا جا سکتا ہے جسمیں صرف لا اور اصلیں شامل ہوتی ہیں یعنے

$$\frac{\Delta_{ن}}{\text{جہ}_{ن}} = \Sigma (\text{بہ} - \text{جہ})^{2}(\text{جہ} - \text{عہ})^{2}(\text{عہ} - \text{بہ})^{2}(\text{لا} - \text{عہ})(\text{لا} - \text{بہ})(\text{لا} - \text{جہ})$$

۲ ۔ اسی ترقیم کو استعمال کر کے ثابت کرو کہ (193)

$$\text{ب}_{ن} = \text{جہ}_{ن} \begin{vmatrix} \text{س}_{0} & \text{س}_{1} & \text{س}_{2} & \cdots & \text{س}_{ن-1} \\ \text{س}_{1} & \text{س}_{2} & \text{س}_{3} & \cdots & \text{س}_{ن} \\ \cdots & \cdots & \cdots & \cdots & \cdots \\ \cdots & \cdots & \cdots & \cdots & \cdots \\ \text{س}_{ن-2} & \text{س}_{ن-1} & \text{س}_{ن} & \cdots & \text{س}_{2ن-3} \\ 0 & \text{ت}_{1} & \text{ت}_{2} & \cdots & \text{ت}_{ن-1} \end{vmatrix}$$

جہاں $\text{ت}_{ن} = \text{س}_{0}\text{لا}^{ن-1} + \text{س}_{1}\text{لا}^{ن-2} + \text{س}_{2}\text{لا}^{ن-3} + \cdots + \text{س}_{ن-1}$

۳ ۔ اُسی ترقیم کو استعمال کر کے اور

$$\sum_{ر=1}^{ن} (\text{غہ} - \text{عہ})(\text{لا}_{1} + \text{عہ}_{1}\text{لا}_{2} + \text{عہ}_{1}\text{عہ}_{2}\text{لا}_{3} + \cdots + \text{عہ}_{1}\text{عہ}_{2}\cdots\text{عہ}_{ن-1}\text{لا}_{ن})^{2}$$

کو $\text{ع}_{ن}$ سے تعبیر کر کے ثابت کرو کہ $\text{ع}_{ن}$ کا ممیز مساوات $\text{جہ}_{ن}\Delta_{ن} = 0$ سے متعین ہو سکتا ہے اور بالراست بتاؤ کہ اگر لا کی کسی خاص قیمت کے لئے $\Delta_{ن} = 0$ تو لا کی اسی قیمت کیلئے $\Delta_{ن-1}$ اور $\Delta_{ن+1}$ مختلف العلامت ہیں ۔

فصل (۳) متفرق مسائل

۲۰۶ - پانچ درجی کو تین پانچویں قوتوں کے مجموعہ میں تحویل کرنا۔

$$= \frac{\Sigma_0 + \Sigma_1(\text{لا}_1\text{لا}_2 + \text{لا}_3\text{لا}_4)}{\Sigma_0 + \Sigma_1(\text{لا}_1\text{لا}_2 + \text{لا}_3\text{لا}_4)}$$

جہاں Σ_0، Σ_1، Σ_0، Σ_1 متشاکل تفاعل ہیں لا$_1$، لا$_2$، لا$_3$، لا$_4$ کے۔ (دیکھو دفعہ ۱۹۸)

۲۷ ــ اگر ثنائی شکل

$$\text{ع} \equiv (\text{ا}_0, \text{ا}_1, \text{ا}_2, \ldots, \text{ا}_\text{ن})(\text{لا}, \text{ما})^\text{ن}$$

کے دو ہم متغیر فہ (لا، ما) اور پہ (لا، ما) ہوں جنکے درجے علی الترتیب ف اور ق ہیں اور اگر

$$\text{فہ}(\text{لا}\,\text{لا} - \frac{\text{ا}_\text{ق}\,\text{جف}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{ما}}\text{ما}, \text{ما}\,\text{لا} + \frac{\text{ا}_\text{ق}\,\text{جف}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{لا}}\text{ما})$$

کو شکل

$$(\text{و}_0, \text{و}_1, \text{و}_2, \ldots, \text{و}_\text{ق})(\text{لا}, \text{ما})^\text{ف}$$

میں پھیلایا جائے تو ثابت کرو کہ و$_0$، و$_1$، و$_2$، ... و$_\text{ق}$ ہم متغیر ہیں ع کے۔ (ہرمٹ)

پھیلانے سے $\text{لا}^{\text{ف}-\text{ژ}}\,\text{ما}^{\text{ژ}}$ کا سر ہے

$$\frac{(-1)^\text{ژ}}{\text{ژ}!}\left(\frac{\text{جف}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{ما}}\right)^\text{ژ}\frac{\text{جف}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{لا}}\cdots\frac{\text{جف}\,\text{پہ}}{\text{جف}\,\text{ما}}\text{فہ}$$

فہ کے اِس استحالہ کا مقیاس پہ (لا، ما) ہے۔

۲۸ ــ اگر پچھلی مثال میں ن = ۴ اور فہ (لا، ما) اور پہ (لا، ما) کی بجائے ع رکھدیا جائے تو و$_0$، و$_1$، و$_2$، و$_3$، و$_4$ کی قیمتیں معلوم کرو۔ (213)

جواب :- $(ع_{۱۱}، ھ_{لا}، گ_{لا}، ع ع_{۲۲} - ۳ھ_{لا}^{۲})(لا، ما)^{۲}$

۲۹ — دو کعبیوں ع اور و کے لئے ثابت کرو کہ

$$ق^{۲} = ۱۲ \begin{vmatrix} ع_{۱۱} & ع_{۱۲} & ع_{۱۳} \\ ع_{۲۱} & ع_{۲۲} & ع_{۲۳} \\ ع_{۳۱} & ع_{۳۲} & ع_{۳۳} \end{vmatrix}$$

جہاں $ع_{۱۱}$، $ع_{۲۱}$ وغیرہ تین جیسویوں کے غیر متغیر ہیں اور ق کا وہی مفہوم ہے جو دفعہ ۹۲ : میں —

۳۰ — مساواتوں

$ی = (ا_{۰} لا^{۳} + ا_{۱} لا^{۲} ما + ا_{۲} لا ما^{۲} + ا_{۳} ما^{۳})(ب_{۰}، ب_{۱}، ب_{۲}، ب_{۳})(لا، ما)^{۳} = ۰$

سے لا ساقط کرو۔

جواب :- $ی^{۳} + ۳ ھ_{لا ما} ی + گ_{لا ما} = ۰$

۳۱ — دو درجی $(ا، ب، ج، ف، گ، ھ)(لا، ما، ی)^{۲}$ کو لا، ما، ے میں مستحیل کرو جہاں

$لا = ع_{۱۱} لا + ب_{۱} ما + ج_{۱} ی$، $ما = ع_{۱۲} لا + ب_{۲} ما + ج_{۲} ی$، $ے = ع_{۱۳} لا + ب_{۳} ما + ج_{۳} ی$،

جواب

$$\frac{۱}{Δ^{۲}} \begin{vmatrix} Π_{۱۱} & Π_{۲۱} & Π_{۳۱} & لا \\ Π_{۱۲} & Π_{۲۲} & Π_{۳۲} & ما \\ Π_{۱۳} & Π_{۲۳} & Π_{۳۳} & ے \\ لا & ما & ے & ۰ \end{vmatrix}$$

جہاں $\Pi_{ط} \equiv$ (اعہ عہ + ب بہ بہ + ج جہ جہ + ف (بہ جہ ط + بہ ط جہ)
+ گ (جہ عہ ط + جہ ط عہ) + ھ (عہ بہ ط + عہ ط بہ)
اور ا، ب، ج، ف، گ، ھ تفاعل
(ا، ب، ج، ف، گ، ھ) (لا، ما، ی)^{۲}
کی تماسی شکل کے سر ہیں۔

۳۲ ۔ ثابت کرو کہ ابدال
ضا = ل لا + م ما، عا ≡ لا - ضہ ما
سے چار درجی (ا، ب، ج، د، ص) (لا، ما)^{۴} کو شکل
ک عا (۴ ضا^{۳} - ع ضا عا^{۲} + جے عا^{۳})
میں تحویل کر سکتے ہیں جہاں عہ، بہ، جہ، ضہ اصلیں ہیں اور
۱۲ ل = - ۱۲ ک (عہ - ضہ) (بہ - ضہ)، ۱۲ م = ۱۲ ک عہ (بہ - ضہ) (جہ - ضہ)
اور ک تفاعل ہے عہ، بہ، جہ، ضہ کا۔

۳۳ ۔ اگر ع$_{لا}$ ایک چار درجی ہو اور ھ$_{لا}$ اسکا ھیسوی تو
ثابت کرو کہ ع$_{لا}$ ھ$_{ما}$ - ع$_{ما}$ ھ$_{لا}$ کے اجزائے ضربی لا - ما اور گ$_{لا}$
کے تین دو درجی اجزائے ضربی (دفعہ ۱۸۳) ہیں جبکہ لا^{۲} کی بجائے
لا ما، اور ۲ لا کی بجائے لا + ما رکھدئے جائیں۔

۳۴ ۔ ثابت کرو کہ ع$_{لا}$ کے تمام چار درجی ہم متغیر جنکی اصلیں ع$_{لا}$
کی اصلوں کے منطق تفاعل ہیں ضابطہ
(عہ^{۴} + $\frac{۱}{۲}$ ع عہ^{۲} - ۲ جے عہ + $\frac{۱}{۱۶}$ ع^{۲}) ع$_{لا}$ - (۴ عہ^{۳} - ع عہ + جے) ھ$_{لا}$
میں شامل ہیں۔ (مسٹر رسل)
یہ مثال پچھلی مثال کے ساتھ کس طرح متعلق ہے۔

۳۵ — ثابت کرو کہ $ع^{2} ع_{لا} - ۱۶ ج^{4} ھ_{لا}$ کا ایک جزو ضربی

$$\frac{لا - عہ}{ضہ - عہ} + \frac{لا - بہ}{ضہ - بہ} + \frac{لا - جہ}{ضہ - جہ}$$ ہے جہاں

$ع_{لا} \equiv (لا - عہ)(لا - بہ)(لا - جہ)(لا - ضہ)$

۳۶ — اگر $ع_{لا}$ اور $ع_{ضا}$ دو چار درجی ہوں جو ایک ہی مطلق غیر متغیر رکھتے ہیں تو ثابت کرو کہ

$$ع^{3} ھ_{لا}^{3} ع_{ضا} - ع^{3} ج^{3} ھ_{ضا}^{3} ع_{لا}$$

کو شکل $ا\ لا ضا + ب\ لا + ج\ ضا + د$

کے چار اجزائے ضربی میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔ (مسٹر رسل)

۳۷ — اگر ایک ہم متغیر کے صدر سر میں متعدد کثیر درجیوں کے سر رتبوں $ھ_{۱}$، $ھ_{۲}$، ... $ھ_{ر}$ اور وزنوں $ک_{۱}$، $ک_{۲}$، ... $ک_{ر}$ میں داخل ہوں تو ہم متغیر کا درجہ ہے

$ن_{۱} ھ_{۱} + ن_{۲} ھ_{۲} + ... + ن_{ر} ھ_{ر} - ۲ (ک_{۱} + ک_{۲} + ... + ک_{ر})$

(دفعہ ۱۶۶)

۳۸ — اگر مساوات $ع = ۰$ کے ایک نیم غیر متغیر فہ کی ساخت میں ہر فرق $عن - عق$ کی بجائے

$$ع \frac{(عن - عق)}{(لا - عن)(لا - عق)}$$

درج کیا جائے تو ثابت کرو کہ نتیجہ، $ع^{ک - ھ}$ اور اس ہم متغیر کا حاصل ضرب ہے جسکا صدر سر فہ ہے جہاں فہ کا رتبہ ھ اور وزن ک ہے۔

۳۹ — اگر ع ایک پانچ درجی ہو تو چار درجی مستخرجہ (emanant)

$$\left(\text{لا}\frac{\text{جف}}{\text{جف لا}} + \text{ما}\frac{\text{جف}^{۴}}{\text{جف ما}}\right) ع$$

کے غیر متغیر کیا ہیں۔

جواب:۔ دو درجی اور کبھی ہم متغیر $ع_{\text{لا}}$ اور $\text{جے}_{\text{لا}}$۔

۴۰۔ کسی کثیر درجی ع کے ہم متغیروں $\text{ھ}_{\text{لا}}$، $\text{گ}_{\text{لا}}$، $ع_{\text{لا}}$، $\text{جے}_{\text{لا}}$ کو ملانیوالا رشتہ بیان کرو۔

جواب:۔ $\text{گ}^{۲}_{\text{لا}} = ۴\,\text{ھ}^{۳}_{\text{لا}} - ۲۷\,\text{ھ}_{\text{لا}}\,ع_{\text{لا}} + ۲۷\,ع^{۳}\,\text{جے}_{\text{لا}}$

۴۱۔ بتاؤ کہ طاق رتبہ کے ایک کثیر درجی کو کس طرح مستحیل کیا جائے کہ تمام نئے سر غیر متغیر ہوں۔

جواب:۔ نئے لا اور ما کی بجائے دو خطی ہم متغیر لو۔

۴۲۔ وہ ربط معلوم کرو جو دو چار درجیوں کے سروں کو مربوط کرتا ہے اگر انکی اصلوں میں یہ رشتہ ہو

$$\begin{vmatrix} ا & عہ & عہَ & عہ عہَ \\ ا & بہ & بہَ & بہ بہَ \\ ا & جہ & جہَ & جہ جہَ \\ ا & ضہ & ضہَ & ضہ ضہَ \end{vmatrix} = ۰$$

جواب:۔ $ع^{۳}\,\text{جے}^{۲} - ع^{۳}\,\text{جے}^{۲} = ۰$۔

(مقابلہ کرو مثال ۱۳ صفحہ ۱۷۵ اور مثال ۱۴ صفحہ ۱۷۵ جلد اول کے ساتھ)

۴۳۔ کبھی ع کو اسکے کبھی ہم متغیر $\text{گ}_{\text{لا}}$ میں خطی استحالہ سے مستحیل کرو۔ (215)

مساوات $\text{لا}\frac{\text{جف ھ}_{\text{لا}}}{\text{جف لا}} + \text{ما}\frac{\text{جف ھ}_{\text{لا}}}{\text{جف ما}} = ۰$

سے حاصل ہونیوالے استعمال کو عمل میں لانے سے نتیجہ ملتا ہے ۵ گ لا ۔

۴۴ ۔ چار درجی ع کو خود اسی میں خطی استخالہ کے ذریعہ مستحیل کرو۔

اگر ع = ا (لا۴ + ما۴) + ۲ ب لا۲ ما۲

تو ہم متغیر گ لا کے دو درجی اجزائے ضربی لا۲ ما۲ ، لا۲ + ما۲ ، لا۲ - ما۲ میں سے

مساوات لا جف ق / جف لا + ما جف ق / جف ما = ۰ سے متعین ہونیوالے استعمال کو

عمل میں لانے سے ع ، ع میں مستحیل ہو جاتا ہے جہاں ق مندرجہ بالا اجزائے

ضربی میں سے کوئی ایک جزو ضربی ہے ۔

۴۵ ۔ ثابت کرو کہ گ لا کے دو درجی اجزائے ضربی ع ، و ، ط

جنکو اصلوں کی رقوم میں بیان کیا گیا ہو نہیں بدلتے اگر لا ، ب ، جہ ، صہ

کی بجائے انکے متکافی درج کئے جائیں اور کسروں کو نشانہ (لا ، ب ، جہ ، صہ) سے

دور کیا جائے ۔

اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ ع ، و ، ط کو علیحدہ علیحدہ ہم متغیر سمجھا

جاسکتا ہے اگر اس منطق احاطہ کو جسمیں پہلے صرف سروں کو شامل کیا جاتا تھا

اب اسمیں اصلوں عہ ، بہ ، جہ ، صہ کو بھی شامل کرنے سے زیادہ وسیع کیا جائے ۔

(دیکھو دفعہ ۱۶۸)

۴۶ ۔ اگر تین دو درجی باہم موسیقی ہوں تو ثابت کرو کہ وہ ان شکلوں

ا لا۲ + ج ما۲ ، ا لا۲ - ج ما۲ ، ب لا ما

میں تحویل ہو سکتے ہیں ۔

۴۷ ۔ پانچ درجی کے لئے نیم غیر متغیر بناؤ جسکا رتبہ ۴ ہو اور وزن ۸ ۔

مکمل ڈھال* گ ۴،۸ میں جو رقمیں شامل ہوتی ہیں وہ ہیں

* اصطلاح ڈھال (Gradient) کو کسی مقررہ رتبہ اور وزن کی تمام ممکن رقموں کے مجموعہ کے لئے استعمال کیا گیا ہے ۔

$ا_0^2$، $ا_1^2$، $ا_2^2$، $ا_3^2$، $ا_0 ا_1$، $ا_0 ا_2$، $ا_0 ا_3$، $ا_1 ا_2$، $ا_1 ا_3$، $ا_2 ا_3$،
$ا_0^3$، $ا_0^2 ا_1$، $ا_0 ا_1 ا_2$، $ا_0 ا_1 ا_3$، $ا_0^2 ا_2$، $ا_1^3$ ۔

عف سے عمل کرتے اور عف $گ_{4,4}$ = ۰ بنانے سے اس نمونہ

$$ل س + م ع^2$$

کے نیم غیر متغیر ملتے ہیں جہاں ع کے معنی وہی معمولی ہیں اور

$$س = ا_0^2 ا_1^2 - ۳ ا_0 ا_1^2 ا_2 - ۴ ا_0^2 ا_1 ا_3 + ۴ ا_0 ا_1^2 ا_3 + ۵ ا_0^2 ا_2^2$$
$$+ ۲ ا_0^2 ا_2 ا_3 - ۸ ا_0 ا_1 ا_2 ا_3 + ۳ ا_1^2 ا_3^2 - ۱۰ (ا_0^2 ا_2^3 - ۳ ا_0 ا_1^2 ا_2^2 + ۲ ا_0^2 ا_2^2 ا_3)$$

فصل چہارم ۔ ہندسی استحالات (216)

اس باب کو ختم کرنے سے پیشتر ہم یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ متغیروں کے ثنائی نظام سے ثلاثی نظام حاصل کرنیکے ایک سادہ استحالہ کا کچھ ذکر کریں۔ اس سے ابواب ماسبق کے اکثر نتائج کی ہندسی تعبیر مل سکیگی۔ وہ اطلاقات جو ذیل میں درج ہیں استحالہ کے اس طریقہ کی توضیح کے لئے کافی ہیں اور اس طالب علم کو جو ہندسہ تحلیلی کے اصولوں سے واقف ہے اس قابل بنا دینگی کہ وہ اُس مشابہت کو جو اِن دو نظاموں میں موجود ہے اور زیادہ وسیع کر سکے۔

ابتدائی متغیروں کو یعنے ثنائی نظام کے متغیروں کو لا، ما سے تعبیر کرو اور انکو ایک ثلاثی نظام میں ابدالات

$$لا = لا^2، \quad ما = ۲ لا ما، \quad ے = ما^2$$

سے مستحیل کرو۔ یہ وہ شکل ہے جس پر عام دو درجی استحالہ ثلاثی متغیروں کے ایک خطی استحالہ کے ذریعہ لایا جا سکتا ہے[1]۔

مثلاً دو درجی کی سادہ صورت لینے سے جبکی اصلیں عہ، بہ ہیں یعنی دو درجی

$$\text{لا}^{۲} - (\text{عہ} + \text{بہ})\,\text{لا ما} + \text{عہ بہ ما}^{۲} = ۰$$

لینے سے اور اسکو مستحیل کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{لا} - \tfrac{۱}{۲}(\text{عہ} + \text{بہ})\,\text{ما} + \text{عہ بہ ے}^{۲} = ۰ \qquad (۱)$$

نیز ہمیں یہ مساوات

$$\text{ما}^{۲} - ۴\,\text{ے}^{۲}\,\text{لا} = ۰$$

بھی ملتی ہے۔

یہ ایک مخروطی کی مساوات ہے جسکو ہم ہمیشہ ک سے موسوم کرینگے اور (۱) صریحاً اس مخروطی کے ایک وتر کی مساوات ہے جو نقطوں عہ اور بہ کو ملاتا ہے۔ وہ نقطہ جو مساواتوں

$$\frac{\text{لا}}{\text{فہ}^{۲}} = \frac{\text{ما}}{۲\,\text{فہ}} = \text{ے}^{۲} = \frac{\text{لا}}{\text{ما}^{۲}} \qquad (217)$$

سے متعین ہوتا ہے مخروطی ک پر کے نقطہ فہ سے موسوم کیا جاتا ہے۔

---

[1] اگر لا = ا لا^{۲} + ۲ ب لا ما + ج ما^{۲}، ما = ا$_{۱}$ لا^{۲} + ۲ ب$_{۱}$ لا ما + ج$_{۱}$ ما^{۲}، ے = ا$_{۲}$ لا^{۲} + ۲ ب$_{۲}$ لا ما + ج$_{۲}$ ما^{۲} تو لا^{۲}، لا ما، ما^{۲} کے لئے حل کرنے سے اور یہ مان کر کہ

$$(\text{ا}_{۱}, \text{ب}_{۲}, \text{ج}_{۳}) \neq ۰$$

ہمیں حاصل ہوتا ہے:-

$$\text{لا}^{۲} = \frac{\text{ا لا} + \text{ا}_{۱}\,\text{ما} + \text{ا}_{۲}\,\text{ے}}{(\text{ا}, \text{ب}_{۲}, \text{ج}_{۳})} = \text{لا}$$

اور متشابہ قیمتیں ما اور ے کے لئے۔

جب، عہ = بہ تو دو درجی (لا - عہ ما)^{۲} یعنے پہلے درجہ کے ایک جزو ضربی کا مربع ہو جاتا ہے۔ نیز (۱) لا - عہ ما + عہ^{۲} ے = ۰ میں تحویل ہوتا ہے جو صریحاً اُس مماس کی مساوات ہے جو محرو طی ک کے نقطہ عہ پر کھینچا گیا ہے۔ پس دو درجی کے جواب میں جبکی اصلیں مختلف ہوں جو خط ملتا ہے وہ ک کا ایک وتر ہے اور یہ خط مماس بن جاتا ہے جب اصلیں مساوی ہوتی ہیں۔

اس طریقہ کو اور زیادہ واضح کر چکنے کے لئے ہم ثنائی چھہ درجی اور پانچ درجی پر غور کرتے ہیں تاکہ یہ بتایا جا سکے کہ کثیر درجی کے درجہ کے جفت یا طاق ہونے سے استحالہ کس طرح مختلف شکل میں پیش ہوتا ہے۔ پہلی صورت لیتے ہے

ع ≡ (لا - عہ$_{۱}$ ما)(لا - عہ$_{۲}$ ما)(لا - عہ$_{۳}$ ما)(لا - عہ$_{۴}$ ما)(لا - عہ$_{۵}$ ما)(لا - عہ$_{۶}$ ما)

جو استحالہ ہے

ج$_{۲۱}$ ج$_{۴۳}$ ج$_{۶۵}$، ج$_{۵۴}$ ج$_{۲۱}$ ج$_{۶۳}$، ج$_{۲۱}$ ج$_{۶۴}$، ج$_{۲۱}$ ج$_{۵۴}$

یا وتروں کے ایسے ہی پندرہ حاصل ضربوں میں سے کوئی اور ہو جاتا ہے جہاں ج$_{۲۱}$ ≡ لا - ½ (عہ$_{۱}$ + عہ$_{۲}$) ما + عہ$_{۱}$ عہ$_{۲}$ سے وتر ۱، ۲ ہے اور ج$_{۴۳}$، ج$_{۶۵}$ وغیرہ بھی ایسے ہی وتروں کو تعبیر کرتے ہیں۔ دوسری صورت میں یعنے جب ثنائی کثیر درجی کا درجہ طاق ہو تو استحالہ کو عمل میں لانے سے پیشتر ع کا مربع لینا چاہئے۔ اس طرح اگر ع سے مندرجۂ بالا حاصل ضرب کے پہلے پانچ اجزائے ضربی تعبیر ہوں تو ع^{۲} مستعمل ہونیکے بعد ت$_{۱}$ ت$_{۲}$ ت$_{۳}$ ت$_{۴}$ ت$_{۵}$ ہو جاتا ہے جہاں ک کے نقطہ عہ$_{۱}$ پر کا مماس ت$_{۱}$ ≡ لا - عہ$_{۱}$ ما + عہ$_{۱}$^{۲} ے ہے اور ایسے ہی معنی ت$_{۲}$، ت$_{۳}$ وغیرہ کے ہیں۔

لیکن چونکہ ایسے استحالوں میں ہم ۴ لا^{۳} ما^{۲} کی بجائے ۴ لا ما یا ما^{۳} = ۴ لا ے۔ ک

رکھ سکتے ہیں اسلیئے ہم دیکھتے ہیں کہ یہ استحالے مختلف طریقوں سے مکمل کئے جا سکتے ہیں لیکن ہر دو استحالوں میں جو فرق ہوتا ہے اس کا جزوِ ضربی کیا ہوگا۔

۲۱۳ — دو درجی اور دو درجیوں کے نظام ۔ دو درجی کا ممیز ہی صرف اسکا غیر متغیر ہے اور یہ ثلاثی نظام میں بھی غیر متغیر ہے۔ اسکا معدوم ہونا وہ شرط ہے کہ دو درجی کے جواب میں جو خط ہے وہ مخروطی ک کو مس کرے (218)

اب ہم دو دو درجیوں کے نظام

ا لا^{۲} + ۲ ب لا ما + ج ما^{۲} ، اَ لا^{۲} + ۲ بَ لا ما + جَ ما^{۲}

پر غور کرتے ہیں جنکو ہم ل اور م سے موسوم کرینگے۔

جب انکو مستحیل کیا جاتا ہے تو وہ دو خط ہو جاتے ہیں

ل ≡ ا لا + ب ما + ج ے ، م ≡ اَ لا + بَ ما + جَ ے

اب وہ شرط کہ خط ل + م ≡ ۰ ، مخروطی ک کو مس کرے یہ ہے

لا^{۲} (ا ج − ب^{۲}) + ل م (ا جَ + اَ ج − ۲ ب بَ) + م^{۲} (اَ جَ − بَ^{۲}) ≡ ۰ ،

..... (۲)

اس مساوات کے تمام سر دونوں نظامات کے غیر متغیر ہیں۔ ہم قبل ازیں دیکھ چکے ہیں کہ پہلے اور آخری سروں کے لئے یہ مسئلہ درست ہے۔ درمیانی سر جو ثنائی نظام کا موسیقی غیر متغیر ہے ثلاثی نظام میں بھی ایک غیر متغیر ہے جسکا معدوم ہونا اس بات کی شرط ہے کہ خطوط ل ، م مخروطی ک کے لحاظ سے مزدوج ہوں۔ اس مساوات سے وہ مماس متعین ہوتے ہیں جو ل اور م کے نقطہ تقاطع میں سے مخروطی ک پر کھینچے جائیں۔ جب یہ نقطہ مخروطی پر ہو تو یہ مماس منطبق ہوتے ہیں اور دو درجی کا ممیز معدوم ہوتا ہے۔ پس دو درجیوں کے حاصل اسقاط کے لئے ہندسی طور پر ہمیں حسب ذیل شکل ملتی ہے :-

ر = ۴ (ا ج - ب۲) (اَ جَ - بَ۲) - (ا جَ + اَ ج - ۲ ب بَ)۲

کیونکہ اگر ل، م اور ک ایک مشترک نقطہ میں سے گذریں تو اصلی دو درجیوں کی ایک اصل مشترک ہونی چاہئے اور ہر صورت میں شرط وہی ہے۔

نیز مساوات ل ک + م م = ۰ سے حاصل ہونیوالے نقطوں یا خطوں کے زوج درپیچ میں ایک نظام بناتے ہیں (دیکھو دفعہ ۱۹۰) یہ دوہرے نقطے یا خطوط مساوات (۲) سے متعین ہوتے ہیں۔ ثلاثی نظام میں خطوں کا متناظر پنسل جو ایک ثابت نقطہ میں سے گذرتا ہے درپیچ میں نقطوں کا ایک ایک نظام مخروطی پر متعین کرتا ہے، دوہرے نقطے مماسوں کے نقاط تماس ہیں جو ثابت نقطے سے مخروطی پر کھینچے گئے ہیں۔

پھر اگر ہم تین دو درجیوں (219)

ا لا۲ + ۲ ب لا ما + ج ما۲ ، ا لا۲ + ۲ ب لا ما + ج ما۲ ،

ا لا۲ + ۲ ب لا ما + ج ما۲

پر غور کریں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ متقطع (ا ب ج) دونوں نظاموں کا ایک غیر متغیر ہے۔ اس غیر متغیر کا معدوم ہونا ثنائی نظام کے لئے اس شرط کو بیان کرتا ہے کہ (۱) دئے ہوئے دو درجی ایک درپیچ کو متعین کرتے ہیں (مثال ۱۶ صفحہ ۳۳۸) اور (۲) ثلاثی نظام کے لئے اس شرط کو بیان کرتا ہے کہ تین متناظر خطوط ایک نقطہ میں سے گذرتے ہیں۔

آخری مثال کے طور پر ہم تین دو درجیوں کے ایک نظام پر غور کرتے ہیں جنمیں سے دو دو ان موسیقی رشتوں

ا ج۲ + ا ج۲ - ۲ ب ب۲ = ۰، وغیرہ

سے مربوط ہیں۔ دو درجیوں کو مستحیل کیا جاتا ہے تو تین خط ل، م، ن

حاصل ہوتے ہیں جو مخروطی ک کے لحاظ سے ایک خود مزدوج مثلث بناتے ہیں۔ وہ مسئلہ جو تین باہم موسیقی دو درجیوں سے متعلق ہے یہ کہ انکے مربع ایک مماثل خطی رشتے سے مربوط ہوتے ہیں (دیکھو مثال ۶ صفحہ) مخروطیوں کی ایک مشہور خاصیت سے منتج ہوتا ہے کہ اگر ک کو ل، م، ن کی رقوم میں شکل

$$ک = ل^۲ + م^۲ + ن^۲$$

میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ اسلئے ابتدائی متغیروں لا، ما پر غور کرنے سے ک تماثلاً معدوم ہوتا ہے اور ل، م، ن ابتدائی دو درجی ہوتے ہیں اور ہر دو درجی ایک جزو ضربی پر تقسیم کیا ہوا ہوتا ہے اور یہ آسانی کیساتھ معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ جزو ضربی اپنے متعلقہ دو درجی کے ممیز کا جذر المربع ہے (دیکھو (۱) مثال ۶ صفحہ ۲۱۸ نیز مثال ۱۷ صفحہ ۳۳۹)۔

۲۱۴۔ چار درجی اور اسکے ہم متغیروں پر ہندسی طریقہ سے بحث

دفعات آیندہ کی تحقیقاتوں سے یہ معلوم ہوگا کہ زیر بحث استحالہ کو چار درجی ع ≡ (ا، ب، ج، د، ص) (لا، ما)^۴ پر استعمال کرنے میں رقم ۶ ج لا^۲ ما^۲ کی بجائے ۲ ج لا^۲ + ج ما^۲ رکھنا چاہیئے۔ اس طرح اس چار درجی کی جگہ دو حسب ذیل مخروطیاں لے لینگی:۔

ع ≡ ا لا^۲ + ج ما^۲ + ص ے^۲ + ۲ د ما ے + ۲ ج ے لا + ۲ ب لا ما

ک ≡ ۴ ے لا − ما^۲

ع کی شکل جو یہاں منتخب کیگئی ہے ک کے ساتھ ایک غیر متغیر رشتے سے مربوط ہے۔ ع اور ک کے غیر متغیر ابتدائی شکل کے غیر متغیر ہیں کیونکہ ع + غ ک کا ممیز

$$۴ غ^۳ − ع غ + ج^۲$$

(220)

ہے اور اسلئے ثلاثی نظام کے غیر متغیر ہیں

$\Delta = +۴$، $\text{طا} = ۰$، $\text{طا}' = -ع$، $\Delta' = جے$

جہاں ع اور جے چار درجی کے غیر متغیر ہیں اور ع + غ ک کا ممیز حسب معمول اس شکل

$$\Delta + \text{غ طا} + \text{غ}^{۲}\text{طا}' + \text{غ}^{۳}\Delta'$$

میں لکھا گیا ہے

فرض کرو کہ مخروطی ع اور ک نقاط ا، ب، ج، د میں قطع کرتے ہیں جہاں یہ نقطے مساواتوں

$$\frac{\text{لا}}{\text{فہ}^{۲}} = \frac{\text{ما}}{\text{۲فہ}} = \text{ے}$$

سے متعین ہوتے ہیں جبکہ فہ یہ چار قیمتیں عہ، بہ، جہ، ضہ اختیار کرتا ہے جو ثنائی چار درجی کی اصلیں ہیں۔ اور فرض کرو کہ مشترک وتر ب ج، ا د؛ ج ا، ب د؛ ا ب، ج د کے نقاطِ تقاطع علی الترتیب غ، ف، گ ہیں جہاں غ ف گ وہ مثلث ہے جو دونوں مخروطیوں کے لحاظ سے خود مزدوج ہے۔ اب خط ا ب کی مساوات کو (عہ بہ) = ۰ سے تعبیر کرنے اور اسی طرح کی ترقیم دیگر وتروں کے لئے استعمال کرنے سے ہمیں مخروطیوں کے نظریہ سے حاصل ہوتا ہے

$ع + \text{غ}^{۲}\text{ک} = (\text{بہ جہ})(\text{عہ ضہ})$، $ع + \text{غ}^{۲}\text{ک} = (\text{جہ عہ})(\text{بہ ضہ})$،

$ع + \text{غ}^{۲}\text{ک} = (\text{عہ بہ})(\text{جہ ضہ})$

جہاں عہ، بہ، جہ، ضہ مساوات $۴\text{فہ}^{۳} - ع\text{فہ} + جے = ۰$ کی اصلیں ہیں

ان مساواتوں میں ابتدائی متغیروں لا، ما کو داخل کرنے سے ک تماثلاً معدوم ہوتا ہے اور ع دو درجی اجزائے ضربی کے ایک زوج میں تین مختلف طریقوں سے تحلیل کیا جا سکتا ہے جو چار درجی کے

محول کبھی کے حل پر منحصر ہیں۔ پس یہ معلوم ہوا کہ چار درجی کو اسکے دو دو دو درجی اجزائے ضربی میں تحلیل کرنا اور خطوں کے ان جوڑوں کی تعیین کرنا جو دو مخروطیوں کے چار نقاط تقاطع میں سے گذرتے ہیں یہ دونوں عملی مسئلے متماثل ہیں کیونکہ انمیں سے ہر ایک ایک ہی کبھی مساوات کے حل پر منحصر ہے۔

اب ہم یہ دکھائینگے کہ ع، ک کے مشترک خود مزدوج مثلث کے اضلاع کثنائی نظام کے چھ درجی ہم متغیر کے دو درجی اجزائے ضربی کے متناظر ہیں۔ چونکہ ضلع ف گ، ع کا قطبی ہے اس لئے ع کے محدد لا، ما، ے ان مساواتوں (بہ جہ) = ۰، (عہ ضہ) = ۰ کو حل کرنے سے حاصل ہوتے ہیں۔ پس (221)

$$\frac{\text{لا}}{\text{بہ جہ (عہ + ضہ)} - \text{عہ ضہ (بہ + جہ)}} = \frac{\text{ما}}{2\,(\text{بہ جہ} - \text{عہ ضہ})} = \frac{\text{ے}}{\text{بہ + بہ + عہ + ضہ}}$$

ان مساواتوں سے لا، ما، ے کی جو قیمتیں ملتی ہیں انکو ع کے قطبی

$$\text{لا ے} - \frac{\text{ما ما}}{2} + \text{لا ے} = ۰$$

میں لا، ما، ے کی بجائے درج کرنے سے یہ مساوات شکل

(بہ + جہ - عہ - ضہ) لا - (بہ جہ - عہ ضہ) ما + {بہ جہ (عہ + ضہ) - عہ ضہ (بہ + جہ)} ے = ۰

میں بیان ہوتی ہے۔

اب ابتدائی متغیروں لا، ما کو اسمیں داخل کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ جملہ چہہ درجی ہم متغیر (دفعہ ۱۸۳) کا ایک دو درجی جزو ضربی ہے۔ پس یہ ثابت ہو گیا کہ وہ نقطے جہاں ف گ، ک کو قطع کرتا ہے اس دو درجی مساوات

(بہ + جہ - عہ - ضہ) فہ - ۲ (بہ جہ - عہ ضہ) فہ + بہ جہ (عہ + ضہ) - عہ ضہ (بہ + جہ) = ۰

کو حل کرنے سے متعین ہوتے ہیں اور اسلئے ک پر کے چھ نقطے جو چھ درجی

ہم متغیر کی اصلوں کے متناظر ہیں وہ نقطے ہیں جہاں یہ مخروطی ع اور ک کے مشترک خود مزدوج مثلث کے اضلاع سے ملتا ہے۔

ک پر کے اُن نقطوں کو جو جیسوی کی اصلوں کے متناظر ہیں متعین کرنے کے لئے ہم مخروطیوں ع اور ک کے ہم متغیر مخروطی فا (سامن کی (Conic Section) دفعہ ۳۷۸) کو محسوب کرتے ہیں اس طرح

$$-\frac{1}{4}\text{فا} \equiv (\text{ا ج} - \text{ب}^2)\text{لا}^2 + (\text{ب د} - \text{ج}^2)\text{ما}^2 + (\text{ج ص} - \text{د}^2)\text{ے}^2$$

$$+(\text{ب ص} - \text{ج د})\text{ما ے} + (\text{ا ص} - 2\text{ب د} + \text{ج}^2)\text{ے لا} + (\text{ا د} - \text{ب ج})\text{لا ما}$$

اور ابتدائی متغیروں لا، ما کو داخل کرنے سے

$$\text{ھ}(\text{لا}، \text{ما})^2 = -\frac{1}{4}\text{ف}$$

نیز چونکہ مخروطی فا، ع اور ک کو اُنکے مشترک مماسوں کے نقاط تماس پر قطع کرتا ہے اسلئے ک پر کے وہ نقطے جو جیسوی کی اصلوں کے متناظر ہیں وہ ہیں جو اس طور پر متعین ہوتے ہیں۔

برعکس اس کے جیسوی $\text{ع}_{11}\text{ع}_{22} - \text{ع}_{21}^2$ کو ثلاثی متغیروں میں مستحیل کرنے سے وہ ہو جاتا ہے

$$-\frac{1}{4}\text{فا} \equiv (\text{لا} + \text{ب ما} + \text{ج ے})(\text{ج لا} + \text{د ما} + \text{ص ے}) - (\text{ب لا} + \text{ج ما} + \text{د ے})^2$$

(222) جو ک پر کے تمام نقطوں کیلئے، قطبی $\text{لا ع}_1 + \text{ما ع}_2 + \text{ے ع}_3$ کا لفاف ہے۔ فا کی یہ تعیین، ع اور ک کے غیر متغیر ط کے معدوم ہونیکی وجہ سے عمل میں آئی ہے۔

۲۱۵ ۔ اب ہم ثنائی نظام کو ثلاثی نظام میں تحویل کرنیکے لئے چند

عام استحالات بیان کرتے ہیں جو دونوں نظاموں کے ہم رُو دوں کا مقابل کرنے میں مفید ثابت ہونگے۔

(۱) دونوں نظاموں کا خطی استحالہ۔

اگر ثنائی متغیروں کو خطی طور پر مستحیل کیا جائے تو چونکہ نئے متغیر پرانے متغیروں کی رقوم میں یہ ہیں

لا = ل لا + م ما، ما = ک لا + م ما،

اسلئے نئے ثلاثی متغیر پرانے ثلاثی متغیروں کی رقوم میں حسب ذیل شکل میں بیان ہونگے:-

لا = ل² لا + ل م ما + م² ے،
ما = ۲ ل ک لا + (ل م + ک م) ما + ۲ م م ے،
ے = ک² لا + ک م ما + م² ے،

اور اسلئے

۴ ے لا - ما² = (ل م - ک م)² (۴ ے لا - ما²)

جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ لا، ما، ے کے اوپر کے مخصوص خطی استحالہ سے ثابت مخروطی کی شکل نہیں بدلتی اور برعکس اسکے اس سے ابتدائی ثنائی متغیروں کا عام خطی استحالہ حاصل ہوتا ہے۔ اس استحالہ کا قیاس (ل م - ک م)³ ہے (دیکھو مثال ۴ صفحہ ۱۴۱)۔

(۲) جزوی تفرقی سروں کا استحالہ۔

دفعہ ۲۱۲ کے ابدال سے اگر ع (لا، ما)، ع ہوجائے تو

$$\frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}} = ۲\text{لا}\frac{\text{جف ع}}{\text{جف لا}} + ۲\text{ما}\frac{\text{جف ع}}{\text{جف ما}}$$

اور اسلئے

$$\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 لا} = ۲\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ۷} + ۴\left(لا\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 ۷} + ما\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}\, لا\, \text{جف}\, ما} + ے\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}\, لا\, \text{جف}\, ے}\right)$$

$$- ۴ے\left(\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}\, لا\, \text{جف}\, ے} - \frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 ما}\right)،$$

$$= ۴\frac{\text{جف}}{\text{جف}\, ۷}\left(لا\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ما} + ما\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ما} + ے\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ے}\right)$$

$$- ۲\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ۷} - ۴ے ۱۱ (۶)،$$

جہاں ۱۱ عمل $\frac{\text{جف}^2}{\text{جف}\, ے\, \text{جف}\, ۷} - \frac{\text{جف}^2}{\text{جف}\, ما^2}$ کو ظاہر کرنیکے لئے استعمال کیا گیا ہے۔

پس چونکہ ۶ کا درجہ ن اور اسلئے ۶ کا $\frac{1}{ن}$ ہے ہمیں حاصل ہوتا ہے (223)

$$\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 لا} = ۲(ن-۱)\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ۷} - ۴ے ۱۱ (۶)،$$ اور اسی طرح

$$\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}\, لا\, \text{جف}\, ما} = ۲(ن-۱)\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ما} + ۲ما ۱۱ (۶)،$$

$$\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 ما} = ۲(ن-۱)\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ے} - ۲ے ۱۱ (۶)،$$

اگر استحالہ ایسا ہو کہ ۱۱ (۶) تقریباً معدوم ہوتا ہے تو دوسرے رتبہ کے تفرقی سروں کے استحالہ کے لئے حسب ذیل سادہ قیمتیں ملتی ہیں،

$$\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 لا} = ۲(ن-۱)\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ۷}،\quad \frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}\, لا\, \text{جف}\, ما} = ۲(ن-۱)\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ما}$$

$$\frac{\text{جف}^2 ۶}{\text{جف}^2 ما} = ۲(ن-۱)\frac{\text{جف}\, ۶}{\text{جف}\, ے}$$

ان قیمتوں سے آسانی کے ساتھ معلوم ہو سکتا ہے

$$\frac{1}{2}\left(لا\frac{جف}{جف\,لا}+ما\frac{جف}{جف\,ما}\right)^2 ع=(ن-1)\left(لا\frac{جف\,ع}{جف\,لا}+ما\frac{جف\,ع}{جف\,ما}+ہے\frac{جف\,ع}{جف\,ے}\right)$$

جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ثنائی نظام کا دوسرا استخراجہ ثلاثی نظام کے پہلے قطبی میں مستحیل ہوتا ہے۔

اب ہم ثنائی اور ثلاثی متغیروں کے درمیانی ربط پر عود کرتے ہیں اور یہ ثابت کرتے ہیں کہ کثیر درجی کے بنیادی خواص دونوں نظاموں میں متناظر ہوتے ہیں۔

فرض کرو کہ ہمارے پاس عام طور پر متغیروں کے درمیان تین مساواتیں ہیں

$$لا=فہ(لا،ما)\quad ما=فہ(لا،ما)\quad ے=فہ(لا،ما)$$

ہم دیکھ چکے ہیں کہ ان مساواتوں کو شکل

$$لا=لا^2\quad ما=2لاما\quad ے=ما^2$$

میں تحویل کیا جا سکتا ہے۔ لاما کو ساقط کرنے سے ہمیں لا، ما، ے میں ایک مساوات ملتی ہے۔ استحالہ شدہ ثنائی مساوات سے لا، ما، ے میں ایک اور رشتہ ملتا ہے۔ اس مساوات کی اصلیں مذکورہ دو سطحیوں کے تقاطع سے تعبیر ہونگی۔

ان دو تعبیروں میں جس میں ایک تو خط مستقیم پر کے نقطے ہیں اور دوسرے مخروطی پر کے نقطے میں جو مشابہت ہے وہ ہندسۂ تحلیلی کے طالب علم پر بخوبی واضح ہو گی۔ ہم ایک ایسی مثال دینگے جس سے یہ مشابہت سمجھ میں آجائے گی۔ ہم ثابت کرینگے کہ کس طرح ع کی ایک دوہری اصل سے شش درجی ہم متغیر کی پچہری اصل حاصل ہوتی ہے (224)

لہ دفعہ ۱۷۴

(مثال ۲ صفحہ ۳۸۵) کیونکہ ع اور ک کے قطبی مثلث کے دو اضلاع مخروطی کو مثلث کے راس پر مس کرتے ہیں اور تیسرے ضلع کا قطب مماس پر کا ایک نقطہ ہے۔

(۳) جیکوبی کا استحالہ۔ کسی نظام ع، و کا جیکوبی ع، و، ک کے جیکوبی میں مستحیل ہوتا ہے جہاں ع، و کی استحالہ شدہ قیمتیں ع، و ہیں لیکن ان استحالوں کا ایسا ہونا ضروری نہیں ہے جسکی وجہ سے $\Pi(ع) = ۰$، $\Pi(و) = ۰$ ہو۔ کیونکہ

$$ج(ع، و) = \begin{vmatrix} جف ع & جف ع \\ جف لا & جف ما \\ جف و & جف و \\ جف لا & جف ما \end{vmatrix} = \frac{۱}{(ن-۱)(ن-۱)} \begin{vmatrix} ولا+ب ما & ب لا+ج ما \\ وَلا+بَ ما & بَ لا+جَ ما \end{vmatrix}$$

جہاں ع اور و کے درجے ن اور نَ ہیں اور دوسرے تفرقی سروں کو تعبیر کرنے کے لئے ا، ب، ج استعمال کئے گئے ہیں۔ پس

$$ج(ع، و) = \frac{۱}{(ن-۱)(ن-۱)} \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ وَ & بَ & جَ \\ ما^۲ - لاما & & لا^۲ \end{vmatrix} = \begin{vmatrix} جف ع & جف ع & جف ع \\ جف لا & جف ما & جف ے \\ جف و & جف و & جف و \\ جف لا & جف ما & جف ے \\ جف ک & جف ک & جف ک \\ جف لا & جف ما & جف ے \end{vmatrix}$$

آخری مقطع اس سے پہلے کے مقطع سے (۲) کے استحالہ کے ذریعہ حاصل ہوا ہے اور آخری صف کو ۴ Π (ع) سے ضرب دیکر پہلی صف میں جمع کیا گیا ہے اور آخری صف کو ۴ Π (و) سے ضرب دیکر دوسری صف میں جمع کیا گیا ہے۔

(۴) ھیسوی اور دوسرے ہم رو۔

ھیسوی کے استحالہ کے لئے ہم جانتے ہیں کہ

$$ن^{۲}(ن-۱)^{۲}\,ھ(ع)=\frac{جف^{۲}ع}{جف لا^{۲}}\,\frac{جف^{۲}ع}{جف ما^{۲}}-\left(\frac{جف^{۲}ع}{جف لا جف ما}\right)$$

$$=۴(ن-۱)^{۲}\left\{\frac{جف ع}{جف لا}\,\frac{جف ع}{جف ما}-\left(\frac{جف ع}{جف ما}\right)^{۲}\right\}$$ اگر $\Pi(ع)\equiv۰$

جس سے یہ ثابت ہے کہ ایک منحنی جسمیں ھیسوی مستحیل ہو سکتا ہے ع کے (225)
لحاظ سے ثابت مخروطی پر کے مماسوں کے قطبوں کا طریق ہے۔

شنائی ہم رو

$$(لا\ ما - لا\ ما)^{۲}$$

کے جواب میں خط

$$لا\ ے - \frac{۱}{۲}\,ما\ ما + ے\ لا$$

ہے جو ثابت مخروطی ک کے لحاظ سے لا، ما، ے کا قطبی ہے۔

اگر دو درجی

$$ا\ لا^{۲}+۲ب\ لا\ ما+ج\ ما^{۲}\ ،\ أ\ لا^{۲}+۲ب\ لا\ ما+ج\ ما^{۲}$$

استحالہ کے بعد خطوط ل اور م ہو جائیں تو جیکوبی ج (ل، م، ک) ان کے تقاطع کے قطبی خط کو متعین کرتا ہے جو ثابت مخروطی ک کے لحاظ سے ہے۔

اگر $\Pi(ع)\equiv۰$، $\Pi(و)\equiv۰$۔ تو ہم متغیر (ا، ۲)^{۲} ع ع کے متناظر صریحاً منحنی

$$\frac{جف ع}{جف لا}\,\frac{جف و}{جف ی}+\frac{جف ع}{جف ی}\,\frac{جف و}{جف لا}-۲\,\frac{جف ع}{جف ما}\,\frac{جف و}{جف ما}$$

حاصل ہوتا ہے جیکو صفر کے مساوی رکھنے سے وہ شرط ملتی ہے کہ ع اور و کے لحاظ سے ایک نقطہ کے قطبی خطوط ثابت مخروطی کے لحاظ سے مزدوج ہوں۔ اسی ہم متغیر کو شکل $\Pi(ع\ و)$ میں لکھا جا سکتا ہے

کیونکہ π (ع) ≡ ۰، π (و) ≡ ۰ ۔

۲۱۶ ۔ جب دفعہ ۲۱۲ کا استحالہ جفت درجہ ۲م کے کثیر درجی ف (لا، ما) پر استعمال کیا جاتا ہے تو یہ واضح ہے کہ اس کثیر درجی کی اصلیں ہندسی طور پر م ویں درجہ کے ایک منحنی اور ثابت مخروطی ک کے نقاطِ تقاطع سے متعین ہونگی ۔ اگر کثیر درجی کا درجہ طاق ہے تو استحالہ کو عمل میں لانے سے پیشتر اسکا مربع لے لینا چاہیئے جیسا کہ پہلے بیان کر دیا گیا ہے ۔ تب اسکی اصلیں ہندسی طور پر متناظر منحنی اور ثابت مخروطی کے نقاطِ تماس سے متعین ہونگی ۔

ہم دیکھ چکے ہیں کہ کثیر درجی ع (لا، ما) کو مستحیل کرنے میں استحالہ کے طریقہ کو بدلنے سے ثلاثی شکلوں کی ایک تعداد حاصل ہو سکتی ہے ۔ نیز اگر ان شکلوں میں سے ایک ع ہو تو ع + فہ$_{م-۲}$ ک بھی (جسمیں اب فہ$_{م-۲}$ کے سراختیاری ہیں) ع (لا، ما) کا ایک استحالہ ہوگا کیونکہ یہ شکل ابتدائی تغیروں کو داخل کرنے سے پھر کثیر درجی ع (لا، ما) کی طرف رجعت کریگی ۔ مزید برآں ہر ممکن استحالہ قبل الذکر شکل میں شامل ہے کیونکہ جیسا ہم دیکھ چکے ہیں استحالہ کے عمل کی تکمیل میں تبدیلی اس وجہ سے پیدا ہوتی ہے کہ ایک جزو ضربی ۴ لا، ما کی بجائے ۴ لا ہے یا ۴ لا ہے ۔ ک رکھا جا سکتا ہے اور اسلئے دو نتیجو نکا فرق ایک استحالہ شدہ ایسا مجلہ ہوتا ہے جس کا جزو ضربی ک ہے ۔ یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ان متعدد ثلاثی شکلوں کے درمیان ہمیشہ ایک اور صرف ایک شکل (ہ) ہے کہ π (ع) ≡ ۔ اور اسلئے جیسا کہ ہم ثابت کرینگے یہ شکل (ہ) ہے کہ ک کے ساتھ ملکر اسکے غیر متغیر اور ہم متغیر

(226)

ثنائی کثیر درجی کے بھی غیر متغیر اور ہم متغیر ہیں ۔ اس شکل کو معلوم کرنیکے لئے دفعہ سابق کا عامل TT لو جو ک کی مماسی شکل میں تفرقی علامتوں $\frac{1}{2}$ عف$_{لا}$، $\frac{1}{2}$ عف$_{ہا}$ عف$_{کی}$ کو درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے ۔ تب ع + فم$_{م-۲}$ ک پر عامل TT سے عمل کرنے سے درجہ م - ۲ کا ایک تفاعل یہ حاصل ہوتا ہے اور اس کے سروں کو صفر کے مساوی رکھنے سے اتنی مساواتیں ملجاتی ہیں جو فہ$_{م-۲}$ کے سروں کو متعین کرنیکے لئے کافی ہیں ۔ پس ایسی ایک شکل موجود ہوتی ہے ۔

لیکن یہ دیکھنے کا کہ ایسی صرف ایک شکل موجود ہے اور اسکے اجزائے ترکیبی کو حاصل کرنیکا بہتر طریقہ حسب ذیل ہے ۔ متناظر ثنائی اور ثلاثی متغیروں کو ہم لا$_{۱}$، لا$_{۲}$ اور لا$_{۱}$، لا$_{۲}$، لا$_{۳}$ سے تعبیر کرتے ہیں جہاں لا$_{۱}$ = لا$_{۱}$، لا$_{۲}$ = ۲ لا$_{۱}$ لا$_{۲}$، لا$_{۳}$ = لا$_{۲}$ اور متناظر تفرقی علامتوں کو عف$_{۱}$، عف$_{۲}$ اور عف$_{۱}$، عف$_{۲}$، عف$_{۳}$ سے تعبیر کرتے ہیں ۔ م دیں درجہ کے ایک ثلاثی کثیر درجی ع کو

$$ع \equiv \sum_{عہ\,به\,جہ\,ضہ\,\ldots} \text{لا}_{عہ}\,\text{لا}_{به}\,\text{لا}_{جہ}\,\text{لا}_{ضہ}\,\ldots\ldots$$

سے تعبیر کرتے ہیں جہاں عہ، بہ، جہ، ضہ، ... م حروف ہیں اور شکل کو عہ، بہ، جہ، ضہ، ... کی اسے ۳ تک تمام قیمتوں کے لئے جمع کرنا چاہیے

عہ، بہ، جہ، ضہ، .... کی قیمتوں کے ایک خاص نظام کو کسی طرح ترتیب دینے سے سر $\lambda_{\text{عہ بہ جہ ضہ ....}}$ کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

چونکہ عہ، بہ، جہ، ضہ، ... میں سے ہر ایک اکائی کے مساوی ہو سکتا ہے اسلئے

$$\text{عف}_{۱}\, ۶ \equiv م\, \lambda_{\text{۱ جہ ضہ ....}}\, \lambda_{\text{بہ}}\, \lambda_{\text{جہ}}\, \lambda_{\text{ضہ}} \ldots\ldots$$

$$\text{عف}_{۱}\, \text{عف}_{۲}\, ۶ = م(م-۱)\, \lambda_{\text{۳۱ جہ ضہ ....}}\, \lambda_{\text{جہ}}\, \lambda_{\text{ضہ}} \ldots\ldots$$

$$(\text{عف}_{۱}\, \text{عف}_{۲} - \text{عف}_{۳})\, ۶ = م(م-۱)\left(\lambda_{\text{۳۱ جہ ضہ ....}} - \lambda_{\text{۲۲ جہ ضہ ....}}\right) \lambda_{\text{جہ}}\, \lambda_{\text{ضہ}} \ldots\ldots$$

پس اگر $\Pi\,(۶) \equiv ۰$ تو وہ تمام سر $\lambda_{\text{عہ بہ جہ ضہ ....}}$ مساوی ہیں جو ۳۱ کی بجائے ۲۲ رکھنے سے حاصل ہوتے ہیں۔ اب چونکہ $\lambda_{۱}^{۲} = \lambda_{۲}$، $\lambda_{۱}^{۲} = ۲\lambda_{۱}\lambda_{۲} = \lambda_{۳}$ (227)

ایسے تمام سر جو مساوی ہونے چاہئیں ثنائی شکل ۶ میں ایک ہی رقم کے مستحیل ہونے سے پیدا ہوتے ہیں اور اسلئے ہم صرف ایک طریقہ سے ایسی ترکیب کر سکتے ہیں کہ یہ سر مساوی ہوں۔ مثلاً چار درجی ۶ کو مستحیل کرنے میں رقم $۶_{۱۱۱۲}$، $\lambda_{۱}^{۲}\lambda_{۲}^{۲}$ بدلکر $۲_{۱۳}\lambda_{۱}\lambda_{۳} + ۱_{۲۲}\lambda_{۲}^{۲}$ ہو جاتی ہے

جہاں $۱_{۳۱}$ اور $۱_{۲۲}$ صرف رشتہ $۲_{۱۳} + ۴_{۲۲} = ۶_{۱۱۲۲}$ پورا کرتے ہیں ورنہ اختیاری ہیں۔

لیکن اگر $\Pi\,(۶) \equiv ۰$۔ تو جیسے اوپر بیان ہوا $۱_{۳۱} = ۱_{۲۲}$ اور اسلئے $۱_{۳۱} = ۱_{۲۲} = ۱_{۱۱۱۱}$

یہ دیکھنے کے بعد کہ ع کو صرف ایک طریقہ پر اس طرح مستحیل کیا جا سکتا ہے کہ $\Pi(ع) \equiv 0$۔ اب ہم ع اور ع کے سروں میں رشتہ دریافت کر سکتے ہیں جو بہت سادہ ہے۔ سروں کے لئے ایک دوسری ترقیم اختیار کرو اور فرض کرو کہ $ع \equiv \lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}^{\alpha} + \lambda_{\gamma}, \lambda_{\delta}^{\beta} + \dots$ بدلکر

$$ع \equiv \lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}^{\alpha} + 4\lambda_{\gamma}, \lambda_{\delta}^{\beta} \lambda_{\beta}^{\alpha} + \dots$$

ہو جاتا ہے۔ $\lambda_{\alpha}^{\beta} \lambda_{\beta}^{\alpha}$ کے سر کا حرفی حصہ $\lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}, \lambda_{\gamma} \equiv \frac{1}{\lfloor 4}$ عف$_1^2$ عف$_2^2$ عف$_3^2$ ع

اور چونکہ $\Pi(ع) \equiv 0$۔ اور اسلئے

عف$_1^2$ = ۲(ن-۱) عف$_1$ عف$_2$ عف$_3$ = ۲(ن-۱) عف$_2^2$ عف$_3^2$ = ۲(ن-۱) عف$_3^2$

اسلئے $\frac{1}{\lfloor 4}$ عف$_1^2$ عف$_2^2$ عف$_3^2$ ع = $\frac{1}{\lfloor 4 \times 2 \times 7 \times 2 \times 5 \times 2 \times 3 \times 3 \times 2 \times 1 \times 2}$ عف$_1^2$ عف$_1^2$ عف$_1^2$ عف$_2^2$ عف$_2^2$ عف$_2^2$ ع

$$= \frac{1}{\lfloor 8}$$ عف$_1^5$ عف$_2^3$ ع

$= \lambda_{\alpha}^{5} \lambda_{\beta}^{3}$ کے سر کا حرفی حصہ $\lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}^{3}$

اسی طریقہ سے بالعموم ثابت کیا جا سکتا ہے کہ ع میں کی کسی رقم کے سر کا حرفی حصہ ع میں کی اُس رقم کے جس سے ع والی رقم بذریعۂ استحالہ پیدا ہوتی ہے سر کے حرفی حصہ کے مساوی ہے۔

مثلاً چھ درجی کے لئے

$\lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}^{3} = \lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}, \lambda_{\gamma}^{2}$، $\lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}, \lambda_{\gamma}, \lambda_{\delta}^{2} = \lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}, \lambda_{\gamma}, \lambda_{\delta}, \lambda_{\epsilon}^{2}$، $\lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}, \lambda_{\gamma}, \lambda_{\delta}, \lambda_{\epsilon}, \lambda_{\zeta}^{2} = \lambda_{\alpha}, \lambda_{\beta}, \lambda_{\gamma}, \lambda_{\delta}, \lambda_{\epsilon}, \lambda_{\zeta}$، وغیرہ۔

اور آٹھ درجی کے لئے

$ا_{۴۴} = ا_{۴۰۰۸}$، $ا_{۴۰} = ا_{۱۲۱۰۴}$، $ا_{۳۶} = ا_{۴۰۲۲}$، $ا_{۳۲} = ا_{۱۱۲۳۱}$، $ا_{۲۸} = ا_{۳۰۲۲۶}$، $ا_{۲۴} = ا_{۱۲۱۰۴۳}$ وغیرہ۔

اب ہم ثابت کرینگے کہ اگر ع، و، ط، ... بدلکر ع، و، ط، ... ہو جائیں اور $\pi(ع) \equiv ۰$، $\pi(و) \equiv ۰$، $\pi(ط) \equiv ۰$، ... ہو تو ع، و، ط، ... کے ہم رو نظام ع، و، ط، ... اور $ک \equiv ۴$ سے لا۔ما کے ہم رو میں تحلیل ہو جاتے ہیں۔ متغیروں کے متناظر جڑوں کو ہم $لا_{۱}^{ع}$، $لا_{۲}^{ع}$ اور $لا_{۳}^{ع}$، $لا_{۱}^{ع}$، $لا_{۲}^{ع}$، $لا_{۳}^{ع}$ سے اور متناظر تفرقی علامتوں کو $عف_{۱}^{ع}$، $عف_{۲}^{ع}$ اور $عف_{۱}^{ع}$، $عف_{۲}^{ع}$، $عف_{۳}^{ع}$ سے تعبیر کریں گے۔ نیز ع $(لا_{۱}^{ع}، لا_{۲}^{ع}، لا_{۳}^{ع})$ کو $ع_{ع}$ سے اور تفرقی عوامل

$$\begin{vmatrix} عف_{۱}^{ع} & عف_{۲}^{ع} \\ عف_{۱}^{آ} & عف_{۲}^{آ} \end{vmatrix}$$ کو (عہ، بہ) سے اور $$\begin{vmatrix} عف_{۱}^{ع} & عف_{۲}^{ع} & عف_{۳}^{ع} \\ عف_{۱}^{آ} & عف_{۲}^{آ} & عف_{۳}^{آ} \\ عف_{۱}^{جہ} & عف_{۲}^{جہ} & عف_{۳}^{جہ} \end{vmatrix}$$ کو (عہ، بہ، جہ)

سے تعبیر کریں گے۔

اس لئے

$$(عہ، بہ، جہ)_{ع} \, ع_{و ط} = \frac{۱}{۸(ن_{۱}-۱)(ن_{۲}-۱)(ن_{۳}-۱)} \begin{vmatrix} عف_{۱}^{ع} & عف_{۲}^{ع} & عف_{۱}^{ع} & عف_{۲}^{ع} & عف_{۳}^{ع} \\ عف_{۱}^{آ} & عف_{۲}^{آ} & عف_{۱}^{آ} & عف_{۲}^{آ} & عف_{۳}^{آ} \\ عف_{۱}^{جہ} & عف_{۲}^{جہ} & عف_{۱}^{جہ} & عف_{۲}^{جہ} & عف_{۳}^{جہ} \end{vmatrix}_{ع_{ہ} \, ع_{ب} \, ع_{ط_{جہ}}}$$

$$= \frac{۱}{۸(ن_{۱}-۱)(ن_{۲}-۱)(ن_{۳}-۱)} (عہ، بہ)(عہ، جہ)(بہ، جہ)_{ع_{ہ} \, ع_{ب} \, ع_{ط_{جہ}}}$$

جہاں $ن_1$، $ن_2$، $ن_3$ علی الترتیب ع، و، ط کے درجے ہیں۔

(۲)

$$(عہ، بہ، جہ)_{ع\,و\,ط}ک = \frac{1}{ہ(ن_1-1)(ن_2-1)} \begin{vmatrix} عف_1 & عف_2 & عف_3 & عف_4 & عف_5 & عف_6 & عف_7 & عف_8 & عف_9 \\ عف_1 & عف_2 & عف_3 & عف_4 & عف_5 & عف_6 & عف_7 & عف_8 & عف_9 \\ ہ لا_1 & لا_2 & ہ-2 لا_3 & لا_4 & لا_5 & ہ-2 لا_6 & لا_7 & لا_8 & ہ-2 لا_9 \end{vmatrix}_{ع\,و\,ط}$$

$$= \frac{1}{ہ(ن_1-1)(ن_2-1)} \Delta_{جہ عہ} \Delta_{(عہ بہ)\,ع\,و\,ط}$$

جہاں $\Delta_{جہ عہ} = لا_1 عف_1 + لا_2 عف_2$

(۳) اسی طرح ہم آسانی سے دیکھ سکتے ہیں کہ

$$(عہ، بہ، جہ)_{ع\,و\,ط}ک = \frac{ہ}{ن_1-1}(لا_1 لا_2 - لا_1 لا_2) \Delta_{عہ\,جہ} \Delta_{ع\,و\,ط}$$

چونکہ مساواتوں (۱)، (۲)، (۳) کے بائیں طرف والے عامل غیر متغیر عامل ہیں اس لئے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ شکل (عہ، بہ، جہ) والی علامتوں کی کسی تعداد کا حاصل ضرب ثنائی نظام میں غیر متغیر عاملوں کے حاصل ضرب میں تحلیل ہوتا ہے اور اس لئے ثلاثی نظام کے تمام ہم روثنائی نظام کے بھی ہم رو ہیں۔

(229) اس کے برعکس یہ دیکھنے کے لئے کہ ثنائی نظام کے تمام ہم رو ثلاثی نظام کے بھی ہم رو ہیں ہم یہ ثابت کریں گے کہ متغیروں کے جتھوں کو یکساں بنا دینے کے بعد شکل (عہ بہ) والے عاملوں کی کسی تعداد کا حاصل ضرب شکل (عہ بہ جہ) والے عاملوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہے۔ یہاں جہ مقدار ک سے متعلق ہے اور ایک عددی جزو ضربی سے مضروب ہے۔

مساوات (۲) کی رو سے (عہ، بہ، مہ) (جہ، ضہ، ضا) $_{ع\,جہ\,و}ک_{ض\,ضا}$

$$= \frac{1}{(ن-۱)(ن-۱)} \Delta_{\text{ضاضہ}} \Delta_{\text{عہ ضہ}} \Delta_{\text{عہ ضہ}} (\text{عہ به}) \frac{1}{(ن-۱)(ن-۱)} \Delta_{\text{ضاجہ}} \Delta_{\text{ضاضہ}} (\text{جہ ضہ}) ع_{\text{عہ جہ ضہ}}$$

چونکہ بائیں طرف لاحقوں صہ اور ضا والے متغیروں کے لحاظ سے تفرق کا کوئی عمل نہیں ہے اس لئے عاملوں کو جس ترتیب میں چاہیں لیا جا سکتا ہے

فرض کرو کہ ہم عامل $\Delta_{\text{ضاضہ}}$ کو لیتے ہیں۔ اب چونکہ بعد میں لاحقوں ضہ یا ضا والے متغیروں کے لحاظ سے تفرق کا عمل نہیں ہے اور بالآخر متغیروں کے تمام جٹوں کو یکساں بنا دینا ہے اس لئے $\Delta_{\text{ضاضہ}}$ میں ضا کو ضہ کے مساوی رکھدیا جا سکتا ہے اور اس لئے $\Delta_{\text{ضاضہ}}$ کی بجائے ن۔ ۱ رکھا جا سکتا ہے۔

$\Delta_{\text{ضاجہ}}$، $\Delta_{\text{عہ ضہ به}}$، $\Delta_{\text{عہ ضہ}}$ کے ساتھ بھی اسی طرح کا عمل کرنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے کہ جب بالآخر متغیروں کے جٹوں کو یکساں بنا دیا جاتا ہے تو

$$(\text{عہ به صہ})(\text{جہ ضہ ضا}) ع_{\text{عہ جہ ضہ صہ ضا}} \text{ وک ک} = (\text{عہ به})(\text{جہ ضہ}) ع_{\text{عہ جہ ضہ}}$$

اوپر کے عمل میں ہم نے یہ مان لیا ہے کہ عہ ≠ جہ اور به ≠ ضہ اور مطلوبہ نتیجہ حاصل کرنے کے لئے ہم صہ کو کبھی ضا کے مساوی نہیں لیتے۔ اگر ہم عہ = جہ لیں تو

$$(\text{عہ به صہ})(\text{عہ ضہ ضا}) ع_{\text{عہ ضہ صہ ضا}} \text{ وک ک}$$

$$= \frac{1}{(ن-۳)(ن-۱)} \Delta_{\text{ضاضہ}} \Delta_{\text{عہ ضہ به}} (\text{عہ جہ}) \frac{1}{(ن-۱)(ن-۱)} \Delta_{\text{عہ ضاضہ}} (\text{عہ ضہ}) ع_{\text{عہ ضہ}}$$

$$= \frac{1}{(ن-۳)(ن-۱)(ن-۱)} \Delta_{\text{ضاضہ}} \Delta_{\text{عہ ضہ به}} \Delta_{\text{عہ ضاضہ}} (\text{عہ به})(\text{عہ ضہ}) ع_{\text{عہ ضہ}}$$

پہلے کی طرح $\Delta_{\text{ضاضہ}}$ میں سے ہر ایک کی بجائے (ن۔ ۱) رکھا جا سکتا ہے

اور $\Delta_{صہ عہ}$، $\Delta_{ضا عہ}$ کو پھیلانے کے بعد اس میں صہ اور ضا کی بجائے عہ رکھا جا سکتا ہے اور اسلئے حاصل $\Delta_{عہ عہ}$ کی بجائے (ن۔۲)(ن۔۳) رکھا جا سکتا ہے۔ اسطرح جب عمل کی تکمیل کی جاتی ہے اور تمام متغیروں کے جتھوں کو یکساں بنا دیا جاتا ہے تو اوپر کی مساوات میں بائیں طرف والی رقم

$$= \frac{ن-۲}{ن-۱} (عہ به)(عہ صہ) ع ج شہ$$

(230) اب یہ علانیہ دیکھا جا سکتا ہے کہ شکل (عہ به) والے عاملوں کی کسی تعداد کا حاصل ایک عددی جزو ضربی کے لئے وہی ہوتا ہے جو شکل (عہ به صہ) والے متناظر عاملوں کا۔ یہاں صہ، ک صہ سے متعلق ہے اور صہ کی کوئی دو قیمتیں مساوی نہیں ہیں۔ پس یہ ثابت ہو گیا کہ ثنائی نظام کے تمام ہم رو ثلاثی نظام کے بھی ہم رو ہیں۔

۲۱۷۔ چار درجی اور دو درجی کا مخلوط نظام۔ اس ثنائی نظام کو متحیل کرنے سے دو مخروطیوں اور ایک خط سے ترکیب یافتہ ایک ثلاثی نظام ملتا ہے اور سادگی کی خاطر ہم فرض کر لینگے کہ یہ مخروطی اپنے مشترک خود مزدوج مثلث کے حوالے سے لئے گئے ہیں۔ چار درجی اور دو درجی کی ثلاثی شکلوں کو علی الترتیب ع اور ل سے تعبیر کرنے اور اسکا خیال رکھنے سے کہ استحالہ ایسا ہے جسکے لئے $\Pi(ع) \equiv$۔ یعنے ایسا ہے کہ ک کی مماسی مساوات میں تفرقی علامتیں رکھنے اور ع پر عمل کرنے سے حاصل متماثلہ صفر ہو جاتی ہے یعنی استحالہ ایسا ہے کہ ع + غ ک کے ممیز میں غہ کا سر متماثلاً صفر ہے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ع = ا لا^۲ + ب مأ + ج نے^۲ ، \quad ا + ب + ج = ۰ ،$$

$$ک = لا^2 + ما^2 + حے^2 \quad ، \quad ب ج + ج ا + ا ب = ع_2 ،$$

$$ل = عہ لا + بہ ما + جہ حے \quad ، \quad ا ب ج = ع_3 ،$$

اب ہم اس نظام کے خطی ہم متغیر معلوم کرینگے۔ چونکہ ک کے لحاظ سے ل کے قطب کے محدد عہ، بہ، جہ ہیں اس لئے اس نقطہ کا قطبی بلحاظ ع۲ کے یہ ہے

$$ا عہ لا + ب بہ ما + ج جہ حے \equiv م$$

جو پہلا ہم متغیر ہے۔ اسی طرح م کے ساتھ سلوک کرنے سے چونکہ بلحاظ ک کے اس کے قطب کے محدد ا عہ، ب بہ، ج جہ ہیں اس لئے اس نقطہ کا قطبی بلحاظ ع۲ کے $ا^2$ عہ لا + $ب^2$ بہ ما + $ج^2$ جہ حے ≡ ن ہے جو دوسرا ہم متغیر ہے (دیکھو صفحہ ۳۶۵) ان سے زیادہ خیر تابع خطی ہم متغیر اس طریقہ سے اخذ نہیں کئے جا سکتے کیونکہ اس طور پر اخذ کردہ تیسرا ہم متغیر ہوگا

$$ا^3 عہ لا + ب^3 بہ ما + ج^3 جہ حے = ا (ب ج - ع_2) عہ لا + ب (ج ا - ع_2) بہ ما$$
$$+ ج (ا ب - ع_2) جہ حے$$

اور اسلئے ل اور م کی رقوم میں ع۲ ل - ع۳ م میں بیان ہو سکتا ہے۔ لیکن تین اور خطی ہم متغیر لَ، مَ، نَ حاصل کئے جا سکتے ہیں اگر ہم ل، م، ن کے قطب بلحاظ ک کے لیں اور انمیں سے دو دو کو ملائیں (231)
یہ نظام ان جیسا ہوگا

جے (مَ، ن، ک)، جے (نَ، ل، ک)، جے (لَ، م، ک)

سے بیان ہو سکتا ہے۔ پس ہیں جو ہم متغیر حاصل ہوئے ل، م، ن اور لَ، مَ، نَ۔ دیگر تمام ہم متغیر ان میں تحویل ہو سکتے ہیں مثلاً

$$ت_ن \equiv ا^ن عہ لا + ب^ن بہ ما + ج^ن جہ مے$$

$$= ا^{ن-۲} (ب ج - ع^۲) عہ لا + ب^{ن-۲} (ج ا - ع^۲) بہ ما + ج^{ن-۲} (ا ب - ع^۲) جہ مے$$

$$= ع^۲ ت_{ن-۳} - ع^۴ ت_{ن-۲}$$

نیز $ب^۲ ج^۲ عہ لا + ج^۲ ا^۲ بہ ما + ا^۲ ب^۲ جہ مے = ع^۲ ل + ع^۳ م + ع^۴ ن$

کیونکہ $ب ج = ا^۲ + ع^۲$، $ج ا = ب^۲ + ع^۲$، $ا ب = ج^۲ + ع^۲$

اسی طرح $ب^ن ج^ن عہ لا + ج^ن ا^ن بہ ما + ا^ن ب^ن جہ مے$ کو اس شکل $ا ل + ب م + ج ن$ میں تحویل کیا جا سکتا ہے اور دیگر تحویلات میں جو درپیش ہوتے ہیں کوئی مشکل نہیں ہوتی۔

جب اِن چھ ہم متغیروں کو مستحیل کیا جاتا ہے تو اِن سے ثنائی نظام میں چھ دو درجی ہم متغیر حاصل ہوتے ہیں۔

اس نظام کے چھ غیر متغیر ہیں لیکن اِن میں سے صرف تین خاص غیر متغیر ہیں۔ اِن کو حاصل کرنے کے لئے فرض کرو کہ وہ شرط کہ

$ل ل + م م + ن ن$ مخروطی کی کو مس کرے یہ ہے

$$د_۰ ل^۲ + د_۱ م^۲ + د_۲ ن^۲ + ۲ د_۳ م ن + ۲ د_۴ ن ل + ۲ د_۵ ل م = ۰$$

اسلئے پانچ غیر متغیر $د_۰$، $د_۱$، $د_۲$، $د_۳$، $د_۴$ حاصل ہوتے ہیں جہاں

$د_ن \equiv ا^ن عہ^۲ + ب^ن بہ^۲ + ج^ن جہ^۲$ اور انمیں سے صرف تین غیر تابع ہیں کیونکہ

$$د_ن = ا^{ن-۲} (ب ج - ع^۲) عہ^۲ + ب^{ن-۲} (ج ا - ع^۲) بہ^۲ + ج^{ن-۲} (ا ب - ع^۲) جہ^۲$$

$$= ع_{۳} د_{ن-۳} - ع_{۲} د_{ن-۲}$$

اسلئے $د_{۲} = ع_{۳} د_{۰} - ع_{۲} د_{۱}$، $د_{۴} = ع_{۳} د_{۱} - ع_{۲} د_{۲}$

اور اس طرح ہمیں پانچ غیر متغیروں یعنے $ع_{۲}$، $ع_{۳}$، $د_{۰}$، $د_{۱}$، $د_{۲}$ سے زیادہ غیر متغیر حاصل نہیں ہوتے اور انمیں سے آخری دو غیر متغیر خاص غیر متغیر ہیں۔ $د_{۱}$ معدوم ہوتا ہے جب ل اور م بلحاظ ک کے مزدوج ہوں اور $د_{۲}$ معدوم ہوتا ہے جب ل اور ن بلحاظ ک کے مزدوج ہوں۔

(232) تیسرا خاص غیر متغیر جو معوج ہے ل، م، ن کے حاصل اسقاط کے طور پر یا جے (ل، م، ن) کے طور پر معلوم ہو سکتا ہے اور وہ

$$\text{ک}_{۳۲۱} \equiv \begin{vmatrix} عہ & بہ & جہ \\ ا_{۱}عہ & ب_{۱}بہ & ج_{۱}جہ \\ ا_{۲}عہ & ب_{۲}بہ & ج_{۲}جہ \end{vmatrix}$$

ہے۔ اس آخری غیر متغیر کا مربع $د_{۰}$، $د_{۱}$، $د_{۲}$ کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے کیونکہ

$$\text{ک}^{۲}_{۳۲۱} = \begin{vmatrix} عہ & بہ & جہ \\ ا_{۱}عہ & ب_{۱}بہ & ج_{۱}جہ \\ ا_{۲}عہ & ب_{۲}بہ & ج_{۲}جہ \end{vmatrix}^{۲} = \begin{vmatrix} د_{۰} & د_{۱} & د_{۲} \\ د_{۱} & د_{۲} & د_{۳} \\ د_{۲} & د_{۳} & د_{۴} \end{vmatrix}$$

نیز $د_{۳} = ع_{۳} د_{۰} - ع_{۲} د_{۱}$، $د_{۴} = ع_{۳} د_{۱} - ع_{۲} د_{۲}$

یہ ظاہر ہے کہ $\text{ک}_{۳۲۱}$ معدوم ہوتا ہے جب ل، ع اور ک کے مشترک خود مزدوج مثلث کے ایک راس میں سے گذرتا ہے۔

اب ہم دو درجی اور چار درجی کے حاصل کو $د_{۰}$، $د_{۱}$، $د_{۲}$ کی رقوم میں

بیان کرینگے۔ یہ مسئلہ اس شرط کے معلوم کرنیکے معادل ہے کہ ل چار نقطوں ع، ک میں سے کسی ایک نقطہ میں سے گذرے اور بہت آسانی کے ساتھ یہ شرط معلوم کرنے سے حل ہو جاتا ہے کہ نظام ع + غہ ک کا صرف ایک مخروطی کھینچا جا سکتا ہے جو ل کو مس کرے۔ اب اگر ل، ع + غہ ک کو مس کرے تو

غہ (اہ + بہ + جہ) - غہ (ا غہ + ب بہ + ج جہ) + ب ج غہ + ج ا بہ + ا ب جہ = ۰

یا د۲ غہ - د۱ غہ + د۴ ع۲ د = ۰

اور اگر اس دو درجی کا ممیز ر ہو تو

ر = د۱ - ۴ د۲ د۴ - ۴ ع۲ د۴

ربط د۴ = ۰ کا ہندسی مفہوم یہ ہے کہ خط ل، مخروطیوں ع اور ک سے موسیقی نسبت میں قطع ہوتا ہے۔

اب ہم ثلاثی نظام کے دو درجی ہم متغیروں سے ثنائی نظام کے چار درجی ہم متغیر معلوم کرینگے نظام میں تین دو درجی ہم متغیر ہیں یعنے جیکوبی

جے (ل، ع، ک)، جے (م، ع، ک)، جے (ن، ع، ک)

اور نیز تین مخروطی ہیں (283)

جے (ل، ف، ک)، جے (م، ف، ک)، جے (ن، ف، ک)

جہاں اہ لا + ب ما + ج نے موسیقی مخروطی ف بہ تبدیل علامت ہے۔

یہ تین مخروطی آسانی کے ساتھ تحویل ہو جاتے ہیں کیونکہ

جے (ل، ف، ک) = جے (م، ع، ک)، جے (م، ف، ک) = جے (ن، ع، ک)

جے (ن، ف، ک) = ع۲ جے (م، ع، ک) - ع۳ جے (ل، ع، ک)

اسلئے صرف تین خاص دو درجی ہم متغیر ہیں اور اسلئے ثنائی نظام کے صرف

تین خاص چار درجی ہم متغیر ہیں۔

اس دفعہ کو ختم کرنے سے پیشتر ہم چند شکلیں بیان کرینگے جو مخروطیوں ع اور ک کی معمولی مساواتیں یعنے

ع = ا لا^۲ + ج ما^۲ + ص مے^۲ + ۲ د ما مے + ۲ ج مے لا + ۲ ب لا ما،

ک = ۴ مے لا - ما^۲

کو استعمال کرنے سے حاصل ہوتیں۔

وہ شرط کہ خط ل ≡ عہ لا + بہ ما + جہ ی، مخروطی ع + غ ک یا اسکی مماسی مساوات کو مس کرے اب یہ ہے

ے - غہ فا + غہ^۲ ے^۲ = ۰، جہاں

ے = (ج ص - د^۲) عہ^۲ + (ا ص - ج^۲) بہ^۲ + (ا ج - ب^۲) جہ^۲

+ ۲ (ب ج - ا د) بہ جہ + ۲ (ب د - ج^۲) جہ عہ + ۲ (ج د - ب ص) عہ بہ،

فا = ص عہ^۲ + ۴ ج بہ^۲ + ا جہ^۲ - ۴ ب بہ جہ + ۲ ج جہ عہ - ۴ د عہ بہ

ے^۲ = ۴ (جہ عہ - بہ^۲)

نیز ے، فا، ے^۲، مخروطی متصور ہوں تو انکا جیکوبی کرا ہے۔ اور

ع ≡ - ۴ ع^۳، جے ≡ + ۴ ع^۲ د، د ≡ ے^۲، د^۲ ≡ فا، د^۲ ≡ ے - ع ے^۲،

جہاں ع اور جے حسب معمول چار درجی کے غیر متغیر ہیں۔

۲۱۸ - **چہہ درجی کے صدر ہم رو** - کثیر درجی کی بعد والی جفت شکل چونکہ ثنائی چہہ درجی ع ہے ہم مختصر طور پر یہ بتائینگے کہ اسکے غیر متغیر اور دو صدر ہم متغیر کس طرح ایک کعبی اور مخروطی کے مخلوط ثلاثی نظام سے اخذ کئے جا سکتے ہیں۔

یہ دو ہم متغیر چار درجی ع لا (جسکا فائق سر ا^۴ - ۴ ا^۳ ا^۱ + ۳ ا^۲^۲ = ع ہے)

اور دو درجی ل لا ≡ ع لحف (ع) ہیں۔ کیونکہ اگر ہم انکو ایک مخلوط نظام کے (234)

طور پر دفعہ ۲۱۷ کی طرح استعمال کریں تو ہم ثنائی چہہ درجی کی وہ تمام شکلیں جو چوتھے درجہ تک ہیں حاصل کر سکتے ہیں۔

چہہ درجی $ع \equiv (ا_{11}, ا_{12}, ا_{13}, ا_{22}, ا_{23}, ا_{33})(لا, ما, نے)^2$ کو مستحیل کرنے سے ثلاثی تکعبی

$$ع \equiv ا_{11} لا^3 + ا_{22} ما^3 + ا_{33} نے^3 + 6 ا_{23} لا ما نے$$
$$+ 3\{ا_{11} لا^2 ما + ا_{12} لا^2 نے + ا_{12} ما^2 لا + ا_{22} ما^2 نے + ا_{13} نے^2 لا + ا_{23} نے^2 ما\}$$

حاصل ہوتا ہے جہاں $\Pi(ع) \equiv 0$۔

اب

$$\frac{1}{2}\left(لا \frac{جف}{جف لا} + ما \frac{جف}{جف ما} + نے \frac{جف}{جف نے}\right) ع - ل ک$$

یا $(ع_{11}, ع_{22}, ع_{33}, ع_{32}, ع_{13}, ع_{21})(لا, ما, نے)^2 - ل ک$

کا مینر بنانے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$4 ل^3 - ع(ع) ل + ے(ع)$$

جہاں

$$ع(ع) = ع_{11} ع_{22} ع_{33} - 4 ع_{11} ع_{32}^2 + 3 ع_{21}^2 ع_{33}$$

اور
$$ے(ع) = \begin{vmatrix} ع_{11} & ع_{21} & ع_{31} \\ ع_{12} & ع_{22} & ع_{32} \\ ع_{13} & ع_{23} & ع_{33} \end{vmatrix}$$

$ع(ع)$ کو شکل $(ا_{11}, ا_{22}, ا_{33}, ا_{32}, ا_{13}, ا_{21})(لا, ما, نے)^2$ میں پھیلانے سے حاصل ہوتا ہے:۔

$$\text{ا}_{11} = \text{ا}_{1}\text{ا}_{4} - ۴\,\text{ا}_{1}\text{ا}_{3} + ۳\,\text{ا}_{2}^{2}\,,\quad ۲\,\text{ا}_{32} = \text{ا}_{1}\text{ا}_{6} - ۳\,\text{ا}_{2}\text{ا}_{5} + ۲\,\text{ا}_{3}\text{ا}_{4}\,,$$

$$\text{ا}_{22} = \text{ا}_{1}\text{ا}_{5} - ۴\,\text{ا}_{2}\text{ا}_{4} + ۳\,\text{ا}_{3}^{2}\,,\quad ۲\,\text{ا}_{13} = \text{ا}_{1}\text{ا}_{6} - ۴\,\text{ا}_{1}\text{ا}_{5} + ۷\,\text{ا}_{2}\text{ا}_{4} - ۴\,\text{ا}_{3}^{2}\,,$$

$$\text{ا}_{33} = \text{ا}_{2}\text{ا}_{6} - ۴\,\text{ا}_{3}\text{ا}_{5} + ۳\,\text{ا}_{4}^{2}\,,\quad ۲\,\text{ا}_{21} = \text{ا}_{2}\text{ا}_{5} - ۳\,\text{ا}_{1}\text{ا}_{4} + ۲\,\text{ا}_{2}\text{ا}_{3}\,,$$

نیز

$$\text{جے}(۶) = \begin{vmatrix} \text{ا}_{1}\text{لا} + \text{ا}_{1}\text{ما} + \text{ا}_{1}\text{ی}\,, & \text{ا}_{1}\text{لا} + \text{ا}_{2}\text{ما} + \text{ا}_{2}\text{ی}\,, & \text{ا}_{2}\text{لا} + \text{ا}_{2}\text{ما} + \text{ا}_{3}\text{ی}\,, & \text{ا}_{2}\text{لا} + \text{ا}_{3}\text{ما} + \text{ا}_{3}\text{ی} \\ \text{ا}_{1}\text{لا} + \text{ا}_{2}\text{ما} + \text{ا}_{2}\text{ی}\,, & \text{ا}_{2}\text{لا} + \text{ا}_{3}\text{ما} + \text{ا}_{3}\text{ی}\,, & \text{ا}_{3}\text{لا} + \text{ا}_{4}\text{ما} + \text{ا}_{4}\text{ی}\,, & \text{ا}_{3}\text{لا} + \text{ا}_{4}\text{ما} + \text{ا}_{5}\text{ی} \\ \text{ا}_{2}\text{لا} + \text{ا}_{3}\text{ما} + \text{ا}_{3}\text{ی}\,, & \text{ا}_{3}\text{لا} + \text{ا}_{4}\text{ما} + \text{ا}_{4}\text{ی}\,, & \text{ا}_{4}\text{لا} + \text{ا}_{5}\text{ما} + \text{ا}_{5}\text{ی}\,, & \text{ا}_{4}\text{لا} + \text{ا}_{5}\text{ما} + \text{ا}_{6}\text{ی} \end{vmatrix}$$

اب ع (۶) پر Π سے عمل کرنے سے چہہ درجی کا حسب ذیل دو درجی غیر متغیر حاصل ہوتا ہے

$$\text{ع}_{2} = \text{ا}_{2}\text{ا}_{6} - ۶\,\text{ا}_{1}\text{ا}_{5} + ۱۵\,\text{ا}_{2}\text{ا}_{4} - ۱۰\,\text{ا}_{3}^{2}$$

اور اسلئے

$$\Pi\{\text{ع}(۶) + \tfrac{1}{۶}\,\text{ع}_{2}\text{ک}\} \equiv ۰$$

نیز Π جے (۶) $\equiv$ ل$_{2}$ استحالہ کے بعد ل$_{1}$ ہو جاتا ہے۔ (235)

پھر، اگر ہم

$$\text{ع}(۶) + \tfrac{1}{۶}\,\text{ع}_{2}\text{ک} - \text{لک}$$

کا میٹر بنائیں تو ہمیں

$$۴\,\text{لا}^{3} - \text{ع}_{2}\text{لا} + \text{ع}_{3}$$

حاصل ہوتا ہے جہاں ع$_{2}$ اور ع$_{3}$ (ع$_{1}$ کے غیر متغیر) چہہ درجی کے

غیر متغیر ہیں جنکے رُتبے ۴ اور ۶ ہیں۔ ایسے تمام غیر متغیروں کی عام شکل یہ ہے

$$ل\ ع_{۴}+م\ ع_{۲}^{۲}،\ ل\ ع_{۲}\ ع_{۴}+م\ ع_{۳}^{۲}+ن\ ع_{۲}$$

وہ غیر متغیر جسکا انتخاب سامن (Higher Algebra صفحہ ۲۶۲)

اساسی غیر متغیروں کے طور پر کرتا ہے کبھی منحنی ع کے غیر متغیر مس اور ت ہیں (Higher Plane Curves دفعات ۲۲۰، ۲۲۱، تیسرا ایڈیشن)۔ وہ شرط کہ کبھی اور مخروطی مس کریں غیر متغیر $ع_{۱۰}$ کے معدوم ہونے سے بیان ہوتی ہے اور یہ غیر متغیر چھ درجی کا ممیز ہے۔

وہ شرط کہ ع اور ک کے چھ نقاط تقاطع کو ملانیوالے تین خطوط ایک نقطہ پر ملیں غیر متغیر $ع_{۱۵}$ کے معدوم ہونے سے بیان ہوتی ہے۔ یہ غیر متغیر چھ درجی کا معوج غیر متغیر ہے اور مخلوط نظام

$$ع\ (ع)+\frac{۱}{۶}\ ع_{۲}\ ک،\ ک،\ ۱۱\ جے\ (ع)$$

کے غیر متغیر (دفعہ ۲۱۷) کے طور پر حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ہم متغیر $ع_{۱۷}$، منحنی $ع_{۱}\ ع_{۳}-ع_{۲}^{۲}$ سے بھی جو ۱۸ میں مستحیل ہوتا ہے حاصل ہو سکتا ہے۔ کیونکہ رشتہ $ع_{۱۳}=ع_{۲۲}$ سے تحویل کرنے پر ہم دیکھتے ہیں کہ

$$\frac{۱}{۴}\ ۱۱\ (ع_{۱}\ ع_{۳۱}-ع_{۲}^{۲})=ع_{۱۱}\ ع_{۳۳}-۴\ ع_{۲۱}\ ع_{۳۲}+۳\ ع_{۲۲}^{۲}=ع\ (ع)،$$

ہم متغیر $ل_{۸}$ ع (ع) میں ۸ 'ما' ے کی بجائے عف ے، ۲۰ عف ۱۰، عف ۸ درج کرنے اور ع پر عمل کرنے سے بھی حاصل ہو سکتا ہے۔

۲۱۹۔ جیکوبی کی ہندسی تعبیر۔ اس دفعہ میں ہم دو منحنی دریافت کرینگے جو ثابت مخروطی ک کو ایسے نقطوں میں قطع کرتا ہے جو ن ویں درجہ کے دو کثیر درجیوں فہ اور پہ کے جیکوبی کی اصلوں کو تعبیر کرتے ہیں

$\frac{\text{پہ}}{\text{فہ}}$ کو جزوی کسور میں تحلیل کرنے اور پھر تفرق کرنے سے حاصل (286)
ہوتا ہے

$$\text{جے}(\text{فہ}، \text{پہ}) = \text{ن فہ}^{2} \sum_{\text{ر}=1}^{\text{ر}=\text{ن}} \frac{\text{پہ}(\text{عر})}{\text{فہ}'(\text{عر})} \frac{1}{(\text{لا} - \text{عر}\,\text{ما})^{2}}$$

اب ثنائی متغیروں کو تلائی متغیروں میں مستحیل کرنے سے استحالہ شدہ جے (فہ، پہ) ہو جاتا ہے

$$\text{جے} = \text{ن}(\text{ت}_{1}\,\text{ت}_{2}\,\text{ت}_{3} \ldots \text{ت}_{\text{ن}}) \sum_{\text{ر}=1}^{\text{ر}=\text{ن}} \frac{\text{پہ}(\text{عر})}{\text{فہ}'(\text{عر})} \frac{1}{\text{ت}_{\text{ر}}^{2}}$$

جہاں $\text{ت}_{\text{ر}} = \text{لا} - \text{عر}\,\text{ما} + \text{ع}_{2}$ اور فہ (عر) =۰

صریحاً منحنی جے، نقاط فہ = ۰ پر ک کے مماسوں کے تمام نقاط تقاطع میں سے گذرتا ہے۔ مزید برآں فہ اور پہ کا باہمی تبادلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ منحنی جے نقاط پہ = ۰ پر ک کے مماسوں کے نقاط تقاطع میں سے گذرتا ہے۔ اس تبادلہ سے جے صرف اپنی علامت بدلتا ہے۔ پس یہ منحنی جے دو حائط کثیر الاضلاع کے ن (ن - ۱) راسوں میں سے گذرتا ہے اور مخروطی ک کو ۲ (ن - ۱) نقطوں میں قطع کرتا ہے جو مساوات جے (فہ، پہ) = ۰ سے متعین ہوتے ہیں۔

یہ دیکھنا ضروری ہے کہ منحنی جے کی مساوات میں، بدلتی جبکہ پہ کی بجائے لہ فہ + پہ درج کیا جاتا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ

ان کثیر الاضلاعوں کی تعداد لامتناہی ہے جو ک کو حائط کرتے ہیں اور جے کے اندرونی ہیں۔ انکے ضلعوں کے نقاط تماس مساوات لہ فہ + پہ ۰۰ سے متعین ہوتے ہیں جہاں لہ کوئی قیمت اختیار کر سکتا ہے۔ نیز (ن - ۱) ویں درجہ کا منحنی جے، ۲ (ن - ۱) جیکوبی نقطوں اور ایک حائط کثیر الاضلاع کے $\frac{ن(ن-۱)}{۲}$ راسوں سے پوری طرح مقرر ہو جاتا ہے کیونکہ وہ

$\frac{(ن-۱)(ن+۲)}{۲}$ اختیاری نقطوں سے متعین ہوتا ہے۔

مثالیں

۱ — اگر چار درجی ع میں ایک دوہرا جزو ضربی ہو تو ثابت کرو کہ یہ جزو ضربی، ھ لا کا ایک دوہرا جزو ضربی ہے اور بتاؤ کہ گ لا کے دو دو درجی اجزائے ضربی حقیقی اصلیں رکھتے ہیں جبکہ ع کی اصلیں سب کی سب حقیقی ہوں یا سب کی سب خیالی، نیز یہ کہ صرف ایک جزو ضربی حقیقی اصلیں رکھتا ہے جب، ع کی دو اصلیں حقیقی اور دو اصلیں خیالی ہوں۔

۲ — اگر چار درجی کا ایک جزو ضربی مربع ہو تو ہندسی طور پر ثابت کرو کہ یہ جزو ضربی، ہم متغیر گ لا کا پانچ گنا جزو ضربی ہے۔ مخروطی ک پر وہ نقطہ معلوم کرو جو مساوات گ لا = ۰ کی بقیہ اصل کے جواب میں ہے۔

۳ — ثابت کرو کہ چار درجی فہ (لا) کے چھ درجی ہم متغیر کے دو درجی اجزائے ضربی جنکو اصلوں کی رقوم میں بیان کیا گیا ہو شکل (237)

$$\frac{(لا - عہ_۱ ما)^۲}{فہ'(عہ_۱)} + \frac{(لا - عہ_۲ ما)^۲}{فہ'(عہ_۲)} \text{ ، وغیرہ}$$

میں لکھے جا سکتے ہیں۔

فرض کرو کہ $ت_ر = لا_ر عہ + ما_ر عہ^ر$ ہے

تب $\frac{ت_۱}{فہ'(عہ_۱)} + \frac{ت_۲}{فہ'(عہ_۲)} + \frac{ت_۳}{فہ'(عہ_۳)} + \frac{ت_۴}{فہ'(عہ_۴)} \equiv$ بیولر کے مسئلہ سے

لیکن مخروطی ک پر کے نقطوں عہ_۱، عہ_۲، عہ_۳، عہ_۴ کے جواب میں خود مزدوج مثلث کے اضلاع اُس چار ضلعی کے وتر ہیں جو محاسوں ت_۱، ت_۲، ت_۳، ت_۴ سے بنتا ہے اور اسلئے انہیں سے ایک ضلع کی مساوات ہے

$$\frac{ت_۱}{فہ'(عہ_۱)} + \frac{ت_۲}{فہ'(عہ_۲)} = ۰ \text{ یا } \frac{ت_۳}{فہ'(عہ_۳)} + \frac{ت_۴}{فہ'(عہ_۴)} = ۰$$

اب شرطوں کے ثنائی نظام پر عود کرنے سے مطلوبہ شکل حاصل ہو جاتی ہے

۴ ۔ دفعہ ۱۹۶ کی طرح چار درجی ع کو مخروطی ک کے اُن محاسوں کو معلوم کرنے سے جہاں ع اس سے ملتا ہے تحلیل کرو جبکہ ع اور ک کو مربعوں کے مجموعوں کے طور پر بیان کیا گیا ہے ۔

(۱) وہ شرط معلوم کرو کہ لہ ع + مہ و، دو دو درجی اجزائے ضربی میں تحلیل ہو سکے جہاں ع اور و ثنائی چار درجی ہیں ۔

ثنائی متغیروں میں تکمیل کرنے سے اس صورت میں ہمیں حاصل ہوتا ہے

لہ ع + مہ و + نہ ک ≡ (عہ لا + یہ ما + جہ نا)^ر

اسلئے لہ ع + مہ و + نہ ک کی جامی شکل میں ہر رقم معدوم ہونی چاہیئے ۔ اس طرح ل^ر، مہ^ر، نہ^ر، مہ نہ، نہ لہ، لہ مہ کو ساقط کرنے کے لئے چھ مساواتیں بنتی ہیں ۔ پس مطلوبہ شرط متعین ہو جاتی ہے ۔

۶ ۔ اگر ع، و اور ط تین ثنائی چار درجی ہوں تو ثابت کرو کہ چار چار ہر ایسے معلوم کئے جا سکتے ہیں کہ

لہ ع + مہ و + نہ ط ≡ (عہ لا + یہ ما + جہ نا)^ر

ثنائی شکلوں میں تحویل کرنے سے ہمیں یہ تلاش کرنا ہے کہ چار خطوط ایسے معلوم کئے جا سکتے ہیں کہ

ل ع + مہ و + نہ ط + غ ک ≡ (عہ لا + بہ ما + جہ ے)²

یہ خط دو معلومہ مخروطیوں کے مشترک مماس ہیں (دیکھو Salmon's Conics) مثال ۳ دفعہ ۳۷۳)

۷ ۔ دفعہ ۲۱۲ کا ہندسی استحالہ استعمال کرکے ثابت کرو کہ چرن ہاوزن[1] کا استحالہ

$$ی = \frac{عہ لا^2 + ۲ بہ لا + جہ}{عہ لا^2 + ۲ بہ جہ + جہ^2}$$

ایک دو درجی کو ایک ایسے دوسرے دو درجی میں تحویل کر دیتا ہے جس کا مطلق غیر متغیر وہی ہے جو اُس چار درجی کا ہے جس کی اصلیں ک، غہ، غہ ہیں ۔ بالفاظ دیگر دفعہ ۱۹۸ کے مسئلہ کو ثابت کرو ۔

اس کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما کو لا، ما میں تجانس بناؤ، ی کی جگہ ۔ل رکھو اور مستحیل کرو تو چرن ہاوزن کا استحالہ

ل + لہ لَ = ۰

ہو جاتا ہے جہاں

ل = عہ لا + بہ ما + جہ ے لَ = عہ لا + بہ ما + جہ ے

(238) اگر لا، ما، ے کو مساواتوں ل + لہ لَ = ۰، ع = ۰، ک = ۰ سے ساقط کیا جائے تو لہ میں استحالہ شدہ چار درجی ملیگا جس سے، اگر اسکو ہندسی طور پر لیا جائے، وہ خطوطِ مستقیم متعین ہوتے ہیں جو ل اور لَ کے نقطۂ تقاطع پ سے ع اور ک کے تقاطع تقاطع ا، ب، ج، د تک کھینچے گئے ہیں ۔ پھر اگر ک ایک مقدار ایسی معلوم ہو کہ مخروطی ع + ک ک نقطہ پ میں سے گذرے تو خطوط پ ا، پ ب، پ ج، پ د کی غیر موسیقی نسبت، خطوط ت د، د ا، د ب، د ج کی غیر موسیقی نسبت کے مساوی ہے جہاں ت د نقطۂ د پر ع + ک ک کا مماس ہے ۔ یعنی خطوط پ ا، پ ب، پ ج، پ د کی غیر موسیقی نسبت خطوط

ت + ک تَ، ت + غہ تَ، ت + غہ تَ، ت + غہ تَ

[1] Tschirnhausen

کی غیر موسیقی نسبت کے مساوی ہے جہاں ت اور تَ نقطۂ د پر ع اور ک کے مماس ہیں چونکہ یہ غیر موسیقی نسبت وہی ہے اسلئے دونوں چار درجیوں کے لئے بعینہٖ دئے ہوئے چار درجی اور اُس چار درجی کے لئے جسکی اصلیں ک، غہ۱، غہ۲، غہ۳ ہیں مطلق غیر متغیر ایک ہی ہے۔

۸۔ ایک چار درجی کو ایک ایسے چار درجی میں تحویل کرو جسکی تین اصلیں اس کے ممیز کبی کی اصلوں کے ساتھ مشترک ہوں۔

اس استحالہ کے متعلق گذشتہ مثال سے ہمیں اشارہ ملتا ہے کہ ل = ت اور لَ = تَ رکھا جائے جہاں ت اور تَ نقطۂ تقاطع د پر جو ضہ کے جواب میں ہے ع اور ک کے مماس ہیں۔ اب چونکہ

ت + غہ۱ تَ ، ت + غہ۲ تَ ، ت + غہ۳ تَ

وہ خطوط ہیں جو ضہ متناظر نقطہ کو علی الترتیب عہ، بہ، جہ کے متناظر نقطوں سے ملاتے ہیں اس لئے ثنائی نظام میں مستحیل کرتے ہوئے ہم رکھتے ہیں

$$\frac{\text{ضا}}{\text{عا}} = -\frac{\text{ت}}{\text{تَ}} = -\frac{۱}{۲۴}\,\frac{(\text{لا}\,\frac{\text{جف}}{\text{جف لا}} + \text{ما}\,\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}})^{۲}}{(\text{لا ما} - \text{لَ ما})^{۲}}\,\text{ع}_{\text{لا}} = -\frac{۱}{۲۴}\,\frac{(\text{ضہ}\,\frac{\text{جف}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{جف}}{\text{جف ما}})^{۲}}{(\text{لا} - \text{ضہ ما})^{۲}}\,\text{ع}_{\text{لا}}$$

$$= -\frac{۱}{۲}\,\frac{\text{لا}^{۲}(\text{ا ضہ}^{۲} + ۲\,\text{ب ضہ} + \text{ج}) + ۲\,\text{لا ما}(\text{ب ضہ}^{۲} + ۲\,\text{ج ضہ} + \text{د}) + \text{ما}^{۲}(\text{ج ضہ}^{۲} + ۲\,\text{ب ضہ} + \text{ص})}{(\text{لا} - \text{ضہ ما})^{۲}}$$

یہ مساوات علی الترتیب $\frac{\text{ضا}}{\text{عا}} = \text{غہ}_{۱}, \text{غہ}_{۲}, \text{غہ}_{۳}$ اور $\frac{\text{لا}}{\text{ما}} = \text{عہ}, \text{بہ}, \text{جہ}$ رکھنے سے پوری ہوتی ہے۔ نسب نما اور شمار کنندہ دونوں کو لا - ضہ ما سے تقسیم کرکے ہم عا = لا - ضہ ما لیتے ہیں اور

$$\text{ضا} = -\frac{۱}{۲}\,(\text{ا ضہ}^{۲} + ۲\,\text{ب ضہ} + \text{ج})\,\text{لا} - \frac{۱}{۲}\{(\text{ا عہ}^{۲} + ۲\,\text{ب عہ} + \text{ج})\,\text{عہ}$$

$$+ ۲(\text{ب عہ}^{۲} + ۲\,\text{ج عہ} + \text{د})\}\,\text{ما}$$

$= -\frac{1}{12} \sum (ضہ - عہ)(ضا - بہ)لا + \frac{1}{12} \sum عہ (ضہ - بہ)(ضہ - جہ)$ ما

جہاں عہ، بہ، جہ کے لحاظ سے جمع کرنا ہے۔

اس استحالہ کی مدد سے ع لا مستحیل ہو کر ک عا (۴ ضا۳ - ع ضا عا + عا۲)

ہو جاتا ہے جہاں $\frac{1}{ک} = -\frac{ا۲}{12} (ضہ - عہ)(ضہ - بہ)^2 (ضہ - جہ)^2$

(دیکھو مثال ۳۲ صفحہ ۳۵۰)

۹۔ فرض کرو کہ مخروطی ک پر تین نقطے ا، ب، ج جو ان مساواتوں

غہ لا = فہ ۲، غہ ما = ۲ فہ، غہ ی = ا

سے متعین ہوتے ہیں لئے گئے ہیں جہاں ان نقطوں پر فہ کی قیمتیں عہ، بہ، جہ ہیں جو ایک کبھی ع کی اصلیں ہیں۔ مخروطی پر وہ نقطے متعین کرنیکے لئے جو کبھی ہم متغیر گ لا اور ھیسوی ھ لا کی اصلوں کے جواب میں ہیں حسب ذیل اعمال ثابت کرو:۔

آ۔ فرض کرو کہ مخروطی کے مماس نقاط ا، ب، ج پر کھینچے گئے ہیں جو ایک مثلث ا ب ج بناتے ہیں۔ تب خطوط ا ا، ب ب، ج ج، مخروطی کو نقطوں آ، ب، ج پر ملینگے جو گ لا کی اصلوں کے جواب میں ہیں۔

۲۔ اگر آ، ب، ج پر مخروطی ک کے مماس کھینچے جائیں اور ان سے مثلث آ، ب، ج بنے تو چار مثلث ا ب ج، آ ب ج، ا ب ج، آ ب ج، ہم وصف ہیں اور ان کی ہم وصفیت کے محور مخروطی ک کو ھ لا کی متناظر اصلوں پر قطع کرتے ہیں۔

۳ پچھلے اعمال سے ثابت کرو کہ ع لا اور گ لا کا ھیسوی ھ لا ایک ہی ہے (239)

اور یہ کہ δ_1 کی اصلیں خیالی ہیں جبکہ ε_1 کی اصلیں حقیقی ہوں۔

(Dublin Exam. Papers, Bishop Law's Prize, 1879)

فرض کرو کہ ثابت مخروطی ک پر کے مماس نقاط ع، ہ، جہ پر $\overline{ت_ع}$، $\overline{ت_ہ}$، $\overline{ت_جہ}$ ہیں۔ تب

$$\text{غہ } \overline{ت_ع} = (\text{فہ} - \text{عہ})^2 \text{، غہ } \overline{ت_ہ} = (\text{فہ} - \text{ہہ})^2 \text{،}$$

$$\text{غہ } \overline{ت_جہ} = (\text{فہ} - \text{جہ})^2$$

فہ کو ساقط کرنے سے ک کی مساوات ملتی ہے

$$(\text{ہہ} - \text{جہ})\sqrt{\overline{ت_ع}} + (\text{جہ} - \text{عہ})\sqrt{\overline{ت_ہ}} + (\text{عہ} - \text{ہہ})\sqrt{\overline{ت_جہ}} = 0.$$

اب خطوط ا ا، ب ب، ج ج کی مساواتیں ہیں

$$(\text{جہ} - \text{عہ})^2 \overline{ت_ہ} - (\text{عہ} - \text{ہہ})^2 \overline{ت_جہ} = 0 \text{،}$$ وغیرہ، وغیرہ

اور وہ نقطے جہاں ا ا، مخروطی ک سے ملتا ہے اس مساوات

$$(\text{جہ} - \text{عہ})^2(\text{فہ} - \text{ہہ})^2 = (\text{عہ} - \text{ہہ})^2(\text{فہ} - \text{جہ})^2$$

سے حاصل ہوتے ہیں۔ اس مساوات کو حل کرنے سے

$$\text{فہ} = \text{عہ} \text{ اور } (\text{ہہ} + \text{جہ} - 2\,\text{عہ})\,\text{فہ} = 2\,\text{ہہ جہ} - \text{جہ عہ} - \text{عہ ہہ}$$

فہ کی یہ دوسری قیمت γ_1 کی وہ اصل ہے جو عہ کے (موسیقی طور پر) متناظر ہے۔

پھر، ا ا، ب ب، ج ج کے نقطۂ تقاطع کا قطبی (آ) کا ہم وصفیت کا محور ہے اور اسکی مساوات ہے

$$(\text{ہہ} - \text{جہ})^2 \overline{ت_ع} + (\text{جہ} - \text{عہ})^2 \overline{ت_ہ} + (\text{عہ} - \text{ہہ})^2 \overline{ت_جہ} = 0.$$

یہ خط مخروطی ک کو ان نقطوں پر ملتا ہے جو مساوات

$$(\text{ہہ} - \text{جہ})^2(\text{فہ} - \text{عہ})^2 + (\text{جہ} - \text{عہ})^2(\text{فہ} - \text{ہہ})^2 + (\text{عہ} - \text{ہہ})^2(\text{فہ} - \text{جہ})^2 = 0$$

سے متعین ہوتے ہیں اور یہ مساوات، ع کے ہیسوی کی مساوات ہے۔

۱۰ — دو درجی اور کعبی کے معوج غیر متغیر کو اصلوں کی رقوم میں تین اجزائے ضربی میں تحلیل کرو اور اسکا ہندسی مفہوم بیان کرو۔

معوج غیر متغیر اس شکل

$$\text{عف}_{\text{لا}}^{\text{۳}}\,(\text{ع}_{\text{لا}}\,\text{گ}_{\text{لا}}) \qquad \text{(دفعہ ۱۹۱)}$$

میں بیان ہوتا ہے۔ اب $\text{ع}_{\text{لا}}$ اور $\text{گ}_{\text{لا}}$ کے اجزائے ضربی کو جو موسیقی طور پر ایک دوسرے کے متناظر ہیں متحد کرنے سے $\text{ع}_{\text{لا}}\,\text{گ}_{\text{لا}}$ تین دو درجیوں ل ، م ، ن کے حاصل ضرب کے طور پر بیان ہو سکتا ہے جہاں

ل $=$ (ب + جہ − ۲ عہ) لا^{۲} − ۲ (ب جہ − عہ^{۲}) لا ما + عہ (۲ ب جہ − جہ عہ − عہ ب) ما^{۲}

اور ایسی ہی قیمتیں م اور ن کے لئے۔

پھر، $\text{عف}_{\text{لا}}^{\text{۳}}\,(\text{ل م ن}) = \text{ک}\,\text{عف}_{\text{لا}}^{\text{۳}}\,\text{ل} \times \text{عف}_{\text{لا}}^{\text{۳}}\,\text{م} \times \text{عف}_{\text{لا}}^{\text{۳}}\,\text{ن}$

جہاں ک ایک عددی ضارب ہے۔

متغیروں کا خلائی نظام استعمال کرنے سے اس عمل کی آسانی کیساتھ تکمیل ہو سکتی ہے۔ چنانچہ اس صورت میں اگر

$$\text{ف}_{\text{لا}} = \text{لا}^{۲} - (\text{مہ} + \text{نہ})\,\text{لا ما} + \text{مہ نہ ما}^{۲}\text{،}$$

تو ۶ $\text{عف}_{\text{لا}}$ جسکو ل م ن پر ایک عامل سمجھا جائے

$$\text{مہ نہ عف}_{\text{ما}} + (\text{مہ} + \text{نہ})\,\text{عف}_{\text{ما}}\,\text{عف}_{\text{ہے}} \equiv \text{طا}\text{،}$$

میں مستحیل ہو جاتا ہے کیونکہ جیسا کہ ہم دیکھیں گے ∏ ل م ن ≡ ۰ اور اسلئے

$$\text{طا}^{۳}\,(\text{ل م ن}) = ۶\,\text{طا ل} \times \text{طا م} \times \text{طا ن}$$

جہاں ل، کا استحالہ ل میں، م کا م میں، وغیرہ ہوا ہے۔

پس

(240)

$$\text{طا}(ل) = \begin{vmatrix} \text{عہ}^2 & 2\,\text{عہ} & 1 \\ \text{مہ}\,\text{نہ} & \text{مہ}+\text{نہ} & 1 \\ \text{بہ}\,\text{جہ} & \text{بہ}+\text{جہ} & 1 \end{vmatrix}$$

یہ تقطع معدوم ہوتا ہے جبکہ عہ سے نقطوں مہ، نہ اور بہ، جہ کے درمیان کا ایک ماسکہ متعین ہوتا ہو یا جبکہ و اور ل سے ایک خط پر چار موسیقی نقطے متعین ہوتے ہوں یا نیز جبکہ مثال ۹ کے خطوط ا ا، ب ب، ج ج میں کا ایک خط اور و لا کے جواب میں حاصل ہونیوالا خط ثابت مخروطی ک کے لحاظ سے مزدوج ہوتے ہوں۔ ان صورتوں میں معوج غیر متغیر بھی معدوم ہوتا ہے۔

لیکن یہ آسانی کے ساتھ بتایا جا سکتا ہے کہ $\pi(ل\ م\ ن) \equiv$ ۔ اس کے لئے مثال ۹ کی طرح متغیروں کو

$$\text{لا} = (\text{بہ}-\text{جہ})^2\,\text{ت}_{\text{عہ}} = (\text{بہ}-\text{جہ})^2(\text{لا}_{\text{عہ}}\,\text{ما} + \text{ا}^2\,\text{ے})$$ وغیرہ

میں تبدیل کرو تو ل بدلکر $\frac{\text{ما}-\text{ے}}{\text{بہ}-\text{جہ}}$ ہو جاتا ہے اور π بدلکر

$$(\text{بہ}-\text{جہ})^2(\text{جہ}-\text{عہ})^2(\text{عہ}-\text{بہ})^2\left(\frac{\text{جف}^2}{\text{جف ما جف ے}} + \frac{\text{جف}^2}{\text{جف ے جف لا}} + \frac{\text{جف}^2}{\text{جف لا جف ما}}\right)$$

ہو جاتا ہے اور اسلئے $\pi(ل\ م\ ن) \equiv$ ۔

۱۱۔ نقطوں کے دو سلسلے جنمیں تین تین نقطے ہیں جو دو کعبیوں ع اور و سے متعین ہوئے ہیں مخروطی ک پر لئے گئے ہیں۔ ان نقطوں پر ک کے مماس کھینچنے سے دو مثلث بنائے گئے ہیں۔ ثابت کرو کہ وہ مخروطی جو ان دو مثلثوں کو گھیرتا ہے مخروطی ک کو مس کریگا جبکہ ان دو کعبیوں کا اجتماعیہ ق معدوم ہو اور یہ کہ انکا اجتماعیہ پ معدوم ہوگا جبکہ حائط

مخروطی، مخروطی ک کو چار مساوی غیر موسیقی نقطوں پر ملے۔

۱۲۔ وہ شرط معلوم کرو کہ چار درجی ع۔ کے کوئی دو دو درجی اجزائے ضربی مثلاً

(لا۔ عہ ما)(لا۔ بہ ما)، (لا۔ جہ ما)(لا۔ ضہ ما)

ایک دئے ہوئے دو درجی لہ لا^{۲} + ۲ مہ لا ما + نہ ما^{۲} کے ساتھ ملکر دو پنج میں ایک نظام بنائیں۔

ان دو درجیوں کو مستحیل کیا جائے تو انکے جواب میں حاصل ہونیوالے تین خطوں کو ایک نقطہ پر ملنا چاہئے اور یہ نقطہ، مخروطیوں ع اور ک کے مشترک خود مزدوج مثلث کا ایک رائس ہے۔ ان نقطوں کی مماسی مساوات جے (ز^{۲}، ز^{۲}، فا) = ۰ ہے اور اس لئے یہ مطلوبہ شرط ہے۔ غہ ع + ک کی مماسی شکل ہے غہ^{۲} ز^{۲} + غہ فا + ز^{۲} (دیکھو دفعہ ۲۱۷)۔

اس شرط کو شکل

$$\left(\text{لہ}\frac{\text{جف}^{۲}}{\text{جف ما}^{۲}} - ۲\,\text{مہ}\frac{\text{جف}^{۲}}{\text{جف لا جف ما}} + \text{نہ}\frac{\text{جف}^{۲}}{\text{جف لا}^{۲}}\right)^{۳} \text{گ}_{\text{لا}} = ۰$$

میں بھی رکھا جاسکتا ہے جیسا کہ اب ہم بتائینگے۔

اگر $\text{طا} = \text{لہ}\frac{\text{جف}^{۲}}{\text{جف ما}^{۲}} - ۲\,\text{مہ}\frac{\text{جف}^{۲}}{\text{جف لا جف ما}} + \text{نہ}\frac{\text{جف}^{۲}}{\text{جف لا}^{۲}}$

اور $\text{گ}_{\text{لا}} \equiv$ ل م ن جب اسکو اسکے دو درجی اجزائے ضربی میں تحلیل کیا جائے (241)

$$\text{طا}^{۳}\text{گ}_{\text{لا}} = ۶\ \text{طال} \times \text{طام} \times \text{طان}$$

کیونکہ ثلاثی متغیروں میں مستحیل کرنے سے

$$\text{طا} = \left(\text{لہ}\frac{\text{جف}}{\text{جف ی}} - ۲\,\text{مہ}\frac{\text{جف}}{\text{جف ما}} + \text{نہ}\frac{\text{جف}}{\text{جف لا}}\right)$$

جب اسکو ایک ایسے تفاعل فہ (لا، ما، ہے) پر استعمال کیا جائے کہ ۳ فہ ≡ ۔

اب ل، م، ن، تین خطوط ل، م، ن ہو جاتے ہیں جو ک کے لحاظ سے

ایک خود مزدوج مثلث بناتے ہیں اور π ل م ن ≡ . جبکہ کوئی تین خط باہم مزدوج ہوں ۔ اس لئے

ط^{۳} ل م ن، طال × طام × طان میں تحویل ہو جاتا ہے اور طال ≡ . وہ شرط ہے کہ خطوط لا + مما + نے اور ل مخروطی ک کے لحاظ سے مزدوج ہوں یعنے یہ کہ خط لا + مما + نے خط ل کے قطب میں سے گذرے یا وہ شرط ہے کہ ع کے دو دو درجی اجزائے ضربی، لہ لا^{۲} + ۲ مہ لا ما + نہ ما^{۲} کے ساتھ درپیچ میں ایک نظام بنائیں ۔

۱۳ ۔ ثابت کرو کہ چار درجیوں

و ≡ (عہ لا^{۲} + ۲ بہ لاما + جہ ما^{۲})(عہ لا^{۲} + ۲ بہ لاما + جہ ما^{۲}) − (عہ لا^{۲} + ۲ بہ لاما + جہ ما^{۲})^{۲} ..(۱)

ع ≡ (عہ لا^{۲} + ۲ عہ لاما + عہ ما^{۲})(جہ لا^{۲} + ۲ جہ لاما + جہ ما^{۲}) − (بہ لا^{۲} + ۲ بہ لاما + بہ ما^{۲})^{۲} ..... (۲)

کے غیر متغیر ایک ہی ہیں ۔

(۲) کو ثلاثی نظام میں مستحیل کرنے سے مخروطی

(عہ لا + عہ ما + عہ ے)(جہ لا + جہ ما + جہ ے) − (بہ لا + بہ ما + بہ ے)^{۲} + ک (۴ ے لا − ما^{۲})

حاصل ہوتا ہے جہاں ۳ ک ≡ ع$_{۲۲}$ − ع$_{۳۱}$ کی ایسی قیمت معلوم کی گئی ہے کہ π (ع) ≡ . اور ع، و دونوں کے لئے ک وہی ہے ۔

اختصار کی خاطر ہم لکھتے ہیں

ل ≡ عہ لا + عہ ما + عہ ے، م ≡ بہ لا + بہ ما + بہ ے،

ن ≡ جہ لا + جہ ما + جہ ے، ... (۳)

اب اگر ع + ل (۴ ے لا − ما^{۲}) ≡ ل ن − م^{۲} + (ک + ل)(۴ ے لا − ما^{۲})

کا ممیز بنایا جاتا ہے تو

$$\left.\begin{array}{l} ن\ ع_{ہ}-۲\ م\ ب_{ہ}+ل\ ج_{ہ}+۴(لہ+ک)\ ے=۰ \\ ن\ ع_{ہ}-۲\ م\ ب_{ہ}+ل\ ج_{ہ}-۲(لہ+ک)\ ما=۰ \\ ن\ ع_{ہ}-۲\ م\ ب_{ہ}+ل\ ج_{ہ}+۴(لہ+ک)\ لا=۰ \end{array}\right\} \quad (۴)$$

اور 'لا' 'ما' 'ے' ساقط کرکے یا مساواتوں (۴) کے ساتھ مساواتوں (۳) کو لیکر ان میں سے 'لا' 'ما' 'ے' 'ل' 'م' 'ن' کو ساقط کرنے سے اور لہ + ک = لہَ رکھنے سے حاصل ذیل کی شکل میں ملتا ہے:-

$$\Delta(لَ) \equiv \begin{vmatrix} ع_{۱} & ب_{۱} & ج_{۱} & ۰ & ۰ & +۴لہَ \\ ع_{۲} & ب_{۲} & ج_{۲} & ۰ & -۲لہَ & ۰ \\ ع_{۳} & ب_{۳} & ج_{۳} & +۴لہَ & ۰ & ۰ \\ ۰ & ۰ & -۱ & ع_{۱} & ع_{۲} & ع_{۳} \\ ۰ & +\frac{۱}{۲} & ۰ & ب_{۱} & ب_{۲} & ب_{۳} \\ -۱ & ۰ & ۰ & ج_{۱} & ج_{۲} & ج_{۳} \end{vmatrix}$$

اگر ہم اسی طرح کا عمل چار درجی (۱) پر کرتے تو یہی حاصل اسقاط $\Delta(لَ)$ (242) حاصل ہوتا۔ اس صورت میں جو شکل منقطع اختیار کرتا ہے وہ منقطع بالا کی پہلی تین صفوں کو ۔۴ لہَ سے تقسیم کرنے اور پہلے تین ستونوں کو ۔۴ لہَ سے ضرب دینے آخری تین ستونوں کو پہلے لانے اور نچلی تین صفوں کو اوپر لانے سے حاصل ہوتی ہے۔ لہٰذا دونوں صورتوں میں غیر متغیر ایک ہی ہیں۔

$\Delta(لَ)$ کو پھیلانے کے لئے 'ل' 'م' 'ن' کی بجائے انکی قیمتیں مساواتوں (۴) سے درج کرو اور 'لا' 'ما' 'ے' کو ساقط کرو تو حاصل ہوتا ہے

$$\begin{vmatrix} ع_{۱۱} & ع_{۲۱} & ع_{۳۱}+۲لہَ \\ ع_{۲۱} & ع_{۲۲}-لَ & ع_{۳۲} \\ ع_{۳۱}+۲لہَ & ع_{۳۲} & ع_{۳۳} \end{vmatrix}$$

جہاں $ع_{ق ج} = ع_{ج ق} = ع_{ق ج}+۲ ب_{ق} ب_{ج}$

اس منقطع کو پھیلاؤ تو یہ ہو جاتا ہے

$$۴\,لَ^{۳} - ۴(ع_{۲۲} - ع_{۳۱})\,لَ^{۲} - \{ع_{۱۱} ع_{۳۳} - ع_{۳۱}^{۲} + ۴(ع_{۳۱} ع_{۲۳} - ع_{۲۲} ع_{۳۲})\}\,لَ +$$

$$+ \begin{vmatrix} ع_{۱۱} & ع_{۲۱} & ع_{۳۱} \\ ع_{۲۱} & ع_{۲۲} & ع_{۳۲} \\ ع_{۳۱} & ع_{۳۲} & ع_{۳۳} \end{vmatrix}$$

یہ خیال رہے کہ جب لَ کی بجائے لہ + ک رکھا جاتا ہے تو اس مساوات کی دوسری رقم نہیں ہوتی اور اس کا ہر سر دونوں چار درجیوں کے لئے ایک ہی ہے جس کی تصدیق بالراست ہو سکتی ہے۔

دیکھو زوتھن (Zeuthen) کا حل (Proceedings of the L.M.S.) جلد دہم صفحہ ۱۹۶۔

۱۴۔ دو متغیر معلوم کرو کہ ترین دو درجی خطی استحالہ سے ایک ساتھ ان شکلوں

$$\frac{جف^{۲}\,فہ}{جف\,لا^{۲}}\,،\quad \frac{جف^{۲}\,فہ}{جف\,لا\,جف\,ما}\,،\quad \frac{جف^{۲}\,فہ}{جف\,ما^{۲}}$$

میں تحویل ہو سکیں۔

جواب: $ع_{۱۱} ع_{۳۳} - ۴ ع_{۲۱} ع_{۳۲} + ۲ ع_{۲۲}^{۲} + ع_{۱۳} ع_{۲۲} = ۰$،

$$۲\,ع_{فق} = ع_{جق} + ع_{قج} - ۲\,ع_{جق}$$

۱۵۔ ثابت کرو کہ مثال ۱۴ کی شرط دو درجیوں کے حسب ذیل دو جٹوں کے لیے بھی وہی ہے:۔

$ع_{۱}\,لا^{۲} + ۲\,ع_{۱}\,لا\,ما + ع_{۲}\,ما^{۲}$، $ع_{۲}\,لا^{۲} + ۲\,ع_{۳}\,لا\,ما + ع_{۴}\,ما^{۲}$، $ع_{۳}\,لا^{۲} + ۲\,ع_{۴}\,لا\,ما + ع_{۵}\,ما^{۲}$،

اور عہ۱ لا۲ + ۲ عہ۱ لا ما + عہ۱ ما۲، بہ۱ لا۲ + ۲ بہ۱ لا ما + بہ۱ ما۲، جہ۱ لا۲ + ۲ جہ۱ لا ما + جہ۱ ما۲

مثال ۱۴ کی شرط اس شکل

$$(ع_{22}ع_{31} - ع_{21}ع_{32})^2 + ع_{11}ع_{33}ع_{22}ع_{31} - ع_{31}^2 + 4(ع_{31}ع_{22}ع_{21}ع_{32})$$

میں رکھی جا سکتی ہے اور یہ، مثال ۱۳ کے Δ (لہ) کے سروں کی رقوم فوراً بیان کیجا سکتی ہے۔

اِس شرط کا ہندسی مفہوم یہ ہے کہ ع اور ک کے موسیقی مخروطی میں ایک مثلث بنایا جا سکتا ہے اور یہ مثلث، ک پر حائط مثلث ہے۔

کیونکہ مثال ۱۳ میں ل، م، ن کی بجائے ع۱، ع۲، ع۳ (مثال ۱۴ کے مفروضہ کے مطابق) رکھے جائیں جہاں

ع ≡ (ا، ج، ص، د، ج، ب) (لا، ما، ے)۲

تو ع۱ ع۳ − ع۲۲ ≡ (ع۱۱، ع۲۲، ع۳۳، ع۳۲، ع۱۳، ع۲۱) (الا ما ے)۲

ع اور ک کا موسیقی مخروطی فا ہو جاتا ہے (دیکھو دفعہ ۲۱۴)۔ نیز اگر لہ ک + فا کا ممیز یعنے Δ (لہ) حسب معمول اس شکل (243)

Δ لہ۳ + طا لہ۲ + طا۱ لہ + Δ

میں لکھا جائے تو مثال (۱۴) کی شرط اس طرح بیان ہو سکتی ہے

طا۲ − ۴ Δ طا = ۰

اور یہ اس بات کی مشہور غیر متغیری شرط ہے کہ ایک ایسا مثلث کھینچا جا سکتا ہے جو ایک مخروطی کو گھیرے اور دوسرے مخروطی سے گھر جائے۔

(دیکھو (Salmon's conic sections) دفعہ ۳۷۶)

۱۶۔ اگر دو درجیوں ع اور و کی ثلاثی اشکال ع اور و ہوں اور فا انکا موسیقی مخروطی تو ثابت کرو کہ Π (فا) = ۰۔ وہ شرط ہے کہ ع اور و ایک ثنائی کثیر درجی کے دو پہلے مستخرجے ہیں۔

(244)

بیسواں باب

ابدالات اور گروہوں کا نظریہ

فصل (۱) - ابدالات بالعموم

۲۲۰ - تعریفیات - ترقیم - اگر ن علامتیں (حروف) لا، لا، لا، ... ، لان دی جائیں اور ہر حرف اسی جٹ میں سے کسی نہ کسی ترتیب سے بدلا جائے اور اس طرح حاصل، انہی ن حرفوں کی ایک نئی ترتیب ہو تو پہلی ترتیب سے دوسری ترتیب پر گزرنے کے عمل کو ہم ابدال سے موسوم کرینگے - حروف لا، لا، ... ، لان کو ایک دوسرے سے بالکل غیر تابع خیال کیا جائیگا اور ان کا حوالہ متغیروں یا ابدال سے متاثر عنصروں کے نام سے دیا جائیگا - اس عمل کو اگر ہم س سے تعبیر کریں تو ابدال س کو اس طور پر ظاہر کیا جا سکتا ہے

$$س = \begin{pmatrix} لا_1، لا_2، لا_3، ... ، لان \\ لا_{\alpha_1}، لا_{\alpha_2}، لا_{\alpha_3}، ... ، لا_{\alpha_ن} \end{pmatrix}$$

جہاں ہر افقی خط میں ن حرفوں کا ایک ہی جٹ شامل ہوتا ہے اور عمل

اس بات پر مشتمل ہے کہ اوپر کے خط کے ہر حرف کو اس کے تحت نیچے کے خط میں جو حرف ہے اس سے بدلا جائے۔ یہ عمل متغیروں کے ایک تفاعل فہ (لا۱، لا۲، ... ، لان) پر استعمال کیا جا سکتا ہے اور ایسی صورت میں حاصل ہونیوالا تفاعل س فہ، جہاں جہاں فہ میں لا۱ واقع ہوا اسکو لا۲ میں، لا۲ کو لا۳ میں، لا۳ کو لا۱ میں، وغیرہ بدلنے سے حاصل ہوگا۔ اگر کوئی حرف زیر بحث ابدال سے اپنی جگہ نہ بدلے تو وہ دو حرف جو ایک ہی انتصابی خط میں ہونگے مماثل ہونگے۔ اب چونکہ لا کے لاحقوں کی ترتیبوں کی تعداد صرف ۱ × ۲ × ۳ × ... × ن = ن! ہے اس لئے مختلف ابدالات کی اتنی ہی تعداد ممکن ہے اس تعداد میں وہ ترتیب بھی شامل ہے جسمیں لاحقوں کی ترتیب دونوں افقی سطروں میں ایک ہی ہے یعنے وہ ترتیب جسمیں ابدال سے کوئی حرف اپنی جگہ نہیں بدلتا۔ ایسا ابدال جس سے کوئی عنصر متاثر نہیں ہوتا متماثل ابدال کہلاتا ہے (245)
یا اکائی ابدال اور اس کو س ≡ ۱ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

بالعموم عمل میں سہولت پیدا ہوگی اگر زیر عمل حرفوں کو واحد حروف ا، ب، ج، ... یا صرف اعداد ۱، ۲، ۳، ... سے تعبیر کیا جائے جہاں حرف لانکال دیا گیا ہے۔

۲۲۱ — متذکرۂ صدر ترقیم کو سادہ شکل دیجا سکتی ہے۔ مثلاً ابدال

$$س \equiv \begin{pmatrix} ا & ب & ج & د & ص & ف \\ ب & ج & د & ص & ف & ا \end{pmatrix}$$

پر غور کرو جسمیں پہلی سطر کا ہر حرف اپنے بعد والے حرف سے بدلا گیا ہے اور آخری حرف ف کی جگہ ا نے لی ہے۔ ایسے ابدال کو دائری ابدال کہتے ہیں اور اسکو صرف پہلی سطر کے حرفوں کو خطوط وحدانی میں بند کرنے سے ظاہر کرتے ہیں، اس طرح

س ≡ (ا ب ج د ص ف)

یہ واضح ہے کہ $س$ متعدد مختلف طریقوں سے لکھا جا سکتا ہے اور جو حروف $س$ میں شامل ہوتے ہیں انمیں سے کوئی، پہلی جگہ اختیار کر سکتا ہے بشرطیکہ دوری ترتیب قائم رہے۔ مثلاً

$$س \equiv (ب\ ج\ د\ ص\ ف\ ا) \equiv (ج\ د\ ص\ ف\ ا\ ب)$$
$$\equiv (د\ ص\ ف\ ا\ ب\ ج) \equiv (ص\ ف\ ا\ ب\ ج\ د) \equiv (ف\ ا\ ب\ ج\ د\ ص)$$

اب یہ دیکھنا آسان ہے کہ ہر ابدال کو ایک یا زیادہ دائری ابدالات میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ کسی ابدال $س$ کو عمل میں لانے میں اگر اوپر کے خط کے حرف ا کی جگہ ب لے اور ب کی جگہ ج لے اور علی ہذا القیاس تو اس عمل کو جاری رکھنے سے ہم یقیناً ایک حرف (فرض کرو ھ) پر پہنچینگے جس کی جگہ ا لے لیگا۔ یہانتک اس عمل کا حاصل، دائری ابدال $(ا\ ب\ ج \ldots ھ)$ ہے۔ اگر اس عمل سے تمام حروف ختم نہ ہوں تو ہم باقی ماندہ حرفوں میں سے ایک حرف لیتے ہیں اور اسی طرح ایک نیا دائری ابدال بناتے ہیں۔ اگر پھر بھی حروف ختم نہ ہوں تو اس عمل کو جاری رکھتے ہیں حتیٰ کہ کوئی حروف باقی نہ رہیں —

اس طور پر حاصل کردہ مختلف ابدالات کو اگر ہم $ج_1$، $ج_2$، $ج_3$، ... $ج_ر$ سے تعبیر کریں تو ہم لکھ سکتے ہیں

$$س \equiv ج_1\ ج_2\ ج_3 \ldots ج_ر$$

اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ $س$ اپنے دائری اجزائے ضربی میں تحلیل ہو چکا ہے۔ ان اجزائے ضربی کو ہم $س$ کے دَور ئیے کہینگے۔ وہ دَور ئیے جنمیں صرف دو حرف شامل ہوں انتقالات کہلاتے ہیں۔ مثلاً ابدال (246)

$$س \equiv \begin{pmatrix} ۸ & ۷ & ۶ & ۵ & ۴ & ۳ & ۲ & ۱ \\ ۳ & ۴ & ۵ & ۷ & ۲ & ۱ & ۶ & ۸ \end{pmatrix}$$

لیا جاتا ہے۔ اوپر کے خط میں ۱ سے شروع کریں تو دوریہ (۳۸۱) فوراً حاصل ہو جاتا ہے اور اسی طرح ۲ سے شروع کریں تو دوریہ (۴۷۵۶۲) ملتا ہے پس

$$س \equiv (۳۸۱)(۴۷۵۶۲)$$

یہ ظاہر ہے کہ اعمال کی ترتیب کچھ بھی ہو سکتی ہے کیونکہ کوئی دوریہ کسی دوسرے دوریہ کے عناصر پر متاثر نہیں ہوتا اور اس لئے س کے اجزائے ضربی کی ترتیب جسمیں وہ لکھے گئے ہیں کچھ بھی ہو سکتی ہے۔

اگر صرف عمل اول میں ہی تمام عناصر شامل ہوں تو ابدال خود دائری ہوگا مثلاً

$$س \equiv \begin{pmatrix} ۱ & ۲ & ۳ & ۴ & ۵ & ۶ & ۷ \\ ۳ & ۶ & ۷ & ۵ & ۲ & ۱ & ۴ \end{pmatrix} \equiv (۱۳۷۲۵۴۶)$$

اگر ابدال سے کسی عنصر کا محل غیر متغیر رہے تو اس عنصر کو خود خطوط و حدانی کے اندر بند کیا جا سکتا ہے جب ابدال کو دوریوں کے حاصل ضرب کے طور پر بیان کیا جائے، یا اسکو بالکل خارج کر دیا جا سکتا ہے مثلاً

$$س \equiv \begin{pmatrix} ۱ & ۲ & ۳ & ۴ & ۵ & ۶ \\ ۳ & ۶ & ۴ & ۱ & ۵ & ۲ \end{pmatrix} \equiv (۱۳۴)(۲۶)(۵)$$

$$\equiv (۱۳۴)(۲۶)$$

یہاں (۵) چونکہ متماثل ابدال ≡ ۱ ہے اسلئے اسکی بجائے ایک رکھا جا سکتا ہے۔ اگرچہ وہ عنصر جو خود ایک دوریہ ہو اکائی سے بدلا جا سکتا ہے لیکن اسکا رکھنا اکثر ضروری ہوتا ہے تاکہ یہ بتایا جا سکے کہ یہ عنصر زیر عمل عنصروں میں شامل تھا۔

دائری ابدال س ایک ہی عنصروں پر کئی مرتبہ دہرایا جا سکتا ہے اور متواتر اعمال، س۲، س۳، وغیرہ سے تعبیر کئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً

$$س \equiv \begin{pmatrix} ا & ب & ج & د & ص & ف \\ ب & ج & د & ص & ف & ا \end{pmatrix}$$

$$س^{۲} = \begin{pmatrix} ا & ب & ج & د & ص & ف \\ ج & د & ص & ف & ا & ب \end{pmatrix}$$

$$س^{۳} = \begin{pmatrix} ا & ب & ج & د & ص & ف \\ د & ص & ف & ا & ب & ج \end{pmatrix}$$

(247) اس عمل کو جاری رکھنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ $س^{۶} = ۱$ ۔ بالعموم اگر غہ وہ کم سے کم صحیح عدد ہو ایسا کہ $س^{غ} = ۱$ تو ہم کہتے ہیں کہ ابدال س کا رتبہ غہ ہے ۔ پس یہ ظاہر ہے کہ دائری ابدال کا رتبہ عناصر کی اُس تعداد کے مساوی ہے جنکو وہ ہٹاتا ہے ۔

دو عناصر عہ، بہ کیلئے $(عہ\ بہ) = (بہ\ عہ)$ اور $(عہ\ بہ)^{۲} = ۱$،

تین عناصر عہ، بہ، جہ کیلئے $(عہ\ بہ\ جہ)^{۲} = (عہ\ جہ\ بہ)$، $(عہ\ بہ\ جہ)^{۳} = ۱$

۲۲۲ ۔ ابدالوں کے حاصل ضرب اور قوتیں ۔ اگر عناصر کے دئے ہوئے جٹ پر علی التواتر دو یا زیادہ ابدال $س_{۱}$، $س_{۲}$ ... $س_{ر}$ سے عمل کیا جائے تو نتیجہ ایک نئی ترتیب ہے جو ایک واحد ابدال س سے حاصل ہو سکتی تھی ۔ اس ابدال کو پہلے کے ابدالوں کا حاصل ضرب کہا جا سکتا ہے اور ہم لکھ سکتے ہیں $س = س_{۱} س_{۲} \ldots س_{ر}$ جبکہ ترکیبی اجزائے ضربی اس ترتیب $س_{۱}$، $س_{۲}$، ... یعنی دائیں جانب سے بائیں جانب میں استعمال کئے جائیں ۔ جب کسی ابدال کو اپنے ترکیبی دوریوں میں دفعہ سابق کے مطابق تحلیل کیا جاتا ہے تو ہم نے دیکھا تھا کہ اجزائے ضربی کی ترتیب کچھ بھی ہو سکتی ہے کیونکہ کسی دو دوریوں میں کوئی عنصر مشترک نہیں ہوتا ۔ لیکن بالعموم ابدالات کے حاصل ضرب میں جس میں دو یا زیادہ اجزائے ضربی $س_{۱}$، $س_{۲}$ ... میں ایک ہی عنصر واقع ہو سکتا ہے یہ دیکھنا سب سے زیادہ ضروری ہے کہ جبری ضرب کے مبادلہ کا قانون صادق نہیں آتا اور اسلئے اجزائے ضربی کی ترتیب قائم رکھنی چاہئے ۔

مثلاً تین عناصر کی صورت میں طالب علم اسکی آسانی سے تصدیق کرسکتا ہے کہ حاصل ضرب (۳۱) (۲۱)، حاصل ضرب (۲۱) (۳۱) سے مختلف ابدال ہے۔ اس طرح قانونِ مبادلہ پورا نہیں ہوتا لیکن ائتلافی قانون صادق آتا ہے یعنے

$$س_{۱} س_{۲} \times س_{۳} = س_{۱} \times س_{۲} س_{۳}$$

کیونکہ اگر $س_{۱}$، کسی عنصر ا کو ب میں تبدیل کرتا ہے اور $س_{۲}$، ب کو ج میں اور پھر $س_{۳}$، ج کو د میں تو ا کی بجائے د کا ابدال بہرحال آخری ماحصل ہے خواہ پہلے ا کو ج میں تبدیل کیا جائے ($س_{۱} س_{۲}$ کے ذریعہ) اور پھر ج کو د میں یا پہلے ا کو ب میں تبدیل کیا جائے اور پھر ب کو د میں ($س_{۱} س_{۳}$ کے ذریعہ)۔

ایک ہی ابدال س کو علی التواتر متعدد مرتبہ (فرض کرو ف مرتبہ) عمل میں لانے سے جو نتیجہ حاصل ہو اسکو $س^{ف}$ سے تعبیر کیا جاسکتا ہے اور صریحاً ہمیں مساوات حاصل ہوتی ہے

$$س^{ف} س^{ق} = س^{ف+ق} = س^{ق} س^{ف}$$

ایک دئے ہوئے ابدال س کا مقلوب ابدال وہ ہے جو س کے ترتیب عمل کو الٹ دیتا ہے اور $س^{-۱}$ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر (248)

$$س = \begin{pmatrix} ا_{۱}, ا_{۲}, \dots, ا_{ن} \\ ب_{۱}, ب_{۲}, \dots, ب_{ن} \end{pmatrix} \text{ تو } س^{-۱} = \begin{pmatrix} ب_{۱}, ب_{۲}, \dots, ب_{ن} \\ ا_{۱}, ا_{۲}, \dots, ا_{ن} \end{pmatrix}$$

پس $س س^{-۱} = س^{-۱} س = ۱$

چونکہ ممکن ابدالوں کی کل تعداد محدود ہے اسلئے س کی کسی نہ کسی تکرار سے عنصروں کی ابتدائی ترتیب پیدا ہونی چاہئے۔ چنانچہ اگر غہ ایسا چھوٹے سے چھوٹا عدد ہو کہ $س^{غ} = ۱$ تو س کو رتبہ غہ کا کہا جاتا ہے

اور ابدالوں کا محدود سلسلہ یہ ہے:-

ا، س، س^{۲}، س^{۳}، ...، س$^{غہ-۱}$

منفی قوتنماؤں میں بیان کرنیکا یہ طریقہ س$^{-ف}$ کو شکل س$^{ک غہ-ف}$ میں رکھنے سے حاصل کیا جا سکتا ہے جہاں غہ، س کا رتبہ ہے اور اسلئے س$^{ک غہ}$ = ا - اب

س^{ف} س$^{-ف}$ = س^{ف} س$^{ک غہ-ف}$ = س$^{ک غہ}$ = ا اور ابدال س^{ف} اور س$^{-ف}$ ایک دوسرے کو خارج کر دیتے ہیں۔

کسی دائری ابدال کو انتقالات کے حاصل ضرب کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے کیونکہ یہ واضح ہے کہ عمل (ا ب ج د ص ف) کی تکمیل یوں ہو سکتی ہے کہ پہلے ا اور ب کو باہم بدلا جائے، پھر ا اور ج کو، پھر ا اور د کو اور علی ہذا القیاس۔ اس لئے ہم لکھ سکتے ہیں

(ا ب ج د ص ف) ≡ (ا ب) (ا ج) (ا د) (ا ص) (ا ف)

اس سے یہ ظاہر ہے کہ کوئی دوریہ انتقالات کے ایک حاصل ضرب میں تحلیل کیا جا سکتا ہے ان انتقالات کی تعداد، دوریہ میں شامل ہونیوالے عناصر کی تعداد سے بقدر ایک کے کم ہوگی۔ ایسے کسی حاصل ضرب میں اجزائے ضربی کی ترتیب کا خیال رکھنا ضروری ہے اور یہ اجزائے ضربی ایک دوسرے میں قابل تبادلہ نہیں ہیں۔ پس یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ

ہر ابدال انتقالات کے ایک حاصل ضرب کے طور پر بیان ہو سکتا ہے

کیونکہ اسکا ہر دوریہ اس طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

اگر ابدال س میں جو ن عناصر پر اثر انداز ہو ک دوریے شامل ہوں تو آسانی کے ساتھ یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ س، ن۔ک انتقالات کے حاصل ضرب کے طور پر بیان ہو سکتا ہے۔ تاہم یہ مشاہدہ طلب

ہے کہ ایک ہی ابدال، انتقالات کے حاصل ضرب کے طور پر متعدد طریقوں سے بیان کیا جا سکتا ہے۔ کتاب کے ختم پر یہ بتایا جائیگا کہ کسی دئے ہوئے ابدال میں خواہ اسکو کتنے ہی مختلف متعدد طریقوں میں بیان کیا گیا ہو انتقالات کی تعداد وہی یکسانیت قایم رکھتی ہے۔ اسکے یہ معنے ہیں کہ اگر یہ تعداد جفت ہے تو وہ ہمیشہ جفت رہے گی، اگر طاق ہے تو ہمیشہ طاق رہے گی۔

(249)

مثالیں

۱۔ س ≡ $\begin{pmatrix} ا & ب & ج & د & ہ & و & ز & ح & ط & ی & ک & ل & م & ن & س \\ ب & ج & د & ہ & و & ز & ح & ط & ی & ک & ل & م & ن & س & ا \end{pmatrix}$

کو اس کے دوریوں میں تحلیل کرو۔

جواب: س ≡ (ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س) (ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س) (ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س)

نتیجہ میں جزو ضربی (ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س) ≡ ا کا اظہار اس بات کی دلیل ہے کہ وہ زیر عمل عناصر میں شامل ہے۔

۲۔ س ≡ $\begin{pmatrix} ا & ب & ج & د & ہ & و & ز & ح & ط & ی \\ ز & ا & ہ & ی & د & ب & و & ط & ح & ج \end{pmatrix}$

کو انتقالات کے حاصل ضرب کے طور پر بیان کرو۔

جواب: س ≡ (ا ز) (ب ا) (ج ہ) (د ی) (ہ د) (و ب) (ز و) (ح ط) (ط ح) (ی ج)

۳۔ اگر دائری ابدال ج کو انتقال ت سے ضرب دیا جائے جبکہ انتقال ت کا ایک عنصر ج میں شامل ہے مگر دوسرا شامل نہیں تو حاصل ابدال ج ت دائری ہوگا۔

فرض کرو کہ مشترک عنصر ا ہے تو ہم لکھ سکتے ہیں

ج ≡ (ا ا$_2$ ا$_3$ ..... ا$_ر$)، ت ≡ (ا ا$_ط$)

ج کا اثر یہ ہے کہ وہ ترتیب ا۱، ا۲، ا۳، ... ا$_{ن-۱}$، ا$_ط$ کو ترتیب ا۲، ا۳، ... ا$_{ن-۱}$، ا$_ط$، ا۱ میں بدل دیگا اور ت کا اثر یہ ہے کہ وہ اس آخری ترتیب میں ا۱ اور ا$_ط$ کا باہمی تبادلہ کر دیگا۔ تب

$$ج\,ت \equiv \begin{pmatrix} ا_۱ & ا_۲ & ا_۳ & \dots & ا_{ن-۱} & ا_ط \\ ا_۲ & ا_۳ & ا_۴ & \dots & ا_ط & ا_۱ \end{pmatrix} \equiv (ا_۱\,ا_۲ \dots ا_ط)$$

۴۔ اگر دائری ابدال ج کو انتقال ت سے ضرب دیا جائے جبکہ انتقال کے دونوں عنصر ج میں شامل ہوں تو حاصل ابدال ج ت دو دوریوں کا حاصل ضرب ہوگا جنمیں کوئی عنصر مشترک نہ ہوگا۔

ہم لے سکتے ہیں

ج ≡ (ا۱ ا۲ ... ا$_ر$ ب۱ ب۲ ... ب$_ط$)، ت ≡ (ا۱ ب۱)

پچھلی مثال کی طرح عمل کرنے سے فوراً حاصل ہوگا

ج ت ≡ (ا۱ ا۲ ا۳ ... ا$_ر$) (ب۱ ب۲ ... ب$_ط$)

۵۔ اگر ابدال س کو انتقال ت سے ضرب دیا جائے جسکا ایک ایک عنصر ابدال س کے دو مختلف دوریوں ج، جَ میں شامل ہوتا ہے تو حاصل ضرب ج جَ ت، ج اور جَ کے سب عنصروں کا ایک غیر شکستہ دور یہ ہوگا۔

یہ فوراً حاصل ہوتا ہے اگر ہم پچھلی مثال میں حاصل کردہ مساوات کے طرفین کو ت سے ضرب دیں کیونکہ ت^۲ = ۱۔

۶۔ اگر کوئی ابدال س، ر انتقالات کا حاصل ضرب ہے اور اگر اسکو انتقال ت سے ضرب دیا جائے تو حاصل ضرب س ت میں یا تو ر + ۱ انتقالات شامل ہونگے یا ر − ۱ انتقالات۔ (250)

اگر س، ن عناصر پہ موثر ہو تو جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے ر = ن − ک۔ اگر ت کی وجہ سے دو نئے عناصر داخل ہوں تو ایک

مزید انتقال حاصل ہوگا اور اسلئے کل ر+۱ انتقالات حاصل ہونگے۔ اب تین صورتیں باقی ہیں بموجب اسکے کہ (۱) ت کی وجہ سے صرف ایک نیا عنصر داخل ہو یا (۲) دو عناصر جو س کے ایک ہی دوریہ میں پہلے سے شامل ہیں یا (۳) دو عناصر جو س کے مختلف دوریوں میں پہلے سے شامل ہیں۔ یہ صورتیں پچھلی تین مثالوں میں زیر بحث آچکی ہیں اور یہ آسانی کے ساتھ حاصل ہوتا ہے کہ س ت میں انتقالات کی تعداد ہمیشہ ر+۱ ہے سوائے اُس صورت کے جبکہ ت کے دونوں عناصر، س کے ایک ہی دوریہ میں واقع ہوں اور اس صورت میں ن نہیں بدلتا اور ک بدلکر ک+۱ ہو جاتا ہے اور اسلئے ر بدلکر

ن - (ک + ۱) = ن - ک - ۱ = ر - ۱

ہو جاتا ہے۔

اس مثال سے یہ واضح ہے کہ س کو انتقالات کے حاصل ضرب کے طور پر خواہ کسی طرح بیان کیا جائے ایک واحد مزید انتقال سے ضرب دینے کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اسکی یکسانیت (Parity) بدلجاتی ہے یعنی طاق سے جفت یا جفت سے طاق ہو جاتا ہے۔

۷۔ ابدال س کا رتبہ اس کے دوریوں کے رتبوں کے ذواضعاف اقل کے مساوی ہوتا ہے۔

فرض کرو کہ $س = ج_۱ ج_۲ ج_۳ \ldots ج_ر$

اور فرض کرو کہ $ج_۱، ج_۲، ج_۳ \ldots$ کے رتبوں کا کوئی مشترک ضعف مہ ہے

چونکہ

$$س^{مہ} = ج_۱^{مہ} ج_۲^{مہ} \ldots ج_ر^{مہ}$$

اور $ج_۱^{مہ} = ج_۲^{مہ} = \ldots = ج_ر^{مہ} = ۱$

اس لئے $س^{مہ} = ۱$، اور اگر مہ کی کم سے کم قیمت غہ ہو تو $س^{غہ} = ۱$

پھر س کا رتبہ غ ہے۔
اس سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ اگر ج۱، ج۲، ج۳ .....
ایک ہی رتبہ کے ہوں تو یہ رتبہ، س کا رتبہ بھی ہے۔ ایسے ابدالات کو منتظم کہا جاتا ہے کیونکہ ہر دوریہ میں حروف کی ایک ہی تعداد شامل ہوتی ہے۔
۸۔ اگر دائری ابدال س میں ف حروف شامل ہیں اور اگر مہ، پ کے لئے مفرد ہے تو س^مہ خود دائری ہے۔
۹۔ اگر دائری ابدال س میں ف ق حروف شامل ہیں تو س^ف ایک منتظم ابدال ہے جسمیں ف دوریے شامل ہوتے ہیں اور ہر دوریہ ق حروف کا ہے مثلاً اگر

س ≡ (۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶)

تو س^۲ ≡ (۱ ۳ ۵)(۲ ۴ ۶)، س^۳ ≡ (۱ ۴)(۲ ۵)(۳ ۶)
۱۰۔ ہر منتظم ابدال کسی قوت پر اٹھائے ہوئے دائری ابدال کے معادل ہے۔
مثال ۷ کے ابدال س کو لیکر فرض کرو کہ اس کے اجزائے ضربی

ج۱ ≡ (ا۱ ب۱ ج۱ ..... ل۱)، ج۲ ≡ (ا۲ ب۲ ج۲ ..... ل۲)، ج۷
≡ (ا۷ ب۷ ..... ل۷)

ہیں یعنے س ایسا ابدال ہے کہ ہر دوریہ میں حروف کی ایک ہی تعداد شامل ہوتی ہے۔ اب اگر ہم دائری ابدال

ج ≡ (ا۱ ا۲ ا۳ ... ا۷ ب۱ ب۲ ب۳ ... ب۷ ..... ل۱ ل۲ ل۳ ... ل۷)

لکھ لیں جسمیں پہلے ۷ حروف اوپر کے ۷ دوریوں کے ابتدائی حروف ہیں اور اسکے بعد والا جمٹ ان دوریوں کے دوسرے حروف کا ہے اور علی ہذا تو آسانی کے ساتھ اس بات کی تصدیق ہو سکتی ہے کہ ج کی ۷ ویں قوت

متواتر دوریوں ج، ج۲، ج۳، ... ج ر کے حاصل ضرب میں رکھی جا سکتی ہے۔
پس

س = ج ر

۱۱۔ منتظم ابدال

س ≡ (۱ ۳ ۵ ۱۲)(۲ ۷ ۶ ۱۱)(۴ ۸ ۱۰ ۹)

کو ایک دائری ابدال کی قوت کے طور پر بیان کرو۔

جواب:۔ س ≡ (۱ ۴ ۲ ۳ ۸ ۵ ۶ ۱۰ ۱۲ ۹ ۱۱)³

۱۲۔ عناصر لا، لا۲، لا۳، ... لان کا ہر ایک انتقال، ان انتقالات (251)
کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے جو ن۔ ۱ انتقالات کے حسب ذیل سلسلے میں شامل ہیں:۔

(لا، لا۲)، (لا، لا۳)، (لا، لا۴)، ...، (لا، لان۔۱)، (لا، لان)

کیونکہ اس بات کی آسانی کے ساتھ تصدیق ہو سکتی ہے کہ اگر لاع، لاہ کوئی دو عنصر ہوں تو

(لاع لاہ) = (لا، لاع)(لا، لاہ)(لا، لاع)

۱۳۔ ہر وہ ابدال جو انتقالات کی جفت تعداد میں تحلیل ہو سکتا ہو تیسرے رتبہ کے دائری ابدالات کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے۔

دیا ہوا ابدال نمونہ (عہ یہ)(عہ جہ) یا نمونہ (عہ یہ)(جہ ضہ) کے حاصل ضربوں کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے۔ اب (عہ یہ)(عہ جہ) = (عہ یہ جہ) اور (عہ یہ)(جہ ضہ) = (عہ یہ جہ)(عہ ضہ جہ) کیونکہ

(عہ یہ جہ)(عہ ضہ جہ) = (عہ یہ جہ)(جہ عہ ضہ)

= (عہ یہ)(عہ جہ)(جہ عہ)(جہ ضہ)

= (عہ یہ)(عہ جہ)²(جہ ضہ)، اور (عہ جہ)² = ۱

۱۴۔ بتاؤ کہ عناصر لا۱، لا۲، لا۳، ... لان میں سے تین کا کوئی دائری ابدال، ن ـ ۲ دائری ابدالات

(لا۱ لا۲ لا۳)، (لا۱ لا۳ لا۴)، ...، (لا۱ لا۲ لان ـ۱)، (لا۱ لا۲ لان)

کے ذریعہ بیان ہو سکتا ہے۔

اختصار کی خاطر صرف لاحقوں کو رکھ کر ہم (عہ بہ جہ) کو (لہ مہ عہ)، (لہ مہ بہ)، (لہ مہ جہ) کی رقوم میں بیان کرینگے۔

(عہ بہ جہ) = (عہ بہ)(عہ جہ)

= (عہ بہ)(عہ لہ)(عہ لہ)(عہ جہ)، کیونکہ (عہ لہ)۲ = ۱

= (عہ بہ لہ)(عہ لہ جہ)،

= (لہ عہ بہ)(لہ جہ عہ)،

اب اسی طرح بائیں طرف کے ہر دوریہ میں ایک نئے عنصر مہ کو داخل کرنیکے لئے اوپر کی مساوات سے استفادہ کرکے ہم حاصل کرتے ہیں

(عہ بہ جہ) = (مہ لہ عہ)(مہ بہ لہ)(مہ لہ جہ)(مہ عہ لہ)

= (لہ مہ عہ)۲ (لہ مہ بہ)(لہ مہ جہ)۲ (لہ مہ عہ)، مطلوبہ جملہ

(عہ بہ جہ) کو بیان کرنیکا حسب ذیل طریقہ بھی آسانی کے ساتھ ثابت کیا جاسکتا ہے

(عہ بہ جہ) ≡ (لہ مہ عہ)(لہ مہ جہ)(لہ مہ بہ)(لہ مہ عہ)(لہ مہ جہ)

۲۲۳ ـ متشابہ ابدالات ـ ہم دو ابدالات کو متشابہ اسوقت کہینگے جب انمیں دوریوں کی ایک ہی تعداد شامل ہو اور متناظر دوریوں میں حروف کی ایک ہی تعداد ہو۔

دو ابدالات س، ت تبادلہ پذیر کہلائینگے جبکہ س ت = ت س۔

ابدال ت۔۱ س ت سے تعبیر ہونیوالے عمل کو ہم ت سے س کا استحالہ کہینگے اور حاصل ہونیوالے ابدال کو ت کے لحاظ سے

س کا مزدوج ۔

کوئی ابدال کسی دوسرے ابدال کے لحاظ سے اپنے مزدوج کے متشابہ ہوتا ہے۔ اسکو ثابت کرنیکے لئے فرض کرو کہ (252) ابدال س کو ابدال

$$ت \equiv \begin{pmatrix} ا & ب & ج & \dots & ل & \dots \\ ا' & ب' & ج' & \dots & ل' & \dots \end{pmatrix}$$

سے مستحیل کیا گیا ہے اور فرض کرو کہ س کا ایک دوریہ (ا ب ج ... ل) ہے۔ عمل ت کا اثر ا کو ا' سے بدلنا ہے جو س کے عمل سے ب سے مبدل ہوتا ہے جو پھر ت کے عمل سے ب' سے مبدل ہوتا ہے۔ پس ابدال ت^{-1} س ت، ا کو ب' سے، ب کو ج' سے، ... ل کو ا' سے مبدل کرتا ہے اور س کے دوریہ (ا ب ج ... ل) کے جواب میں اسکے مزدوج کا دوریہ (ا' ب' ج' ... ل') ہے۔

نیز ت سے س کا استحالہ اسوقت تکمیل پاتا ہے جبکہ س کے ہر دوریہ کے ہر حرف کو اُس حرف سے مبدل کیا جائے جو اس کے تحت ابدال ت میں واقع ہے۔ اس لئے حاصل ہونیوالا ابدال س کے متشابہ ہے۔ تکافیاً یہ واضح ہے کہ اگر دو ابدالات س، س، متشابہ ہیں تو ایک ابدال ت معلوم ہو سکتا ہے جو ایک کو دوسرے میں مستحیل کرے۔

حاصل ضرب س ت اور ت س جو بالعموم مختلف ہوتے ہیں ہمیشہ متشابہ ہونگے کیونکہ

$$س ت = ت^{-1} (ت س) ت ۔$$

حاصل ضرب س ت کا مزدوج ایک تیسرے ابدال ع کے لحاظ سے اپنے اجزائے ضربی کے مزدوجوں کے حاصل ضرب کے مساوی

ہوتا ہے کیونکہ $ع'(س\ ت)ع = ع'س\ ع\ ع'ت\ ع$

اگر دو ابدالات $س$، $ت$ پر قانون مبادلہ درست ہو تو $ع$ کے لحاظ سے انکے فرد وجوں پر بھی یہ قانون درست رہتا ہے کیونکہ

اگر $س\ ت = ت\ س$

تو

$$ع'س\ ع\ ع'ت\ ع = ع'ت\ ع\ ع'س\ ع$$

فصل دوم۔ کثیر قیمتی تفاعل اور گروہ

۲۲۴۔ گروہ کی تعریف۔ متشاکل گروہ۔ $لا_1, لا_2, لا_3 \ldots لا_ن$ کا ایک تفاعل، ن ممکن ابدالات کے عمل سے قیمتوں کی جتنی تعداد اختیار کرتا ہے اسکے بموجب اسکو ایک قیمتی، دو قیمتی، تین قیمتی .... غ قیمتی کہا جائیگا۔ ان عناصر کا کوئی متشاکل تفاعل چونکہ کسی ابدال سے تغیر پذیر نہیں ہوتا اور نہ ابدالات کے حاصل ضرب سے اس لئے وہ ایک قیمتی تفاعل ہے۔ اگر تفاعل متشاکل نہیں ہے تو اسکی دو یا زیادہ قیمتیں ہونگی جو اُس ایک ابدال سے حاصل ہو سکیں گی جسکا ابدال کے عمل سے معلوم ہونا فرض کیا جاتا ہے۔ مثلاً تین عناصر کے دو منطق تفاعلوں (253)

$$فہ_1 = لا_1^2 لا_2 + لا_2^2 لا_3 + لا_3^2 لا_1,\ \sqrt{\Delta} \equiv (لا_1 - لا_2)(لا_1 - لا_3)(لا_2 - لا_3)$$

پر غور کرو۔ انمیں سے ہر ایک دو قیمتی ہے۔ چھ ممکن ابدالات یعنی

$$1,\ (321),\ (231),\ (21),\ (31),\ (32)$$

میں سے پہلے تین ابدالات سے فہ$_1$ نہیں بدلتا لیکن آخری تین ابدال اسکو اسکی دوسری قیمت $لا_1^2 لا_3 + لا_3^2 لا_2 + لا_2^2 لا_1 =$ فہ$_2$ میں بدل دیتے ہیں

اسی طرح Δ_1 بھی پہلے تین ابدالات سے نہیں بدلتا لیکن آخری تین ابدالات سے اپنی دوسری قیمت $-\Delta_1$ میں بدلجاتا ہے۔ چار عناصر کی صورت میں ذیل کے تمثیلی تفاعل پر غور کرو:۔

$$فہ_1 \equiv لا_1 لا_2 + لا_3 لا_4$$

اس صورت میں فہ$_1$ کے علاوہ دو اور قیمتیں ہیں یعنی

$$فہ_2 \equiv لا_1 لا_3 + لا_2 لا_4$$

اور $$فہ_3 \equiv لا_1 لا_4 + لا_2 لا_3$$

اسلئے یہ تفاعل تین قیمتی ہے۔

اس امر کی بہ آسانی تصدیق ہوسکتی ہے کہ فہ$_1$ حسب ذیل آٹھ ابدالات سے نہیں بدلتا:۔

ا، (۲۱)، (۳۴)، (۲۱)(۳۴)، (۳۱)(۴۲)، (۴۱)(۳۲)، (۴۲۳۱)، (۲۳۴۱)

اور باقی سولہ ابدالات میں سے ہر ابدال اسکو ایک یا دوسری قیمت میں بدل دیگا۔ وہ ابدالات جنکے عمل سے ایک تفاعل نہیں بدلتا ایک گروہ بناتے ہیں۔ یہ واضح ہے کہ گروہ کے دو یا زیادہ ارکان کے عمل ضرب سے جو اجتماع حاصل ہو وہ خود بھی گروہ سے متعلق ابدال ہوگا۔ پس ہم گروہ کی حسب ذیل باقاعدہ تعریف دیسکتے ہیں:۔

مختلف ابدالات کے ایک نظام کو اسوقت گروہ کہا جاتا ہے جبکہ اِن ابدالات کی تمام قوتیں اور اِن کے تمام حاصل ضرب اُسی نظام کا ایک حصہ ہوں۔

جتنے ابدالات گروہ میں شامل ہوتے ہیں اِنکی تعداد کو گروہ کا رتبہ کہا جائیگا۔

جتنے عناصر پر عمل ہوتا ہے اتنی تعداد گروہ کا درجہ کہلائیگی۔
وہ گروہ جو تفاعل فہ (لا۱، لا۲، ... لان) کو نہیں بدلتا فہ سے متعلق گروہ یا صرف فہ کا گروہ کہلائیگا۔ (254)

ن ابدالات کی مجموعی تعداد درحقیقت ایک گروہ ہے۔ اسکو ہم متشاکل گروہ کہینگے کیونکہ اس کے تمام ارکان کسی متشاکل تفاعل کو نہیں بدلتے۔

ممکن ہے کہ ایک گروہ میں دوسرے گروہ کے کل ابدالات شامل ہوں علاوہ دیگر ابدالات کے جو قبل الذکر سے مخصوص ہیں۔ ایسی صورت میں اس دوسرے شامل ہونیوالے گروہ کو قبل الذکر گروہ کا تحت گروہ کہا جائیگا۔

متشاکل گروہ ہر دوسرے گروہ کو بطور تحت گروہ کے شامل رکھتا ہے۔ خواہ کوئی ابدال ہو وہ اپنی تمام قوتوں کے ساتھ ملکر ایک گروہ بناتا ہے جو متشاکل گروہ میں بطور تحت گروہ کے شامل ہوگا۔ متشاکل گروہ کے بعد متبادلہ گروہ اہمیت رکھتا ہے جسکی تعریف اب ہم بتلائینگے۔

۲۲۵ ۔ متبادلہ گروہ ۔ ن عناصر کے منطق تفاعل

$$\Pi(لا_{\alpha}-لا_{\beta}) \equiv (لا_1-لا_1)(لا_1-لا_2)(لا_1-لا_3)(لا_1-لا_4)(لا_1-لا_5)\ldots(لا_1-لا_ن)$$

$$(لا_2-لا_3)(لا_2-لا_4)(لا_2-لا_5)\ldots(لا_2-لا_ن)$$

$$(لا_3-لا_4)(لا_3-لا_5)\ldots(لا_3-لا_ن)$$

$$\ldots\ldots\ldots\ldots$$

$$(لا_{ن-1}-لا_ن)$$

پر غور کرو جو عناصر کے تمام ممکن فرقوں کے حاصل ضرب پر مشتمل ہے۔ Π کا

مُربع مشہور متشاکل تفاعل ہے یعنے ممیز ۵ ۔ اس لیے TT کی دو قیمتیں ہیں جو عدداً مساوی ہیں مگر علامت میں مختلف یعنے $\overline{5}$ اور $-\overline{5}$ ۔ ایسے دو قیمتی تفاعل متبادلہ تفاعل کہلائینگے ۔ یہ واضح ہے کہ کسی انتقال سے TT کی علامت بدل جاتی ہے چنانچہ انتقال (لالہ ' لابہ) پر غور کرو اور TT کو اس کی علامت بدلے بغیر کہ راس طرح ترتیب دو کہ لالہ کا ہی محل اختیار کریں جو لابہ کا ہے ۔ اسکی علامت کا ثبت ہونا ضروری نہیں ہے ۔ اس انتقال سے اوپر کی صف میں پہلے جزو ضربی کی علامت بدل جاتی ہے اور اوپر کی صف کے باقی دیگر اجزائے ضربی دوسری صف کے اجزائے ضربی کے ساتھ باہم بدلجاتے ہیں ۔ باقی دیگر صفوں کے اجزائے ضربی پر کوئی اثر نہیں پڑتا پس حاصل ضرب کی علامت بدلجاتی ہے ۔ کسی اور انتقال سے یہ حاصل ضرب پھر اپنی ابتدائی علامت کی طرف عود کرتا ہے ۔ پس دو انتقالات یا انتقالات کی جفت تعداد کے حاصل ضرب سے $\overline{5}$ نہیں بدلتا لیکن انتقالات کی طاق تعداد کے حاصل ضرب کا اثر $\overline{5}$ کو اس کی دوسری قیمت ۔ $\overline{5}$ میں یا ۔ $-\overline{5}$ کو اسکی دوسری قیمت $\overline{5}$ میں بدلنے کا ہے ۔ (255)

کسی ابدال کو انتقالات کے حاصل ضرب کے طور پر بیان کرنیکے متعدد طریقے ہیں لیکن اسکو خواہ کسی طرح بیان کیا جائے ایسے اجزائے ضربی کی تعداد یا ہمیشہ جفت ہونی چاہیئے یا ہمیشہ طاق کیونکہ یہ ہو نہیں سکتا کہ ایک ہی ابدال بوقتِ واحد $\overline{5}$ کی علامت کو بھی بدلے اور وہ غیر متغیر بھی رہے ۔ اب چونکہ دو جفت ابدالات کا حاصل ضرب خود ایک جفت ابدال ہے اس لئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اکائی مع اُن سب ابدالات کے جو انتقالات کی جفت تعداد سے بنے ہیں ایک گروہ ہے اور یہ کہ $\overline{5}$ اور ۔ $-\overline{5}$ دونوں تفاعل اس گروہ سے متعلق ہیں ۔ اسکو ہم متبادلہ گروہ کہینگے اور اب اسکا رتبہ دریافت کرینگے ۔

فرض کرو کہ ن عناصر کا متبادلہ گروہ حسب ذیل ابدالات پر مشتمل ہے:-

$$س_1 = ا،\ س_2،\ س_3،\ \ldots،\ س_ر \qquad (۱)$$

اور فرض کرو کہ تشاکل گروہ کے باقی دوسرے ابدالات جو انتقالات کی طاق تعداد پر مشتمل اور اسلئے اوپر کے ابدالات سے مختلف ہیں حسب ذیل ہیں:-

$$سَ_1،\ سَ_2،\ سَ_3،\ \ldots،\ سَ_ر \qquad (۲)$$

اب ہم کسی انتقال ت کو لیتے ہیں اور عمل ضرب سے حسب ذیل دو سلسلے بناتے ہیں:-

$$س_1 ت،\ س_2 ت،\ س_3 ت،\ \ldots،\ س_ر ت \qquad (۳)$$

$$سَ_1 ت،\ سَ_2 ت،\ سَ_3 ت،\ \ldots،\ سَ_ر ت \qquad (۴)$$

(۳) کا ہر ابدال انتقالات کی طاق تعداد سے ترکیب پاتا ہے اور اس لئے (۲) میں شامل ہے۔ نیز (۴) کا ہر ابدال انتقالات کی جفت تعداد سے بنا ہے اور اس لئے (۱) میں شامل ہے۔ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ $ر \geqq ت$ اور نیز $ر \leqq ت$، اس لئے $ر = ت$ (256)
اور چونکہ $ر + ت = ن$، متبادلہ گروہ کے رتبہ کے لئے آخر الامر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ر = \frac{1}{2} ن$$

۲۲۶۔ کثیر قیمتی تفاعلوں کی مزدوج قیمتیں اور مزدوج گروہ۔ مسئلہ:- کسی گروہ کا رتبہ، ن کا ٹھیک مقسم ہوتا ہے اور خارج قسمت سے متناظر کثیر قیمتی تفاعل کی مختلف قیمتوں کی تعداد ظاہر ہوتی ہے۔

اس اہم مسئلہ کو ثابت کرنے میں سہولت پیدا ہو جاتی ہے اگر پہلے ایک تفاعل فہ ایسا معلوم کیا جائے جو رتبہ ر اور درجہ ن والے گروہ گ کے ابدالات س۱ = ا، س۲، س۳، ... س ر سے نہیں بدلتا۔ ایسا تفاعل فہ معلوم کرنیکے لئے ہم ایک تفاعل شہ = لا لاب لاج ... لال لیتے ہیں جہاں ا، ب، ج، ... ل تمام مختلف صحیح عدد ہیں اور اسلئے متشاکل گروہ کے تمام ابدالات کے لئے شہ، ن مختلف قیمتیں اختیار کرتا ہے۔

شہ = س۱ شہ، شہ = س۲ شہ وغیرہ لینے سے ہم ثابت کرینگے کہ فہ = شہ + شہ + ... + شہ گروہ گ کے ابدالات سے نہیں بدلتا۔ ہم فہ کو شہ، شہ، ... شہ کی کسی قوتوں کے مجموعہ کے برابر بھی لے سکتے ہیں جو ا، ب، ج، ... ل کے لئے اعداد صحیح کے مختلف جٹ لینے کی ایک خاص صورت ہوگی پس اگر

فہ = شہ + شہ + شہ + ... + شہ = (س۱ + س۲ + ... + س ر) شہ

لیا جائے اور اسکو گروہ گ کے کسی ابدال س سے ضرب دیا جائے تو حاصل ہوتا ہے

س فہ = (س س۱ + س س۲ + ... + س س ر) شہ۔

اب اگر س ب، س گروہ گ کے ابدال ہیں تو مفروض کے مطابق س س ب بھی گ کا ابدال ہے اور مزید بریں س س ب شہ ≠ س س ج شہ کیونکہ اگر س س ب شہ = س س ج شہ تو س۱ سے

ضرب دینے پر $س_ا$ شہ = $س_ا$ شہ اور اسلئے چونکہ شہ کی صرف
ن قیمتیں ہیں $س_ا$ = $س_ا$۔ پس شہ، شہ'، ... شہ کو $س_ا$
سے ضرب دینے کا اثر یہ ہے کہ یہ ابدالات کسی دوسری ترتیب میں
عود کرتے ہیں اور اس لئے گ کے کسی ابدال سے فہ غیر متغیر رہتا
ہے۔ کوئی ابدال ت جو گروہ گ میں نہیں ہے فہ کو بدل دیتا ہے
کیونکہ اگر ت فہ = فہ تو ت شہ = شہ ہونا چاہئے اس لئے
$س_ا$ ت شہ = $س_ا$ شہ ∴ $س_ا$ ت = $س_ا$ کیونکہ شہ کی ن
مختلف قیمتیں ہیں۔ ∴ ت = $س_ا^{-1}$ $س_ا$ اور اسلئے ت گروہ
گ سے متعلق ہے۔

اب عام مسئلہ کا ثبوت دینے کے لئے فرض کرو کہ $ح_۲$ ایک
ایسا ابدال ہے جو گ میں شامل نہیں ہے اور اس لئے یہ ابدال
فہ کو بدلکر فہ' کر دیتا ہے۔ گ کے ارکان کو $ح_۲$ سے ضرب دو
تو ابدالات کا حسب ذیل سلسلہ ملتا ہے جنمیں سے سب ابدالات (257)
فی الحقیقت متماثل گروہ سے متعلق ہیں:۔

$س_ا ح_۲$، $س_۲ ح_۲$، $س_۳ ح_۲$، ... $س_ر ح_۲$ (۲)

اس سلسلے کے ارکان میں حسب ذیل خواص پائے جاتے ہیں:۔
(۱) یہ سب ایک دوسرے سے مختلف ہیں کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو
$س_ا ح_۲ = س_ب ح_۲$ سے $ح_۲^{-1}$ سے ضرب دینے پر $س_ا$ کا $س_ب$
کے مساوی ہونا لازم آتا۔ (۲) یہ سب فہ کو فہ' میں مستحیل کرتے ہیں
کیونکہ پہلے جزو ضربی $س_ا$ سے فہ نہیں بدلتا اور $ح_۲$ اسکو فہ' میں

بدل دیتا ہے۔ اور (۳) کوئی اور ابدالات متشاکل گروہ میں شامل نہیں ہیں جنہیں یہ خاصیت ہو کیونکہ اگر کوئی ابدال ت، فہ کو فہ میں بدلے تو حاصل ضرب ت ح۱ سے فہ نہیں بدلیگا اور اس لئے یہ ابدال ت گروہ گ سے متعلق ہوگا یعنی ت ح۱ = س ع اور اسلئے ت = س ع ح۱۔

اب ہم ابدال ح۲ سے جو گ کا سلسلۂ س ع ح۲ میں شامل نہیں ہے ایک اور صف بناتے ہیں۔ یہ ابدال فہ کو ایک نئی قیمت فہ میں بدلیگا کیونکہ اگر یہ فہ کو غیر متغیر رکھے تو یہ گ میں شامل ہوگا اور فہ کو فہ میں بدلے تو یہ دوسری صف میں شامل ہوگا۔ اسی طرح عمل کرنے سے اور ہر مستقل پہ ح کی ایسی قیمت لینے سے جو سابقہ صفوں میں شامل نہ ہو ہم متشاکل گروہ کے ت ابدالات کو ختم کر سکتے ہیں اور ان کو غ صفوں میں ترتیب دے سکتے ہیں جن کے ساتھ فہ کی قیمتیں فہ، فہ،... فہ منسوب ہیں جو ایک دوسرے سے مختلف ہیں اور جو فہ کی تمام قیمتوں پر مشتمل ہیں کیونکہ جدول سے ہمیں فہ پر کسی ابدال کا اثر معلوم ہو جائیگا۔ اس طرح ہمکو ذیل کی جدول ملتی ہے جس میں تشاکل کی خاطر ا کی بجائے ح۱ لکھا گیا ہے۔

س۱ ح۱، س۲ ح۱، س۳ ح۱، ... س ر ح۱،

س۱ ح۲، س۲ ح۲، س۳ ح۲، ... س ر ح۲،

س۱ ح۳، س۲ ح۳، س۳ ح۳، ... س ر ح۳،

. . . . . .

. . . . . .

س۱ ح غ، س۲ ح غ، س۳ ح غ، ... س ر ح غ

تشاکل گروہ کے ابدالات کو گ کے ابدالات کے ذریعہ مذکورۂ بالا طریقہ پر ترتیب دینے کو ہم فہ کے حوالہ کے بغیر بھی اس طرح ثابت کر سکتے ہیں کہ اگر مثلاً ح۳ کسی سابقہ صفوں میں شامل نہیں ہے تو س ع ح۳، س پ یا س پ ح۳ کے مساوی نہیں ہے۔ کیونکہ

اگر س ع ح۳ = س پ تو ح۳ = س ع^-۱ س پ اور اس لئے ح۳ پہلی صف میں واقع ہوگا۔ اور اگر س ع ح۳ = س پ ح۳ تو ح۳ = س ع^-۱ س پ ح۲ اور اسلئے ح۳ دوسری صف میں واقع ہوگا۔ اس طرح اگر ہم تشاکل گروہ کا کوئی نیا ابدال ح۴ لیں جو پہلی تین صفوں میں شامل نہیں ہے تو ہمیں ایک نئی صف ملتی ہے جسمیں کا کوئی رکن پہلی تین صفوں میں واقع نہیں ہوتا۔ کیونکہ اگر س ع ح۴ = س پ یا س پ ح۲ یا س پ ح۳ تو ح۴ = س ع^-۱ س پ یا س ع^-۱ س پ ح۲ یا س ع^-۱ س پ ح۳ اور اسلئے ح۴ پہلی یا دوسری یا تیسری صف میں واقع ہوگا۔ اس طرح عمل جاری رکھنے پر ہم تشاکل گروہ کے تمام ن ابدالات کو ختم کر دیتے ہیں اور ان کو مذکورۂ بالا جدول میں ترتیب دیتے ہیں۔ (258)

اب چونکہ اس جدول میں غہ صف ہیں اور ہر صف میں ر ارکان ہیں اس لئے ر غہ = ن اور مسئلہ ثابت ہو جاتا ہے۔

غہ قیمتی تفاعل کی مختلف قیمتوں

فہ۱، فہ۲، فہ۳، ...، فہ ک، ...، فہ

کی متشابہت کی وجہ سے یہ بالکل واضح ہے کہ انمیں سے ہر تفاعل کا ایک گروہ ہوگا جو فہ کے گروہ کے متشابہ ہوگا۔ یہ آسانی کے ساتھ ثابت ہو سکتا ہے کہ انمیں سے کسی تفاعل فہ کا گروہ گ کے تمام ابدالات کو ابدال $ح_ک$ سے مستحیل کرنے سے جس سے فہ، فہ میں بدلتا ہے حاصل ہوتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ کوئی ابدال $ح_ک^{-1} س_ع ح_ک$، فہ کو نہیں بدلتا کیونکہ $ح_ک^{-1}$ سے وہ فہ میں تبدیل ہوتا ہے جو $س_ع$ سے غیر متبدل رہتا ہے اور پھر $ح_ک$ سے فہ میں تبدیل ہوتا ہے۔ پس فہ کا گروہ یہ ہے

$$ح_ک^{-1} س_1 ح_ک،\ ح_ک^{-1} س_2 ح_ک،\ ح_ک^{-1} س_3 ح_ک،\ \ldots،\ ح_ک^{-1} س_ر ح_ک$$

جہاں گ کا ہر ابدال، $ح_ک$ سے مستحیل ہوتا ہے۔ اس نتیجہ کو اختصاراً اس ترقیم

$$گ_ک = ح_ک^{-1}\ گ\ ح_ک$$

سے ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

$گ_1، گ_2، گ_3، \ldots، گ_غ$ کو مزدوج گروہ کہا جائیگا اور متناظر تفاعلوں فہ۱، فہ۲، فہ۳، ...، فہغ کو مزدوج تفاعل۔

یہ واضح ہے (دفعہ ۲۲۳) کہ کوئی دو مزدوج گروہ متشابہ ابدالات پر مشتمل ہوتے ہیں۔

گ اور متشاکل گروہ کے رتبوں کے درمیانی رشتہ سے متعلق جو کچھ اوپر ثابت ہوا وہ عام تر صورت یعنی گ اور کسی وسیع تر گروہ گ کے رتبوں کے درمیانی رشتہ کے لئے بھی درست ہے جبکہ گ میں گ تحت گروہ کے طور پر شامل ہو۔ اسکے یہ معنے ہیں کہ گ کا رتبہ کسی وسیع تر گروہ گ کے رتبہ ر کا ٹھیک مقسم ہے اور خارج قسمت م ایک کثیر قیمتی تفاعل کی مختلف قیمتوں کی تعداد کے مساوی ہے۔ یہ ایسا تفاعل ہے جو گ کے ابدالات سے نہیں بدلتا لیکن تفاعل کی مختلف قیمتیں گ کے ابدالات سے حاصل ہوتی ہیں۔ اسکا ثبوت جو مندرجۂ بالا ثبوت کے بالکل (259) متشابہ ہے اس طور پر دیا جا سکتا ہے کہ گ کے ر ابدالات کو صفوں کی ایک بہ تعداد (فرض کرو م) میں ترتیب دیا جائے جنمیں سے پہلی صف، گ کے ر ابدالات سے بنی ہو دوسری صف ان ابدالات کو ح سے ضرب دینے کے بعد بنائی گئی ہو جہاں ح گ کا ایک ایسا ابدال ہے جو گ میں شامل نہیں ہے۔ تیسری صف گ کے ابدالات کو ح۲ سے ضرب دینے کے بعد بنائی گئی ہو جہاں ح۲ گ کا ایک ایسا ابدال ہے جو پہلی دو صفوں میں واقع نہیں ہوتا اور علی ہذا یہاں تک کہ گ کے تمام ابدالات ختم ہو جائیں۔ جدول سے گ کے ہر ایک ابدال کا اثر فہ پر معلوم ہوتا ہے جو یا تو اس کو غیر متغیر رکھتا ہے یا فہ، یا فہ،... یا فہم میں بدل دیتا ہے۔ پس درحقیقت فہ + فہ + ... + فہم ایک

ایسا تفاعل ہے جو گ، کے ابدالات سے نہیں بدلتا۔
اس طرح ہمکو علاوہ رغہ = رَغہَ = ن کے حسب ذیل رشتے حاصل ہوتے ہیں:۔

رَ = م ر اور اس لئے غہ = م غہَ

مثالیں

۱۔ چار عنصروں کے لئے تفاعل فہ۱ ≡ لا۱ لا۲ + لا۳ لا۴ کی مختلف قیمتوں کے جواب میں، مزدوج گروہ بناؤ۔
یہ آسانی سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تفاعل کی صرف تین مختلف قیمتیں ہیں یعنے

فہ۱ ≡ لا۱ لا۲ + لا۳ لا۴، فہ۲ ≡ لا۱ لا۳ + لا۲ لا۴، فہ۳ ≡ لا۱ لا۴ + لا۲ لا۳

اور اس لئے ہر تفاعل کے لئے ایک ۸ ویں رتبہ کا گروہ ہے۔
فہ۱ کا گروہ حسب ذیل آٹھ ابدالات پر مشتمل ہے:۔

گ۱ ≡ [۱، (۲۱)، (۴۳)، (۲۱)، (۴۳)، (۳۱)(۴۲)، (۴۱)(۳۲)، (۴۲۳۱)، (۳۲۴۱)]

اگر ہم کوئی ابدال مثلاً (۳۲) لیں جو فہ۱ کو فہ۲ میں تبدیل کرتا ہے اور نیز کوئی دوسرا مثلاً (۴۲) لیں جو فہ۱ کو فہ۳ میں تبدیل کرتا ہے اور پھر پچھلی دفعہ کی جدول بنائیں تو ہمیں متشاکل گروہ کے تمام چوبیس ابدالات حسب ذیل حاصل ہوتے ہیں:۔

۱ (۲۱) (۴۳) (۲۱) (۴۳) (۳۱) (۴۲) (۴۱) (۳۲) (۴۲۳۱) (۳۲۴۱)
(۳۲) (۲۳۱) (۴۳۲) (۲۴۳۱) (۳۴۲۱) (۴۱) (۴۲۱) (۳۴۱)
(۴۲) (۲۴۱) (۳۴۲) (۲۳۴۱) (۳۱) (۴۳۲۱) (۴۳۱) (۳۲۱)

پہلی صف گروہ گ، ہے۔ دوسری صفیں گروہ نہیں ہیں لیکن اس طرح کی ہیں کہ دوسری صف کے ارکان سب کے سب فہ۱ کو فہ۴ میں

تبدیل کرتے ہیں اور ان کے علاوہ کوئی اور ارکان فہ۱ کو فہ۲ میں تبدیل نہیں کرتے۔ اس طرح تیسری صف کے ارکان سب کے سب فہ۱ کو فہ۳ میں تبدیل کرتے ہیں۔ اور ان کے علاوہ کوئی اور ارکان فہ۱ کو فہ۳ میں تبدیل نہیں کرتے۔ فہ۳ کا متناظر گروہ گ۳، گ۱ کے ابدالات کو (۳۲) سے مستحیل کرنے سے حاصل ہوتا ہے اور اس استحالہ کے لئے گ۱ کے ابدالات میں صرف ۲ اور ۳ کا باہمی تبادلہ کرنا کافی ہے۔ چنانچہ اس طریقہ سے ہمیں فہ۲ اور فہ۳ کے گروہ آسانی کے ساتھ حسب ذیل حاصل ہوتے ہیں:۔

گ۲ = [ا، (۳۱)، (۴۲)، (۳۱)(۴۲)، (۲۱)(۴۳)، (۴۱)، (۳۲)(۴۳۲۱)، (۲۳۴۱)]

گ۳ = [ا، (۴۱)، (۳۲)، (۴۱)(۳۲)، (۳۱)(۴۲)، (۲۱)(۴۳)، (۲۴۳۱)(۴۳۲۱)]

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ تیسرے رتبہ کے کوئی دائری ابدالات ان گروہوں (280)
میں سے کسی گروہ میں موجود نہیں ہیں اور یہ تینوں گروہ بعض مشترک ابدالات رکھتے ہیں۔ کیونکہ اکائی ابدال تمام مزدوج گروہوں میں مشترک ہونا چاہئے اور یہاں گ۱، گ۲، گ۳ میں اس اکائی ابدال کے علاوہ ابدالات (۲۱) (۴۳)، (۳۱) (۴۲)، (۴۱) (۳۲) مشترک ہیں۔ یہ چار ابدال، تین مزدوج گروہوں کا ایک مشترک تحت گروہ ہیں۔

۲۔ اس بات کی تصدیق کرو کہ پہلی مثال میں گ۱ کے ابدالات ایک بند گروہ بناتے ہیں یعنے اس کے ارکان میں سے کسی دو کو ضرب دینے سے ہمیشہ اسی گروہ کا کوئی نہ کوئی رکن پیدا ہوتا ہے۔

گ۱ کے ابدالات کو پہلی مثال کی ترتیب میں ہی رکھ کر انکو علی الترتیب ا، ا، ب، ج، د، غ، ف، گ سے تعبیر کرو تو حسب ذیل ضربی جدول ملیگی جس کی تصدیق آسانی کے ساتھ ہو سکتی ہے:۔

	ا	ا	ب	ج	د	ع	ف	گ
ا ≡ ا	ا	ا	ب	ج	د	ع	ف	گ
(۲۱) ≡ ا	ا	ا	ج	ب	گ	ف	ع	د
(۴۳) ≡ ب	ب	ج	ا	ا	ف	گ	د	ع
(۲۱)(۴۳) ≡ ج	ج	ب	ا	ا	ع	د	گ	ف
(۳۱)(۴۲) ≡ د	د	ف	گ	ع	ا	ج	ا	ب
(۴۱)(۳۲) ≡ ع	ع	گ	ف	د	ج	ا	ب	ا
(۴۲۳۱) ≡ ف	ف	د	ع	گ	ب	ا	ج	ا
(۳۲۴۱) ≡ گ	گ	ع	د	ف	ا	ب	ا	ج

عمل ضرب میں پہلے ستون سے جزو ضربی لیکر اسکو باری باری سے اوپر کی صف کے ہر حرف کی داہنی جانب رکھنا ہوگا۔

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ گ، میں تحت گروہ

[ا، (ب، ج)، [ا، ج، د، ع]، [ا، ج، ف، گ]

شامل ہوتے ہیں جو سب کے سب چوتھے رتبہ کے ہیں، نیز دوسرے رتبہ کے متعدد تحت گروہ بھی شامل ہیں مثلاً

[ا، ا]، [ا، ج] وغیرہ۔

۳۔ چار عناصر کے لئے متبادلہ گروہ گ بناؤ۔ ایسے ابدالات جو انتقالات کی جفت تعداد پر مشتمل ہیں مثال (۱) میں دیے ہوئے چوبیس

(261) ابدالات میں سے آسانی کے ساتھ چن لئے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ ایسے چار ابدالات ۱، (۲۱) (۴۳)، (۳۱) (۴۲)، (۴۱) (۳۲) ہیں اور پھر تیسرے رتبہ کے آٹھ دائری ابدالات ہیں۔ ان کو ہم تین صفوں میں حسب ذیل وضع پر ترتیب دیتے ہیں:۔

$$\text{گ} = \left\{ \begin{array}{llll} ۱ & (۲۱)(۴۳) & (۳۱)(۴۲) & (۴۱)(۳۲) \\ (۲۳۱) & (۴۳۲) & (۴۲۱) & (۳۴۱) \\ (۲۴۱) & (۳۴۲) & (۴۳۱) & (۳۲۱) \end{array} \right.$$

اس گروہ سے متعلق تفاعل $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ ہے۔ اگر اوپر کے ہر ابدال کو کسی انتقال مثلاً (۳۲) سے ضرب دیا جائے جو $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ کو $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ میں تبدیل کرتا ہے تو متشاکل گروہ کے باقی بارہ ابدالات حاصل ہوتے ہیں۔ اگر گ کے ہر رکن کو (۳۲) سے تحویل کیا جائے تو $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ کا گروہ حاصل ہوگا اور اسکی آسانی کے ساتھ تصدیق ہو سکتی ہے کہ یہ گروہ 'گ' پر منطبق ہوتا ہے جو $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ کا گروہ ہے۔ مثلاً (۲۱) (۴۳) اس استحالہ سے (۳۱) (۴۲) ہوتا ہے، (۴۱) (۳۲) غیر متغیر رہتا ہے، (۳۲۱) اور (۲۳۱) آپس میں بدل جاتے ہیں اور علیٰ ہذا القیاس۔ پس یہ دونوں مزدوج گروہ اس صورت میں منطبق ہوتے ہیں کیونکہ $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ اور $\frac{\text{ھ}}{\text{ھ}}$ دونوں ایک ہی گروہ سے متعلق ہیں یہی نتیجہ عناصر کی کسی تعداد کے لئے بھی درست ہے (دفعہ ۲۲۵)۔

گ کے ابدالات کو متذکرۂ صدر تین صفوں میں ترتیب دینے سے اس امر کی توضیح ہوتی ہے جو پچھلی دفعہ کے ختم پر ثابت ہوا تھا۔ پہلی صف کے چار ابدال گ کا ایک تحت گروہ ہیں، ان سے دوسری صف کے چار ابدال (۲۳۱) سے ضرب (اسکو بائیں جانب رکھکر) دینے سے حاصل ہوتے ہیں، اور آخری چار ابدالات (۲۴۱) سے ضرب دینے سے تحت گروہ کا رتبہ ۴ گ کے رتبہ کا ایک مقسم ہے۔ اس گروہ کو ہم ھ سے تعبیر کرینگے چنانچہ

$$\text{ھ} \equiv [\,۱،\ (۲۱)(۴۳)،\ (۳۱)(۴۲)،\ (۴۱)(۳۲)\,]$$

تفاعل ا (لا۱ لا۲ + لا۳ لا۴) + ب (لا۱ لا۴ + لا۲ لا۳) + ج (لا۱ لا۳ + لا۲ لا۴)
اس گروہ سے متعلق ہے۔ اس میں ا، ب، ج کوئی اختیاری مستقل ہیں۔
متشاکل گروہ کے ابدالات کے جواب میں اس تفاعل کی چھ مختلف قیمتیں ہیں یعنے

ا فہ + ب فہ + ج فہ، ا فہ + ب فہ + ج فہ، ا فہ + ب فہ + ج فہ
ا فہ + ب فہ + ج فہ، ا فہ + ب فہ + ج فہ، ا فہ + ب فہ + ج فہ

ان سب کا ایک ہی گروہ ۶ ہے کیونکہ اس صورت میں یہ چھ
مزدوج گروہ منطبق ہوتے ہیں۔ فی الحقیقت متشاکل گروہ کا کوئی استحالہ جو ۶
کے ابدالات پر عمل کرتا ہو وہی چار ابدالات کسی نہ کسی ترتیب میں پیدا
کرتا ہے۔ ایسے گروہ کو غیر متغیر تحت گروہ کہا جائیگا۔ متبادلہ گروہ
بھی ایک غیر متغیر تحت گروہ ہے۔

۴۔ ثابت کرو کہ ن۔ انتقالات (۱۲)، (۱۳)، (۱۴)، ... (۱ن)
سے اخذ کردہ گروہ متشاکل گروہ پر منطبق ہوتا ہے۔
ہر ابدال چونکہ انتقالات کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے اسلئے وہ
مندرجۂ بالا سلسلہ کے ارکان کے حاصل ضرب کے طور پر تعبیر ہو سکتا
ہے (مثال ۱۲ دفعہ ۲۲۲)۔

۵۔ ثابت کرو کہ عناصر کی کسی تعداد کے لئے رتبہ ½ ن کا صرف
ایک گروہ ہے۔ یعنی متبادلہ گروہ۔
فرض کرو کہ رتبہ ½ ن کا گروہ

س۱ ≡ ا، س۲، س۳، ...، س½ن (۱)

ہے۔

(262) اسکو اول دائیں جانب اور پھر بائیں جانب، متشاکل گروہ کے کسی ابدال ت سے جو اس میں پہلے سے شامل نہ ہو ضرب دینے سے ہمیں یہ دو سلسلے ملتے ہیں:-

(۲) $ت، ت س_{۴}، ت س_{۴}^{۲}، \ldots، ت س_{۴}^{\frac{۱}{۲}ن}$

(۳) $ت، س_{۴} ت، س_{۴}^{۲} ت، \ldots س_{۴}^{\frac{۱}{۲}ن} ت$

ان میں سے ہر ایک میں وہ $\frac{۱}{۲}ن$ ت ابدالات ہونے چاہئیں جو (۱) میں شامل نہیں ہیں۔ پس یہ دونوں سلسلے مماثل ہیں اور خ خواہ کچھ ہی ہو جے کی کسی خاص قیمت کے لئے ہمیں یہ رشتہ

$$ت س_{خ} = س_{جے} ت \text{ یا } س_{خ} = ت^{۱} س_{جے} ت$$

ملتا ہے جس سے آسانی کے ساتھ یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ گروہ (۱) میں وہ سب ابدالات شامل ہیں جو اسمیں شریک ہونیوالے کسی ابدال کے متشابہ ہیں۔ پس (۱) کسی واحد انتقال پر مشتمل نہیں ہو سکتا کیونکہ اگر ایسا ہو تو اس میں سب ابدالات ویسے ہی ہونگے اور اس لئے وہ متشاکل گروہ کے مماثل ہوگا (مثال ۴)۔

اب بتایا جا سکتا ہے کہ (۱) میں کسی دو انتقالات کا حاصل ضرب بطور ابدال کے شامل ہے۔ اس مقصد کے لئے فرض کرو کہ سلسلہ (۲) میں ت کوئی انتقال ہے۔ (۱) اور (۲) دونوں کو ایک دوسرے انتقال ع سے ضرب دینے کا اثر یہ ہوگا کہ دونوں سلسلے (۱) اور (۲) ایک دوسرے کی جگہ بدل جائینگے۔ اس لئے یہ ثابت ہو گیا کہ ع ت، (۱) کے ابدالات میں سے ایک ابدال ہونا چاہئے کیونکہ $س_{۱}$ = ا انمیں سے ایک ہے۔

اس سے یہ واضح ہے کہ ہر دو قسمی تفاعل متبادلہ گروہ سے متعلق ہوگا

کیونکہ صرف یہی گروہ ہے جسکا رتبہ مساوات ۲ ر = ن کو پورا کرتا ہے۔

۶ ــ متبادلہ گروہ میں طاق رتبہ کے تمام دائری ابدالات شامل ہوتے ہیں اور جفت رتبہ کا کوئی ابدال شامل نہیں ہوتا۔

۷ ــ ثابت کرو کہ وہ گروہ جسمیں تیسرے رتبہ کے تمام دائری ابدال شامل ہوتے ہیں متبادلہ گروہ ہے یا متشاکل گروہ ــ

مثال ۱۳ دفعہ ۲۲۲ استعمال کرو ــ

۸ ــ ثابت کرو کہ جس گروہ میں پانچویں رتبہ کے تمام دائری ابدالات شامل ہوتے ہیں اس میں تیسرے رتبہ کے تمام دائری ابدالات بھی شامل ہونگے کیونکہ

(ا ج د ع ب) (ا ج ب ع د) = (ا ب ج)

۹ ــ گروہ کا رتبہ اس کے ابدالات میں سے کسی ایک کے رتبہ کا ضعف ہوتا ہے۔

۱۰ ــ اگر ن ایک مفرد عدد ہو تو رتبہ ن کا ہر گروہ، رتبہ ن کے ایک دائری ابدال کی ن قوتوں سے ترکیب پاتا ہے۔

۱۱ ــ اگر دو گروہوں میں مشترک ابدالات ہوں تو یہ خود ایک گروہ بناتے ہیں اور انکی تعداد دونوں گروہوں کے رتبوں کا مشترک مقسم ہے۔

۱۲ ــ اگر ایک گروہ کے ارکان ایک ہی ابدال سے مستحیل کئے جائیں تو اس طور پر اخذ کردہ مزدوج خود ایک گروہ بناتے ہیں۔

دفعہ ۲۲۳ کے ختم پر دئے ہوئے رشتوں کو استعمال کرو۔

۲۲۷ ــ دئے ہوئے گروہ کے تفاعلوں کا بنانا ــ گیالوا تفاعل[1] (263)

اب ہم پھر اس مسئلہ پر بحث کرینگے جو ن متغیروں لا، لام، .... لان کے ایسے تفاعلوں کے بنانے سے متعلق ہے جو ایک دئے ہوئے گروہ گ کے تمام ابدالات کے لئے نہیں بدلتے۔

[1] Galois

اس مسئلہ پر ہم نے دفعہ ۲۲۶ کی ابتدا میں بحث کی تھی۔ ہم سا کیلئے ذیل کے مختلف نمونہ کا تفاعل انتخاب کرتے ہیں جو متماثل گروہ کے تمام ابدالات کے لئے ان مختلف قیمتیں رکھتا ہے :-

$$سا = عم_{1} لا + عم_{2} لا^{2} + عم_{3} لا^{3} + \ldots + عم_{ن} لا^{ن}$$

جہاں $عم_{1}, عم_{2}, \ldots, عم_{ن}$ ن مختلف مستقل ہیں۔ اس تفاعل سا کو "گیا لو اتفاعل" کہتے ہیں دفعہ ۲۲۶ کی طرح $سا_{1}, سا_{2}, \ldots, سا_{ل}$ کو گ کے ابدالات سے حاصل کیا جاتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں $سا_{1}, سا_{2}, \ldots سا_{ل}$ گروہ گ کے ابدالات سے نہیں بدلتے۔ بالخصوص تفاعل

$$فہ = (ما + سا_{1}) \times (ما + سا_{2}) \ldots (ما + سا_{ل})$$

گروہ گ کے ابدالات سے نہیں بدلیگا اور ان ابدالات سے جو گ میں شامل نہیں ہیں ایک مختلف قیمت میں بدل جائیگا۔ اس لئے کسی وسیع تر گروہ کے ابدالات سے جس میں گ بحیثیت تحت گروہ شامل ہو تفاعل فہ غیر متغیر نہیں رہتا۔ فہ کو ما کی قوتوں میں پھیلایا جائے تو اگرچہ ما کی قوتوں کے بعض سر ایک وسیع تر گروہ کے ابدالات سے نہ بدلیں سب کے سب سر غیر متغیر نہیں رہتے اور اس لئے ان میں سے ایک ابدال سے ہمیں ایک ایسا تفاعل ملیگا جو ابدالات گ سے غیر متغیر رہتا ہے اور ایک وسیع تر گروہ کے ابدالات سے بدل جاتا ہے۔

ایک مساوات کی اصلوں کی قوتوں کے مجموعوں کے لئے ان جملوں کا لحاظ رکھتے ہوئے جو سروں کی رقوم میں بیان کئے گئے ہیں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ فہ میں ما کی قوتوں کے سروں کی بجائے ہم سا، سا، ... سا لے سکتے ہیں اور اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ قوتوں کے ان مجموعوں میں سے کم از کم ایک ایسا ہے جو گ کے ابدالات سے نہیں بدلتا

اور متشاکل گروہ سے کسی ایک ابدال سے بدلجاتا ہے۔
ذیل میں ہم دئے ہوئے گروہ سے متعلق تفاعلوں کو معلوم کرنے کے اس طریقہ کی توضیح میں چند مثالیں دیتے ہیں۔

امثلہ

۱۔ تین متغیروں کا ایک تفاعل بناؤ جو متبادلہ گروہ
[(۱)، (۳۲۱)، (۲۳۱)]
کے تمام ابدالات سے غیر متغیر رہے۔

(264) گیا لوا کے تفاعل پر ان ابدالات سے عمل کرنے سے

$$\text{سا}_1 \equiv \text{عہ}_1 \text{لا}_1 + \text{عہ}_2 \text{لا}_2 + \text{عہ}_3 \text{لا}_3 ،$$
$$\text{سا}_2 \equiv \text{عہ}_1 \text{لا}_1 + \text{عہ}_2 \text{لا}_3 + \text{عہ}_3 \text{لا}_2 ،$$
$$\text{سا}_3 \equiv \text{عہ}_1 \text{لا}_3 + \text{عہ}_2 \text{لا}_1 + \text{عہ}_3 \text{لا}_2 ،$$

Σ سا اور Σ سا^2 دونوں لا$_1$، لا$_2$، لا$_3$ میں متشاکل ہیں۔ لیکن سا سا سا
یا Σ سا^3 کے ذریعہ ہم غیر متشاکل تفاعل

$$\text{لا}_1^2 \text{لا}_2 + \text{لا}_2^2 \text{لا}_3 + \text{لا}_3^2 \text{لا}_1 \quad \text{اور} \quad \text{لا}_1^2 \text{لا}_3 + \text{لا}_2^2 \text{لا}_1 + \text{لا}_3^2 \text{لا}_2 ،$$

حاصل کر سکتے ہیں جنمیں سے دونوں، دئے ہوئے گروہ سے متعلق ہونے چاہئیں۔ اگر ان تفاعلوں کو فا$_1$ اور فا$_2$ کہا جائے تو اس امر کی آسانی کے ساتھ تصدیق ہو سکتی ہے کہ

$$\Sigma \text{سا}^3 \equiv \Sigma \text{عہ}^3 \Sigma \text{لا}^3 + 6 \text{عہ}_1 \text{عہ}_2 \text{عہ}_3 \text{لا}_1 \text{لا}_2 \text{لا}_3 + 3 (\text{فا}_1 \text{فا}_2 + \text{فا}_2 \text{فا}_1 \text{عہ})$$

جہاں فا$_1$ عہ $= \text{عہ}_1^2 \text{عہ}_2 + \text{عہ}_2^2 \text{عہ}_3 + \text{عہ}_3^2 \text{عہ}_1$، فا$_2$ عہ $= \text{عہ}_1^2 \text{عہ}_3 + \text{عہ}_2^2 \text{عہ}_1 + \text{عہ}_3^2 \text{عہ}_2$
اگر دفعہ ۲۳۰ کا طریقہ استعمال کیا جائے اور سا$_1$ = لا$_1^2$ لا$_2$ لیا جائے

تو اوپر کا نتیجہ زیادہ آسانی سے حاصل ہوتا ہے۔

۲۔ چار متغیروں کے وہ تفاعل دریافت کرو جو گروہ

$$\text{ھ} \equiv [\text{ا}، (۲۱)(۴۳)، (۳۱)(۴۲)، (۴۱)(۳۲)]$$

سے متعلق ہیں۔

گیالوا کے تفاعل پر ان ابدالات کا عمل کرنے سے حسب ذیل چار تفاعل حاصل ہونگے:۔

$$\text{سا}_۱ \equiv \text{عہ}_۱ \text{لا}_۱ + \text{عہ}_۲ \text{لا}_۲ + \text{عہ}_۳ \text{لا}_۳ + \text{عہ}_۴ \text{لا}_۴ ،$$

$$\text{سا}_۲ \equiv \text{عہ}_۱ \text{لا}_۲ + \text{عہ}_۲ \text{لا}_۱ + \text{عہ}_۳ \text{لا}_۴ + \text{عہ}_۴ \text{لا}_۳ ،$$

$$\text{سا}_۳ \equiv \text{عہ}_۱ \text{لا}_۳ + \text{عہ}_۲ \text{لا}_۴ + \text{عہ}_۳ \text{لا}_۱ + \text{عہ}_۴ \text{لا}_۲ ،$$

$$\text{سا}_۴ \equiv \text{عہ}_۱ \text{لا}_۴ + \text{عہ}_۲ \text{لا}_۳ + \text{عہ}_۳ \text{لا}_۲ + \text{عہ}_۴ \text{لا}_۱ ،$$

یہ معلوم ہوگا کہ Σ سا$_۱$، لا$_۱$، لا$_۲$، لا$_۳$، لا$_۴$ میں متشاکل ہے مگر Σ سا$_۱^۲$ متشاکل نہیں ہے۔ موخر الذکر تفاعل سے مثال ۳ دفعہ ۲۲۶ کا تفاعل $(\text{فہ}_۱ + \text{ب فہ}_۲ + \text{ج فہ}_۳)^۶$ فوراً حاصل ہو جائے گا جس میں فہ$_۱$، فہ$_۲$، فہ$_۳$ سے لا$_۱$، لا$_۲$، لا$_۳$، لا$_۴$ کے وہی تفاعل تعبیر ہوتے ہیں جو مثال ۱ دفعہ ۲۲۲ میں دئے گئے ہیں۔ فی الحقیقت

$$\Sigma \text{سا}_۱^۲ \equiv \Sigma \text{عہ}_۱^۲ \Sigma \text{لا}_۱^۲ + ۴ (\text{عہ}_۱ \text{عہ}_۲ + \text{عہ}_۳ \text{عہ}_۴) \text{فہ}_۱ + ۴ (\text{عہ}_۱ \text{عہ}_۳ + \text{عہ}_۲ \text{عہ}_۴) \text{فہ}_۲ + ۴ (\text{عہ}_۱ \text{عہ}_۴ + \text{عہ}_۲ \text{عہ}_۳) \text{فہ}_۳$$

یہ غیر متشاکل تفاعل فہ$_۱$، فہ$_۲$، فہ$_۳$ علی الترتیب وسیع تر گروہوں گ$_۱$، گ$_۲$، گ$_۴$ سے متعلق ہیں جنکا رتبہ آٹھ ہے۔ اختیاری مستقلوں کے ساتھ ان کا مجموعہ دئے ہوئے گروہ ھ سے متعلق ہے اور وہ چھ قیمتی تفاعل ہے۔

۳ ـــ گروہ

گ = [ا، (۲۱)، (۴۳)، (۲۱) (۴۳)، (۳۱) (۴۲)،
(۴۱) (۳۲)، (۴۲۳۱)، (۳۲۴۱)]

کے لئے چار متغیروں کے تفاعل دریافت کرو۔

پچھلی مثال کی سا کی چار قیمتوں کے علاوہ یہ مزید چار قیمتیں

$$سا_۵ \equiv عہ_۱ لا_۲ + عہ_۲ لا_۱ + عہ_۳ لا_۴ + عہ_۴ لا_۳ ،$$

$$سا_۶ \equiv عہ_۱ لا_۱ + عہ_۲ لا_۲ + عہ_۳ لا_۳ + عہ_۴ لا_۴ ،$$

$$سا_۷ \equiv عہ_۱ لا_۳ + عہ_۲ لا_۴ + عہ_۳ لا_۲ + عہ_۴ لا_۱ ،$$

$$سا_۸ \equiv عہ_۱ لا_۴ + عہ_۲ لا_۳ + عہ_۳ لا_۱ + عہ_۴ لا_۲ ،$$

لینے سے رشتہ

$$\Sigma سا_۱^۲ \equiv ۲ \Sigma عہ_۱^۲ \Sigma لا_۱^۲ + ۸ (عہ_۱ عہ_۲ + عہ_۳ عہ_۴) (لا_۱ لا_۲ + لا_۳ لا_۴)$$

$$+ ۲ (عہ_۱ + عہ_۲)(عہ_۳ + عہ_۴) \times (لا_۱ + لا_۲)(لا_۳ + لا_۴)$$

کی آسانی کے ساتھ تصدیق ہو سکتی ہے اور اس لئے تفاعل لا۱ لا۲ + لا۳ لا۴ (265)

اور (لا۱ + لا۲)(لا۳ + لا۴) حاصل ہوتے ہیں جنہیں سے دونوں دئے ہوئے گروہ سے متعلق ہیں کیونکہ متشاکل گروہ کے سوا کوئی اور وسیع تر گروہ نہیں ہے جسمیں گ تحت گروہ کے طور پر شامل ہوتا ہو۔

یہ واضح ہے کہ اس طریقہ کو استعمال کر کے اعلیٰ تر رتبوں کے متشاکل تفاعلوں کے ذریعہ کسی دئے ہوئے گروہ کے متناظر تفاعلوں کی لاانتہا اقسام دریافت ہو سکتی ہیں۔

۲۲۸ ـــ مسئلہ:۔ ن عناصر کے کسی صحیح کثیر قیمتی تفاعل کی

مختلف قیمتوں کا ہر صحیح متشاکل تفاعل خود عناصر کا متشاکل تفاعل ہوتا ہے۔

اگرچکہ یہ مسئلہ ایک غہ قیمتی تفاعل (دفعہ ۲۲۶) کی فردوج قیمتوں فہ۱، فہ۲، فہ۳، .... فہغ کی ساخت کی تشابہت سے کافی طور پر واضح ہے لیکن ہم ایک باقاعدہ ثبوت بھی حسب ذیل طریق پر دینگے۔

فرض کرو کہ غہ قیمتی کوئی صحیح منطق متشاکل تفاعل فا (فہ۱، فہ۲، ... فہغ) ہے۔ ان غہ قیمتوں پر خواہ کوئی ابدال س (جو عناصر پر موثر ہو) استعمال کیا جائے اس سے کوئی تفاعل یا تو غیر متبدل رہتا ہے یا اسکی جگہ دوسرے تفاعلوں میں سے کوئی ایک تفاعل لے لیتا ہے نیز حاصل ہونیوالی قیمتوں میں سے کوئی دو مساوی نہیں ہوسکتیں کیونکہ اگر س فہ$_{ک}$ = فہ$_{ل}$ کے مساوی ہو تو ابدال س$^{-۱}$ کو عمل میں لانے سے یہ نتیجہ نکلیگا کہ فہ$_{ک}$ = فہ$_{ل}$ جو ہمارے مفروض کے خلاف ہے۔ پس فہ کی وہی غہ قیمتیں ابدال س کے عمل سے کسی نہ کسی ترتیب میں پھر رونما ہوتی ہیں۔ اس لئے متشاکل تفاعل فا، کسی ابدال سے غیر متبدل رہتا ہے اور اس لئے وہ خود عناصر کا ایک متشاکل ہے۔

اس سے فوراً حسب ذیل نتیجہ صریح اخذ کیا جاسکتا ہے:۔

نتیجہ صریح:۔ کسی صحیح کثیر قیمتی تفاعل کی غہ مختلف قیمتیں ایک مساوات کی اصلیں ہیں جسکے سر خود عناصر کے صحیح متشاکل تفاعل ہیں۔

اسکی تمثیل کے لئے دیکھو جلد اول دفعہ ۲۹ مثال ۴ ۔ منطق صحیح تفاعلوں کے لحاظ سے اوپر جو کچھ ثابت کیا گیا اسکی توسیع تمام منطق تفاعلوں کے لئے ہوسکتی ہے خواہ وہ صحیح ہوں یا نہ ہوں ۔ کیونکہ کوئی کسر دفعہ ۱۹۴ کے طریقہ سے ایک تماثل شکل میں تبدیل ہوسکتی ہے جسکا نسب نما غاصر کی رقوم میں متشاکل ہو۔

۲۲۹ ۔ مسئلہ ۔ ایک ہی گروہ سے متعلق دو تفاعلوں میں سے ہر ایک کو دوسرے کی رقوم میں ناطق طور پر بیان کیا جاسکتا ہے

(266) یہ اہم مسئلہ جس پر اب ہم ابدال کے طریقے کے اصول جاری کرینگے اس سے پہلے (دفعہ ۱۹۴) ذرا مختلف نقطہ نگاہ سے زیر بحث آچکا ہے ۔ فرض کرو کہ فہ اور پہ دو تفاعل ہیں جو ایک ہی گروہ

$$گ = [ا ، س_۲ ، س_۳ ، \dots ، س_ر]$$

سے متعلق ہیں جسکا درجہ ن اور رتبہ ر ہے ۔ نیز ان میں سے ہر تفاعل کی غہ مختلف قیمتیں ہیں جہاں رغہ = ن ۔ کوئی ابدال جو گ میں شامل نہیں ہے فہ کو اسکی قیمتوں میں سے کسی ایک میں (فرض کرو فہ گ میں) بدلدیگا اور ساتھ ہی پہ ، پہ میں بدلجائیگا ۔

تمام ممکن ابدالات سے عمل کرنے سے قیمتوں کے غہ زوج فہ ، پہ ، فہ ، پہ ، ... ، فہ غہ ، پہ غہ حاصل ہونگے ۔ اب اولاً منطق تفاعل

$$\Sigma \text{فہ}^{\text{خ}}_{\text{پہ}^{\text{ز}}} \equiv \text{فہ}^{\text{خ}}_{\text{پہ}_۱^{\text{ز}}} + \text{فہ}^{\text{خ}}_{\text{پہ}_۲^{\text{ز}}} + \dots + \text{فہ}^{\text{خ}}_{\text{پہ}_{\text{غ}}^{\text{ز}}} + \dots + \text{فہ}^{\text{خ}}_{\text{پہ}_{\text{غہ}}^{\text{ز}}} \quad (۱)$$

صریحاً غاصر کا ایک متشاکل تفاعل ہے کیونکہ اسی استدلال سے جو دفعہ سابق میں استعمال ہوا یہ معلوم ہوتا ہے کہ غاصر پر موثر خواہ کوئی ابدال ہو

وہ کسی نہ کسی ترتیب میں اس مجموعہ کے ارقام کو پیدا کرتا ہے یعنی ح ق ح پ ز اور اس لئے یہ مجموعہ عناصر کا ایک متشاکل تفاعل ہے۔ اب اگر ہم ز = ا لیں اور خ کو ۰، ۱، ۲، ... غہ - ۱ یہ سب قیمتیں علی التوالی دیں تو پ۱، پ۲، پ۳، ... پ غہ میں حسب ذیل غہ مساواتیں ملتی ہیں:

$$\left.\begin{aligned}
&پ_1 + پ_2 + \dots + پ_{غہ} = ت_0 \\
&ف_1 پ_1 + ف_1 پ_2 + \dots + ف_1 پ_{غہ} = ت_1 \\
&ف_2 پ_1 + ف_2 پ_2 + \dots + ف_2 پ_{غہ} = ت_2 \\
&\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots\dots \\
&ف_{غہ-1} پ_1 + ف_{غہ-1} پ_2 + \dots + ف_{غہ-1} پ_{غہ} = ت_{غہ-1}
\end{aligned}\right\} \quad (۲)$$

جہاں ت۰، ت۱، ... سب کے سب لا۱، لا۲، ... لان میں متشاکل ہیں۔ ان مساواتوں کے حل کے لئے دیکھو مثال ۱ صفحہ ۴۰۰ اور مثال ۳ صفحہ ۴۱۹۔ اس حل سے یہ فوراً معلوم ہو جائیگا کہ پ کو ف کے ایک منطق تفاعل کے طور پر حسب ذیل شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے:

$$\nabla(ف_1, ف_2, \dots, ف_{غہ}) پ_1 = ا_{غہ-1} + ا_1 ف_{غہ-2} + \dots + ا_{غہ-1}$$

جہاں ∇ کے وہی معنی ہیں جو دفعہ ۲۰۳ میں بیان ہوئے اور ا۰، ا۱، ا۲، ... ا غہ-۱ سب کے سب لا۱، لا۲، لا۳، ... لان میں متشاکل ہیں۔

پس مسئلہ بالا کا عکس یہ ہے کہ دو ایسے منطق تفاعل کہ ہر ایک ناطق طور پر دوسرے کی رقوم میں بیان ہو سکے ایک ہی گروہ سے متعلق ہوتے ہیں۔ کیونکہ ہر ایک تفاعل اُن سب ابدالات سے

غیر متبدل رہتا ہے جو دوسرے تفاعل کا گروہ بناتے ہیں اور اس لئے یہ دونوں گروہ ایک دوسرے پر منطبق ہونے چاہئیں۔

۲۳۰۔ مسئلہ کی توسیع اور نتائج صریح۔ فہ اور پہ کے گروہ مماثل نہ بھی ہوں لیکن اگر انمیں سے ایک، دوسرے میں تحت گروہ کے طور پر شامل ہو تو بھی یہ درست ہے کہ وہ تفاعل جو وسیع تر گروہ سے متعلق ہے (اور اس لئے جو مختلف قیمتوں کی کمتر تعداد پر مشتمل ہوتا ہے) تنگ تر گروہ کے تفاعل کی رقوم میں ناطق طور پر بیان ہو سکتا ہے۔

فرض کرو کہ پچھلی دفعہ کے گروہ $گ_ا$ سے متعلق تفاعل فہ ہے اور پہ، وسیع تر گروہ

$$گ_ر = [ا، س_۲، \ldots، س_ر، س_{ر+۱}، \ldots، س_ن]$$

سے تعلق رکھتا ہے۔ تب ہمیں ذیل کے رشتے ملتے ہیں (دفعہ ۲۲۶)

$$رغہ = رَغہ = ن،\ رَ = ک ر،\ غہ = ک غہ$$

حسب سابق فہ کی غہ مختلف قیمتیں ہیں لیکن پہ کی قیمتیں (یعنے پہ$_ا$، پہ$_۲$، ...، پہ غ) ک، ک کے جتھوں میں مساوی ہو جاتی ہیں اور اس طرح صرف غہ مختلف قیمتیں باقی رہتی ہیں۔ تاہم یہ درست ہے کہ دفعہ سابق کا جملہ (۱)، لا$_ا$، لا$_۲$، ...، لا$_ن$ کا ایک متشاکل تفاعل ہے کیونکہ اس پہ استعمال کردہ کسی ابدال سے سلسلہ کی رقمیں کسی نہ کسی ترتیب میں رونما ہوتی ہیں۔ پس مساواتیں (۲) حسب سابق حل کیجا سکتی ہیں اور پہ$_ا$ کے لئے فہ کی رقوم میں ایک جملہ حاصل ہو سکتا ہے۔ لیکن اگر فہ کیلئے پہ$_ا$ کی رقوم میں ویسا ہی جملہ حاصل کرنے کی کوشش کیجائے تو حل ناکام رہتا ہے۔ اسکی وجہ پہ کی قیمتوں میں سے دو یا زیادہ قیمتوں کا

مساوی ہوتا ہے اور ان مساواتوں کے حل میں یہ بات مضمر ہے کہ فہ کی کوئی دو قیمتیں مساوی نہیں ہیں (دیکھو مثال ا صفحہ ۶۰)۔ ایسے توسیع شدہ مسئلے کو لگرانج نے دریافت کیا تھا چنانچہ اسکو حسب ذیل شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے:۔

(268) **لگرانج[1] کا مسئلہ:۔** اگر متغیروں کے کسی جٹ کے دو منطق تفاعل ایسے ہوں کہ ایک تفاعل اُس گروہ کے تمام ابدالات سے غیر متبدل رہتا ہے جس سے دوسرا تفاعل متعلق ہے تو پہلا تفاعل دوسرے کے ذریعہ ایک صحیح گویر دار رقوم کی شکل میں بیان ہو سکتا ہے جسکے سر متغیروں کے منطق متشاکل تفاعل ہیں۔

اس مسئلے سے اہم نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں اور یہ ذیل کے نتائج صریح میں شامل ہیں:۔

نتیجۂ صریح ۱۔ ایک ایسا تفاعل ہمیشہ معلوم ہو سکتا ہے جسکی رقوم میں دئے ہوئے تفاعلوں کی کوئی تعداد ناطق طور پر بیان ہو سکتی ہے۔

دئے ہوئے تفاعلوں کے گروہوں میں ہمیشہ ایک تحت گروہ موجود ہوتا ہے جو تمام گروہوں میں مشترک ہے کیونکہ کم از کم متماثل ابدال س = ا تمام گروہوں میں مشترک ہے۔ اس لئے تمام تفاعل مشترک تحت گروہ سے متعلق تفاعلوں میں سے کسی ایک کی رقوم میں بیان کئے جا سکتے ہیں۔

[1] Lagrange

فرض کرو کہ دئے ہوئے تفاعل فہ، پہ، چہ، ... ہیں تو

سہ ≡ عہ فہ + بہ پہ + جہ چہ + ...

(جہاں عہ، بہ، جہ، ... اختیاری مستقل ہیں) مشترک تحت گروہ کے لئے مطلوبہ قسم کا ایک تفاعل ہے۔ کیونکہ کوئی ابدال جو سہ کو تبدیل نہیں کرتا فہ، پہ، چہ وغیرہ کو بھی تبدیل نہیں کریگا اور اس لئے فہ، پہ، چہ، ... کے گروہوں میں مشترک ہوگا۔

نتیجۂ صریح ۲۔ خواہ کوئی منطق تفاعل ہو وہ ایک تفاعل کی رقوم میں جسکی ن مختلف قیمتیں ہیں ناطق طور پر بیان ہوسکتا ہے، بالخصوص وہ گیالوا کے تفاعل کی رقوم میں ناطق طور پر بیان ہوسکتا ہے۔

کیونکہ ن قیمتی تفاعل کا گروہ، تماثل ابدال میں تحویل ہونے پر ہر دوسرے تفاعل میں بطور تحت گروہ کے شامل ہے۔

نتیجۂ صریح ۳۔ خود متغیروں کو گیالوا کے تفاعل کی رقوم میں ناطق طور پر بیان کیا جاسکتا ہے۔

مثلاً وہ گروہ جس سے لا متعلق ہے ابدالات کی ۱×۲×۳... ... (ن-۱) تعداد پر مشتمل ہے جس میں تحت گروہ اکائی شامل ہے۔ اس تفاعل کی ن قیمتیں لا، لا، ... لان متغیر ہیں اور انمیں سے ہر ایک گیالوا کے تفاعل کی رقوم میں بیان ہوسکتا ہے۔

اس نتیجۂ صریح میں جو مسئلہ بیان ہوا ہے اسکو بغیر ثبوت کے ایبل (Abel) نے بیان کیا تھا۔ گیالوا (Galois) نے اس مسئلہ کا ایک ثبوت دیا ہے جس کی بنیاد ابدالی اصولوں پر ہے۔

(269) اسکو ہم بیان کر دینا مناسب سمجھتے ہیں کیونکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عمل حساب کو کس طرح جاری رکھا جا سکتا ہے اور کسی ایک متغیر کے لئے مطلوبہ منطق تفاعل کس طرح حاصل ہوتا ہے۔

فرض کرو کہ ف (لا) = ۰ وہ مساوات ہے جسکی اصلیں لا$_1$، لا$_2$، ... لا$_ن$ ہیں اور یہ سب کی سب غیر مساوی ہیں، اور فرض کرو کہ اصلوں کے ایک منطق تفاعل پہ کی ایک معلومہ قیمت پہ$_ر$ ہے اور یہ تفاعل ن مختلف قیمتیں رکھتا ہے۔

اگر لا$_ر$ کے سوائے تمام اصلوں کو ہر ممکن طریقہ سے ترتیب دیا جائے تو پہ کی ۱×۲×۳ ... (ن-۱) ≡ مہ مختلف قیمتیں حاصل ہوتی ہیں جو اس مساوات

فا (پہ) ≡ (پہ - پہ$_1$) (پہ - پہ$_2$) ... (پہ - پہ$_ن$) = ۰

سے ملتی ہیں۔

جب اس مساوات کو پھیلایا جائے تو اس کے سر لا$_1$، لا$_2$، ... لا$_ن$ کے متشاکل تفاعل ہیں اور اس لئے مساوات

$$\frac{\text{ف (لا)}}{\text{لا - لا}_ر} = ۰$$

کے سروں کی رقوم میں بیان کئے جا سکتے ہیں اور انہیں ف (لا) کے سروں کے ساتھ ساتھ لا$_ر$ منطق شکل میں شامل ہوگا۔ اگر پھیلائی ہوئی مساوات کو فا (پہ، لا$_ر$) = ۰ سے تعبیر کریں تو فا (پہ$_ر$، لا$_ر$) ≡ ۰ کیونکہ ود، پہ$_ر$ = پہ$_ر$ سے پوری ہوتی ہے، نیز ف (لا$_ر$) ≡ ۰ جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مساواتیں ف (لا) = ۰، فا (پہ$_ر$، لا) = ۰ ایک مشترک اصل رکھتی ہیں۔ یہ آسانی کے ساتھ معلوم ہوتا ہے کہ صرف یہی ایک اصل مشترک ہے۔ پس اگر ہم ف (لا) اور فا (پہ$_ر$، لا) کے مشترک مقسوم علیہ اعظم کی جستجو کریں اور عمل کو جاری رکھیں حتیٰ کہ لا میں پہلے

درجہ کا ایک باقی حاصل ہو جائے تو اس کو صفر کے مساوی رکھنے سے لا کے لئے پہ اور ف (لا) کے سروں کی رقوم میں ایک منطق جملہ مل جائیگا اور اس جملہ میں پہ کی بجائے پہ۲، پہ۳، .... یا پہ رکھے جا سکتے ہیں اور اس سے جملہ کی قیمت نہیں بدلے گی۔

مثال۔ کعبی مساوات

ف (لا) ≡ لا۳ + ب۱ لا۲ + ب۲ لا + ب۳ = ۰

کے لئے اگر پہ، گیالوا تفاعل عہ۱ لا۱ + عہ۲ لا۲ + عہ۳ للہ۳ کے مساوی لیا جائے تو یہ آسانی کے ساتھ ثابت ہوتا ہے کہ فا (پہ، لا) میں لا، دوسری قوت میں شامل ہوتا ہے اور مسئلہ ایک دو درجی اور کعبی کے مقسوم علیہ اعظم دریافت کرنے میں تحویل ہو جاتا ہے۔ یہ سوال سادہ ہو جاتا ہے اگر خاص گیالوا تفاعل لا۱ + سہ لا۲ + سہ۲ لا۳ = پہ لیا جائے اس صورت میں لا۲ کا سر معدوم ہوتا ہے اور پہ کی رقوم میں لا حسب ذیل شکل میں حاصل ہوتا ہے:۔

$$\text{لا}_1 = \frac{\text{پہ}_1^2 - \text{ب}_1 \text{پہ}_1 + \text{ب}_1^2 - ۳\,\text{ب}_2}{۳\,\text{پہ}_1}$$

نتیجۂ صریح ۴۔ گیالوا تفاعل کی تمام قیمتیں انہیں سے (270) کسی ایک کی رقوم میں ناطق طور پر بیان ہو سکتی ہیں۔ کیونکہ یہ سب قیمتیں ایک ہی مجموعہ اکائی سے متعلق ہیں۔

۲۳۱۔ دو قیمتی تفاعل۔ مسئلہ۔ ن متغیروں کا ہر دو قیمتی تفاعل شکل س۱ + س۲ ∆ کا ہوتا ہے جہاں

$س_1$ اور $س_2$ منطق متشاکل تفاعل ہیں اور Δ ممیز ہے۔

کسی دو قیمتی تفاعل کو رتبہ $\frac{1}{2}ن$ کے ایک گروہ سے متعلق ہونا چاہیئے۔ اس رتبہ کا گروہ صرف متبادل گروہ (مثال ۵ دفعہ ۲۲۶) ہے جس سے تفاعل Δ متعلق ہے۔ پس مسئلہ بالا دفعہ ۲۲۹ کے اساسی مسئلہ سے بطور ایک نتیجہ صریح کے اخذ ہوتا ہے۔ تاہم اس کی اہمیت کے مدنظر ذیل میں ایک بالکل جداگانہ آزاد ثبوت دیا جاتا ہے:-

فرض کرو کہ تفاعل کی دو قیمتیں $فہ_1$ اور $فہ_2$ سے تعبیر ہوتی ہیں اور فرض کرو کہ ان کے جواب میں گروہ $گ_1$ اور $گ_2$ ہیں جنمیں سے ہر ایک کا رتبہ $\frac{1}{2}ن$ ہے۔ سب سے اول یہ دو گروہ مماثل ہونے چاہئیں، کیونکہ اگر $گ_1$ کا کوئی ابدال $س$، $فہ_2$ کو اسکی دوسری قیمت $فہ_1$ میں تبدیل کردے تو $س^{-1}$، $فہ_1$ کو $فہ_2$ میں بدلدیگا، لیکن یہ ناممکن ہے کیونکہ $س^{-1}$ اور $س$ دونوں، گروہ $گ_1$ سے متعلق ہیں۔ پس $گ_1$ کا ہر ابدال، $گ_2$ سے متعلق ہونا چاہیئے اور بالعکس۔

اب یہ ثابت کرنیکے لئے کہ یہ گروہ متبادل گروہ کے ساتھ منطبق ہوتے ہیں اس تفاعل $فہ_1 - فہ_2$ پر غور کرو۔ ہر وہ ابدال جو مشترک گروہ سے متعلق ہے اس تفاعل کو نہیں بدلتا، کوئی دوسرا ابدال، $فہ_1$ کو $فہ_2$ میں اور $فہ_2$ کو $فہ_1$ میں تبدیل کردیگا اور اس لئے یہ کی علامت بدلدیگا، مثلاً انتقال $(لا\ لا')$ یہ اثر رکھیگا، کیونکہ کسی متبادل تفاعل کی دو قیمتوں میں جو گروہ مشترک ہے وہ، متشاکل گروہ کے ساتھ منطبق ہوئے بغیر، تمام انتقالات پر مشتمل نہیں ہو سکتا۔ پس بہ آسانی یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ $فہ_1 - فہ_2$، $لا - لا'$ سے تقسیم پذیر ہے اور اس لئے تمام فرقوں کے حاصل ضرب سے تقسیم پذیر ہے، کیونکہ یہ متشاکل ہے۔

Δ_1 سے پہ کا خارج قسمت ایک متشاکل تفاعل ہے۔ اس کو ثابت کرنیکے لئے فرض کرو کہ Δ_1 کی اعلیٰ ترین قوت جو پہ میں واقع ہوتی ہے $(\Delta_1)^م$ ہے۔ تب $(\Delta_1)^م$ سے پہ کا خارج قسمت ایک متشاکل تفاعل ہے، کیونکہ اگر ایسا نہ ہو تو وہ متبادل تفاعل ہوگا اور اس میں Δ_1 ایک جزو ضربی کے طور پر مکرر شریک ہوگا جو مفروض کے خلاف ہے۔ پس فوراً یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ م ایک طاق عدد ہے (271)
اور یہ کہ Δ_1 سے پہ کا خارج قسمت ایک متشاکل تفاعل ہے اسلئے

فہ۔ فہ = (Δ_1) اور فہ + فہ = ب لکھنے سے جہاں Δ اور ب دونوں متشاکل ہیں یہ فوراً حاصل ہوتا ہے کہ

$$\text{فہ} = \text{س}_1 + \text{س}_2 \Delta_1 \text{، فہ} = \text{س}_1 - \text{س}_2 \Delta_1$$

جہاں س_1 اور س_2 دونوں، متغیروں لا، لا، ... لان کے متشاکل تفاعل ہیں۔ نیز یہ بھی واضح ہے کہ گروہ گ_1 اور گ_2 Δ_1 کے گروہ یعنے متبادلہ گروہ کے ساتھ منطبق ہوتے ہیں۔

۲۳۲۔ **مسئلہ۔** صرف متبادل تفاعل ہی ن متغیروں کے وہ غیر متشاکل تفاعل ہیں جنکی ایک قوت متشاکل ہوسکتی ہے۔

اس دفعہ اور دفعات مابعد کے مسئلے جبری مساواتوں کے عام حل کے مسئلہ کے سلسلہ میں بہت اہم ہیں۔ متذکرۂ صدر مسئلہ کو مفرد قوتوں کے لئے ثابت کردینا کافی ہوگا، کیونکہ اگر ایک تفاعل فا (لا، لا، ... لان) ایسا موجود ہو کہ فا^{ق} متشاکل ہے جس میں ف

مفرد ہے تو ایک تفاعل فہ ≡ فاق ایسا بھی ہے کہ فہ ف متشاکل ہے۔ پس فرض کرو

فہ ف = س، ایک متشاکل تفاعل ہے۔

چونکہ فہ کا گروہ، جو غیر متشاکل ہے، تمام انتقالات کو شامل نہیں رکھ سکتا اسلئے فرض کرو کہ ثہ ≡ (لا لا ب) وہ انتقال ہے جو فہ کو فہ ز میں تبدیل کرتا ہے۔ پس

فہ ز ف = فہ ف = س

اور اسلئے فہ ز = سہ فہ، جہاں سہ، اکائی کی ف دیں اصل ہے۔

پس ثہ فہ = فہ ز = سہ فہ

اور پھر ثہ سے عمل کرنے سے

ثہ ۲ فہ = سہ ثہ فہ = سہ ۲ فہ

لیکن ثہ ۲ = ا، اس لئے سہ ۲ = ا، اور اسلئے ف = ۲۔

پس چونکہ فہ ۲ متشاکل ہے، فہ ایک متبادل تفاعل ہے اور مسئلہ ثابت ہے۔

(272) ۲۳۳۔ مسئلہ۔ غیر تابع عناصر کی کسی تعداد ن کے لئے کوئی کثیر قیمتی تفاعل ایسا نہیں ہے جسکی ایک قوت دو قیمتی ہو جبکہ ن > ۴، اور ن = ۳ یا ن = ۴ کے لئے اگر ایسی کوئی قوت ہے تو وہ تیسری قوت ہے۔

اپنی توجہ صرف مفرد اعداد تک محدود رکھکر فرض کرو کہ فہ ایک ایسا کثیر قیمتی تفاعل ہے جسکی ف دیں قوت دو قیمتی ہے تو (بموجب دفعہ ۲۳۱)

$$\text{فہ}^{\text{ف}} = \text{س}_1 + \text{س}_2 \Delta \quad (1)$$

فہ کے گروہ میں تیسرے رتبہ کے تمام دائری ابدالات شامل نہیں ہو سکتے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو یہ گروہ متبادلہ گروہ کے ساتھ منطبق ہوتا اور فہ دو قیمتی ہوتا (مثال ۷ دفعہ ۲۲۶) ۔ فرض کرو کہ ثہ = (لاء لاب لاج) ایسا ایک ابدال ہے جو فہ کے گروہ میں شامل نہیں ہے اور فرض کرو کہ ثہ فہ = فہ ز ۔ چونکہ ثہ کے عمل سے س$_1$ + س$_2$ Δ نہیں بدلتا اس لئے مساوات (۱) سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{فہ}^{\text{ف}} = \text{فہ}^{\text{ز}}$$

پس فہ ز = سہ فہ ، جہاں سہ اکائی کی ف ویں اصل ہے ۔ پھر متواتر دو مرتبہ ثہ کا عمل کرنے سے فوراً حاصل ہوگا

ثہ فہ = سہ فہ ،

ثہ^2 فہ = سہ ثہ فہ = سہ^2 فہ ،

ثہ^3 فہ = سہ^2 ثہ فہ = سہ^3 فہ ،

پس چونکہ ثہ^3 = ۱ ، اس لئے سہ^3 = ۱ ، اور اس لئے ف = ۳ ۔ اگر عناصر کی تعداد ۴ سے بڑی ہو تو پانچویں رتبہ کے دائری ابدالات ہونگے اور یہ سب ، فہ کے گروہ میں شامل نہیں ہو سکتے (مثال ۸ دفعہ ۲۲۶) ۔ فرض کرو کہ اس گروہ میں نہ شامل ہونیوالے ایسے ابدالات میں سے ایک تہ ہے اور تہ فہ = فہ ز ۔ حسب سابق اس ابدال سے مساوات (۱) پر عمل کریں (جس سے مساوات کی بائیں جانب متاثر نہیں ہوتی) تو حاصل ہوگا

$$\text{فہ}^{\text{ف}} = \text{فہ}^{\text{ز}} = \text{س}_1 + \text{س}_2 \Delta$$

پس حسب سابق عمل کو جاری رکھنے سے تہ فہ = سہ فہ، اور پھر اسپر اور اس کے بعد حاصل ہونیوالی مساواتوں پر تہ سے عمل کرنے سے معلوم ہوگا کہ تہ^۵ فہ = سہ^۵ فہ، پس سہ^۵ = ۱ کیونکہ تہ^۵ = ۱ اور یہ ثابت ہوچکا کہ ف = ۵ ۔ اب چونکہ یہ نتیجہ، ف کی سابق میں حاصل کردہ قیمت یعنی ۳ کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتا اس لئے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ جب عناصر کی تعداد ۴ سے بڑی ہو تو کوئی ایسا کثیر قیمتی تفاعل فہ معلوم کرنا ناممکن ہے جسکی ایک مفرد قوت دو قیمتی ہو ۔ (273)

لیکن جب، ن، ۴ سے بڑا نہ ہو تو ایسے کثیر قیمتی تفاعل ہیں جنکی تیسری قوت دو قیمتی ہے چنانچہ ذیل میں چند مثالیں، ن = ۳ اور ن = ۴ کے لئے دیجاتی ہیں جن سے یہ بات واضح ہو جائے گی ۔

۱ ۔ تین عناصر کا وہ کثیر قیمتی تفاعل معلوم کرو جسکی تیسری قوت دو قیمتی ہو ۔ ہم اس بات کا امتحان کرینگے کہ آیا سادہ ترین خطی تفاعل

فہ = عہ لا۱ + بہ لا۲ + جہ لا۳

کے ذریعہ اس سوال کا حل ممکن ہے یعنے آیا مستقل عہ، بہ، جہ ایسے متعین ہوسکتے ہیں کہ وہ مطلوبہ شرطوں کو پورا کریں ۔

تہ ≡ (لا۱ لا۲ لا۳) لینے اور تہ فہ کو سہ فہ کے ساتھ مماثل کرنے سے جہاں سہ^۳ = ۱ حاصل ہوگا

عہ لا۲ + بہ لا۳ + جہ لا۱ ≡ سہ (عہ لا۱ + بہ لا۲ + جہ لا۳)

پس جہ = سہ عہ، بہ = سہ جہ، عہ = سہ بہ،

اور فہ ≡ عہ (لا۱ + سہ^۲ لا۲ + سہ لا۳)

عہ = ۱ لینے سے ہم دیکھتے ہیں کہ نمونہ لا۱ + سہ^۲ لا۲ + سہ لا۳ کا تفاعل مطلوبہ شرطوں کو پورا کرتا ہے ۔ یہ تفاعل چھ قیمتی ہے اور اسکا

مکعب دو قیمتی (مقابلہ دفعہ ۵۹ جلد اول کے ساتھ)۔
اسی طرح طالب علم آسانی کے ساتھ یہ ثابت کر سکتا ہے کہ نمونہ

$$لا_1^م + سہ لا_1^م + سہ^2 لا_1^م$$

کے کسی تفاعل سے جہاں م کوئی صحیح عدد ہے متذکرۂ صدر سوال کا حل حاصل ہوگا۔

۲۔ چار عناصر کا وہ کثیر قیمتی تفاعل معلوم کرو جسکی تیسری قوت دو قیمتی ہو۔

اس صورت میں واضح ہے کہ نمونہ عہ لا$_1$ + بہ لا$_2$ + جہ لا$_3$ + ضہ لا$_4$ کے کسی تفاعل پر ابدال ثہ ≡ (لا$_1$ لا$_2$ لا$_3$ لا$_4$) کا عمل کرکے ایک جزو ضربی سے مضروب ہونے کی شرط کو پورا کرنا اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک کہ ضہ = ۰ نہو۔ اس لئے ہم سادگی میں اس سے بعد والا تفاعل یعنے ذیل کے نمونہ کا تفاعل لیتے ہیں :۔

$$فہ = عہ لا_1^2 لا_2 + بہ لا_1 لا_2^2 + جہ لا_3^2 لا_4 + لا_3 لا_4^2 \quad (عہ لا_1 + بہ لا_2 + جہ لا_3)$$

اسپر ثہ کا عمل کرنے سے جو تفاعل حاصل ہوتا ہے وہ

$$فہ_1 = عہ لا_3^2 لا_4 + بہ لا_3 لا_4^2 + جہ لا_1^2 لا_2 + لا_1 لا_2^2 \quad (عہ لا_3 + بہ لا_4 + جہ لا_1)$$

ہے۔

اب فہ$_1$ کو سہ فہ کے ساتھ مماثل کرنے اور بہ، جہ، جہ، بہ کی بجائے عہ، عہ کی رقوم میں انکی قیمتیں رکھنے سے حاصل ہوگا

$$فہ = عہ (لا_1^2 لا_2 + سہ^2 لا_1 لا_2^2 + سہ لا_3^2 لا_4 + سہ^2 لا_3 لا_4^2) + عہ (لا_1^2 لا_2 + سہ^2 لا_1 لا_2^2 + سہ لا_3^2 لا_4 + سہ^2 لا_3 لا_4^2)$$

(274) پھر تیسرے رتبہ کے ایک مختلف ابدال مثلاً تہ ≡ (لا$_1$ لا$_3$ لا$_2$ لا$_4$) سے عمل کرنے اور تہ فہ کو فہ$_2$ سے تعبیر کرنے سے حاصل ہوگا

$$\text{ک}_{\text{فہ}} = \text{عہ}(\text{لا}_{۲}\text{لا}_{۴} + \text{سہ}^{۲}\text{لا}_{۳}\text{لا}_{۴} + \text{سہ}\,\text{لا}_{۲}\text{لا}_{۴}) + \text{عَہ}(\text{لا}_{۱}\text{لا}_{۴} + \text{سہ}^{۲}\text{لا}_{۱}\text{لا}_{۴} + \text{سہ}\,\text{لا}_{۱}\text{لا}_{۳})$$

حسب سابق $\text{ک}_{\text{فہ}}$ کو طہ فہ کے ساتھ مماثل کرنے سے جہاں طہ اکائی کی کوئی اصل ہے فوراً حاصل ہوگا طہ = سہ^{۲} اور عَہ = سہ^{۲} عہ اور باقی کے رشتے سب ان رشتوں کے ساتھ تطابق رکھتے ہیں۔ پس عہ = ۱ لینے سے

$$\text{فہ} = \text{لا}_{۱}\text{لا}_{۲} + \text{لا}_{۳}\text{لا}_{۴} + \text{سہ}(\text{لا}_{۱}\text{لا}_{۳} + \text{لا}_{۲}\text{لا}_{۴}) + \text{سہ}^{۲}(\text{لا}_{۱}\text{لا}_{۴} + \text{لا}_{۲}\text{لا}_{۳})$$

یہ مطلوبہ تفاعل چھ قیمتی ہے لیکن اسکا مکعب دو قیمتی (مقابلہ دفعہ ۶۶ جلد اول اور مثال ۳ دفعہ ۲۲۶ کے ساتھ)۔

فصل سوم۔ گیالوا کا محلل

۲۳۴۔ گیالوا کا محلل۔ مساوات کا گروہ۔ فرض کرو کہ مساوات

$$\text{فا}(\text{لا}) \equiv \text{لا}^{\text{ن}} + \text{ب}_{۱}\text{لا}^{\text{ن}-۱} + \text{ب}_{۲}\text{لا}^{\text{ن}-۲} + \ldots + \text{ب}_{\text{ن}} = ۰ \qquad (۱)$$

کی اصلیں لا$_{۱}$، لا$_{۲}$، لا$_{۳}$ ... لان سب کی سب غیر مساوی ہیں اور اس کے سر معلومہ منطق مقداریں ہیں۔ اگر سروں میں غیر منطق مقادیر ہوں تو وہ منطق مقادیر سے متعلق ہوتی ہیں یا منطق مقادیر کے ساتھ رکھی جاتی ہیں۔ وہ تمام مقادیر جو اس مجموعہ سے جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں ذیل کی بحث میں منطق شمار کی جائینگی اور منطق کہلائینگی۔ یا یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ مقادیر

سروں میں شامل ہونیوالے غیر منطق اعداد کے احاطہ میں واقع ہیں (دیکھو دفعہ ۲۳۶) - گیالوا کے تفاعل

$$\text{پ}_1 \equiv \text{عم}_1 \text{لا} + \text{عم}_2 \text{عم}_2 + \ldots + \text{عم}_{\text{ن}} \text{لان}$$

کی متشاکل گروہ کے ن ابدالات کے جواب میں ن مختلف قیمتیں $\text{پ}_1, \text{پ}_2, \text{پ}_3, \ldots$ پن ہونگی (دفعہ ۲۲۷) - ن ویں درجہ کی مساوات کو جسکی اصلیں یہ ن قیمتیں ہیں یعنی مساوات

$$\text{پا}(\text{ی}) \equiv (\text{ی} - \text{پ}_1)(\text{ی} - \text{پ}_2) \ldots (\text{ی} - \text{پ}_{\text{ن}}) = \ldots (۲)$$

کو گیالوا کا محلل کہا جاتا ہے - جب اس مساوات کو پھیلایا جائے تو اس میں اصلیں $\text{لا}_1, \text{لا}_2, \ldots$ لان متشاکل شکل میں شامل ہونگی، پس پھیلی ہوئی مساوات میں ی کے سب سروں کو $\text{ب}_1, \text{ب}_2, \ldots \text{ب}_{\text{ن}}$ (275)
کی رقوم میں ناطق طور پر بیان کیا جا سکتا ہے - بالعموم یہ مساوات تحویل پذیر نہیں ہے یعنی یہ مساوات نچلے درجہ کے ایسے اجزائے ضربی میں نہیں تو ڑی جا سکتی جنکے سر منطق ہوں - اب ہم یہ دریافت کرینگے کہ وہ کونسی شرطیں ہیں کہ یہ تحویل پذیر ہو جائے - اس مقصد کیلئے فرض کرو کہ پا (ی) میں ر ویں درجہ کا ایک غیر تحویل پذیر جزو ضربی پا$_1$ (ی) ہے جس کے سر منطق ہیں اور فرض کرو کہ

$$\text{پا}_1(\text{ی}) \equiv (\text{ی} - \text{پ}_1)(\text{ی} - \text{پ}_2) \ldots (\text{ی} - \text{پ}_{\text{ر}}) \quad (۳)$$

جہاں $\text{پ}_2, \text{پ}_3, \ldots$ پر تفاعل پ_1 سے ابدالات $\text{س}_2, \text{س}_3, \ldots \text{س}_{\text{ر}}$ کے ذریعہ اخذ کئے گئے ہیں - ان ابدالات کے لئے حسب ذیل مسئلے ثابت کئے جا سکتے ہیں:-

(۱) اصلوں کا ہر تفاعل فہ جو ابدالات ا، س۱، س۲، ... ، س ر سے غیر متبدل رہتا ہے ب۱، ب۲، ... ، ب ن کی رقوم میں ناطق طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔

دفعہ ۲۳۰ نتیجہ صریح ۲ کی رو سے فہ کو پ۱ اور اس کے سروں کی رقوم میں منطق طور پر بیان کیا جا سکتا ہے، فرض کرو کہ یہ ف (پ۱) ہے۔ اب ابدالات س۱، س۲، ... ، س ر کے عمل کے تحت فہ نہیں بدلتا لیکن پ۱ علی التواتر پ۲، پ۳، ... ، ہو جاتا ہے۔ اس لئے

ف (پ۱) = ف (پ۲) = ف (پ۳) = ... = ½ {ف (پ۱) + ف (پ۲) + ... + ف (پ ن+۱)}

لیکن آخری جملہ چونکہ پا = ۰ کی اصلوں میں متشاکل ہے اسلئے وہ اس مساوات کے سروں کی رقوم میں جو خود منطق ہیں ناطق طور پر بیان ہو سکیگا

(۲) ہر وہ تفاعل جو ناطق طور پر بیان ہو سکتا ہے ابدالات

ا، س۱، س۲، ... ، س ر سے غیر متبدل رہیگا۔

فرض کرو کہ اصلوں کا ایک تفاعل فہ ہے جو ناطق طور پر بیان ہو سکتا ہے مثلاً س ر سے، اور فرض کرو کہ ف (پ۱) پ۱ کا وہ تفاعل ہے کہ اس سے بھی فہ تعبیر ہو سکتا ہے (دفعہ ۲۳۰)۔

تب ف (پ۱) = س ر، اس لئے مساوات ف (ی) - س ر = ۰ اور مساوات پا (ی) = ۰ میں ایک اصل پ۱ مشترک ہے لیکن موخر الذکر مساوات ناتحویل پذیر ہے اور اسلئے اسکی سب اصلیں دونوں مساواتوں میں مشترک ہونی چاہئیں اور اس لئے پ۱ کی بجائے پ۲، پ۳، ... درج کرنے پر

(276) ف (پ۱) نہیں بدلتا، یعنے فہ اُن ابدالات سے نہیں بدلتا جو پ۱ کو پ۲، پ۳، ۔۔۔، پ ر میں بدلتے ہیں۔

(۳) ابدالات ا، س۲، س۳، ۔۔۔، س ر ایک گروہ بناتے ہیں

اِن ابدالات میں سے کسی ایک ابدال (فرض کرو س ع) سے پا (ی) پر عمل کیا جائے تو یہ تفاعل نہیں بدلتا کیونکہ اس کے سر منطق ہیں اور اس لئے وہ (۲) کی رُو سے س ع سے نہیں بدلتے پس پ۱، پ۲، ۔۔۔، پ ر کی نئی قیمتیں جو اس ابدال سے حاصل ہوں پہلی قیمتوں کے ساتھ مماثل ہونی چاہئیں، صرف رتبہ میں فرق ہوگا۔ پھر ان ابدالات میں سے کسی دوسرے (فرض کرو س ہ) سے عمل کرنے سے پ کی وہی قیمتیں کسی نہ کسی ترتیب میں تکرار پائینگی۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

س ع س ہ پ = پ ج = س ہ پ اور اس لئے س ع س ہ = س ہ س ع

کیونکہ پ ایک ن قیمتی تفاعل ہے اس لئے مسئلہ ثابت ہو چکا۔

مندرجۂ بالا گروہ "مساوات کا گروہ" کہلاتا ہے۔ یہ گروہ یگانہ ہے کیونکہ اگر پا (ی) کا دوسرا ناتحویل پذیر منطق جزو ضربی پا، (ی) ہو تو اس سے متعلقہ گروہ پا (ی) میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی کیونکہ پا (ی) کو ناطق طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ پس پا (ی) کے گروہ کا ہر ابدال پا، (ی) کے گروہ میں شامل ہوگا۔ اسی طرح ثابت کیا جا سکتا ہے کہ پا، (ی) کے گروہ کا ہر ابدال پا (ی) کے گروہ میں شامل ہوگا۔ اس لئے دونوں گروہ ایک ہی ہونے چاہئیں اور اس لئے پا (ی) اور پا، (ی) کے درجے بھی مساوی ہیں۔ مزید برآں پا (ی) ÷ پا، (ی) منطق ہے اور اگر یہ خارج قسمت ناتحویل پذیر ہو

تو اس کا درجہ رو ہی ہونا چاہئے جو پا (ی) کا ہے۔ اگر اس کا درجہ ر سے بڑا ہو تو اس کو تحویل پذیر ہونا چاہئے اور اس میں درجہ ر کا ایک ناتحویل پذیر جزو ضربی ہونا چاہئے۔ اس طرح عمل جاری رکھکے ہم دیکھتے ہیں کہ پا (ی) درجہ ر کے ناتحویل پذیر اجزائے ضربی پر مشتمل ہے اور ان سب اجزا سے متعلق ایک ہی گروہ ہے۔ منطق مقادیر کے ساتھ ان غیر منطق مقادیر کے علاوہ جو ممکن ہے کہ سروں میں شامل ہوں اور دوسرے غیر منطق مقادیر کا اضافہ کیا جائے تو ممکن ہے کہ ہم پا (ی) کو ایک ہی درجہ کے ایسے اجزائے ضربی میں تحویل کر سکیں جو منطق شمار کئے جائیں، اور چونکہ یہ پا (ی) کو تبدیل نہیں کرتے اس لئے ان کا مشترک گروہ مساوات کے ابتدائی گروہ کا تخت گروہ ہونا چاہئے۔ یہہ استدلال اس وقت بھی کیا جا سکتا ہے جبکہ گیالوا کے تفاعل کی بجائے اصلوں کا کوئی ن قسمتی تفاعل لیا جائے۔ کیونکہ اگر دو ن قسمتی تفاعلوں یہ، فہ کے لئے مساواتوں کے منطق ناتحویل پذیر اجزائے ضربی پا، فا ہوں تو چونکہ پا کے سر منطق ہیں (277)
اس لئے فا کے گروہ سے پا تبدیل نہیں ہوتا اور اسی طرح پا کے گروہ سے فا تبدیل نہیں ہوتا اور اس لئے گروہ ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں اور اجزائے ضربی کے درجے مساوی ہیں۔ مزید بریں اگر ت ایک ایسا ابدال ہو جو پا کے گروہ میں شامل نہیں ہے تو اصلوں ت پا، ت س پا، ت س^{2} پا، ... ت س^{ع} پا والی مساوات کے سر منطق ہیں کیونکہ یہہ اس گروہ کے ابدالات سے تبدیل نہیں ہوتے۔ یہہ اس طرح دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر ابدال س^{ع}، پہہ کو پہہ میں تبدیل کرتا ہے تو اسکو س^{ع} پہہ س$^{-ع}$ لکھا جا سکتا ہے اور اسلئے

یہہ ابدال $ت_{س_{پ_1}}$ کو $ت_{س_{ج_{پ_1}}}$ میں تبدیل کر دیتا ہے اور اس لئے $ت_{پ_1}$، $ت_{س_{پ_1}}$، ...، $ت_{س_{پ_r}}$ کے کسی تفاعل میں ان متغیروں $ت_{پ_1}$، $ت_{س_{پ_1}}$، ... $ت_{س_{پ_r}}$ کی ترتیب میں ابدال $س_{ع}$ وہی تغیر پیدا کرتا ہے جو تغیر وہ $پ_1$، $پ_2$، ...، $پ_r$ کے اس تفاعل میں $پ_1$، $پ_2$، ... $پ_r$ کی ترتیب میں پیدا کرتا ہے۔ پس $پ$ کی $ن$ قیمتوں کو ایسے $\underline{ن}$ جٹوں میں ترتیب دیا جا سکتا ہے کہ کسی جٹ کی قیمتوں کا کوئی متشاکل تفاعل ابدالوں کے ایک رتبہ $ر$ والے گروہ کے ارکان سے تبدیل نہیں ہوتا۔ پس گیالوا کے محلل کے $ن$ اجزائے ضربی تحلیل پذیر ہوں یا نہوں ان کو ایسے $\underline{ن}$ اجزائے ضربی میں ترتیب دیا جا سکتا ہے جنکا درجہ $ر$ ہو اور ہر ایک جزو ضربی کا وہی ایک رتبہ $ر$ والا گروہ ہو۔ $لا_1$، $لا_2$، ... $لا_ر$ کے کسی $ن$ قیمتی تفاعل کی $ن$ قیمتوں $پ_1$، $پ_2$، ...، $پ_ن$ کی یہہ ترتیب متشاکل گروہوں کے $ن$ ابدالوں کی $\underline{ن}$ جٹوں میں ترتیب کے (دفعہ ۲۲۶) کی طرح) متناظر ہے لیکن رتبہ $ر$ والے گروہ $گ_ر$ کے ارکان $س_{ع=1}$، $س_2$، ...، $س_ر$ کو $ع$ سے ضرب دینے کی بجائے ہم $ع$ کو $س_1$، $س_2$، ... $س_ر$ سے ضرب دیتے ہیں۔ $س_1$، $س_2$، ...، $س_ر$ سے متعلق $پ$ کی $ر$ قیمتوں کا ایک ایسا جٹ $س_{پ_1}$، $س_{پ_2}$، ... $س_{پ_ر}$ ہے کہ انکا کوئی متشاکل تفاعل $گ_ر$ کے ابدالات سے غیر متبدل رہتا ہے۔

جٹ ح س۱، ح س۲، ... ، ح س ر سے متعلق پہ کی رمختلف قیمتوں کا ایک ایسا جٹ ح س۱ پ۱، ح س۲ پ۲، ... ... ، ح س ر پ ر ہے کہ ان کا کوئی متشاکل تفاعل بھی گ کے ابدالات سے غیر متبدل رہتا ہے۔ اس بحث میں نہایت احتیاط سے اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ ابدالات کے حاصل ضرب کی ترتیب دائیں سے بائیں طرف ہے نہ کہ بائیں سے دائیں طرف۔ کسی مساوات کا گروہ متشاکل گروہ کا کوئی تحت گروہ ہو سکتا ہے۔ یہ دی ہوئی مساوات کی نوعیت پر منحصر ہے۔ لیکن ایسے تحت گروہوں کی تعداد جن کے اندر مساوات کا گروہ پایا جاتا ہے ذیل کے مسئلہ سے متعین ہوتی ہے۔ (278)

(۴) ناتحویل پذیر مساوات کا گروہ متعدی ہوتا ہے۔

وہ گروہ متعدی کہلائیگا جس میں ایک یا زیادہ ایسے ابدالات شامل ہوں جس کے زیر اثر کوئی اختیاری عنصر کسی دوسرے اختیاری طور پر انتخاب کردہ عنصر میں بدل جائے۔ پس متعدی گروہ میں ایسے ابدالات ہوتے ہیں جو تمام عناصر پر موثر ہوتے ہیں۔ اب فرض کرو کہ (اگر یہ ممکن ہے) مساوات کا گروہ گ متعدی نہیں ہے اور فرض کرو کہ یہ گروہ صرف عناصر لا۱، لا۲، ... ، لام (م < ن) پر موثر ہوتا ہے۔ گ کے ابدالات جو ان م اصلوں کے مقامات کو صرف آپس میں تبدیل کرتے ہیں ان کے متشاکل تفاعلوں کو نہیں بدلیں گے۔ اس لئے یہ متشاکل تفاعل ناطق طور پر بیان ہو سکتے ہیں اور تفاعل فا (لا) ایک منطق مقسم

$(لا - لا_1)(لا - لا_2)\ldots\ldots(لا - لا_م)$

سے پورا پورا تقسیم ہو جائیگا اور مفروضہ کے خلاف قابلِ تحویل ہو جائیگا۔

مثالیں

۱۔ وہ چھ درجی مساوات بناؤ جس کی اصلیں گیالوا کے تفاعل

$عم_1 لا_1 + عم_2 لا_2 + عم_3 لا_3$

کی چھ قیمتیں ہوں اور اس کے سروں کو دو کعبیوں $(ا، ب، ج، د)(لا، ا)^3$ اور $(ا'، ب'، ج'، د')(لا، ا)^3$ کے سروں کی رقوم میں بیان کرو جنکی اصلیں علی الترتیب $لا_1، لا_2، لا_3$ اور $عم_1، عم_2، عم_3$ ہیں۔ اصلوں $لا_1، لا_2$ کو ذیل کی شکل میں لکھا جا سکتا ہے:۔

$ا لا_1 + ب = ف + ق\sqrt{}$، $ا لا_2 + ب = سہ ف + سہ^2 ق\sqrt{}$

$ا لا_3 + ب = سہ^2 ف + سہ ق$

جہاں

$ف ق = -ھ$، $ف^3 + ق^3 = -گ$ اسلئے $۲ف^3 = -گ \pm \sqrt{گ^2 + ۴ھ^3} = -گ \pm ا\sqrt{د}$

$۲ق^3 = -گ \mp ا\sqrt{د}$

اسی طرح $عم_1$، $عم_2$، $عم_3$ کو بیان کرنے سے ہمیں ملتا ہے

$۳ف = ا'(لا_1 + سہ^2 لا_2 + سہ لا_3)$، $۳ق = ا'(لا_1 + سہ لا_2 + سہ^2 لا_3)$

$۲ف' = ا'(عم_1 + سہ^2 عم_2 + سہ عم_3)$، $۳ق' = ا'(عم_1 + سہ عم_2 + سہ^2 عم_3)$

پس $۹ ف ق' = ا ا'(پہ_1 + سہ پہ_2 + سہ^2 پہ_3)$، $۹ ف' ق = ا ا'(پہ_1 + سہ^2 پہ_2 + سہ پہ_3)$

جہاں پہ = عہ لا + عہ لا + عہ لا پہ = عہ لا + عہ لا + عہ لا = (۲۳۱) پہ ،

پہ = عہ لا + عہ لا + عہ لا = (۳۲۱) پہ ،

(279) پس

۳ (ف قَ + فَ ق + ب بَ) = لا لَ پہ ، ۳ (سہ ف قَ + سہ فَ ق + ب بَ) = پہ

۳ (سہ ف قَ + سہ فَ ق + ب بَ) = پہ

اب لا لَ پہ - ۳ ب بَ = ۳ ی = ۳ (ف قَ + فَ ق) رکھنے سے

ی = ف قَ + فَ ق + ۳ ف ق فَ قَ (ف قَ + فَ ق)

= ½ (گ گَ ± لا لَ √(۵ ۵َ)) + ۳ ھ ھَ ی ۔

اس لئے پہ مساوات ی - ۳ ھ ھَ ی - ½ (گ گَ ± لا لَ √(۵ ۵َ)) = ۰ کو

پورا کرتا ہے اور طریق عمل سے ظاہر ہے کہ پہ ، پہ بھی اس مساوات کو پورا کرتے ہیں ۔ پس اگر

لا لَ ما - ۳ ب بَ = ۳ ی

تو لا لَ (ما - پہ) (ما - پہ) (ما - پہ) ≡ ۲۷ { ی - ۳ ھ ھَ ی

- ½ (گ گَ + لا لَ √(۵ ۵َ)) }

اسلئے اگر ۵ ۵َ کا مل مربع ہو تو ی میں مساوات منطق ہے اور گیالوا کا محلل ایک منطق جزو ضربی رکھتا ہے جس کا گروہ متبادلہ گروہ یعنے ا ، (۲۳۱) ، (۳۲۱) ہے ۔

دوسرا جزو ضربی معلوم کرنے کے لئے ف فَ اور ق قَ کی قیمت دریافت کرنے سے مذکورۂ بالا طریقہ پر ذیل کے رشتے حاصل ہوتے ہیں

۳ (ف فَ + ق قَ + ب بَ) = لا لَ پہ ، ۳ (سہ ف فَ + سہ ق قَ + ب بَ) = لا لَ پہ ،

۳ (سہ ف ف + سہ ق قَ + ب بَ) = ا اَ پَ۳ ،

جہاں پَ۱ = (۳۲) پ۱ ، پَ۲ = (۱۳) پ۱ ، پَ۳ = (۲۱) پ۱

اس لئے ا اَ پَ۱ − ۳ ب بَ = ۳ ی رکھنے سے مساوات

ی۳ − ۳ ھ ھ ی − ½ (گ گَ ∓ ا اَ √Δ) = ۰

ملتی ہے جسکو پَ۲ ، پَ۳ بھی پورا کرتے ہیں۔

پس ا اَ ما = ۳ (ی + ب بَ) رکھنے سے دوسرا جزو ضربی حسب ذیل ہے۔

ا۳ اَ۳ (ما − پَ۱) (ما − پَ۲) (ما − پَ۳) ≡ ۲۷ {ی۳ − ۳ ھ ھ ی

− ½ (گ گَ ∓ ا اَ √Δ)}

ان دو اجزائے ضربی کا حاصل ضرب منطق ہے اور اس سے گیالوا کا محلل ملتا ہے۔ اب

ا۲ Δ = گ۲ + ۴ ھ۳ = (ف۳ − ق۲)۲ = (ف − ق)۲ (سہ ف − سہ ق)۲ ×

(سہ۲ ف − سہ ق)۲

= − ا۶ ۳۳ (لا۱ − لا۲)۲ / ۲۷ ۔

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر سروں کی رقوم میں بیان کرنے پر ۳۳ (لا۱ − لا۲)۲ کا کل مربع ہو جائے تو گیالوا کا محلل ایک منطق جزو ضربی رکھتا ہے۔

چونکہ عم۱ ، عم۲ ، عم۳ دئے ہوئے ہیں اسلئے √Δ کی متشابہ قیمت بھی منطق ہے۔

چونکہ تین عناصر کی صورت میں صرف متبادلہ گروہ ہی متشاکل گروہ کا متعدی تحت گروہ ہے اسلئے مذکورۂ بالا مساوات ہی تیسرے درجہ کی ناتحلیل پذیر مساوانوں کی ایک ایسی جماعت ہے جس کا گیالوا محلل تحویل پذیر ہے۔

۲۔ چوبیسویں درجہ کی وہ مساوات بناؤ جس کی اصلیں گیالوا کے تفاعل

$$عہ_{۱} لا_{۱} + عہ_{۲} لا_{۲} + عہ_{۳} لا_{۳} + عہ_{۴} لا_{۴}$$

کی مختلف قیمتیں ہوں۔ نیز وہ شرطیں متعین کرو کہ مطلوبہ مساوات ایسے منطق اجزائے ضربی میں تحلیل ہو سکے جنکو دو چار درجیوں کے سروں کی رقوم میں جنکی اصلیں $لا_{۱}$، $لا_{۲}$، $لا_{۳}$ اور $عہ_{۱}$، $عہ_{۲}$، $عہ_{۳}$، $عہ_{۴}$ ہیں بیان کیا گیا ہو جہاں چار درجی حسب ذیل ہیں۔

(۱) $(ا، ب، ج، د، ص)(لا، ۱)^{۴}$

(۲) $(ا_{۱}، ب_{۱}، ج_{۱}، د_{۱}، ص_{۱})(لا، ۱)^{۴}$

اصلوں $لا_{۱}$، $لا_{۲}$، $لا_{۳}$، $لا_{۴}$ کو شکل

$$۱ لا_{۱} + ب = ا_{۱} + ا_{۲} + ا_{۳} + ا_{۴}\ ،\ ۱ لا_{۲} + ب = - ا_{۱} + ا_{۲} - ا_{۳} + ا_{۴}$$

$$۱ لا_{۳} + ب = ا_{۱} - ا_{۲} - ا_{۳} + ا_{۴}\ ،\ ۱ لا_{۴} + ب = - ا_{۱} - ا_{۲} + ا_{۳} + ا_{۴}$$

میں لکھا جا سکتا ہے جہاں $ا_{۱} ا_{۲} ا_{۳} ا_{۴} = - ½ گ$ اور $ا_{۱}$، $ا_{۲}$، $ا_{۳}$ مساوات (280)

$$ما^{۳} + ۳ ھ ما + ۳ (ھ^{۲} - ¼ (ع) ا - ½ گ^{۲} = ۰ \qquad (۱)$$

کی اصلیں ہیں۔ $عہ_{۱}$، $عہ_{۲}$، $عہ_{۳}$، $عہ_{۴}$ کو اسی طرح $ب_{۱}$، $ب_{۲}$، $ب_{۳}$، $ب_{۴}$ کی رقوم میں بیان کرنے سے جہاں $ب_{۱}$، $ب_{۲}$، $ب_{۳}$، $ب_{۴}$ اُس متشابہ مساوات کی اصلیں ہیں جو اوپر کی مساوات میں حرفوں پر علامت زبر لگانے سے حاصل ہوتی ہے اور جہاں $ب_{۱} ب_{۲} ب_{۳} ب_{۴} = - ½ گ$ ہم دیکھتے ہیں کہ

$۴\,\overline{\text{ا}_۱}=\text{ا}(\text{لا}_۱-\text{لا}_۲+\text{لا}_۳-\text{لا}_۴)$، $۴\,\overline{\text{ا}_۲}=\text{ا}(\text{لا}_۱+\text{لا}_۲-\text{لا}_۳-\text{لا}_۴)$،

$۴\,\overline{\text{ا}_۳}=\text{ا}(\text{لا}_۱-\text{لا}_۲-\text{لا}_۳+\text{لا}_۴)$

$۴\,\overline{\text{ا}_۴}=\text{ا}(\text{لا}_۱+\text{لا}_۲+\text{لا}_۳+\text{لا}_۴)$

